" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ماں پکارتے تھے، زیادہ عمر کی تھی رنگت میں کالی تھی۔)

س: زید مدینہ میں ہجرت کے دور میں کس کے ہاں ٹھہرے۔

ج: کلثوم بن الہدم

س: زید کے اسلامی بھائی کون ہے۔

ج: اسلامی بھائی اسید بن حضیر بنے۔

س: حضورﷺ نے کن دو موقعوں پر زید کو مکہ بھیجا۔

ج: فاطمہ ام کلثوم ام المومنین سودہ اور حضرت ایمن کو لے کر مدینہ آئے۔ دوسری مرتبہ حضرت زینب کو لینے مکہ گئے۔

س: زید نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بدر، احد، خندق، صلح حدیبیا اصحاب الشجرہ کہلائے۔

س: حضور نے زید کو کب اپنا نائب بنایا۔

ج: غزوہ مریسع کے وقت

س: بدر کی فتح کی خوشخبری مدینہ کون لایا۔

ج: حضرت زید

س: کس صحابی کو فرزند رسول کہتے ہیں؟

ج: زید بن حارثہ

س: کن جنگوں میں زید کو امیر لشکر بنایا گیا۔

ج: نو/لڑائیوں میں سپہ سالار بنے۔

س: زید کی دوسری شادی کن صحابیہ سے ہوئی۔

ج: حضور کی پھوپھی زاد بہن زینب سے، نباہ نہ ہوسکا اور طلاق ہوئی۔

س: اس واحد صحابی کا نام بتائے جن کا نام قرآن میں آیا ہے۔

ج: زید بن حارثہ، سورۃ احزاب میں آیا ہے۔

س: زید کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: جنگ موتہ میں، حضور نے (حارث بن عمیر) کو خط دے کر بصرہ کے حاکم کے پاس بھیجا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دمشق کو قریب موتہ کے مقام پر بلقاء کے رئیس شرجیل بن عمرو غسانی نے زید کو شہید کر دیا۔
اس قتل کا بدلہ لینے کیلئے لشکر موتہ بھیجا۔

زید کی ازواج، ۵ شادیاں ام ایمن، زینب بنت جحش، ام کلثوم بنت عقبہ، ذرہ بنت ابولہب، ہند بنت عوام تین بچے ہوئے۔ ام ایمن سے اسامہ ام کلثوم سے زید بن زید اور رقیہ اور سے دو بیٹے تھے۔

## حضرت شرجیل بن حسنہ

### (کاتب رسول سپہ سالار سابقون الاولون)

س: شرجیل کی کنیت کیا تھی۔

ج: ابو عبداللہ

س: شرجیل کا حسب نسب بتایئے۔

ج: والد کا نام عبداللہ بن مطاع ماں کا نام حسنہ تھا۔ کندی قبیلے سے تعلق تھا۔

س: شرجیل سابقون الاولون سے تھے بتایئے انہوں نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: پہلی نبوی میں اسلام قبول کیا۔

س: کیا شرجیل نے ہجرت حبشہ کی۔

ج: ۶ نبوی میں دوسری ہجرت حبشہ میں شریک ہوئے۔ نجاشی نے ام المومنین ام حبیبہ کو آپ کے ہمراہ مدینہ بھیجا۔ ۱۳ سال تک حبشہ میں رہے۔

س: شرجیل کو کتابت وحی کا موقعہ کب ملا۔

ج: ہجرت نبوی سے پہلے۔

س: شرجیل نے مدینہ کس کے ہاں قیام کیا۔

ج: بنو رزیق کے محلے میں۔

س: آپ کی شادی کس صحابیہ سے ہوئی۔

ج: حضرت شفا بنت عبداللہ۔ حضرت شرجیل کو مصر کا سفیر بھی بنا کر بھیجا گیا۔

س: شرجیل نے کن جنگوں میں حصہ لیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: خلافت صدیقی میں فتنہ ارتداد، عکرمہ بن ابی جہل نے جنگ یمامہ میں مسلمہ کو شکست دی۔ خالد بن ولید کے ساتھ بصریٰ میں رومیوں کو شکست دی۔ ۱۳ ہجری میں حضرت شرجیل ابو عبیدہ بن جراح حضرت خالد بن ولید، حضرت عمرو بن العاص کے متحدہ لشکر نے اجنادین کے مقام پر رومیوں کو شکست دی۔ عمر فاروق نے شرجیل کو اردن کا والی مقرر کیا۔ شرجیل نے تمام زندگی جنگوں میں گزاری، ۱۸ ہجری میں طاعون کی ہولناک وبا میں وفات پائی۔ دو حدیثیں آپ سے مروی ہیں۔

## حضرت عمرو بن عاص بن وائل (سپہ سالار و تاجر)

س: فاتح مصر کون سپہ سالار تھے۔

ج: حضرت عمرو بن العاص

س: آپ کا حسب نسب کیا ہے۔

ج: ابوعبداللہ آپ کی کنیت ہے۔ عاص بن وائل مشہور دشمن رسول کے بیٹے تھے۔ ماں کا نام نابغہ بنت حارث تھا۔ عمرو کا تعلق قریش کے خاندان بنو سلیم سے تھا۔

س: عمرو بن العاص کب پیدا ہوئے۔

ج: عام الفیل سے ۶ برس پہلے پیدا ہوئے۔ باپ نے خوشی میں دس اونٹ ذبح کیے۔ ۶ ہجری میں ہجرت حبشہ کی۔ حبشہ سے مسلمانوں کو نکالنے کیلئے عمرو بن العاص قریش کے نمائندے تھے۔

س: عمرو نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: بدر اور احزاب میں مشرکین کے ساتھ لڑے۔

س: حضرت عمرو بن العاص نے اسلام لانے پر کیا شرط لگائی۔

ج: اس شرط میں بیعت کروں گا کہ اللہ میرے سابقہ سب گناہ معاف کر دے۔

## حضرت عاصم بن ثابت (سپہ سالار، سابقون للاولون انصار)

ان کا قبیلہ اوس سے تعلق تھا۔

س: عاصم نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: مصعب بن عمیر کے ہاتھوں اسلام قبول کیا، ہجرت نبوی سے پہلے۔

س: عاصم بن ثابت نے بدر کے کس قیدی کو قتل کیا۔

ج: عقبہ بن ابی معیط، جس نے حضور کے کندھے پر اونٹ کی اوجھڑی ڈالی تھی۔ حضور کے فرمان

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پر اسے قتل کیا گیا۔ ایک نامور جنگجو مسافع بن طلحہ بن ابی طلحہ جو مشرکین کا علم بردار تھا قتل کیا۔ جنگ احد میں قریش کا ایک شاعر (ابوغرہ) عمرو بن عبداللہ جو حضور کے خلاف بدزبانی کرتا تھا۔ بدر میں قیدی بنایا۔ مفلسی کا رونا رو کر فدیہ کے بغیر آزادی دے دی تھی۔ وہ کہتا تھا میں آئندہ شعر (مخالفت میں نہ کہوں گا) عاصم بن ثابت نے اسے قتل کر دیا۔

س: **عاصم واقعہ رجیع میں شہید ہوئے، یہ واقعہ کب پیش آیا۔**

ج: بنو ہذیل کے سردار سفیان بن خالد نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ مبلغ مانگے، اس جماعت کا سالار عاصم بن ثابت کو بنایا، رجیع کے مقام پر قارہ کے دوسو مسلح افراد کو بلا کر ان کو شہید کر دیا گیا۔ سات لوگ شہید ہوئے، دو بچ گئے۔ خبیب بن عدی اور زید بن دشنہ قیدی بنے۔ حضرت عاصم بن ثابت نے دعا کی تھی کہ یا اللہ کوئی مشرک مجھے چھو نہ سکے۔ اس شہید کی لاش کے قریب شہد کی مکھیاں جمع ہوگئیں کوئی پاس نہ آسکا۔ رات بارش ہوئی اور لاش کو بہا کر لے گئی۔

س: **اس کی لاش کو وہ کیوں لے جانا چاہتے تھے۔**

ج: جنگ احد میں سلافہ بنت سعد کے خاوند اور تین بیٹوں کو قتل کیا تھا۔ تو سلافہ نے منت مانی تھی کہ میں عاصم کے سر کی کھوپڑی میں شراب پیوں گی۔ اس کے زندہ یا مردہ پکڑنے پر منہ مانگا انعام رکھا گیا تھا۔

## حضرت عکرمہ بن ہشام (سپہ سالار)

س: **ابوجہل کے اس بیٹے کا نام بتایئے جو اسلام دشمنی میں پیش پیش رہا اور بعد میں مسلمانوں کے عظیم جرنیل بنے۔**

ج: عکرمہ بن عمرو، (ابوجہل) بن ہشام اس کا تعلق بنومخزوم سے تھا۔ جاہلیت میں فوج کی سپہ سالاری اسی خاندان کے ذمہ تھی۔ اسلام سے پہلے وہ اسلام کے خلاف لوگوں میں سرفہرست تھا۔ عکرمہ کے باپ کو قریش نے ابوالحکم کا لقب دے رکھا تھا۔ حضور نے اسے ابوجہل کا لقب دیا (جاہلوں کا باپ) ''اس امت کا فرعون مر گیا''۔ بدر میں حضور نے فرمایا۔ بدر میں عکرمہ نے حضرت معاذ پر کیوں حملہ کیا تھا کہ اس نے اس کے باپ کو قتل کیا تھا۔ عکرمہ احد میں میسرہ کے افسر تھے، عکرمہ اور خالد بن ولید نے پیچھے سے حملہ کر کے جنگ کا نقشہ بدل دیا تھا۔

س: غزوہ خندق میں کس کافر نے خندق کو عبور کیا، ان میں سب سے آگے کون تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: عکرمہ بن ابی جہل۔

بنوخزاعہ مسلمانوں کے حلیف تھے اور بنو بکر قریش کے صلح نامہ کے ۱۸ ماہ بعد بنو بکر نے اچانک بنوخزاعہ پر حملہ کر دیا۔ عورتوں اور بچوں کو بے رحمی سے قتل کر دیا گیا۔ جن سرداروں نے بنو بکر کی مدد کی ان میں عکرمہ بھی شامل تھا۔ فتح مکہ کے وقت بھی عکرمہ نے چند ساتھیوں کے ساتھ مسلمانوں کا راستہ روکنے کی کوشش کی شکست کھا کر بھاگ گیا۔ اس دستے کے ۲۰ لوگ شہید ہوئے۔ فتح مکہ کے وقت عکرمہ کی بیوی ام حکیم مسلمان ہو گئی۔ عکرمہ بھاگ کر یمن جانے کیلئے ساحل سمندر پر پہنچ گیا تھا۔ اہلیہ نے حضور سے کہا کہ عکرمہ میرا خاوند اور چچازاد ہے۔ وہ روپوش ہو گیا ہے۔ اگر اسے امان دے دیں تو میں اسے لے آؤں۔ تیرے شوہر کو امان دے دیا گیا۔ عکرمہ کشتی میں سوار ہو گیا۔ کشتی ڈوبنے لگی۔ لوگوں نے لات منات کو پکارا۔ اب لات منات کو پکارنے کا وقت نہیں ہے۔ بے اختیار پکار اٹھا یا اللہ اگر میں آج بچ گیا تو میں محمد ﷺ کے پاس جا کر اسلام قبول کر لوں گا۔ اہلیہ پہنچ گئی، عکرمہ سے امان کا ذکر کیا، خدمت عالیہ میں حاضر ہوئے۔ حضور نے گرمجوشی سے استقبال کیا۔

س: دور رسالت میں کن جنگوں میں حصہ لیا۔

ج: حنین، طائف تبوک میں حصہ لیا۔

س: عکرمہ نے عہد صدیقی میں فتنہ ارتداد کے خاتمے کیلئے حصہ لیا۔ یمامہ میں دس ہزار مرتد مارے گئے۔ شام اور ایران کی جنگوں میں بھی حصہ لیا۔ اجنادین میں بھی بہادری کے جوہر دکھائے، فحل اور حمص میں بھی لڑے، یرموک میں بھی بہادری دکھائی۔

س: عکرمہ نے کس جنگ میں شہادت پائی۔

ج: جنگ یرموک میں ۱۵ ہجری ۶۲ سال کی عمر تھی۔ عکرمہ کو حضور نے دو مرتبہ جنت کی بشارت دی۔ حضور نے عکرمہ کے مسلمان ہونے پر کہا کہ اس کے باپ کو برا بھلا نہ کہو۔ مردوں کو برا بھلا کہا جائے تو ان کے زندوں کو تکلیف ہوتی ہے۔

## عبادہ بن صامت انصاری

س: صحابی جو سب سے پہلے فلسطین میں محکمہ قضاء کے والی مقرر ہوئے۔

ج: عبادہ بن صامت انصاری۔

س: عبادہ بن صامت کا حسب نسب بتائیں۔ وہ کب مسلمان ہوئے۔

ج: بنو سالم سے تعلق تھا والدہ کا نام قرۃ العین بنت عبادہ۔ ۱۱ نبوی میں عبادہ بن صامت نے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



اسلام قبول کیا۔ اگلے سال بیعت عقبہ اولی میں شامل ہوئے۔ ۱۳ ہجری بیعت عقبہ کبیریٰ میں شامل ہونے والے ۷۵ لوگوں میں شامل تھے۔

س: بیعت عقبہ کبیریٰ میں انصار میں بارہ نقیب مقرر ہوئے۔ عبادہ کس قبیلہ کے نقیب منتخب ہوئے۔

ج: دینی امور کیلئے قبیلہ کبیریٰ کے نقیب مقرر ہوئے۔

س: عبادہ بن صامت کے دینی بھائی کون تھے۔

ج: ابومرثد غنوی ان کے دینی بھائی تھے۔

س: عبادہ دو دفعہ مکہ کیوں گئے۔

ج: بیعت عقبہ کبیرہ کے بعد دو مرتبہ حضور کی زیارت کیلئے گئے۔

س: بنو قینقاع کے اخراج کی نگران کون صحابی بنے۔

ج: جب یہ وحی آئی کہ مسلمانوں یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ تو انہوں نے بنی قینقاع سے پرانے مراسم ختم کر دیئے۔

س: حضرت عبادہ نے خلفائے راشدین کے دور میں کن فتوحات میں حصہ لیا۔

ج: شام کے معرکوں میں حصہ لیا۔ حضرت عمر کے مطابق انہیں ایک ہزار مجاہدین کے برابر سمجھا جاتا تھا۔ اسکندریہ کی فتح میں ۴ بڑے افسروں میں سے ایک آپ بھی تھے۔ حضرت عمر نے انہیں فلسطین کا قاضی مقرر کیا۔

س: عبادہ نے کب اور کہاں وفات پائی۔

ج: حضرت عثمان کے دور میں ۳۴ھ میں وفات پائی۔ بیت المقدس (رملہ) میں دفن ہوئے۔ ۱۸۱ احادیث مروی ہیں۔

# عکاشہ بن محصن اسدی

س: حضور نے صحابہ سے فرمایا، عکاشہ تم سے بازی لے گیا۔ بتایئے کیسے۔

ج: آپ نے فرمایا بقیع کے قبرستان سے قیامت کے دن ۷۰ ہزار بغیر حساب کے بخش دیئے جائیں گے۔ عکاشہؓ ان میں شامل ہونگے۔

س: عکاشہ نے حضور سے کیا عرض کیا۔

ج: میرے لئے بھی دعا فرمائیں۔ اس کے بعد جب کوئی کسی کام میں پہل کر جاتا تو لوگ یہ مثل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بیان کرتے تھے۔

س: عکاشہ کی کنیت ابومحصن تھی۔ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: عکاشہ محصن بن وثان کے فرزند تھے۔

س: عکاشہ نے کس سریہ میں حصہ لیا۔

ج: عبداللہ بن جحش میں۔

س: تو حضور نے ان کو تلوار کی جگہ کیا دیا تھا۔

ج: حضور نے انہیں کھجور کی چھڑی دے دی۔یہ چھڑی تلوار کا کام کرتی رہی۔

س: سریہ عکاشہ کے نام سے کون سا معرکہ جانا جانے لگا۔

ج: ۶ ہجری میں ۴۰ سواروں کے ساتھ بنواسد کا مقابلہ کیا اور ۲۸۰ اونٹ پکڑ لئے۔یوں سریہ عکاشہ مشہور ہوئی۔

س: عکاشہ نے کب اور کہاں شہادت پائی۔

ج: ۱۱ہجری میں نبوت کے جھوٹے دعویدار طلحہ کے خلاف لڑتے ہوئے۔طلحہ کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

## حضرت سہیل بیضا (بدری صحابی)

س: سہیل کے والد اور والدہ کا نام بتایئے۔

ج: والد وہب بن ربیعہ،والدہ رعد بنت مخدوم تھی۔

س: آپ کا تعلق کس خاندان سے تھا۔

ج: آپ بنی فہمی کے چشم و چراغ تھے۔

س: ۷ نبوی میں خاندان بنی ہاشم کو شعب ابی طالب میں محصور کر دیا گیا۔اس معاہدے کے خلاف آواز اٹھانے والوں میں سہیل بن بیضا کا کردار بتایئے۔

ج: سہل نے اسلام بعد میں قبول کیا۔لیکن شعیب ابی طالب میں اہم کردار ادا کیا۔

س: سہل نے جنگ بدر میں کس طرح شمولیت کی۔

ج: ۲ ہجری میں جنگ بدر کیلئے قریش بیضا کو بھی ساتھ لے گئے۔

س: شکست کے بعد بیضا مسلمانوں کے ساتھ مدینہ آ گئے۔

ج: عبداللہ بن مسعود کو ان کے اسلام لانے کا علم تھا۔کیونکہ انہوں نے بیضا کو مکہ میں نماز پڑھتے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دیکھا تھا۔ ان کی شہادت پر پیغمبر نے ان کو رہا کر دیا۔

س: سہل بن بیضا نے کہاں اور کب وفات پائی۔

ج: رسول کے سامنے وفات پائی اور مدینہ میں دفن ہوئے۔

## رافع بن مالک انصاری

س: آپ پہلے ۶ مسلمانوں میں سے تھے۔ آپ نے کب بیعت کی۔

ج: آپ نے ۳ مرتبہ بیعت عقبہ کی۔ کیسے۔ پہلی بیعت ۱۱ نبوی میں ۶ افراد کے ساتھ۔ دوسری بیعت ۱۲ ہجری ۱۲ افراد کے ساتھ۔ تیسری بیعت ۱۳ ہجری ۷۵ افراد کے ساتھ۔

س: رافع بن مالک انصاری کا حسب نسب بتایئے۔

ج: قبیلہ خزرج کی شاخ بن زریق سے تھے۔ کنیت ابو رفاعہ تھی۔ والدہ کا نام معاویہ بنت عجلان تھا۔ رافع کی بیوی رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی اخیافی بہن تھی۔

س: رافع کو بیعت عقبہ میں کیا شرف حاصل ہوا۔

ج: بارہ نقیب مقرر ہوئے آپ کو بنی زریق کا نقیب بنایا گیا۔

س: ۱۲ نبوی تک جتنا قرآن نازل ہوا۔ کس نے لکھا۔

ج: سب سے پہلے رافع انصاری نے لکھا اور مدینہ میں آکر لوگوں کو سنایا۔

س: رافع کون سی سورہ اپنے ساتھ مدینہ لے گئے تھے۔

ج: سورۂ یوسف اور سورۂ طہٰ

س: رافع بن مالک نے کب وفات پائی۔

ج: ۳ ہجری غزوہ احد میں مشرکین کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

## حضرت اخرمؓ اسدی

(سابقون الاولون، مہاجر، بدری صحابی)

س: صحابی جو اخرم اسدی کے لقب سے مشہور ہوئے ان کا حسب و نسب کیا تھا۔

ج: والد کا نام نخلہ بن عبداللہ تھا۔

س: حضرت اخرمؓ نے ہجرت کب کی۔

ج: ۱۴ نبوی میں مدینہ شریف ہجرت کی۔ عمارہ بن خرم کے مواخاتی بھائی بنے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت اخرمؓ اسدی نے غزوۂ خندق میں حصہ لیا۔ شہادت کب نصیب ہوئی۔
ج: چھ ہجری میں، غابہ کی چراگاہ میں حضرت اخرمؓ شہید ہوئے۔
س: شہادت کے وقت حضرت اخرمؓ کی عمر کیا تھی۔
ج: ۳۷ سال۔

## حضرت عامرؓ بن ربیعہ عدویؓ (بدری صحابی، مہاجر حبشہ ومدینہ)

س: آپ کا نام تو عامرؓ تھا۔ عدوی کیوں کہلاتے تھے۔
ج: حضرت عمرؓ کے والد خطاب بن نفیل عدوی نے حضرت عامر کو اپنا بیٹا بنایا تھا۔
س: حضرت عامرؓ اور حضرت لیلیٰ ابتدائی دور میں مسلمان ہو گئے تھے انہوں نے کب ہجرت کی۔
ج: پانچ نبوی میں حبشہ گئے واپس آئے تو عاص بن وائل کی پناہ میں رہے۔ چھ نبوی میں دوبارہ حبشہ چلے گئے۔
س: سب سے پہلے کس خاتون کو مدینہ کی ہجرت کا اعزاز حاصل ہوا۔
ج: حضرت عامرؓ بن ربیعہ کی بیوی حضرت لیلیٰؓ کو۔
س: حضرت عامرؓ نے کن غزوات میں حصہ لیا۔
ج: غزوہ بدر سے غزوہ تبوک تک سب جنگوں میں شریک ہوئے۔
س: خلفائے راشدین کے دور میں حضرت عامر بن ربیعہ کو کیا اعزاز حاصل تھا۔
ج: اکابر صحابہ میں شمار ہوتے تھے۔
س: حضرت عامرؓ بن ربیعہ نے کب وفات پائی۔
ج: حضرت عثمانؓ کی شہادت کے چند دن بعد۔

## حضرت عبداللہ بن مخزمہ

## (سابقون الاولون، صاحب الشجرہ، مہاجر، حبشہ ومدینہ)

س: حضرت عبداللہؓ نے قریش کے ظلم سے تنگ آ کر ہجرت کہاں کی۔
ج: دوسری ہجرت حبشہ، ۸۳ مردوں اور ۲۰ خواتین کے قافلے میں حبشہ گئے۔
س: ہجرت مدینہ کے وقت حضرت عبداللہؓ کی عمر ۲۹ سال تھی مدینہ میں کس کے ہاں ٹھہرے اور ان کے اسلامی بھائی کون بنے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: قباء میں حضرت کلثومؓ بن الہدم کے مہمان بنے۔فروہؓ بن عمرو کو ان کا دینی بھائی بنایا گیا۔

س: حضرت عبداللہؓ بن مخزمہ کب شہید ہوئے۔

ج: گیارہ ہجری میں جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

س: پسماندگان میں کن کو چھوڑا۔

ج: ایک لڑکا مساحق جوان کی اہلیہ زینت بن سراقہ سے تھا۔

# حضرت عیاشؓ بن ابی ربیعہ

## (سابقون الاولون، مہاجر حبشہ ومدینہ)

س: حضرت عیاشؓ بن ابی ربیعہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: وہ ابوجہل کے ماں جائے بھائی تھے، رسول اکرم ﷺ کے دارارقم میں پناہ گزیں ہونے سے پہلے مسلمان ہوئے۔

س: حضرت عیاشؓ نے کب ہجرت کی۔

ج: قریش کے ظلم وستم سے تنگ آ کر حضرت عیاشؓ اپنی اہلیہ اسماء کے ساتھ حبشہ چلے گئے۔

س: حضرت عیاشؓ کو ابوجہل نے کس طرح ورغلا کر قیدی بنایا۔

ج: ابوجہل مدینہ آیا۔حضرت عیاشؓ کو بوڑھی ماں کی محبت کا واسطہ دیا۔حضرت عیاشؓ مکہ آئے تو ابوجہل نے انہیں قید کر لیا۔

س: حضرت عیاش بن ربیعہ کو کیسے رہائی ملی۔

ج: ابوجہل کا ایک بھائی سلمٰی بن ہشام اور ولید بن ولید بھی اسی قید خانہ میں تھے۔ولید بن ولید فرار ہو کر پیغمبر ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ولید بن ولید نے دوبارہ قید خانے کی دیوار چھلانگی۔زنجیریں کاٹیں پھر یہ تینوں لوگ مدینہ شریف پہنچ گئے۔

س: حضرت عیاشؓ کب شہید ہوئے۔

ج: جنگ یرموک میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حضرت عیاضؓ بن زہیر فہری

### (بدری صحابی، مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: حضرت عیاضؓ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: حضرت عیاضؓ سابقون الاولون میں سے تھے آپ چھ نبوی میں، ہجرت کر کے حبشہ چلے گئے۔

س: حضرت عیاضؓ کب مدینہ آئے۔

ج: غزوۂ بدر سے کچھ عرصہ پہلے کلثوم بن ہدم انصاری کے ہاں مہمان ٹھہرے۔

س: حضرت عیاضؓ نے کب وفات پائی۔

ج: ۳۰ ہجری میں۔

س: حضرت عیاضؓ کا کس خاندان سے تعلق تھا۔

ج: بنو فہر سے تعلق تھا۔ والد کا نام ابو زہیر والدہ کا نام سلمی بنت عامر تھا۔

س: حضرت عیاضؓ نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: غزوۂ بدر، غزوۂ احد، غزوہ خندق، بلکہ تمام غزوات میں حصہ لیا۔

## حضرت عبداللہ بن شہاب زہری

### (سابقون الاولون مہاجر حبشہ)

س: حضرت عبداللہ بن شہاب نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: حضرت عبداللہ کا شمار سابقون الاولون میں ہوتا ہے۔

س: حضرت عبداللہ بن شہاب کا حضرت عبداللہؓ بن مسعودؓ سے کیا رشتہ تھا۔

ج: حضرت عبداللہ بن مسعود ان کے ماموں تھے۔

س: حضرت عبداللہ بن شہاب کہاں فوت ہوئے۔

ج: ہجرت حبشہ کی اور وہیں انتقال فرما گئے۔

س: حضرت عبداللہ بن شہاب نے کب اور کہاں ہجرت کی۔

ج: پہلی ہجرت حبشہ کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: مہاجرین حبشہ میں کس صحابی نے سب سے پہلے وفات پائی۔
ج: حضرت عبداللہ بن شہاب۔

# حضرت قدامہ بن مطعون

## (بدری صحابی ہجرت حبشہ و مدینہ)

س: حضرت قدامہؓ نے کب اسلام قبول کیا۔
ج: اسلام کے ابتدائی دور میں اسلام لائے۔
س: حضرت قدامہؓ کا حضرت حفصہؓ سے کیا رشتہ تھا۔
ج: ان کی بہن حضرت زینب بن مطعون حضرت عمرؓ کی اہلیہ تھیں اس طرح وہ حضرت حفصہؓ کے ماموں ہوئے۔
س: حضرت قدامہ چھ ہجری میں حبشہ گئے تو کب مدینہ واپس آئے۔
ج: ۱۳ نبوی میں حضورﷺ کے حکم پر ہجرت مدینہ کی۔
س: حضرت قدامہؓ نے خلفائے راشدین کے دور میں کون سی اہم خدمات سرانجام دیں۔
ج: حضرت عمرؓ نے ان کو بحرین کا گورنر مقرر کیا۔
س: حضرت قدامہؓ نے کب اور کہاں وفات پائی۔
ج: حضرت علیؓ کے دور میں ۶۸ سال کی عمر میں وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئے۔
س: حضرت قدامہ نے پسماندگان میں کن کو چھوڑا۔
ج: تین بیویاں، صفیہ بنت خطاب، ہند بنت ولید، ام ولد اور چار لڑکیاں اور ایک لڑکا چھوڑا۔

# سعد بن خیثمہ انصاری

## (بدری، عقبی، صحابی)

س: سعد کا تعلق قبیلہ اوس سے تھا۔ آپ نے کب اسلام قبول کیا اور بیعت کی۔
ج: ہجرت سے پہلے اسلام لائے، ۱۳ نبوی میں بیعت عقبہ کبریٰ میں شامل ہوئے۔
س: رسول اللہ نے سعد کو قبیلے کا نقیب مقرر کیا۔ ان کو اور کون سا اعزاز حاصل ہوا۔
ج: حضور سعد کے مکان پر لوگوں سے ملاقات فرماتے۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سعد کے باپ نے ان کو جنگ بدر میں شرکت سے کیوں روکا۔

ج: باپ کا خیال تھا کہ دونوں باپ بیٹا میں سے ایک کو گھر کی نگرانی کیلئے رہنا چاہیے۔ باپ نے جہاد پر جانا چاہا اور کہا کہ شاید مجھے شہادت نصیب ہو جائے۔ قرعہ اندازی ہوئی تو قرعہ سعد کے نام نکلا۔

س: سعد کو سعد الخیر کے نام سے پکارا جاتا تھا۔ سعد کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: بدر میں عمرو بن عبدود کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

## عبداللہ بن سہیل (مہاجر، بدری صحابی)

س: خطیب قریش سہیل بن عمرو کے بیٹے کا حسب نسب بتایئے جو باپ سے پہلے اسلام لائے۔

ج: حضرت ابو سہیل عبداللہ، والدہ کا نام فاختہ بنت عامر والد اور والدہ ؓ کا سلسلہ نسب قصی پر حضور سے جاملتا ہے۔

س: عبداللہ بن سہل نے ابتداء ہی میں اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: آپ نے حبشہ کب ہجرت کی۔

ج: دوسری ہجرت حبشہ میں گئے۔

س: عبداللہ بن سہل بدر میں قریش کے ساتھ کس طرح شریک ہوئے۔

ج: باپ کے مجبور کرنے پر، وہ سچے مسلمان تھے۔

س: سہیل میدان جنگ میں مسلمانوں سے جا ملے۔

ج: عبداللہ بن سہیل نے تمام جنگوں میں حصہ لیا۔

س: عبداللہ نے حدیبیہ کے موقعہ پر کیا اعزاز پایا۔

ج: صلح نامہ حدیبیہ لکھا گیا تو آپ بھی گواہ بنے۔

س: عبداللہ کے والد کو کب امان ملی۔

ج: عبداللہ کے کہنے پر حضور نے امان دے دی۔ پھر انہوں نے اسلام قبول کیا۔

س: عبداللہ نے کیسے شہادت پائی۔

ج: مسیلمہ کذاب کے خلاف خالد بن ولید کے لشکر میں لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# خوات بن جبیر انصاری

## (بدری صحابی انصاری شاعر)

س: خوات عبداللہ بن جبیر کے بھائی تھے ان کا حسب نسب بتائیے۔

ج: قبیلہ اوس سے تعلق تھا۔ باپ کا نام جبیر بن نعمان تھا۔ اسلام کے شروع میں مسلمان ہوئے۔

س: خوات نے بدر میں شرکت نہ کی۔ لیکن بدری صحابی کہلائے کیوں؟

ج: راستہ میں زخمی ہوئے حضور نے ان کو مدینہ بھیج دیا تا کہ علاج ہو سکے۔ ان کو مال غنیمت میں حصہ دیا گیا۔

س: خوات شاعر بھی تھے غزوہ حنین میں کس کے ساتھی تھے۔

ج: خوات غزوہ حنین میں حضرت علی کے حامی تھے۔

س: انہوں نے کب وفات پائی۔

ج: ۴۰ ہجری میں ۷۴ سال کی عمر میں مدینہ میں انتقال فرمایا۔

س: پس ماندگان میں کس کو چھوڑا۔

ج: ایک لڑکا صالح چھوڑا۔

# حضرت حارثہ بن سراقہ

## (بدری صحابی، انصاری)

س: بدر میں سب سے پہلے کون شہید ہوئے۔

ج: حارثہ بن سراقہ انصاری

س: حارثہ کا حسب نسب بتائیے۔

ج: بنو نجار سے تھے۔ والد کا نام سراقہ بن حارث والدہ کا نام ربیعہ بن نضر، جو حضرت انس بن مالک کی پھوپھی تھی۔

س: بدر میں صرف ۲ گھوڑے تھے، ایک گھوڑا حارثہ کے پاس تھا۔ حارثہ کیسے شہید ہوئے۔

ج: سراقہ لشکر کی نگرانی کا کام کرتے تھے۔ ایک مشرک حبان بن العرقہ کے تیر سے شہید ہو گئے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



س: حضور نے سراقہ کی والدہ سے کیا فرمایا تھا۔
ج: سراقہ جنت الفردوس میں جائے گا۔

## حضرت ابن ابی عوفی (عالم فاضل)

س: حضرت ابن ابی عوفی نے کب اسلام قبول کیا۔
ج: ۵/۶ ہجری میں اسلام لائے۔
س: ابن ابی عوفی کے والد صدقہ لے کر بارگاہ رسالت میں پہنچے تو پیغمبر نے کیا دعا فرمائی۔
ج: "الٰہی آل ابی عوفی پر رحمت فرما۔"
س: ابن ابی اوفی نے ۷ غزوں میں حصہ لیا۔ وہ کون سے ۳ بڑے غزوں میں شامل تھے۔
ج: خیبر، فتح مکہ، غزوۂ حنین میں آپ کا ایک ہاتھ کٹ گیا۔
س: ابن ابی عوفی نے کوفہ میں کب رہائش اختیار کی۔
ج: حضور کے وصال کے ۵ سال بعد کوفہ میں چلے گئے۔
س: ابن ابی اوفی نے کب وفات پائی۔
ج: ۸۸ ہجری میں وفات پائی۔ اتنی لمبی عمر پانے والے یہ آخری صحابی تھے۔
س: ابن ابی اوفی سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔
ج: ۱۹۵ احادیث

## حرام بن ملحان انصاری (بدری، صحابی، قاری)

س: آپ کا کس خاندان سے تعلق تھا۔
ج: خاندان بنی نجار سے تعلق تھا۔
س: حرام بن ملحان کا حضور سے کیا رشتہ تھا۔
ج: حضرت ام سلمٰی کے بھائی تھے۔ حضور کے رشتہ میں ماموں تھے۔
س: حرام بن ملحان کی دینی خدمات بتایئے۔
ج: درس دیتے، مشہور قاری تھے، مسجد نبوی کے پانی کا انتظام کرتے۔ لکڑیاں کاٹ کر لاتے فروخت کر کے صفہ کے کھانے کا بندوبست کرتے۔ حضور کا خط عامر بن مالک نے تبلیغ کیلئے کچھ عالموں کی فرمائش پر حرام بن ملحان کی قیادت میں ۷۰ لوگ بھیجے گئے۔ یہ جماعت بیر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



معونہ پہنچ کر ٹھہر گئی۔

س: بنو عامر کے سردار نے حرام بن ملحان سے کیا سلوک کیا۔

ج: سب لوگوں کو دو کے سوا شہید کر دیا گیا۔

## ثابت بن وحداح (سپہ سالار، صحابی)

س: ثابت کب اسلام لائے۔

ج: ہجرت نبوی کے کچھ عرصہ پہلے۔

س: بدر میں نہ گئے احد میں کیا کارنامہ سرانجام دیا۔

ج: لوگو ادھر آؤ میں ثابت بن وحداح ہوں۔ رسول شہید ہوئے، اللہ زندہ ہے، جو ہمیشہ رہے گا، اللہ تمہاری مدد کرے گا۔

س: ثابت بن وحداح کس کے ہاتھوں زخمی ہوئے۔

ج: خالد بن ولید کے ہاتھوں۔

س: ثابت بن وحداح نے کب شہادت پائی۔

ج: غزوۂ احد میں شہید ہونے والے آخری مسلمان تھے۔

س: ثابت بن وحداح کا ترکہ کس صحابی کو دیا گیا۔

ج: ان کے بھانجے ابولبابہ رفاعہ بن عبدالمنذر کو دیا گیا۔

س: سورۂ الحدید کی آیت ”من ذالذی“ کون ہے جو اللہ کو قرض دے۔ ثابت بن وحداح نے کیا کیا۔

ج: اپنا قیمتی باغ اللہ کی راہ میں دے دیا۔

## عمیر بن حارث بن ثعلبہ (بدری صحابی، انصاری)

س: عمیر بن حارث کا حسب نسب بتائیے۔

ج: تعلق بنو سلمہ سے تھا۔

س: عمیر بن حارث کب اسلام لائے۔

ج: ہجرت نبوی سے پہلے اسلام لائے۔

س: عمیر نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بدر اور احد میں حضور کے ساتھ رہے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



## جریر بن عبداللہ البجلی (سپہ سالار صحابی)

س: جب تمہارے پاس کسی قوم کا کوئی معزز مہمان آئے تو اس کی عزت کرو۔ یہ جملہ حضور نے کب کس موقعہ پر فرمایا۔

ج: ۱۰ ہجری میں بجیلہ کا ایک وفد مدینہ آیا۔ جریر بن عبداللہ کیلئے حضور نے اپنی چادر بچھادی۔ تب مسلمانوں کو یہ الفاظ کہے۔

س: جریر کی کنیت ابوعمر تھی، آپ کا حسب نسب بتایئے اور آپ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: آپ کے باپ دادا کسی وقت میں یمن کے حاکم تھے۔ جریر نے غزوۂ حنین کے بعد اسلام قبول کیا۔

س: جریر نے کن غزوات وسرایا میں شرکت کی۔

ج: کسی جنگ میں نہ گئے۔ حجۃ الوداع میں شمولیت کی۔

س: کیا آپ ایرانی فوج کے خلاف بھی لڑے جب ایرانی ایک لاکھ اور مسلمان بارہ ہزار تھے۔ اس جنگ کا نتیجہ کیا نکلا۔

ج: ایرانی سپہ سالار قتل ہوا فوج بھاگ گئی، ایرانی ایک لاکھ مارے گئے اور مسلمان ۱۰۰ شہید ہوئے۔

س: ذوقار کے بارے میں حضور نے کیا فرمایا۔

ج: معرکہ ذوقار میں جب قبیلہ بنوشعبان نے ایرانیوں کو شکست دی۔ ''آج عرب عجم کے مقابلے میں برابری کی سطح پر آگئے ہیں''۔

س: جریر نے کس ایک سرایہ میں شمولیت کی تھی۔

ج: حضور نے بتوں کو توڑنے کیلئے بھیجا جس مہم میں کامیابی کی اطلاع خود جریر نے حضور کو دی۔ عراق میں ایرانیوں کے ساتھ ان کا سردار مہران قتل ہوا۔ یہ معرکہ جریر کا پہلا معرکہ تھا۔

س: کیا اس مہم کی کامیابی پر حضور بہت خوش ہوئے تھے۔

ج: جی ہاں حضور نے شمولیت کرنے والوں کیلئے ۵ مرتبہ دعا مغفرت کی۔

س: قادسیہ کا معرکہ سب سے بڑا تھا۔ اس میں جریر نے کس طرح حصہ لیا۔

ج: سعد بن وقاص امیر مقرر ہوئے۔ مثنی زخمی حالت میں فوت ہوئے۔ جریر لشکر لے کر سعد سے آملے۔ قادسیہ کے مقام پر لڑائی ہوئی اس میں جریر بھی شامل تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: عثمانی دور میں جریر کی کیا خدمات تھیں۔

ج: حضرت عثمان نے جریر کو ہمدان کا گورنر مقرر کر دیا۔

س: جریر نے کب وفات پائی۔

ج: ۵۴ ہجری میں قرقیا میں وفات پائی۔

س: جریر نے پس ماندگان میں کون کون چھوڑا۔

ج: پانچ لڑکے یادگار چھوڑے۔

## حضرت خولی بن ابی خولی (بدری صحابی)

س: خولی کا تعلق کس خاندان سے تھا۔

ج: یمن کے قحطانی قبیلہ سے تھا۔

س: خولی کا خاندان کہاں آباد تھا۔

ج: یمن کے علاقے صفاء کے قریب آباد تھا۔

س: خولی نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: حضور کی ہجرتِ مدینہ سے پہلے مسلمان ہوئے۔

س: خولی بدری صحابی تھے۔ آپ نے بدر میں اپنے کن بھائیوں کے ساتھ شرکت کی۔

ج: مالک بن ابی خولی، بلال بن ابی خولی، عبداللہ بن ابی خولی۔

س: خولی نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: خولی نے تمام غزوات میں شرکت کی۔

س: خولی نے کب وفات پائی۔

ج: حضرت عمر فاروق کے دور حکومت میں وفات پائی۔

جنگ ختم ہونے پر دوبارہ آ کر بیڑیاں پہن لیں۔

س: سعد بن ابی وقاص کو ان کی بہادری کا علم ہوا تو انہوں نے ابوجحن کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج: ان کو آزاد کر دیا۔

س: ابوجحن نے کہاں وفات پائی؟

ج: 16 ہجری میں آذربائیجان میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حضرت عروہ بن مسعود ثقفی (سفیر)

س: صلح حدیبیہ کے موقع پر کفار کی طرف سے کون سفیر بن کر آیا۔

ج: حضرت عروہ بن مسعود ثقفی۔

س: حضرت عروہ بن ثقفی حضورﷺ سے بات چیت کرتے ہوئے بار بار اپنا ہاتھ حضورﷺ کی ڈاڑھی کی طرف بڑھاتے تو کس صحابی نے ان کو ڈانٹا۔

ج: حضرت مغیرہ بن شعبہ

س: غزوہ طائف کے بعد حضرت عروہ بن ثقفی کے ایمان لانے پر ان کے اپنے قبیلے والوں نے ان کے ساتھ کیسا سلوک کیا۔

ج: حضرت عروہ نے اپنے بالا خانہ پر کھڑے ہو کر فجر کی اذان دی تو قبیلہ کے لوگوں نے ان پر تیر برسائے۔ ایک شخص ارس بن عوف نے ان کی گردن میں تیر مارا جس سے وہ شہید ہو گئے۔

س: حضرت عروہ بن مسعود ثقفی ہم شبیہ شیخ کہلاتے تھے۔ پیغمبرﷺ نے ان کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: پیغمبرﷺ نے فرمایا یہ مجھے انبیاء کی مثالی صورتیں دکھائی گئیں۔ حضرت ابراہیمؑ میرے ہم شکل تھے، اور حضرت عیسیٰؑ عروہؓ بن مسعود کی شبیہ تھے۔

س: عروہؓ بن مسعود ثقفی نے کون سا خاص ہنر سیکھا۔

ج: صنعتی شہر جرش جا کر منجنیق بنانے کا طریقہ سیکھا۔

## جارود بن عمرو (اہل کتاب صحابی)

س: 10 ہجری میں قبیلہ عبدالقیس کا وفد مدینہ آیا، ان کے سردار نے اسلام قبول کیا ان کا نام بتائیے۔

ج: 40 رکنی وفد بحرین سے آیا، سردار جارود بن عمرو بھی شامل تھے۔

س: وہ کون اہل کتاب تھا جس نے حضور سے کہا کہ آپ ضمانت دیں کہ نیا مذہب میری نجات بن جائے گا۔

ج: حضور نے فرمایا میں ضمانت دیتا ہوں کہ اسلام تیرے مذہب سے بہتر ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضور نے جارود سے فرمایا کہ تم نے اور تمہاری قوم نے بہت دیر کر دی۔

ج: جارود نے جواب دیا۔ میں نے انجیل میں آپ کی صفات پڑھیں۔ عیسیٰ نے آپ کی بشارت دی، اب میں آپ کی خدمت میں حاضر ہوں۔

س: جارود میں کونسی خوبیاں تھیں جن کی وجہ سے وہ اپنے علاقہ میں مشہور تھا۔

ج: بہادر تھے، مہم جو، قبیلہ کا سردار۔

س: جارود کہاں رہے اور کہاں شہید ہوئے۔

ج: جارود نے بصریٰ کو ٹھکانہ بنالیا، نہاوند کی جنگ میں شہید ہوئے۔

# قیس بن سعد ساعدی

## (بزرگ صحابی، مجاہد، عالم و فاضل)

س: رسول اللہ نے دعا کی یا اللہ مہربانی فرما سعد پر، حضور نے یہ دعا کب کس کے لئے کی تھی۔

ج: جب قیس کے والد سعد بن عبادہ نے حضور کو ایک چادر خدمت میں پیش کی۔

س: سعد کے حسب نسب کے بارے میں بتایئے۔

ج: والد کا نام سعد بن عبادہ، ماں کا نام قلیمہ تھا۔ دونوں کا تعلق بنوساعدہ سے تھا۔

س: قیس کا بڑا قد تھا، گھوڑے پر سوار ہوتے تو پاؤں زمین پر لگتے تھے۔ قیس نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بہت ساری جنگوں میں شریک ہوئے، سیف البحر اور فتح مکہ میں قابل ذکر خدمات سرانجام دیں۔

س: کیا سخاوت اور فیاضی اس خاندان کی خوبی تھی۔

ج: سیف البحر میں سامان رسد ختم ہو گیا اور مجاہدوں کو درختوں کے پتے کھانے پڑتے۔ قیس نے تین دن تین اونٹ ادھار لے کر ذبح کئے۔

س: فتح مکہ کے دن حضور کا خاص علم کس کو دیا گیا۔

ج: پہلے سعد بن عبادہ کو پھر، ان کے بیٹے قیس بن سعد کو پھر زبیر بن العوام کو دیا گیا۔

س: حضرت علی نے قیس بن سعد کو کہاں کا گورنر بنایا۔

ج: مصر کا والی بنایا گیا۔

س: جنگ جمل، جنگ صفین اور نہروان میں علی کا ساتھ دیا۔ جب حضرت معاویہ اور حضرت حسن

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کے درمیان معاہدہ ہوگیا تو امیر معاویہ کی بیعت کرلی۔

س: قیس بن سعد نے کب وفات پائی۔

ج: 60 ہجری میں علیل ہوئے مدینہ میں وفات پائی۔

س: قیس بن سعد نے اپنے پیچھے لواحقین میں کون کون چھوڑا۔

ج: ایک بیٹا جس کا نام عامر تھا۔

## کلثوم بن ہدم انصاری (بزرگ صحابی)

س: ہجرت میں رسول اللہ قبا میں کس کے ہاں ٹھہرے۔

ج: کلثوم بن ہدم کے ہاں

س: ابوسرہ اوران کی اہلیہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: اہلیہ ام کلثوم خطیب قریش سہل بن عمرو کی بیٹی تھی۔ دونوں نے شروع میں اسلام قبول کیا۔

س: ابوسرہ نے حبشہ کی ہجرت کب کی۔

ج: ہجرت کے تین ماہ بعد آئے اور شریق کی پناہ حاصل کی۔

س: ابوسرہ نے کب اور کہاں دوسری ہجرت کی۔

ج: دوسری مرتبہ حبشہ گئے۔ پہلی ہجرت میں بیوی ساتھ نہ تھی۔ ابوسرہ نے 6 سال حبشہ میں گزارے۔ آخر میں مکہ آگئے۔ جب حضور نے مدینہ کی ہجرت کا حکم دیا تو یہ بھی مدینہ چلے گئے۔

س: مدینہ میں کس کے مہمان رہے، کسے دینی بھائی بنایا گیا۔

ج: منذرہ بن انصاری کے ہاں رہے۔ مواخات میں سلمہ بن سلمہ کے بھائی بنائے گئے۔

س: ابوسرہ نے کب وفات پائی۔

ج: حضرت عثمان غنی کے دور میں مکہ میں انتقال کیا۔

س: کلثوم نے ہجرت سے پہلے اسلام قبول کیا، حضور کے علاوہ اور کن بڑے صحابہ نے آپ کے ہاں قیام کیا۔

ج: حضرت ابوبکر، حضرت علی، عامر بن فہیرہ۔

س: کلثوم بن ہدم نے کب وفات پائی۔

ج: ہجرت کے تھوڑے عرصہ بعد فوت ہوئے۔ شاید یہ پہلے صحابی تھے جو ہجرت کے بعد پہلے مسلمان فوت ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: رات کو حضور لوگوں سے ملاقات کس کے گھر میں کرتے تھے۔
ج: کلثوم بن ہدم کے گھر۔

# ابو ہشیم

## ہیثم بن عقبہ (ابو حذیفہ) (سابقون الاولون صحابی)

س: عقبہ اسلام کا بدترین دشمن تھا۔ اس کا کون سا بیٹا صحابی بنا۔
ج: ہیثم بن عقبہ ابو حذیفہ کنیت سے مشہور ہوئے۔
س: ہیثم کے اسلام لانے پر والد نے ان سے کیا سلوک کیا۔
ج: باپ نے قطع تعلق کر لیا۔
س: ابو حذیفہ کب حبشہ ہجرت کی اور کب واپس آئے۔
ج: 5 نبوی میں لوگوں نے ہجرت حبشہ کی۔ ابو حذیفہ نے 6 نبوی کو دوبارہ حبشہ ہجرت کی۔ حبشہ میں ان کے ہاں بیٹا پیدا ہوا۔ عبادہ بن بشر کے مہمان اور دینی بھائی بنے۔
س: ابو حذیفہ نے تمام غزوات میں حصہ لیا۔ بدر میں انہیں اپنے عزیزوں سے آمنا سامنا ہوا۔ حذیفہ کا باپ عتبہ بن ربیعہ حضرت حمزہ کے ہاتھوں مارے گئے۔
س: ابو حذیفہ کب فوت ہوئے۔
ج: جنگ یمامہ میں 54 برس کی عمر میں شہید ہوئے۔
س: پسماندگان میں کون کون چھوڑے۔
ج: تین بیویاں سہلہ، ثبیۃ اور آمنہ، دو بیٹے محمد اور عاصم پیچھے چھوڑے۔

# عویم بن ساعدہ انصاری

## سابقون الاولون انصار، عقبی صحابی، بدری صحابی

س: حضور نے کس صحابی کو مرد صالح کے لقب سے نوازا، جو بیعت عقبہ میں شامل تھے۔
ج: عویم بن ساعدہ انہوں نے تینوں عقبہ میں شرکت کی۔
س: عویم بن ساعدہ کے مواخاتی بھائی کون تھے۔
ج: حضرت حاطب بن ابی بلتعہ ان کے مواخاتی بھائی تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: اللہ نے صفائی پسند صحابہ کو پسند فرمایا، کیا ان میں عویم بن ساعدہ بھی شامل تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: عویم بن ساعدہ نے کب وفات پائی۔

ج: فاروقی دور میں 65 برس کی عمر میں۔

س: پسماندگان میں کون کون تھے۔

ج: دو بچے عتبہ اور عبیدہ چھوڑے۔

## سہل بن حنیف انصاری (بدری صحابی)

س: سہل بن حنیف انصاری نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: انصاری سابقون الاولون میں سے تھے۔

س: سہل بن حنیف کو کن کے مواخاتی بھائی بنایا گیا۔

ج: حضرت علی کو۔

س: کس صحابی نے غزوہ احد میں کہا تھا کہ یا رسول اللہ آپ میری اوٹ میں رہیں۔ خدا کی قسم جب تک میں زندہ ہوں۔ آپ کی حفاظت کرتا رہوں گا۔

ج: یہ تھے سہل بن حنیف۔ (بیعت رضوان میں شامل تھے۔)

س: سہل بن حنیف نے کن جنگوں میں حصہ لیا۔

ج: غزوہ بدر، احد، خیبر، فتح مکہ، حنین، طائف اور تبوک میں حصہ لیا۔

س: سہل بن حنیف کو حضرت علی نے کہاں کا والی مقرر کیا۔

ج: شام کا والی۔

س: سہل بن حنیف نے کب انتقال فرمایا۔

ج: کوفہ میں 38 ہجری میں وفات پائی، حضرت علی نے جنازہ پڑھایا۔

س: سہل بن حنیف نے پس ماندگان میں کن کو چھوڑا۔

ج: دو بیٹے اسعد اور عبداللہ چھوڑے۔

## ربیعہ بن اکثم اسدی (بدری صحابی)

س: ربیعہ بن اکثم کا کس خاندان سے تعلق تھا۔

ج: بنو اسد بن خزیمہ سے تعلق تھا۔ قد چھوٹا لیکن حوصلہ بہت بلند تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ربیعہ نے کب اسلام قبول کیا اس وقت ان کی عمر کیا تھی۔
ج: 23 سال کی عمر میں مسلمان ہوئے۔
س: ربیعہ نے کن جنگوں میں حصہ لیا۔
ج: غزوہ بدر، احد، خندق اور خیبر۔
س: آپ کو کیسے شہادت نصیب ہوئی۔
ج: خیبر میں حارث یہودی کے ہاتھوں شہید ہوئے۔

## حبیب بن زید انصاری

س: حبیب نے پہلے کس غزوہ میں حصہ لیا۔
ج: اپنے بھائی کے ساتھ جنگ احد میں شرکت کی۔
س: حبیب کے والد ان کے بچپن میں فوت ہو گئے تھے۔ان کا تعلق کس قبیلے سے تھا۔
ج: بنونجار سے تعلق تھا۔
س: کون سے صحابی مسیلمہ کذاب کے ہتھے چڑھ گئے تھے۔
ج: حبیب بن زید انصاری کو مدینہ سے آتے وقت مسیلمہ کذاب کے لوگوں نے شہید کر دیا تھا۔
س: مسیلمہ کذاب نے حبیب سے کیا کہا، پھر ان کو شہید کیوں کر دیا گیا۔
ج: پوچھا محمد کون ہے، اللہ کے سچے رسول ہیں، کہا گیا کہ مسیلمہ سچا رسول ہے، حبیب نے یہ بات نہ مانی، مسیلمہ نے اسے بڑی بے دردی سے قتل کیا۔ پہلے ایک ہاتھ پھر دوسرا ہاتھ ان کا بند بند کاٹ ڈالا۔لیکن حبیب نے اسے اللہ کا رسول نہ مانا۔
س: حبیب بن زید کی شہادت کا بدلہ کیسے لیا گیا۔
ج: حضرت ابو بکر نے سر کوبی کیلئے خالد بن ولید کو بھیجا۔اس جنگ میں حبیب کے اور بھائی عبداللہ بھی تھے۔وحشی بن حرب نے مسیلمہ کو موت کی نیند سلا دیا۔

## ابو جابر عبداللہ، انصاری

(بدری صحابی، اصحاب، عقبہ)

س: ابو جابر بنو سلمہ کے رئیس تھے،ان کا حسب نسب بتایئے۔
ج: ابو جابر کی والدہ کا نام رباب بن قیس تھا والد کا نام جزام اسلمہ تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ابو جابر کب پیدا ہوئے۔
ج: ابو جابر چھٹی ہجری کے اخیر میں پیدا ہوئے۔
س: انہوں نے اسلام کب قبول کیا۔
ج: 13 نبوی میں جابر نے اسلام قبول کیا 75 نمبر کے مسلمان ٹھہرے۔
س: بیعت عقبہ کبیرہ کے وقت حضور نے بارہ نقیب مقرر فرمائے۔ حضرت عبداللہ کو کس قبیلہ کا نقیب مقرر کیا گیا۔
ج: عبداللہ کو بنو سلمہ کا نقیب بنایا گیا۔
س: عبداللہ بن عمرو نے بیٹے سے کہا، میرا دل کہہ رہا ہے کہ اس جنگ میں مجھے شہادت نصیب ہو گی، وہ کس جنگ میں شہید ہوئے۔
ج: غزوہ احد میں سفیان بن عبد شمس کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ مشرکوں نے ان کی لاش کا مثلہ کر دیا۔
س: عبداللہ بن عمرو کو کہاں دفن کیا گیا۔
ج: عبداللہ اور ان کے بہنوئی کو ایک ہی قبر میں دفن کیا گیا۔

## عثمان بن حنیف انصاری

س: صحابی جو مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے مسلمان ہوئے؟
ج: عثمان بن حنیف 11 ہجری میں مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے مسلمان ہوئے۔
س: عثمان بن حنیف نے کن جنگوں میں شرکت کی۔
ج: غزوۂ بدر کے علاوہ احد اور بعد کی تمام جنگوں میں شرکت کی۔
س: حضرت عمرؓ کے دور میں عراق فتح ہوا۔ ان کی زمینوں کی پیمائش کا ذمہ کس صحابی کو دیا گیا۔
ج: عثمان بن حنیف اور حذیفہ بن الیمان ان کے ساتھ تھے۔
س: حضرت عمر نے کوفہ کا خراج وصول کرنے کیلئے کس صحابی کو مقرر کیا۔
ج: عثمان بن حنیف کو۔
س: حضرت علیؓ نے عثمان بن حنیف کو کس علاقہ کا گورنر بنایا۔
ج: بصرہ کا گورنر۔
س: عثمان بن حنیف نے کب وفات پائی۔
ج: کوفہ میں انتقال کیا۔ (امیر معاویہ کے دور سلطنت میں)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# کعب بن عمرو انصاری

## (عقبی صحابی، بدری صحابی، انصاری)

س: کعب بن عمرو کا تعلق قبیلہ خزرج سے تھا۔آپ کب مسلمان ہوئے۔

ج: 12 ہجری میں 18 سال کی عمر میں مصعب بن عمیر کے ہاتھوں اسلام لائے۔عقبہ میں حضور سے بیعت کی۔

س: کعب چھوٹے قد کے تھے،بدر میں انہوں نے کیا کارنامہ سرانجام دیا۔

ج: انہوں نے قریش کے علمبردار سے جھنڈا چھین لیا۔حضور کے چچا عباس کو انہوں نے قیدی بنایا۔

س: کعب نے تمام غزوات میں حصہ لیا۔خلفائے راشدین کے دور میں کن معرکوں میں حصہ لیا۔

ج: تمام جنگوں میں حصہ لیا۔

س: کعب بن عمرو نے کب وفات پائی۔

ج: 74 سال کی عمر میں امیر معاویہ کے دور میں۔کعب نے بدری صحابہ میں سب کے بعد وفات پائی۔

# عبداللہ بن رئیس ،جہنی انصاری (عقبی صحابی)

س: عبداللہ بن رئیس کا کس قبیلہ سے تعلق تھا۔

ج: قبیلہ قضاعہ سے۔

س: عبداللہ بن رئیس نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: بیعت عقبہ کبیرہ سے پہلے،بیعت عقبہ ثانیہ کے بعد مکہ میں ٹھہر گئے۔یہ انصاری بھی تھے۔

س: بنو ہذیل کے ایک دشمن اسلام خالد بن نبیح کو کس نے قتل کیا۔

ج: عبداللہ بن رئیس۔عبداللہ بن رئیس کو حضور نے عصا مبارک دیا۔اس پر ٹیک لگایا کرو قیامت کے دن تم مجھے اس عصا کے ساتھ ملو۔

س: عبداللہ بن رئیس نے کن مہمات میں حصہ لیا۔

ج: بدر کے علاوہ سب جنگوں میں حصہ لیا۔حضور نے ابورافع سلام بن ابی الحقیق کو قتل کرنے کیلئے 5 لوگ بھیجے تھے جن میں عبداللہ بن رئیس بھی تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: عبداللہ بن رئیس نے کہاں وفات پائی۔

ج: 54 ہجری میں مصر کے ساحلی شہر غزہ میں وفات پائی۔ دفن کرتے وقت حضور کا عطا کردہ عصا ان کے سینہ پر رکھ دیا گیا۔

## طلیب بن عمیر (بدری صحابی، مہاجر حبشہ)

س: حضور کے پھوپھی زاد بھائی نے شانِ رسالت میں نازیبا الفاظ استعمال کرنے پر ایک مشرک کو مار ڈالا وہ کون تھا۔

ج: مشرک عوف بن صبرہ نے حضور کی شان میں گستاخی کی، حضرت طلیب نے اونٹ کی ہڈی سے اسے مار مار کر لہولہان کر دیا۔

س: طلیب ابتدائی دور میں ایمان لے آئے تھے ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: قبیلہ بنی عبد بن قصی سے تھے۔ والد عمیر بن وہب والدہ کا نام اروی بنت عبدالمطلب۔ جو رسول کی سگی پھوپھی تھی۔

س: طلیب کا لقب کیا تھا۔

ج: ابو عدی تھا۔

س: آپ کی پھوپھی اروی نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: 6 ہجری کے بعد

س: طلیب کی مار پیٹ کی شکایت ابوجہل نے حضرت اروی سے کی تو والدہ نے کیا جواب دیا۔

ج: طلیب کی زندگی کا بہترین دن وہ ہے جس میں وہ حضرت محمد ﷺ کی مدد کرے۔

س: طلیب مدینہ آئے تو کس کے مہمان ٹھہرے۔

ج: عبداللہ بن سلمہ کے۔

س: طلیب نے کن جنگوں میں حصہ لیا۔

ج: طلیب تمام جنگوں میں حضور کے ہم رکاب رہے۔

س: طلیب نے کب شہادت پائی۔

ج: 13 ہجری میں جنگ اجنادین میں شہادت پائی۔ دوسری رائے ہے کہ انہوں نے جنگِ یرموک میں شہادت پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ابوسبرہ بن ابی رہم

## (بدری صحابی، مہاجر حبشہ ومدینہ)

س: ابوسبرہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

ج: والد مشہور صحابی ابی رہم اور والدہ کا نام برہ تھا۔

س: ابوسرہ کا حضور سے کیا رشتہ تھا۔

ج: ابوسرہ حضور کے پھوپھی زاد بھائی تھے۔

س: عمار بن یاسر کب اسلام لائے۔

ج: یہ لوگ اسلام کے پہلے تین سالوں میں ایمان لے آئے، ان کا اسلام میں آٹھواں نمبر تھا۔ عمار اور صہیب نے اکٹھے دارالرقم میں اسلام قبول کیا۔

س: کیا عمار کے والدین کفار کے تشدد سے فوت ہو گئے۔

ج: جی۔ہاں

س: کیا عمار نے حبشہ اور مدینہ کی ہجرت کی۔

ج: 6 نبوی میں حبشہ گئے، حضور کی ہجرت سے پہلے 6 لوگ مدینہ ہجرت کر گئے تھے ان میں یاسر بھی تھے۔ حضرت حذیفہ بن ایمان کو ان کا مواخاتی بھائی بنایا گیا۔

س: خلفائے راشدہ میں آپ نے کیا خدمات سرانجام دیں۔

ج: جنگ یمامہ میں لڑے، ایک کان شہید ہو گیا۔

س: یاسر کب شہید ہوئے۔

ج: جنگ صفین میں حضرت علی کی طرف سے لڑے 90 سال کی عمر میں شہید ہوئے۔

# طفیل بن حارث

## (بدری صحابی، سابقون الاولون)

س: والد کا نام حارث بن مطلب دادا مطلب بن عبد مناف حضور کے پردادا ہاشم کے چھوٹے بھائی تھے۔ مدینہ میں کس کے مہمان رہے۔

ج: تینوں بھائی عبیدہ بن حارث، حضرت حصین بن حارث انصاری کے مہمان ٹھہرے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: طفیل نے کن غزوات میں حصہ لیا۔
ج: تمام غزوات میں شرکت کی۔
س: طفیل نے کب وفات پائی۔
ج: 70 سال کی عمر میں دور عثمانی میں وفات پائی۔
س: فتح مکہ کے بعد حضور نے ابان کو کس صوبہ کا گورنر بنایا۔
ج: بحرین کا حاکم۔
س: ابان بن سعد کاتب وحی بھی تھے، عثمانی دور میں ان کی کیا خدمات تھیں۔
ج: انہوں نے دور حضرت عثمان میں مصحف عثمانی کی کتابت کی۔
س: ابان بن سعد نے کب وفات پائی۔
ج: وہ اجنادین یا یرموک میں شہید ہوئے۔

## حضرت عداس (اہل کتاب صحابی)

س: حضرت عداس کون تھے۔
ج: عراق کے شہر موصل کے رہنے والے تھے اور عتبہ بن ربیعہ کے ملازم تھے۔
س: عداس کی ملاقات حضور سے کیسے اور کہاں ہوئی۔
ج: حضور 10 نبوی میں طائف گئے۔ اس وقت طائف کے رئیس۔ عبد یالیل، مسعود اور حبیب تھے۔ انہوں نے اوباش لڑکے حضور کے پیچھے لگا دیئے۔ آپ نے زخمی حالت میں باغ میں پناہ لی۔ اس باغ کے مالک مکہ کے عتبہ اور شیبہ تھے۔ عداس نے حضور کو انگور پیش کئے۔
س: حضور نے انگور کھانے سے پہلے بسم اللہ پڑھی تو عداس نے کیا کہا۔ کہ میں نے اس ملک کے باشندوں سے ایسا جملہ کبھی نہیں سنا۔
س: یہ الفاظ کس نے فرمائے ”تم مرد صالح یونس بن متی کے ہم وطن ہو“۔
ج: پیغمبر اسلام نے۔
س: عداس کب اور کیسے ایمان لائے۔
ج: جب حضور نے فرمایا یونس متی میرے بھائی ہیں۔ وہ بھی خدا کے نبی تھے اور میں بھی خدا کا نبی ہوں۔ عداس فوراً اسلام لے آیا۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



س: عتبہ اور شیبہ کو عداس نے کیا جواب دیا۔
ج: عداس نے ان سے کہا آج روئے زمین پر اس سے بہتر کوئی شخص نہیں ہے اس نے مجھے وہ بات بتائی ہے جو نبی کے سوا کوئی دوسرا نہیں بتا سکتا۔
س: عداس نے اپنے مالک عتبہ اور شیبہ کو بدر کے موقعہ پر شرکت سے منع کیا۔
ج: جو کوئی ان کی مخالفت کرے گا وہ تباہ ہو جائے گا، وہ لوگ بدر میں کام آئے۔
س: اس کے بارے میں کس نے بتایا حضرت خدیجہ امانت دار فرشتہ کے بارے میں جاننا چاہتی ہیں۔وہ اللہ کے پیغام پہنچاتے ہیں۔موسیٰ عیسیٰ دیگر پر یہ خدیجہ کو الفاظ کس نے کہے؟
ج: مسیحی پیروکار اس نے یہ الفاظ حضرت خدیجہ سے کہے تھے۔
س: عداس کون تھے۔
ج: موصل کے ایک گاؤں کے باشندے تھے۔وہ عبد شمس رئیس عتبہ کے غلام تھے۔
س: عبداللہ کی دوسری ملاقات کب اور کیسے ہوئی تھی؟
ج: جب حضور ﷺ طائف میں تبلیغ اسلام کے لئے گئے۔قبیلہ بنو ثقیف کے عمرو بن عمیر بن عوف ثقفی کے تین بیٹے۔ا عبد یالیل ۔۲۔مسعود۔۳ حبیب۔اُنہوں نے پیغمبر سے بدتمیزی کی تھی۔اوباش لڑکے حضور ﷺ کے پیچھے لگا دیئے۔باغ میں پناہ لی جو عتبہ اور شیبہ کا تھا۔غلام عداس کو انگور دے کر بھیجا کہ اِن کو انگور دے آؤ۔حضور ﷺ نے بسم اللہ پڑھ کر انگوروں کی طرف ہاتھ بڑھایا۔تم مرد صالح یونس بن متیٰ کے ہم وطن ہو۔وہ ارض نینوا کے رہائشی ہیں اور مسیح کے پیروکار ہیں۔
س: عداس کب اور کیسے ایمان لائے۔
ج: عداس نے کہا تم یونس کو کیسے جانتے ہو۔یونس میرے بھائی ہیں وہ بھی خدا کے نبی ہیں اور میں بھی نبی ہوں۔یہ سن کر عداس ایمان لے آئے۔
س: عتبہ اور شیبہ کو عداس نے کیا جواب دیا؟
ج: آج اس روئے زمین پر اس سے بہتر انسان کوئی نہیں ہے۔مجھے ایک ایسی بات بتائی جو نبی کے سوا کوئی دوسرا نہیں بتا سکتا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## خلدد بن سوید انصاری (عقبی صحابی، بدری)

س: حضور نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا کہ اسے دو شہیدوں کا ثواب ملے گا۔

ج: خلاد بن سوید انصاری کے بارے میں، ایک یہودی عورت نے ان پر چکی کا پاٹ گرا کر شہید کر دیا تھا۔ عورت کو قصاص میں قتل کر دیا گیا تھا۔

س: خلدد بن سوید نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ہجرت سے پہلے مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے اسلام لائے۔ 13 نبوی میں بیعت عقبہ کبریٰ میں بیعت کی۔

س: رسول اللہ نے ان کی والدہ سے کیا فرمایا تھا۔

ج: آپ کے بیٹے کو دو شہیدوں کا ثواب ملے گا، کیونکہ اس کو اہل کتاب نے شہید کیا ہے۔

س: خلدد کی والدہ بیٹے کی شہادت کی خبر سن کر چہرے پر نقاب ڈالے حضور کی خدمت میں آئیں، لوگوں نے کہا تمہارا بیٹا قتل ہو گیا، تم نے اس مصیبت کی گھڑی میں بھی نقاب ڈال رکھا ہے، انہوں نے کیا جواب دیا۔

ج: بیٹا کھویا ہے شرم و حیاء تو نہیں کھوئی۔

س: خلدد بن سوید نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: غزوات بدر، احد، خندق اور بنو قریظہ میں شرکت کی۔

## حضرت جبرین بن مطعم (مہاجر صحابی)

س: کس صحابی کے والد نے شعیب ابی طالب کا معاہدہ ختم کرنے کی کوشش کی۔

ج: حضرت جبرین بن مطعم (دس نبوی میں)

س: حضرت جبرینؓ بن مطعم سے حضور اکرم ﷺ کا کیا رشتہ تھا۔

ج: مطعم بن عدی کے دادا نوفل حضور ﷺ کے پردادا ہاشم کے بھائی تھے۔

س: حضور ﷺ کی طائف سے واپسی پر کس صحابی کے والد نے اپنی حمایت میں واپس مکہ شریف داخل ہوئے۔

ج: حضرت جبرین بن مطعم۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: جنگ بدر کے قیدیوں کو چھڑوانے کیلئے کفار نے کس کو مدینہ شریف بھیجا۔

ج: حضرت جبرین بن مطعم (اس وقت تک آپ اسلام نہ لائے تھے)

س: حضور ﷺ نے بدر کے قیدیوں کے بارے میں جبرین بن مطعم کو کیا جواب دیا۔

ج: اگر مطعم بن عدی زندہ ہوتے تو میں ان کی خاطر ان قیدیوں کو فدیہ لئے بغیر چھوڑ دیتا۔

س: کوئی شخص حضرت محمد ﷺ پر ہاتھ اٹھانے کی جرات نہ کرے یہ کس کے الفاظ ہیں۔

ج: حضرت جبرین کے والد مطعم بن عدی کے۔

س: حضرت جبیر بن مطعم فتح مکہ کے وقت پہلے مسلمان ہوئے انہوں نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: غزوہ حنین میں حصہ لیا۔

س: خلیفہ راشد حضرت عثمان غنی کی نماز جنازہ کس صحابی نے پڑھایا۔

ج: حضرت جبرین بن مطعم۔

س: حضرت جبرین بن مطعم نے کب وفات پائی۔

ج: 57 ہجری امیر معاویہؓ کے عہد خلافت میں۔

س: حضرت جبرینؓ بن مطعم نے اپنے پسماندگان میں کن کو چھوڑا۔

ج: دو بیٹے محمد اور نافع۔

## حضرت بلال بن رباحؓ

س: بلال کہاں پیدا ہوئے۔

ج: مکہ معظمہ میں۔

س: حضرت بلال کے والد اور والدہ کا نام کیا تھا۔

ج: رباح امیہ بن خلف

س: بلال کی کنیت کیا تھی۔

ج: ابو عبداللہ۔

س: بلال کو کس خلیفہ نے خرید کر آزاد کیا۔

ج: حضرت ابوبکر نے چار سو اوقیہ چاندی کے عوض۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: بلال کس ملک کے سفیر بنائے گئے۔

ج: شام۔

س: بلال کے مالک کا کیا نام تھا۔

ج: امیہ بن خلف

س: بلال نے کب وفات پائی۔

ج: 20 ہجری میں

س: حضرت بلال کہاں دفن ہیں۔

ج: دمشق میں۔

س: حضرت بلال نے کتنی عمر پائی۔

ج: 60 برس

س: حضرت بلال مسجد نبوی کے مؤذن تھے۔آپ کا تعلق کس خاندان سے تھا۔

ج: یہ حبشی النسل خاندان جمع سے تعلق تھا۔آپ ان سات افراد میں شامل تھے جنہوں نے سب سے پہلے اسلام قبول کیا۔

س: حضرت بلالؓ پر ان کا جو مالک ظلم کرتا تھا اس کا نام کیا تھا۔

ج: امیہ بن خلف۔

س: حضرت بلالؓ 13 نبوی کو ہجرت کر کے مدینہ منورہ آئے ان کے مواخاتی بھائی کون تھے۔

ج: مواخاتی بھائی حضرت بلال عبداللہ بن عبدالرحمن انصاری۔

س: حضرت بلالؓ نے فتح مکہ کے وقت کعبہ کی چھت پر چڑھ کر اذان دی اور کہا کہ میں اللہ کے رسول کے بعد کسی کیلیے اذان نہ دوں گا بعد میں کس کے کہنے پر اذان دی۔

ج: حضرت عمرؓ اور نواسہ رسول۔

## حضرت ابوذر غفاریؓ

س: آپ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا۔

ج: بنو غفار

س: آپ کے والد اور والدہ کا کیا نام تھا۔

ج: ماں کا نام رملہ باپ کا نام خزیمہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: قبیلہ بنو غفار کا پیشہ کیا تھا۔
ج: لوٹ مار

س: ابوذر غفاری کا لقب کیا تھا۔
ج: مسیح السلام

س: ابوذر غفاری نے کب وفات پائی۔
ج: 6 ذوالحجہ 29 ہجری

س: آپ کی نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔
ج: عبداللہ بن مسعود نے

س: ابوذر نے اپنے بھائی کو مکہ روانہ کیا تو رسول اللہ کے بارے میں پتہ کر کے آئے۔ انہوں نے واپسی پر کیا بتایا۔
ج: لوگ انہیں شاعر، کاہن اور جادوگر کہتے ہیں، خدا کی قسم وہ نہ شاعر، نہ کاہن اور نہ ہی جادوگر ہیں۔ وہ لوگوں کو بھلائی کی طرف بلاتے ہیں اور برائی سے بچاتے ہیں۔

س: غفارؓ نے حضور سے ملاقات کے بعد قریش کے سامنے کیا اعلان کیا۔
ج: اے خاندان قریش، میں صدق دل سے اقرار کرتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

س: قریش نے یہ سن کر غفاری کا کیا حال کیا۔
ج: اتنا مارا کہ لہولہان کر دیا۔ حضرت عباس نے کہا یہ بنو غفار کا آدمی ہے، تمہارا کوئی قافلہ ان کی بستی سے نہیں گزر سکے گا۔

س: حضور نے کس کی آمد پر کہا تھا۔ آسمان کبھی ایسے آدمی پر سایہ فگن نہیں ہوا۔ زمین نے کسی ایسے شخص کو کندھوں پر نہیں اٹھایا جو ابوذر سے زیادہ سچی زبان رکھتا ہو۔

## حضرت عبداللہ بن مسعودؓ

س: آپ کہاں پیدا ہوئے۔
ج: مکہ معظمہ

س: عبداللہ کی والدہ اور ولد کا نام
ج: ام عبد، مسعود۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: عبداللہ بن مسعود کی کنیت کیا تھی۔
ج: ابوعبدالرحمٰن۔
س: کیا عبداللہ بن مسعود نے دو دفعہ ہجرت حبشہ کی۔
ج: جی ہاں
س: عبداللہ بن مسعود کوفہ کے قاضی کب مقرر ہوئے۔
ج: 20 ہجری میں
س: انتقال کب ہوا، نماز جنازہ کس نے پڑھائی۔
ج: ۳۲ ہجری میں، حضرت عثمان نے
س: عبداللہ بن مسعود نے کتنی عمر پائی۔
ج: ۶۲ سال
س: عبداللہ بن مسعود کو کس صحابی کے پہلو میں دفن کیا گیا۔
ج: عثمان بن مظعون
س: سب سے پہلے کس صحابی نے مکہ شریف میں بلند آواز میں قرآن پڑھا۔
ج: حضرت عبداللہ بن مسعود۔
س: حضرت عبداللہ بن مسعود کے مواخاتی بھائی کون تھے۔
ج: حضرت معاذ بن جبل
س: حضرت عبداللہ بن مسعود نے کن غزوات میں شرکت کی۔
ج: غزوہ احد، خندق، خیبر اور غزوہ حنین۔
س: دور فاروقی میں حضرت عبداللہؓ بن مسعود نے کس جنگ میں بہادری کے جوہر دکھائے۔
ج: جنگ یرموک

## حضرت حولطیب بن عبدالعزی

س: حولطیب بن عبدالعزی نے جب اسلام قبول کیا تب ان کی عمر کیا تھی۔
ج: ۸۰ برس کے قریب۔
س: آپ نے حنین اور طائف میں حصہ لیا۔ حضور نے انہیں مال غنیمت میں کتنے اونٹ دیئے۔
ج: ۱۰۰ اونٹ مال غنیمت سے دیئے گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ان کا حسب نسب بتائیے۔

ج: آپ کا خاندان عامر بن لوئی سے تعلق تھا۔

س: حولطیب بعثت نبوی کے وقت ۶۰ سال کے تھے، آپ نے اسلام کب قبول کیا۔

ج: جب بھی حولطیب بن عبدالعزیٰ نے اسلام قبول کرنا چاہا تو بنوامیہ کے رئیس حکم بن امیہ نے منع کیا۔

س: فتح مکہ میں گھر سے بھاگ کر عوف کے باغ میں پناہ لی، مسلمان کیسے ہوئے۔

ج: ابوذران کو حضور کی خدمت میں لے گئے اور وہ اسلام لے آئے۔

س: حولطیب نے کب وفات پائی۔

ج: ۱۲۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔

س: حولطیب نے ورثا میں کون کون پیچھے چھوڑا۔

ج: پسماندگان میں دو بیٹے ابوسفیان اور عبداللہ چھوڑے۔

## ابان بن سعید (شاعر، کاتب وحی، مہاجر مدینہ)

س: شام کے تجارتی سفر میں ایک راہب عیسائی سے حضور کی صفات سنیں اور متاثر ہوئے۔ ان کا نام بتائیے۔

ج: حضرت ابان بن سعید۔

س: حضرت ابان کس لقب سے مشہور ہوئے؟

ج: ابان ذولتاج کے لقب سے مشہور ہوئے۔

س: والدہ کا نام کیا تھا؟

ج: والدہ ہند، بنومخزوم سے تھیں۔

س: حضرت ابان نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: بدر اور احد میں مسلمانوں کے خلاف لڑے، پھر ۶ ہجری میں صلح حدیبیہ کے بعد ایمان لائے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت امیر معاویہؓ

## (کاتب وحی، جرنیل، شاعر، حکمران)

س: ابوسفیان کے کس بیٹے کو خلیفہ ہونے کا شرف حاصل ہوا۔

ج: حضرت امیر معاویہؓ

س: حضرت امیر معاویہؓ کے والد اور والدہ کا نام کیا تھا۔

ج: باپ کا نام ابوسفیان بن حرب اور والدہ کا نام ہندہ بنت عتبہ

س: حضرت امیر معاویہ کا حضور ﷺ سے کیا رشتہ تھا۔

ج: آپ ام المومنین حضرت ام حبیبہ بنت ابوسفیان کے بھائی تھے۔

س: ظہور اسلام کے وقت سترہ لوگ پڑھے لکھے تھے۔ حضرت امیر معاویہ کو رسول اکرم ﷺ نے کیا ذمہ داری سونپی۔

ج: حضور ﷺ نے ان کو کتابت وحی پر مامور فرمایا۔

س: حضرت امیر معاویہ کو فاروقی عہد میں کن علاقوں کا گورنر مقرر کیا گیا۔

ج: دمشق، حمس، جابیہ۔

س: اسلامی تاریخ میں پہلا بحری بیڑہ کس نے بنایا۔

ج: حضرت عثمانؓ نے ۳۳ ہجری میں امیر معاویہؓ نے قبرص کو فتح کیا۔

س: حضرت امیر معاویہؓ کے زمانے میں قسطنطنیہ کی تاریخی فتح کیسے ہوئی۔

ج: ایک خونریز معرکے کے بعد فتح ہوئی اور یوں حضور ﷺ کی پیش گوئی پوری ہوئی۔

س: حضرت امیر معاویہؓ کے زمانہ میں رفاہ عامہ کے کون کون سے کام ہوئے۔

ج: مجاہدین کے بچوں کے لئے وظیفے جاری کئے گئے مردم شماری کا کام ہوا، نہریں کھدوائیں، زراعت کو ترقی دی۔ اسلامی نوآبادیات قائم کیں خبر رسانی کیلئے برید کے نام سے مستقل محکمہ بنایا۔

س: حضرت امیر معاویہؓ نے کب اور کہاں وفات پائی۔

ج: ۶۰ ہجری میں دمشق میں انتقال ہوا۔

س: حضرت امیر معاویہؓ کے خاندان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

ج: آپ نے متعدد شادیاں کیں لیکن دو بیویوں سے اولاد پیدا ہوئی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حضرت ابو جندلؓ (مہاجر صحابی، شاعر)

س: خطیب قریش حضرت سہیلؓ کے اس بیٹے کا نام جو صلح حدیبیہ کے موقع پر پابہ زنجیر حضورﷺ کے پاس بھاگ کر حاضر ہوئے۔

ج: حضرت ابو جندلؓ

س: حضرت ابو جندلؓ نے حضورﷺ سے فریاد کی کہ میرے والد نے اسلام لانے پر میری یہ درگت بنائی ہے کیا مجھے آپ ﷺ اس مصیبت سے نجات نہیں دلا سکتے۔

ج: حضورﷺ نے فرمایا، کہ اللہ تعالیٰ ضرور کوئی نہ کوئی راستہ نکالے گا۔

س: قریش مکہ نے ان جلاوطنوں سے تنگ آ کر رسول اللہﷺ کو کیا پیغام بھیجا۔

ج: صلح حدیبیہ کی یہ شرط ختم کر دی جائے جو مسلمان بھاگ جائے اسے آزاد سمجھا جائے۔

س: حضرت ابو جندلؓ حضورﷺ کے حکم سے مدینہ آئے تو کتنی غزوات میں حصہ لیا۔

ج: فتح مکہ، غزوہ حنین، غزوہ تبوک، طائف میں آپ ﷺ کے ساتھ رہے۔

س: حضرت ابو جندلؓ نے کب وفات پائی۔

ج: رومیوں کے خلاف جہاد میں چھ ہجری میں طاعون کی وبا سے وفات پائی۔

## حضرت حذیفہ بن الیمان

س: حضورﷺ نے حذیفہ کے والدین کیلئے کیا دعا مانگی تھی۔

ج: بخشش کی۔

س: حضرت حذیفہ کس بڑی ہستی کے رازدان تھے۔

ج: حضورﷺ کے

س: حضرت حذیفہ کی کنیت کیا تھی۔

ج: ابو عبداللہ۔

س: حضرت حذیفہ کا لقب کیا تھا۔

ج: صاحب السیر۔

س: حذیفہ کا کس قبیلہ سے تعلق تھا۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



ج: قبیلہ غطفان

س: احد میں آپ کو کون سا کام سپرد کیا گیا۔

ج: عورتوں کی حفاظت۔

س: حذیفہ بن الیمان آذربائیجان کی فتح کے بعد کس علاقہ کے حاکم بنے۔

ج: مدائن۔

س: حضرت حذیفہؓ بن الیمان کے والدین یمن سے مدینہ کب اور کیوں آئے؟

ج: اپنے ہی قبیلے کے ایک آدمی کو قتل کر کے قصاص کے ڈر سے بھاگ کر مدینہ شریف آئے۔

س: حضرت حذیفہؓ کے والد کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: جنگ احد میں مسلمانوں میں افراتفری پھیلی تو غلطی سے حضرت الیمانؓ مسلمانوں کے ہاتھوں شہید ہو گئے۔

س: حضرت الیمانؓ کی دیت کس نے ادا کی۔

ج: نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی جیب سے ادا کی۔

س: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت حذیفہؓ دلبرداشتہ ہو کر کہاں چلے گئے۔

ج: الجزیرہ میں ایک خاتون سے شادی کی اور مدین چلے گئے۔

## حضرت وحیہؓ کلبی

س: حضرت جبرائیل کبھی کبھار ایک صحابی کی شکل میں حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس تشریف لاتے تھے۔ وہ کون ہیں۔

ج: حضرت وحیہ کلبیؓ کی شکل میں

س: حضرت وحیہ کلبی نے کن غزوات میں شرکت کی۔

ج: جنگ احد کے علاوہ تمام غزوات میں شریک رہے۔

س: صلح حدیبیہ کے بعد شہنشاہوں کو خطوط لکھے گئے۔ شاہ روم ہرقل کے نام کون خط لے کر گئے۔

ج: حضرت وحیہؓ کلبی

س: حضرت وحیہؓ کلبی نے کب وفات پائی۔

ج: امیر معاویہؓ کے دور کے آخر میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ابو مرثد غنوی

بدری۔ سابقون الاولون مہاجر مدینہ

س: اِن کا اصل نام کنار تھا۔ ابتدائی دور میں اسلام لائے ہجرت کر کے کب مدینہ آئے؟

ج: ۱۳ نبوی میں بیٹے مرثد کے ساتھ مدینہ گئے۔ عبادہ بن صامت کو اِن کا دینی بھائی بنایا گیا۔

س: ابو مرثد تبوک تک تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ فتح مکہ سے پہلے کیا خاص واقعہ پیش آیا؟

ج: حضرت حاطب بن ابی بلتعہ نے ایک عورت، جو ابو عمر صیفی کی لونڈی تھی نے قریش کو اطلاع دی۔ اس کے پیچھے لوگ اس سے خط لینے کے لیے گئے۔ حاطب نے قصور مان لیا۔ حضور ﷺ نے اُن کو بدری صحابہ ہونے کی وجہ سے معاف کر دیا۔

س: حضرت ابو مرثد نے کب وفات پائی؟ کہاں دفن ہوئے؟

ج: وفات ۱۲ ہجری، جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

# عیثم بن حارث

سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ

س: قریش کی شاخ بنو سلیم سے تعلق تھا۔ ابتدائی دور میں مسلمان ہوئے، کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی۔ کئی سال بعد مدینہ ہجرت کی۔

س: تمیم بن حارث کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: صدیقی دور میں جنگ اجنادین میں بعض جگہ جنگ یرموک کا بھی ذکر ہے۔

# خالد بن سعید اموی

سابقون الاولون۔ ہجرت حبشہ، ہجرت مدینہ، کاتب رسول ﷺ

س: آپ کی کنیت کیا تھی؟

ج: ابو سعید۔

س: آپ کا تعلق کس خاندان سے تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: قریش کے خاندان سے تھا۔

س: اِن کے دادا کو ذو التاج کا لقب کیوں دیا گیا؟

ج: سعید بن عاص جس رنگ کا عمامہ پہنتے تھے کوئی دوسرا نہیں پہنتا تھا۔

س: آپ نے ابتدائی دور میں اسلام قبول کیا۔ مشرکین سے تنگ آ کر کہاں ہجرت کی؟

ج: ہجرت حبشہ ے نبوی میں غزوہ خیبر کے وقت مدینہ چلے گئے تھے۔

س: ام حبیبہ نے حضور ﷺ سے نکاح کیا تو کون سے صحابی وکیل بنے؟

ج: خالد بن سعید اموی۔

س: خالد بن سعید اموی نے فتح مکہ، حنین، تبوک، طائف میں شرکت کی۔ خلفائے راشدین کے زمانے میں کن کن معرکوں میں حصہ لیا؟

ج: فاروقی دور میں مرتدین کے خلاف ایران اور شام کی مہمات میں شامل ہوئے۔

س: ۹ ہجری میں بنو ثقیف کے معاہدہ کی کتابت کی؟

ج: برج صفر کے مقام پر رومیوں کے حملے میں شہید ہوئے۔

س: کس صحابی نے اپنی انگوٹھی پر محمد ﷺ لکھوایا ہوا تھا۔

ج: خالد بن سعید اموی نے۔ حضور ﷺ نے اُن سے انگوٹھی واپس لے لی تھی۔

# خباب بن ارات

## سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: حضرت خباب بن ارات کا شجرہ نسب بتایئے؟

ج: وہ تمیم میں سے تھے۔ کنیت ابو عبداللہ تھی۔

س: زمانہ جاہلیت میں خباب غلام بنا کر فروخت کیے گئے تو اِن کو کس نے خریدا؟

ج: عتبہ بن غزوان نے خریدا۔

س: حضرت خباب کا پیشہ کیا تھا؟

ج: آہن گری۔

س: اِن کو سادی الاسلام کیوں کہتے ہیں؟

ج: ابتدائی دور میں اسلام قبول کیا یہ چھٹے مسلمان تھے۔ اس لئے اِن کو سادی الاسلام کہتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: اسلام کی وجہ سے خباب پر کیا کیا ظلم ڈھائے گئے تھے؟

ج: کپڑے اُتار کر اِن کو دہکتے انگاروں پر لٹایا جاتا تھا، اِن کی مالکہ ام نہار ان کو لوہے کی زرہ پہنا کر دھوپ میں لٹاتی۔

س: رسول اللہ ﷺ نے خباب کو صبر کی تلقین کس طرح کی؟

ج: کہ تم سے پہلے زمانے میں لوگ لوہے کی کنگھیوں سے ان کا گوشت نوچا کرتے تھے۔ اِن کے سروں پر آرے چلائے گئے اور اللہ نے ان کو دین کے بدلے خرید لیا۔

س: حضرت خباب نے اِس ظلم کی داستان پر صبر کیا۔ حضور ﷺ سے دُعا کی استدعا کی۔

ج: حضور ﷺ نے دُعا کی اللہ خباب کی مدد کر۔

س: مشرکین کے ہاتھوں خباب کو کس طرح کا مالی نقصان اُٹھانا پڑا۔

ج: عاص بن وائل نے ان سے قرضہ لیا تھا وہ واپسی کے مطالبہ پر کہتا کہ جب تک تم محمد ﷺ دین کو ترک نہیں کرو گے۔ ایک کوڑی بھی تمہیں ادا نہ کروں گا۔

س: خباب اس کا کیا جواب دیتے؟

ج: جب تک تم دوبارہ زندہ ہو کر اس دُنیا میں نہ آؤ گے۔ میں محمد ﷺ کا دامن نہ چھوڑوں گا۔

س: ہجرت پر خباب کا دینی بھائی کون بنا؟

ج: حضرت خراش بن صمہ۔

س: کیا حضرت عمرؓ کی بہن فاطمہ بنت خطاب کو قرآن پڑھایا کرتے تھے؟

ج: جب عمر نے سورۃ طٰہٰ کی چند آیات سنیں تو عمر کا دل پگھل گیا۔ کہا مجھے محمد ﷺ کی خدمت میں لے چلو۔ چھپے ہوئے خباب باہر نکل آئے۔ خباب نے بتایا کہ پیغمبر ﷺ نے پنج شنبہ کو دُعا کی تھی کہ اے الٰہی حضرت عمر بن خطاب اور ابوجہل میں سے جو تجھے پسند ہو اِسے اسلام کی قوت عطا فرما۔ دُعا تمہارے حق میں قبول ہوئی۔

## حضرت صہیب رومی

س: صہیب رومی غریب تھے۔ آپ کیسے امیر بنے؟

ج: بدیل بن جدعان نے/صہیب کو بنو کلب سے خرید لیا۔ اُنہوں نے اپنی محنت سے روپیہ کمایا۔

س: صہیب نے کب اور کہاں اسلام قبول کیا؟

ج: صہیب اور عمار بن یاسر نے ایک ہی دن اسلام قبول کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: صہیب کو مدینہ آنے سے پہلے مال و دولت سے ہاتھ کیوں دھونے پڑے؟
ج: قریش نے کہا۔ جب تم آئے تھے۔ مفلس تھے۔ اب امیر یہ دولت ہمیں دے دو جدھر چاہو چلے جاؤ۔
س: حضرت صہیب کو دیکھ کر حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟
ج: صہیب نے تجارت میں خوب نفع کمایا۔
س: صہیب کو مواخات میں کس کا بھائی بنایا گیا؟
ج: ابو سعید بن حارث
س: کیا حضرت عمر کی نماز جنازہ صہیب رومی نے پڑھائی۔
ج: جی ہاں صہیب نے 1 ستر سال کی عمر میں مدینہ میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔
س: خباب نے کب اور کہاں وفات پائی؟
ج: کوفہ میں ۳۷ ہجری میں پیٹ کے درد سے وفات پائی۔

# حضرت ذوالبجادین

## اصحاب صفہ۔ ہجرت مدینہ

س: ذوالبجادین نے اسلام قبول کیا۔ چچا کے ڈر سے اسلام ظاہر نہ کیا۔
ج: ہجرت مدینہ پہنچنے پر اسلام کا اعلان کیا۔ چچا نے اس کی جائیداد ضبط کر لی۔
س: ذوالبجادین کا اصل نام عبدالعزیٰ تھا۔ حضور ﷺ نے ان کا کونسا نام رکھا؟
ج: نام عبداللہ اور لقب ذوالبجادین یعنی (دو چادروں والا)
س: یہ اصحاب صفہ میں شریک ہوئے۔ آپ کی شہادت کب ہوئی؟
ج: غزوہ تبوک سے پہلے شدید پیٹ درد سے وفات پائی۔
س: حضرت ابوبکر اور حضرت عمرؓ نے ان کی قبر کھودی۔ دفنانے کے بعد حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟
ج: یا اللہ میں اس سے راضی ہوں۔ تو بھی اس سے راضی ہو جا۔
س: حضرت صہیب رومی (بدری صحابی) تمہاری آنکھ آتی ہے۔ تم کھجوریں کھا رہے ہو۔ یہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حضور ﷺ نے کس لیے کہا تھا؟

ج: حضرت صہیب رومی کے لئے، رومی نے کہا تھا کہ حضور ﷺ میں دوسری آنکھ کی طرف سے کھا رہا ہوں۔ اِس پر حضور بہت ہنسے۔

س: صہیب کے والد اور والدہ کا نام بتایئے؟

ج: والد سنان بن مالک اور والدہ سلمٰی۔

س: صہیب رومی مکہ کیسے پہنچے؟

ج: رومیوں نے آپ پر حملہ کر دیا۔ صہیب کو ساتھ لے گئے۔ بنو کلب کے تاجروں نے اسے خرید کر مکہ لے گئے۔

# عمیر بن وہب

## مہاجر صحابی، سپہ سالار

س: کون شخص پیغمبر رسول ﷺ کو قتل کرنے کے ارادے سے مدینہ آیا۔ لیکن مسلمان ہو گیا؟

ج: عمیر بن وہبؓ۔ اِن کے بیٹے وہب کو بغیر فدیہ چھوڑ دیا گیا۔

س: عمیر بن وہب کا کس خاندان سے تعلق تھا۔

ج: قریش کی شاخ بنو جمح سے تھے۔ ان کے والد کے پاس تیروں کا پانسہ ڈالنے کا عہدہ تھا۔

س: عمیر بہادر، دلیر تھے۔ جبکہ اِن کی کوششوں سے بہتوں نے اِسلام قبول کیا۔ اُنہوں نے مدینہ کب ہجرت کی؟

ج: والد فوت ہوئے، اُن کے ورثہ سے دس ہزار درہم ملے۔ جس سے اُنہوں نے قرض اتار دیا۔ چند ماہ بعد مدینہ چلے گئے۔

س: عمیر نے کن غزوات میں حصہ لیا اور کن اہم موقعوں پر حضور ﷺ کا ساتھ دیا۔

ج: احد سے غزوہ احزاب تک فتح مکہ، غزوہ تبوک، حجۃ الوداع تک رسول ﷺ کے ساتھ رہے۔

س: عمیر نے فاروقی دور میں وفات پائی۔ فتح مکہ کے وقت اِن کی سفارش پر حضور ﷺ نے کس مشرک کو معاف کر دیا تھا۔

ج: واجب القتل حضرت عمیر کا چچا زاد بھائی صفوان تھے وہ جدہ بھاگ گئے۔ جدہ سے واپس لانے کے لئے حضور ﷺ نے اپنی چادر اور عمامہ دے کر روانہ کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت عتبہ بن اسید

س: ابو بصیر کو حضور ﷺ کی خدمت میں پہنچنے کا کیسے موقع ملا؟

ج: قید سے بھاگ کر حضور ﷺ کے پاس پہنچ گئے۔

س: حضور ﷺ نے ابو بصیر کو واپس کیوں لوٹا دیا؟

ج: صلح حدیبیہ کی ایک شرط کے مطابق واپس کر دیا گیا۔

س: پیغمبر نے بصیر سے کیا فرمایا تھا؟

ج: حدیبیہ کی شرط کی وجہ سے ہم آپ کو کیسے رکھ سکتے ہیں۔ عنقریب اللہ کوئی ایسا راستہ نکال دیں گے، رہائی کی کوئی نہ کوئی صورت نکل آئے گی۔

س: عتبہ نے کہا آپ ہمیں دوبارہ کن ظالموں کے سپرد کر رہے ہیں۔ وہ مجھے حق سے ہٹا دیں گے۔

ج: حضور ﷺ نے فرمایا۔ اللہ ضرور کوئی راستہ نکال دیں گے۔ ذوالحلیفہ پہنچ کر دونوں مشرکوں نے کھجوریں کھانی شروع کر دیں۔ ابو بصیر نے ان کی تلوار کی تعریف کی اور دیکھنا چاہا۔ تلوار ہاتھ لگتے ہی اسد نے ایک کو قتل کر دیا اور دوسرا بھاگ گیا۔

س: عتبہ نے حضور ﷺ سے کیا عرض کیا؟

ج: رسول خدا! آپ نے شرط کے مطابق مجھے واپس کر دیا۔ اللہ نے مجھے ہمت دی میں آزاد ہو گیا۔

س: ابو بصیر نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ابو بصیر بسترِ مرگ پر تھے، نامہ مبارک پڑھنے لگے۔ دار فانی سے یوں رخصت ہو گئے۔ ابو جندل نے نماز جنازہ ادا کی۔

# حضرت عبدالرحمٰن بن ابوبکر

## (مہاجر، مدینہ)

س: عبدالرحمٰن کا اصل نام اور حسب نسب بتایئے؟

ج: نام عبدالکعبہ۔ حضور ﷺ نے بدل کر عبدالرحمٰن رکھا۔ والدہ کا نام ام رومان تھا۔ حضرت عائشہ ام المومنین، آپ کی حقیقی بہن تھیں۔ حضرت ابوبکر کے بڑے بیٹے تھے۔

س: عبدالرحمٰن بدر میں مسلمانوں کے خلاف لڑے۔ کب اسلام لائے اور کن غزوات میں حصہ لیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: صلح حدیبیہ کے وقت اسلام قبول کیا۔ حضرت ابوبکر کے پاس مدینہ آ گئے۔ تمام غزوات میں حصہ لیا۔ فتح مکہ، حنین اور طائف خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

س: جنگ جمل میں عبدالرحمن نے کس کا ساتھ دیا؟

ج: اپنی ہمشیرہ حضرت عائشہؓ کا۔

س: عبدالرحمن بن ابی بکر نے کب وفات پائی؟

ج: مدینہ میں حبشی نامی پہاڑی پر رہائش پذیر ہوئے دو بیٹے اور دو بیٹیاں پیچھے چھوڑیں۔

## عبداللہ بن سراقہ

### بدری صحابی۔ مہاجرِ مدینہ

س: عبداللہ بن سراقہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: بدر سے پہلے ہجرت کر کے مدینہ آئے۔ رفاعہ بن عبدالمنذر کے مہمان ہوئے۔

س: عبداللہ بن سراقہ کا حسب نسب بتائیے؟

ج: قبیلہ بنو عدی سے تھے۔ والد کا نام سراقہ بن معمر، والدہ کا نام آمنہ بنت عبداللہ۔

س: کیا عبداللہ بن سراقہ بدر میں شریک تھے۔

ج: بدر میں حصہ لیا۔ بعض مفسرین نے اس کی تردید کی۔

س: عبداللہ بن سراقہ نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت عمرؓ کے دور خلافت میں وفات پائی۔

## عمار بن یاسر

### سابقون الاولون بدری صحابی

س: حضورﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا: "خوش آمدید و مصفا انسان۔"؟

ج: یاسر نے حضورﷺ سے ملاقات کی اجازت چاہی۔ عمار کے والد یاسر اور والدہ سمیہ بھی صحابیہ تھیں۔

س: عمار قحطانی النسل تھے۔ یمن کے رہنے والے تھے۔ آپ کیسے مکہ پہنچے؟

ج: اپنے دیوانے بھائی کی تلاش میں والد اور دو بھائیوں کے ہمراہ آئے۔ یاسر ابو حذیفہ کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حلیف بن گئے۔ حذیفہ نے اپنی لونڈی سمیہ کی شادی ان سے کر دی۔ دو بیٹے عبداللہ اور یاسر پیدا ہوئے۔

س: عمار نے تعمیرِ مسجد نبوی میں کیا کردار ادا کیا؟

ج: آپ اینٹ گارا لاتے رہے۔ عمار جسم کی مٹی صاف کرنے لگے تو حضورﷺ نے فرمایا عمار تمہیں ایک باغی جماعت شہید کرے گی۔ ایک دن فرمایا ابن سمیہ تمہیں ایک باغی گروپ شہید کرے گا۔

س: خلافتِ راشدہ میں آپ نے کیا کیا خدمات انجام دیں۔

ج: ۲۰ ہجری میں عمر فاروق نے آپ کو کوفہ کا گورنر بنایا۔ آپ پونے دو سال گورنر رہے۔ ۳۶ ہجری میں جنگ جمل میں حضرت علی کی طرف سے لڑے، جنگ حنین میں بھی حضرت علی کی طرف سے حصہ لیا۔

س: یاسر کب شہید ہوئے؟

ج: جنگ حنین میں حضرت علی کی طرف سے حصہ لے رہے تھے؟ ۹۰ سال کی عمر میں شہید ہوئے۔ حضرت علی نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ کوفہ میں دفن ہوئے۔

س: عمار بن یاسر سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔

ج: ۶۲ حدیثوں کے راوی ہیں حدیث کے طبقہ چہارم میں تھے۔

س: عمار نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ابتدائی تین برسوں میں اسلام قبول کیا۔ ان سے پہلے سات لوگ ایمان لائے۔ عمار اور صہیب اکٹھے مسلمان ہوئے۔ حضورﷺ اُس وقت دار ارقم میں تھے۔

س: عمار کے والدین سے کفار نے کیا سلوک کیا۔

ج: دونوں کو تشدد کر کے مار ڈالا

س: کیا عمار بن یاسر نے حبشہ اور مدینہ کی ہجرت کی۔ ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی، دوسری ہجرت میں چھ لوگ شامل تھے۔ مدینہ کی ہجرت میں بھی تھے۔ مدینہ میں مبشر بن عبدالمنذر کے مہمان رہے۔

ج: جی ہاں

س: عمار ایک دفعہ کفار کے تشدد سے حواس کھو بیٹھے۔ کفار نے ان سے حضورﷺ کے بارے میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نازیبا الفاظ کہلوائے۔ عمار نے حضور ﷺ سے شکایت کی تو حضور ﷺ نے فرمایا۔

ج: آئندہ بھی اگر اس قسم کا مطالبہ کریں" تو جان بچانے کے لئے ایسا کرنا۔

# مرشد بن ابی مرشد

## سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: بدر میں حضرت مرشد سبل نامی گھوڑی پر سوار حضور ﷺ کے پہلو بہ پہلو رہے۔ آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: ۳ ہجری میں احد میں بہادری کے جوہر دکھائے

س: مرشد نے کب شہادت پائی۔

ج: ۴ہجری میں بنو قارہ کی تعلیم کے لئے چھ لوگوں کو بھیجا گیا۔ رجیع کے مقام پر بنو قارہ نے غداری سے ۲۰ تیر اندازوں سے حملہ کرادیا۔ مرشد شہید ہوئے اور بعض کو قیدی بنالیا گیا۔

س: آپ تیغ زنی، شہ سواری میں ماہر تھے۔ ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: والد کا نام کناز تھا۔ کنیت ابی مرشد

س: آپ نے کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: حضور ﷺ نے صامت انصاری کو حضرت مرشد کا دینی بھائی بنایا۔

# مسطح بن اثاثہ (بدری)

## مہاجر۔ مدینہ۔ سابقون الاولون

س: آپ کا نسب بتایئے؟

ج: قریش کی شاخ بنی مطلب سے تھے۔ اصل نام عوف بن اثاثہ تھا۔ عبد مناف پر شجرہ نسب حضور ﷺ سے جاملتا ہے۔

س: والدہ کا کیا نام ہے؟

ج: سلمی بنت ابورہم تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: مسطح نے کب ہجرت مدینہ کی؟

ج: ۱۳ نبوی میں۔

س: کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: بدر کے بعد بنی مصطلق کا ذکر ہے۔

س: مسطح کا نام اور نسب بتایئے؟

ج: قبیلہ بنی مصطلق سے تعلق تھا۔ اصل نام عوف بن اثاثہ تھا۔ واقعہ اُفک کے حوالے سے سزا پانے والوں میں مسطح بن اثاثہ بھی اِن میں شامل تھا۔ جب عائشہ پر بہتان (تہمت) لگا تو مسطح بن اثاثہ بھی اُن میں تھے۔ سورۃ نور کی 8/12 آیات میں اللہ نے حضرت عائشہ کی پاکدامنی ثابت کی۔ آیت 13/21 تک تہمت لگانے والوں پر حد لازم ہوئی۔

س: مسطح کی کفالت کون سے صحابی کرتے تھے؟

ج: حضرت ابوبکرؓ۔

س: حضرت ابوبکر نے قسم کھائی کہ میں ان کی کفالت روک لوں گا

ج: اس پر سورۃ نور کی ۲۲ آیت نازل ہوئی تو ابوبکر نے اپنی قسم توڑ دی۔

س: مسطح نے کب وفات پائی؟

ج: عثمان غنی کے دور میں 34/37 ہجری میں وفات پائی۔ اس میں اختلاف ہے۔ جنگ صفین میں حضرت علی کیطرف سے لڑے۔ ۶۵ سال کی میں وفات پائی۔

## مقداد بن عمرو

### بدری۔ مہاجر حبشہ و مدینہ۔ حافظ قرآن

س: حضری کہلانے والے صحابی کا نام و نسب بتایئے؟

ج: کنیت الاسود سے مشہور تھے۔ یہ الحضر ی کے نام سے بھی مشہور تھے۔ آپ نے کندی خاندان کی خاتون سے شادی کی۔

س: مقداد کب اسلام لائے اور ہجرت مدینہ کب کی۔

ج: ابتدائی سات مسلمانوں میں سے تھے۔ ہجرت حبشہ ۸۳ مردوں میں شامل تھے۔

س: مقداد نے مدینہ کی ہجرت کی، کس کے ہاں قیام کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضور ﷺ کے مدینہ جانے سے پہلے مدینہ گئے اور کلثوم بن الہدم کے ہاں ٹھہرے۔

س: کیا ابو سفیان کی سرکردگی میں جاسوسی کے لئے مدینہ گئے تھے۔

ج: عتبہ بن غزوہ اور مقداد بھی ان کے ساتھ شامل ہو گئے اور موقعہ پا کر مدینہ میں ہی رہ گئے یہ واقعہ سریہ رابغ کے نام سے مشہور ہوا۔

# حضرت مجمع بن صالح

## بدری صحابی۔ سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: بدر کے پہلے شہید صحابی کا نام بتایئے؟

ج: حضرت مجمع بن صالح آپ حضرت عمر کے آزاد کردہ غلام تھے۔

س: مجمع یمن کے رہائشی تھے۔ آپ کب مکہ پہنچے، کب ایمان لائے؟

ج: قذاقوں نے گاؤں پر حملہ کیا، انہیں پکڑ کر مکہ لے آئے۔

س: حضرت مجمع نے کب ہجرت کی۔

ج: 13 ،نبوی میں

س: قریش کے کس جنگجو کے ہاتھوں شہادت پائی؟

ج: عامر بن حضرمی کے ہاتھوں۔

# معمر بن حارث

## بدری۔ سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: معمر مہاجرین صحابہ ہیں۔ ان کا حسب نسب کیا ہے؟

ج: والد حارث بن عمرو والدہ قتیلہ۔ حضرت عثمان بن مظعون آپ کے ماموں تھے۔

س: معمر بن حارث نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ان کا گھرانہ آغاز ہی میں مسلمان ہو گیا تھا۔

س: آپ کا ام المومنین حضرت عائشہؓ سے کیا رشتہ تھا۔

ج: حضرت عائشہ ان کی خالہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت عائشہ عمر فاروق کا ان سے کیا رشتہ تھا؟
ج: معمر بن حارث حضرت عمر کے خالو تھے۔
س: مدینہ ہجرت پر آپ کن کے بھائی بنے؟
ج: معاذ بن عفرا انصاری۔
س: معمر بن حارث نے کن جنگوں میں حصہ لیا؟
ج: ہمیشہ پیغمبر کے ساتھ رہے۔
س: آپ نے کس کے دور میں شہادت پائی؟
ج: حضرت عمر فاروقؓ کے دور میں۔

## مقداد بن الاسود

س: مقداد بہت غریب تھے کس نے ان کی کفالت کی؟
ج: خود حضور ﷺ نے ان کی کفالت کی۔
س: جنگ بدر میں حضور ﷺ نے صحابہؓ سے مشورہ کیا تو مقداد نے کیا کہا۔
ج: حضور ﷺ ہم وہ نہیں جو موسیٰ کی قوم کی طرح کہیں گے تو اور تیرا رب جا کر لڑیں۔
س: غزوہ بدر میں مسلمان مفلس تھے۔ فوج میں صرف دو گھوڑے تھے۔ وہ کن کن کے پاس تھے؟
ج: ایک حارثہ بن سراقہ انصاری کے پاس اور دوسرا مقداد بن اسود کے پاس تھا۔
س: بدر کے تنہا شہسوار کون تھے؟
ج: بدر پہنچ کر مقداد حارثہ حوض سے پانی پی رہے تھے۔ کہ ایک تیر لگا اور وہ شہید ہو گئے۔
س: مقداد کن مشہور موقعوں پر حضور ﷺ کے ساتھ رہے؟
ج: حجۃ الوداع کے موقع پر۔
س: عمرو بن العاص کے مصر پر حملہ میں حضرت عمر نے کن صحابہ کو مدد کے لئے بھیجا؟
ج: ہر ایک مجاہد ایک ہزار کے برابر تھا۔ زبیر بن العلوم۔ مقداد بن عمرو۔ عبادہ بن صامت۔ مسلمہ بن مجاہد تھے۔
س: مقداد بن عمرو نے کب وفات پائی؟
ج: 70 سال کی عمر میں ۳۳ ہجری میں جرف کے مقام پر فوت ہوئے، حضرت عثمان نے نماز

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جنازہ پڑھائی۔

س: حضورﷺ کا مقداد بن عمرو سے کیا رشتہ تھا؟

ج: آپؐ نے مقداد کا نکاح اپنی چچازاد بہن سے کر دیا تھا۔

## حضرت نعیم النحام (سابقون الاولون، مہاجر مدینہ)

س: آپ کا حسب نسب کیا تھا؟

ج: خاندان بنوعدی سے تھے۔ بنوعدی کے ذمہ سفارت کا شعبہ تھا۔

س: نعیم بن عبداللہ النحام کس لقب سے کیوں مشہور ہوئے؟

ج: ایک دفعہ پیغمبر نے فرمایا کہ میں نے نعیم کی جنت میں آواز سنی۔ اس وقت سے اُن کا نام نعیم کی نحمہ (آواز سنی) نعیم کو اپنے والد سے بڑی جائیداد ملی۔

س: آپ نے اسلام کب قبول کیا؟

ج: اس وقت جب صرف 9/10 لوگ مسلمان تھے۔

س: نعیم نے کہاں ہجرت کی؟

ج: پہلے حبشہ گئے، کچھ لوگوں کے مطابق انہوں نے اپنا اسلام مخفی رکھا اور وہ ۶ ہجری تک مکہ میں ہی مقیم تھے۔

س: حضرت عمر نے جب اپنی بہنوئی اور بہن کو اسلام لانے کے بارے میں نعیم النحام سے سُنا تب حضرت عمر پیغمبر کو قتل کرنے جا رہے تھے۔

ج: حضرت محمدﷺ کو

س: کیا نعیم اپنی خاندان کے ۴۰ لوگوں کے ساتھ ہجرت مدینہ کر کے گئے۔

ج: جی ہاں۔

س: حضورﷺ نے یہ الفاظ کب اور کسے کہے، کہ تمہارا قبیلہ، تمہارے حق میں میرے قبیلے سے بہتر ہے۔

ج: نعیم کو حضورﷺ نے فرمایا کہ میرے قبیلہ نے مجھے وطن سے نکالا۔ لیکن تمہارے قبیلے نے تمہیں وطن سے نکلنے نہیں دیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت نعیم کس غزوہ میں شہید ہوئے۔

ج: جنگ یرموک میں شہید ہوئے۔ ایک لڑکا اور ایک لڑکی پیچھے چھوڑی۔

## حضرت یاسر بن عامر (سابقون الاولون۔مہاجر مدینہ)

س: کیا یاسر کی کنیت ابو عامر تھی۔ یمن کے باشندے تھے مکہ کیسے پہنچے؟

ج: یاسر اور اُس کے دو بھائی اپنے پاگل بھائی کی تلاش میں نکلے، بعثت نبوی سے ۴۵ سال پہلے۔ بھائی نہ ملا مالک اور حارث تو واپس چلے گئے، یاسر مکہ میں رہ گیا۔ اور مکہ میں بنو مخزوم کے رئیس ابو حنیفہ بن مغیرہ کے ہاں ٹھہر گیا۔ یاسر کی شادی ابو حنیفہ کی لونڈی سمیہ بنت خباط سے ہوئی۔ یاسر نے اسلام قبول کیا جب صرف ۴۵ لوگ دائرہ اسلام میں شامل تھے۔ حضور ﷺ نے فرمایا، صبر کرو یاسر تمہارے لئے جنت کا وعدہ ہے۔

س: حضرت یاسر اور ان کی اہلیہ کس طرح شہید ہوئے؟

ج: ابو جہل نے سمیہ کو نیزہ مار کر شہید کر دیا۔ اِن کے بیٹے حضرت عبداللہ کو اپنی برچھی سے شہید کیا۔

## حضرت ابو سلمٰی بن عبدالاسد (مہاجرین حبشہ۔اسلام کی پہلی ہجرت)

س: حضور نے کس صحابی کے لیے یہ الفاظ کہے۔ الٰہی اِس کی قبر کو وسیع اور روشن کر دے۔ اس بندہ کی مغفرت فرما دے۔ ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما دے؟

ج: حضرت ابو سلمٰی۔

س: حضرت ابو سلمٰی بن عبدالاسد کا حضور ﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: ابو سلمٰی کی والدہ برہ بنت عبدالمطلب حضور ﷺ کی پھوپھی زاد بہن تھیں۔ ابو سلمٰی۔ حضور ﷺ کے پھوپھی زاد تھے۔ ابو سلمٰی حضور ﷺ کے رضائی بھائی بھی تھے۔

س: عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: رسول اللہ دار ارقم میں پناہ گزین تھے۔ اِس وقت صرف ۱۰ لوگ مسلمان ہوئے تھے۔

س: عبداللہ بن اسد نے پہلی مرتبہ ۵ نبوی میں ہجرت حبشہ کی، بتایئے وہ کب واپس آئے؟

ج: پہلی حبشہ کی ہجرت میں گیارہ مرد اور چار عورتیں تھیں۔ اس قافلے میں عبداللہ بن عبدالاسد اور اِن کی اہلیہ سلمٰی بھی شامل تھے۔ ۶ نبوی میں ۸۳ مرد ۲۰ خواتین بھی شامل تھیں، دوسری

ہجرت حبشہ کی۔ عورتوں میں ہجرت مدینہ سب سے پہلے ام سلمٰی نے اور مردوں میں ابو سلمہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نے ہجرت کی۔

س: ابوسلمٰی نے مکہ سے مدینہ کیسے ہجرت کی؟

ج: اونٹ پر بیٹے اور بیوی کو بٹھا کر مدینہ کو چلے تو قبیلہ بنونضیر نے اونٹ کو گھیر لیا۔ ام سلمٰی کو زبردستی اپنے ساتھ لے گئے۔ ابوسلمٰی کے خاندان بنوعبدالاسد کے لوگوں نے ام سلمہ سے بچہ چھین لیا۔ اِس طرح ابوسلمٰی بیوی اور بچے کے بغیر مدینہ پہنچے۔

س: ابوسلمہ کی زوجہ کس طریقے سے مدینہ پہنچیں؟

ج: وہ صبح گھر سے نکل کر ٹیلہ ابطح پر بیٹھی گریہ زاری کرتی رہتیں۔ بنوعقیرہ کے ایک رحم دل انسان کو ان پر ترس آیا۔ تو ام سلمہ کو مدینہ جانے کی اجازت مل گئی۔ ابوسلمٰی نے ۴ ہجری میں انتقال فرمایا اور حضور ﷺ نے ان کی کھلی آنکھیں بند کیں۔ تنعیم کے مقام پر عثمان بن طلحہ ملے وہ اِن کو لے کر مدینہ پہنچے۔ اُم سلمہ نے اِن کی نیکی کو ہمیشہ یاد رکھا۔ ابوسلمہ نے قبا میں عمر بن عوف کے ہاں قیام کیا۔

س: مدینہ میں ان کو کس کا مواخاتی بھائی بنایا گیا؟

ج: عمرو بن عوف کو ہی بھائی بنایا گیا۔ غزوہ احد میں تیر کھایا، اندر ہی اندر زخم خراب ہوا اور جان لیوا ثابت ہوا۔

## عثمان بن مطعون (بدری صحابی۔ مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: حضور ﷺ نے تین مرتبہ میت کو بوسہ دیا وہ صحابی کون تھے؟

ج: حضرت عثمان بن مطعون۔ اے عثمان تم دُنیا سے اسطرح رخصت ہوئے تمہارا دامن ذرہ برابر بھی آلودہ نہ رہنے پایا۔

س: مسلمانوں کے مدینہ کے قبرستان جنت البقیع میں سب سے پہلے کس صحابی کو دفنایا گیا۔

ج: حضرت عثمان بن مطعون۔ ان کے سرہانے حضور ﷺ نے ایک پتھر نصب کروایا اور فرمایا کہ آج میں نے بقیع کو مسلمانوں کا قبرستان بنا دیا ہے۔

س: عثمان بن مطعون قریش کے خاندان بنوجمع سے تھے۔ آپ کب اسلام لائے؟

ج: جب ۱۳ لوگ مسلمان ہوئے تھے۔

س: ہجرت حبشہ میں ۱۲ مرد ۴ خواتین کے علاوہ قافلہ میں کون تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: عثمان بن مطعون قافلے کے سالار تھے۔کئی ماہ بعد مکہ آئے۔عثمان نے بنو مخزوم کے رئیس ولید بن مغیرہ کی پناہ لی۔

س: چند دن بعد عثمان نے اعلان کیا کہ میں اللہ کی پناہ میں جانا چاہتا ہوں۔اس میں 20 خواتین کے قافلہ میں عثمان کے علاوہ کون کون سے عزیز شامل تھے۔؟

ج: کمسن بیٹا، دو بھائی، قدامہ بن مطعون اور عبداللہ بن مطعون تھے۔

س: عثمان نے کب اور کیسے ہجرت کی؟

ج: 4/5 سال بعد 83 مرد 6 خواتین میں عثمان کا خاندان بھی تھا۔ پہلے حبشہ پھر کچھ دن بعد مدینہ چلے گئے۔

س: مدینہ میں آپ کے دینی بھائی کسے بنایا گیا تھا؟

ج: ابوالہیثم التیہانی کے بھائی بنائے گئے تھے۔

س: عثمان نے کس جنگ میں شہادت پائی؟

ج: جنگ بدر میں۔ اِن کی زوجہ جو رشتہ میں حضور ﷺ کی خالہ تھیں۔سائب اور عبدالرحمان ان کے بطن سے تھے۔

## عامر بن ربیعہ عدوی (بدری۔مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: ابوعبداللہ کنیت اور عامر نام تھا۔اِن کو عدوی کیوں کہا جاتا تھا۔

ج: والد کا نام عامر تھا۔عمر فاروق کے والد نے عامر کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا۔

س: عامر اور اِن کی اہلیہ نے ابتدا میں اسلام قبول کر لیا، اُنہوں نے ہجرت کب کی؟

ج: ۵ نبوی میں پہلی ہجرت حبشہ، پھر واپس آئے، تو عاص بن سہمی کی پناہ لی۔۶ نبوی میں دوبارہ حبشہ چلے گئے۔حضور سے کچھ دن پہلے مدینہ پہنچ گئے۔

س: اُمیہ بن خلف کا بیٹا صفوان۔حضرت ابوفکیہ یسار سے کہتا کہ کیا میرا رب تیرا رب نہیں ہے۔تو آپ کیا جواب دیتے۔

ج: میرا رب اللہ تعالیٰ ہے جو سب کو روزی دیتا ہے!۔

س: کس نے ابوفکیہ کو خرید کر آزاد کیا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق نے۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: آپ نے کب ہجرت مدینہ کی۔

ج: ۶ ہجری میں حضور ﷺ نے مسلمانوں کو مدینہ ہجرت کا فرمایا تو دیگر لوگوں کے ساتھ ابو فکیھم بھی مدینہ چلے گئے۔

س: آپ نے کب وفات پائی۔

ج: غزوہ بدر سے چند دن پہلے۔

## حضرت ابو احمد بن جحش

(سابقون الالون۔ دوسری ہجرت حبشہ و مدینہ)

س: کس صحابی نے فتح مکہ کے دن اپنے مکان کا مطالبہ کر لیا تھا؟

ج: حضرت ابو احمد بن جحش نے یہ مکان ابو سفیان نے بیچ دیا تھا۔ ابو سفیان اُن کے سسر تھے۔

س: ابو احمد اپنے مکان سے کس طرح دستبردار ہوئے؟

ج: رسول اللہ ﷺ نے بذریعہ حضرت عثمان اُن کو کہلا بھیجا کہ تم اِس مکان کو چھوڑ دو، اس کے بدلے جنت میں عالیشان محل ملے گا۔

س: بتایئے حضور ﷺ کے کون سے پھوپھی زاد بھائی نابینا تھے؟

ج: حضرت ابو جحش۔

س: ابو احمد بن جحش نے ہجرت مدینہ کب کی، کہاں ٹھہرے؟

ج: بشیر بن عبدالمنذر کے ہاں عاصم بن ثابت کے مہمان ٹھہرے۔

## ابو فکیہ سیار (سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ)

س: ابو فکیہ سیار کون تھے۔ انہوں نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: قریش کے خاندان عبدار کے غلام تھے۔ اسلام لانے پر ان کے آقا امیہ بن خلف نے ان پر بڑے ظلم کئے۔ ابتدائی دور کے مسلمان تھے۔

## حضرت جعفر طیار ہاشمی (سابقون الاولون)

س: نجاشی کے دربار میں کس نے تلاوت کلام پاک کی اور کون سی سورہ پڑھی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضرت جعفر طیار نے ۔ سورۃ مریم ۔

س: جعفر بن ابو طالب کے بیٹے حضرت علی کے بھائی اور حضور ﷺ کے چچا زاد تھے ۔ جعفر نے کب اسلام قبول کیا اور کب ہجرت حبشہ کی؟

ج: دار ارقم سے پہلے اسلام لائے ، اہلیہ کے ساتھ ہجرت حبشہ کی ، مہاجرین حبشہ کے دوسرے قافلہ میں تھے ۔

س: جعفر کی تلاوت کے بعد نجاشی پر کیا اثر ہوا؟

ج: نجاشی نے زمین پر سے ایک تنکا اُٹھایا اور کہا آپ نے جو کچھ کہا وہ اس تنکا کے برابر کمی بیشی نہیں ہے ۔

س: ہجرت حبشہ کے مہاجرین کو واپس لینے کون گئے تھے؟

ج: حضرت عمرو بن العاص ( جو بعد میں مسلمان ہو گئے تھے )

س: حضرت جعفر حبشہ سے مدینہ کب پہنچے؟

ج: غزوہ خیبر کے موقع پر ۔

س: حضور ﷺ نے جعفر کا کیسے استقبال کیا؟

ج: گلے لگا کر پیشانی کو چوما ۔ فرمایا مجھے خیبر کی فتح کی زیادہ خوشی ہوئی ہے یا جعفر کی آمد کی ۔

س: عمرۃ القضاء میں حضور ﷺ کے ساتھ واپسی پر آپ نے حمزہ کی بچی کو کس کے حوالے کیا؟

ج: حضور ﷺ نے فرمایا جعفر کے گھر امامہ کی خالہ ہے ۔ خالہ ماں کے جیسی ہوتی ہے ۔ اس کا سب سے زیادہ حق ہے ۔

س: حضرت جعفر طیار کس جنگ میں شہید ہوئے ۔

ج: جنگ موتہ ۷ ہجری میں جس میں ۳ سپہ سالار شہید ہوئے تھے ۔ زید بنؓ حارث ۔ حسان؟ بن ثابت ، جعفر طیار ۔

س: حضرت جعفر کی اہلیہ کا کیا نام تھا؟

ج: اسماء بنت عمیس ۔

س: حضرت جعفر کو طیار کیوں کہتے ہیں؟

ج: جنگ میں اِن کا بازو کٹ گیا تھا ۔ جبرائیل نے فرمایا کہ اللہ نے ان کو اس کے بدلے دے میں دو (۲) پر دے ذوجس سے وہ جنت میں اُڑتے پھرتے ہیں ۔

ج: جعفر طیار کو ذوالجناحین کہتے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: جعفرتم صورت اور سیرت میں میرے مشابہ ہو۔ کس نے فرمایا تھا۔
ج: حضورﷺ نے

## حضرت خنیس بن حذافہ (بدری صحابی)

س: حذافہ بدری تھے۔ ان کا شجرہ نسب کیا ہے؟
ج: قریش کے خاندان بنوسلیم سے تھے۔
س: حضرت حفصہؓ کا پہلا نکاح کن سے ہوا تھا؟
ج: حضرت خنیس بن حذافہ سے۔
س: خنیس ہجرت ثانیہ میں حبشہ چلے گئے۔
ج: بعد میں مدینہ آ گئے۔ ان کا دینی بھائی آبی عبس بن جبیر تھا۔
س: حضرت خنیس نے کس غزوہ میں شہادت پائی۔
ج: غزوہ احد میں۔ نماز جنازہ حضورﷺ نے پڑھائی۔ عثمان بن مظعون کے پہلو میں جنت البقیع میں دفن ہوئے۔
س: مواخات ہجرت مدینہ کے کتنے دیر بعد عمل میں آئی۔
ج: سات ماہ بعد۔

## شماس بن عثمان مخزومی (بدری صحابی۔ مہاجر حبشہ)

س: شماس کا اصل نام عثمان تھا۔ اسے شماس کیوں کہتے ہیں؟
ج: شماس کے معنی چمکتا دمکتا چہرہ، وہ حسین و جمیل تھے۔
س: والد اور والدہ کا نام بتائیے؟
ج: والد عثمان والدہ صفیہ بنت ربیعہ۔
س: حضرت شماس کس کے داماد تھے؟
ج: رئیس مکہ ربیعہ بن عبد شمس کے داماد تھے۔
س: کب اسلام لائے؟ اور کہاں ہجرت کی؟
ج: ابتدائی مسلمان تھے۔ ہجرت حبشہ کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: پہلی ہجرت حبشہ دوسری ہجرت مدینہ کی۔ دو ہجرتوں پر ان کو کیا نام دیا گیا۔

ج: ذو الہجرتین

س: مدینہ میں شماس کا دینی بھائی کون بنا۔

ج: غسیل الملائکہ حنظلہ کے دینی بھائی بنے۔

س: جنگ احد میں آپ نے حضور ﷺ کی کس طرح حفاظت کی۔

ج: حضور ﷺ کیلئے ڈھال بنے رہے۔ جسم زخموں سے چور تھا۔

س: شماس کی اولاد کیا تھی؟

ج: بیٹا عبداللہ اور بیٹی ام حسیب تھی۔

س: احد میں شدید زخمی ہوئے۔ ان کی تیمارداری کس نے کی؟

ج: ام سلمہ مخزومیہ ایک دن ایک رات زندہ رہے۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

## طیب بن عمیر (بدری۔ مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: حضور ﷺ کی شان میں نازیبا الفاظ کہنے پر کس نے ایک مشرک کو مارا تھا؟

ج: بنو سلیم کے ایک مشرک نے حضور ﷺ کی شان میں گستاخی کی۔ طیب نے اونٹ کی ہڈی سے اسے لہولہان کر دیا تھا۔

س: طیب حضور ﷺ کے پھوپھی زاد تھے۔ پھوپھی کا نام بتایئے؟

ج: اروی بنت عبدالمطلب۔

س: آپ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اروی نے ۶ نبوی میں اسلام قبول کیا۔

س: ابولہب نے حضرت اروی سے طیب کی شکایت کی تو اروی نے کیا جواب دیا؟

ج: طیب کی زندگی کا بہترین دن وہ دن ہے۔ جس میں وہ محمد کی مدد کرے۔

س: طیب نے ہجرت حبشہ اور ہجرت مدینہ کب کی؟

ج: ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی کئی سال بعد ہجرت مدینہ کی۔ عبداللہ بن سلمہ کے مہمان بنے۔

س: طیب نے کب اور کہاں شہادت پائی؟

ج: ۱۳ ہجری میں جنگ اجنادین میں۔ اس وقت عمر ۳۵ برس تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## عبداللہ بن جحش (سابقون الاولون۔ بدری، مہاجر حبشہ، مدینہ)

س: عبداللہ بن جحش کی کنیت کیا تھی؟

ج: عبداللہ بن جحش کی کنیت ابو محمد تھی۔ قبیلہ بنو مضر سے تعلق تھا۔

س: عبداللہ بن جحش کے ساتھ حضورﷺ کو نسے دو رشتے بنتے تھے؟

ج: اِن کی والدہ امیمہ بنت عبدالمطلب، حضورﷺ کے والد عبداللہ کی حقیقی بہن تھی۔ ام المومنین حضرت زینت بن جحش کے حقیقی بھائی تھے۔ اِسی طرح برادر نسبتی ہوئے۔

س: عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: دارارقم سے پہلے۔ اس وقت عمر ۲۵ سال تھی۔

س: عبداللہ نے پہلی ہجرت کہاں کی؟

ج: خاندان سمیت ہجرت حبشہ کی۔ حبشہ میں ان کے خاوند عبداللہ نے عیسائیت قبول کر لی۔ اِن کی بیوہ ام حبیبہ بنت ابوسفیان کا حضورﷺ سے نکاح ہوا۔

س: عبداللہ بن جحش مدینہ میں کس کے مہمان بنے؟

ج: عاصم بن ثابت کے۔ وہی اسلامی بھائی بنے۔

س: سب سے پہلے کس صحابی کو امیر المومنین کہہ کر پکارا گیا۔

ج: عبداللہ بن جحش کو ۲ ہجری میں سریہ عبداللہ بن جحش کے موقع پر۔

س: سریہ عبداللہ کے موقع پر کون قتل ہوا۔ کون قیدی بنا۔

ج: عبداللہ بن تمیمی کے ہاتھوں عمرو بن خضری قتل اور حکم بن گیان، عثمان بن عبداللہ قیدی بنے۔

س: مسلمانوں کو سب سے پہلا مال غنیمت کب ہاتھ آیا؟

ج: سریہ۔ عبداللہ بن جحش میں۔

س: سریہ عبداللہ بن جحش کا مال غنیمت کس طرح تقسیم کیا گیا؟

ج: ابھی کوئی حکم نازل نہیں ہوا تھا۔ پانچواں حصہ نکالا گیا۔ ۴ حصے مجاہدین میں تقسیم ہوئے۔ اس کے بعد مال غنیمت کی تقسیم کا حکم نازل ہوا۔

س: عبداللہ نے کس کو قیدی بنایا؟

ج: خالد بن ولید کے بھائی ولید بن ولید کو، ہشام بن ولید چھڑانے آئے۔ ۴ ہزار فدیہ دیا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ولید راستہ سے بھاگ کر مدینہ آئے اور مسلمان ہو گئے۔عبداللہ بن جحش کو شہادت کی بڑی تمنا تھی۔ دعا کہ کہ دشمن میری ناک کان کاٹ ڈالے۔جب اللہ مجھ سے پوچھے تو میں کہوں (کہ اے اللہ تیرے لئے)۔

س: عبداللہ بن جحش کی وفات ۴۰ سال کی عمر میں ہوئی۔ان کا جنازہ حضرت حمزہ کے ساتھ ہوا۔ ان کا ایک بیٹا تھا۔ جسے حضورﷺ نے اپنی سرپرستی میں لے لیا،عبداللہ کی تلوار ٹوٹ گئی۔ حضورﷺ نے انہیں چھڑی دے دی۔جس سے وہ لڑے۔

س: اُنہیں کس نے شہید کیا؟

ج: بنی الحکم بن اخنس نے انہیں شہید کیا۔

## حضرت سائب بن عثمان (بدری۔مہاجر مدینہ وحبشہ)

س: آپ کا قبیلہ قریش خاندان وبنو جمع سے تھا۔والد اور والدہ کا نام بتایئے؟

ج: باپ عثمان بن مطعون والدہ خولہ بنت حکیم تھیں۔

س: سائب کے والدین نے ہجرت حبشہ کی۔اس وقت سائب کہاں تھے؟

ج: بیٹے اور بیٹی کو مکہ چھوڑ گئے تھے۔

س: آپ نے کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی تو سائب والدین کے ساتھ تھے۔

س: سائب نے کس عمر میں ہجرت مدینہ کی۔

ج: اس وقت ان کی عمر ۱۹ برس تھی۔

س: مدینہ میں آپ کس کے مہمان ٹھہرے؟

ج: عبداللہ بن سلمہ کے ہاں ٹھہرے۔انہیں حضرت حارثہ بن سراقہ کا بھائی بنایا گیا۔

س: سائب نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: احد،احزاب اور دیگر تمام غزوات میں حصہ لیا۔

س: سائب نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: گیارہ ہجری میں مسیلمہ (جنگ یمامہ) میں شدید زخمی ہوئے،چند دن بعد فوت ہو گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت سکران بن عمرو

## سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ

س: سکران قدیم السلام تھے۔ ان کا حضرت سودہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: سکران سودہ کے پہلے خاوند تھے۔ دونوں نے حبشہ ہجرت کی۔ کچھ عرصہ بعد سکران انتقال کر گئے۔ پھر حضور ﷺ نے سودہ سے نکاح کیا۔

س: حضرت عمرو بن عثمان کا حسب و نسب کیا تھا؟

ج: آپ قریش کی شاخ بنو تیم سے تھے۔ والد کا نام عثمان بن عمرو والدہ کا نام ہندہ تھا۔ قحافہ کے چچازاد تھے۔ اس قبیلہ کے پاس اشناق کا عہدہ تھا۔ یہ لوگ خون بہا اور تاوان کی رقم کا تعین کرتے تھے۔

س: حضرت عمرو بن شماس نے کون سی دو ہجرتیں کیں؟

ج: ۹ ہجری حبشہ، ۱۳ سال حبشہ میں گزارے۔ اور غزوہ خیبر کے موقع پر مدینہ پہنچے۔

س: عثمان نے غزوہ خیبر کے بعد تمام غزوات میں حصہ لیا۔ آپ نے کب شہادت پائی؟

ج: سعد بن ابی وقاص کی قیادت میں جنگ قادسیہ میں شہادت پائی۔

# عمرو بن سعید اموی

## سابقون۔ الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ

س: ابو عقبہ کنیت تھی۔ ان کا حسب نسب بھی بتایئے؟

ج: بنو امیہ سے تعلق تھا۔ والدہ صیفہ خالد بن ولید کی پھوپھی تھیں۔

س: ابتدائی دور میں مسلمان ہوئے۔ آپ نے کہاں ہجرت کی؟

ج: ۶ نبوی میں ہجرت حبشہ کی۔ زوجہ بھی ساتھ تھیں۔ (فاطمہ بن صفوان)۔ ۱۳ سال حبشہ رہے۔ پھر خیبر کے موقع پر مدینہ آئے۔

س: حضور ﷺ نے ان کو کہاں کا عامل مقرر کیا؟

ج: خیبر، فدک اور تبوک کا عامل بنایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: عمرو بن سعید نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: خیبر میں حاضر نہ تھے۔ غنیمت میں حصہ ملا۔ باقی تمام غزوات میں حضور ﷺ کے ساتھ رہے۔ غزوہ فتح مکہ، غزوہ حنین، طائف، تبوک میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے۔

س: عمرو بن سعید کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج: شام کی جنگ اجنادین میں رومیوں سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

# قدامہ بن مطعون

## بدری سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ

قریش کی شاخ سے تعلق تھا۔ ۱۹ سال کی عمر میں مسلمان ہوئے۔ ان کی ہمشیرہ زینب بنت مطعون حضرت عمرؓ کی اہلیہ تھیں۔ حفصہ کے ماموں لگے۔ حضرت عمر کی ہمشیرہ صفیہ بنت خطاب ان کے نکاح میں تھیں۔

س: قدامہ نے ۶ نبوی میں حبشہ ہجرت کی، بتایئے مدینہ کب گئے؟

ج: حبشہ سے مکہ آئے، پھر مدینہ گئے ۱۳ نبوی میں۔ قدامہ بدر سے تبوک تک ہر غزوہ میں شامل رہے۔ حضرت عمر کے زمانے میں بحرین کے گورنر رہے۔

س: قدامہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ۳۶ ہجری میں ۶۸ سال کی عمر میں وفات پائی۔ بقیع میں دفن ہوئے۔ تین بیویاں پیچھے چھوڑیں۔ صفیہ بنت خطاب۔ ہند بنت ولید اور ام ولد پیچھے چھوڑیں، ۴ لڑکیاں اور ایک لڑکا تھا۔

# حضرت ہشام بن عاص

## سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ

س: دشمن رسول ﷺ عاص بن وائل کے کن دو بیٹوں کو دولت اسلام حاصل ہوئی؟

ج: ہشام بن عاص اور حضرت عمرو بن العاص کو۔ ہشام ابتدائی زمانہ میں اسلام لائے۔

س: ہشام نے کب اور کہاں ہجرت کی؟

ج: پہلے حبشہ گئے، مکہ واپس آئے، خاندان نے قید کرلیا۔ 5/6 سال بعد موقعہ پاکر بھاگ نکلے،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہشام نے غزوہ احزاب کے علاوہ تمام غزوات میں حصہ لیا۔ خلفائے راشدین کے دور میں بھی تمام جنگوں میں حصہ لیا۔ حضرت ابوبکر نے قیصر روم کے خلاف جنگیں لڑیں۔ ان میں ہشام بھی شامل تھے۔

س: ہشام کب اور کہاں شہید ہوئے؟

ج: ۱۳ ہجری میں جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

## اسید بن حضیر (صاحب الشجرہ)

س: "یہ تو فرشتے تھے، جو تلاوت سُن رہے تھے۔ اگر تم مسلسل تلاوت جاری رکھتے تو یہ بالکل قریب آجاتے اور لوگ انہیں دیکھ لیتے۔" رسول اللہ ﷺ نے یہ الفاظ کس صحابی کے لئے کہے تھے؟

ج: حضرت اسید بن حضیر کے لئے۔ اسید رات کو سورۃ البقرہ کی تلاوت کر رہے تھے کہ ان کا گھوڑا بدک گیا۔ آسمان پر بادل کا ٹکڑا ظاہر ہوا، دوسرے روز آپ ﷺ کے سامنے یہ بات کہی تو آپ ﷺ نے یہ الفاظ کہے۔

س: اسید کو رسول اللہ ﷺ نے "اچھے آدمی" کا خطاب دیا تھا۔ (نعم الرجل) ان کا حسب نسب کیا ہے؟

ج: مدینہ کے قبیلے اوس سے تھے۔ باپ قبیلہ اوس کا سپہ سالار تھا۔

س: اسید نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبوی سے پہلے ہی مسلمان ہو چکے تھے۔

س: اسید کا دینی بھائی کسے بنایا گیا تھا؟

ج: زید بن حارثہ کو۔

س: اسید نے کن غزوات میں حصہ لیا تھا۔

ج: بدر کے علاوہ تمام غزوات میں شامل تھے۔ احزاب میں سو مجاہدین کے ساتھ مل کر خندق کی نگرانی کرتے رہے۔

س: میرا باپ بھی کافر تھا اور تم بھی کافر ہو۔ اس لئے میں تم دونوں سے اچھا ہوں۔ یہ کس صحابیؓ کے الفاظ ہیں؟

ج: حضرت اسید بن حضیر کے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: مشرکین نے عمرو بن امیہ فہری کو حضور ﷺ کے قتل کے لئے مدینہ بھیجا۔ اسے کس نے قابو کیا؟

ج: حضور ﷺ نے اسے دیکھ کر کہا کہ اس شخص کی نیت ٹھیک نہیں لگتی۔ اسید نے جست لگا کر اسے پکڑ لیا۔ اس کے پاس سے خنجر نکلا۔

س: بنو مصطلق سے واپسی پر ابی بن خلف نے حضور ﷺ کی شان میں کیا گستاخی کی تو اسید نے کیا کہا تھا؟

ج: یا رسول اللہ ﷺ صاحبِ عزت تو آپ ہیں اور ذلیل وہ ہے۔ آپ جب چاہیں اسے مدینہ سے نکال سکتے ہیں۔

س: آیت تیمم کا نزول ہوا۔ اسید نے حضرت عائشہؓ سے کیا کہا تھا؟

ج: حضرت عائشہ بی بیؓ جب آپ کا کوئی کام آئے گا، اللہ خود اس کا راستہ بنا دے گا۔

س: بیت رضوان میں (حجتہ الوداع میں اسید کو حضور ﷺ کے جسم کے بوسہ کا کیسے موقع ملا؟

ج: ایک دن اسید مجلس میں آپ کی بغل میں تھا۔ آپ نے تعریف کے انداز میں اس کی چٹکی کاٹی۔ اسید نے اس تکلیف کا بتایا۔ حضور ﷺ نے کہا کہ آپ مجھ سے بدلہ لیں۔ آپ سے کہا کہ آپ کے بدن پر کپڑے ہیں میں تو ننگا تھا۔ آپ نے قمیض اُتاری تو اسید نے جسم کا بوسہ لیا۔

س: خلفائے راشدین کے زمانے میں اسید کی خدمات کیا تھیں؟

ج: ابوبکر کے وقت فتنہ ارتداد پھیلا۔ اسید نے مدینہ کا دفاع کیا۔ فاروق اعظم آپ سے مشورے کیا کرتے تھے۔ مرتے وقت آپ پر چار ہزار درہم قرض تھا۔ عمرو نے وصیت کی تھی کہ اُس کو فروخت کر کے میرا قرض چکا دیا جائے۔

س: اسید نے کب کہاں وفات پائی؟

ج ۲۰ ہجری میں مدینہ میں حضرت عمر نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

## اسعد بن زرارہ انصاری

عقبی صحابی۔ سابقون الاولون

س: مدینہ میں سب سے پہلے حضور ﷺ سے بیعت کرنے کا شرف کسے حاصل ہوا؟

ج: ابو امامہ اسعد بن زرارہ کو ۱۱ نبوی میں۔

س: گیارہ بارہ نبوی میں مدینہ میں حضور ﷺ سے کتنے افراد نے بیعت کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: بنوخزرج کے دس اور اوس کے ۲ حضرات نے۔ تیرہ نبوی میں ۷۲ مرد اور ۲ عورتوں نے (ان میں زرارہ بھی تھے)

س: یثرب میں مصعب بن عمیر کو دین کی تعلیم کے لیے بھیجا؟ وہ کس کے ہاں ٹھہرے؟

ج: اسد بن زرارہ نے اسے اپنا مہمان بنایا۔

س: مدینہ میں سب سے پہلے جمعہ کی نماز کس نے پڑھائی؟

ج: اسد بن زرارہ نے۔ ۴۰ مسلمان شریک ہوئے۔

س: ۱۳ نبوی میں اسد بن زرارہ کو کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: حضورﷺ نے اسد کو نقیب النقباء بنایا۔

س: قبا میں اوس کے ایک گھرانہ سے ہیں۔ اسد رات کو منہ پر کپڑا لپیٹ کر کیوں حاضر ہوتے تھے؟

ج: جنگ بعث میں اسد بن زرارہ کے قبیلہ اوس کا ایک شخص ان کے ہاتھوں قتل ہوا تھا۔

س: رسول اللہﷺ کے حکم کے مطابق کن لوگوں نے اسعد کو پناہ دی تھی؟

ج: عبدالمنذر اور رفاعہ کو کہا کہ اسد کو پناہ دیں۔

س: مدینہ میں حضورﷺ کی مہمانی حضرت ایوب انصاری کو ملی۔ اسد کو کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: اسد کو حضورﷺ کی اونٹنی قصویٰ کی میزبانی ملی۔

س: مسجد کے لئے جو زمین خریدی گئی وہ دو یتیم بچے (سہل اور سہیل) کی سرپرستی کس کے پاس تھی؟

ج: اسد بن زرارہ۔

س: مسجد کی زمین کی قیمت کس نے ادا کی؟

ج: ایک روایت میں حضرت ابوبکر نے زمین خریدی، دوسری روایت رزارہ نے بچوں سے زمین لے کر مسجد کو دی۔ اور بچوں کو بنو بیاضیہ میں ایک باغ دے دیا۔

س: اسد نے کب وفات پائی؟

ج: یکم ہجری میں گلے میں شدید درد ہوا، جو جان لیوا ثابت ہوا۔ حضورﷺ نے جنازہ پڑھایا۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

س: حضورﷺ نے زرارہ کی موت پر بنونجار سے کیا فرمایا؟

ج: تم میرے ننہالی ہو اب زرارہ کے بعد میں آپ کا نقیب بن جاتا ہوں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## بشر بن براء بن معرور (عقبی و بدری صحابی)

س: بشیر نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت سے بیعت ایک سال پہلے اپنے باپ کیساتھ ۱۳ نبوی میں بیعت عقبہ کبریٰ میں بیعت کی۔

س: بشر کے قبیلے کا نام بتائیے؟

ج: خزرج کے خاندان بنو سلمہ سے تھے۔ آپ کے والد براء بن معرور نے حضور ﷺ کو اپنی جائیداد 1/3 حصہ، آپ کو وصیت کی تھی۔ حضور ﷺ نے وہ مال بشر بن براء کو واپس کر دیا۔

س: بشر بن معرور کو حضور ﷺ نے قبیلہ کی سرداری دے دی۔ بشر بن معرور انصاری نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: غزوہ احد احزاب اور خیبر میں حصہ لیا۔

س: بشر بن براء نے کیسے وفات پائی؟

ج: غزوہ خیبر میں ایک یہودی عورت زینب بنت حارث نے حضور ﷺ کو زہر آلود گوشت پیش کیا۔ حضور ﷺ نے کہا اس میں زہر ملا ہے۔ لہٰذا بشیر بن معرور ایک سال بعد اس زہر کے اثر سے ہلاک ہو گئے۔ حضور ﷺ نے زینب کو معاف کر دیا تھا۔ لیکن بشر کی موت کے بعد اسے قتل کیا گیا۔

## حضرت خلاد بن سوید (عقبی صحابی۔ بدری۔ انصاری)

س: حضور ﷺ نے کس صحابی کے بارے میں فرمایا تھا کہ اس کے لئے دو شہیدوں کا ثواب ہے؟

ج: خلاد بن سوید انصاری کے بارے میں۔

س: خلاد کی شہادت کیسے ہوئی تھی؟

ج: قریظہ کی ایک یہودی عورت نے اس پر چکی کا پاٹ گرا دیا تھا۔ اس عورت کو قصاص میں قتل کر دیا گیا تھا۔

س: خلاد بن سوید نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبوی سے پہلے حضرت مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے ۱۳ نبوی بیعت عقبہ کبریٰ میں بیعت کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضور ﷺ نے خلاد کی والدہ سے کیا کہا تھا؟

ج: کہ تمہارے بیٹے کو دوہری شہادت کا ثواب ملے گا۔ کیونکہ اسے ایک اہل کتاب نے شہید کیا ہے؟

س: میں نے اپنا بیٹا کھو دیا شرم وحیا تو نہیں کھوئی، یہ کس کے الفاظ ہیں؟

ج: خلاد کی والدہ حضور ﷺ کے پاس آئی اور چہرے سے نقاب نہ اُتارا۔ لوگوں نے کہا کہ آپ نے اس مصیبت میں بھی پردہ کیا ہوا ہے۔

س: خلاد نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: غزوات: بدر، احد، خندق اور غزوہ قریظہ میں۔

# حضرت رفاعہ بن رافع انصاری

س: رفاء نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اُنہوں نے ۱۱ نبوی میں بیعت کی۔

س: کس صحابی کی والدہ رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی اخیافی بہن تھی۔

ج: رفاعہ بن رافع کی

س: رفاعہ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: غزوہ احد، احزاب، بیعت رضوان، خیبر اور فتح مکہ میں شمولیت فرمائی۔

س: جنگ جمل، جنگ صفین میں رفاعہ نے حضرت علی کا ساتھ دیا۔ کب وفات پائی؟

ج: 42ھ میں وفات پائی، چند احادیث کے راوی ہیں۔

# رفاعہ بن عبدالمنذر

## بدری۔ انصاری۔ عقبی۔ صحابی تھے

س: بدر کے موقع پر رسول ﷺ اور حضرت علیؓ ایک ہی سواری پر تھے۔ علی پیدل چل رہے تھے اونٹ پر سوار کون صحابیؓ تھے؟

ج: رفاعہ بن عبدالمنذر کی کنیت ابولبابہ تھی۔ ایک اونٹ پر سوار تھے۔

س: ابولبابہ اوس کے خاندان عمرو بن عوف سے تھے۔ آپ کب ایمان لائے؟

ج: اہل عقبہ سے ہیں۔ بیعت عقبہ اولیٰ میں شریک ہوئے اور انہیں حضور ﷺ نے اسے اپنے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قبیلہ نقیب بنادیا۔

س: حضورﷺ کے حکم سے جب چند لوگوں نے مدینہ ہجرت کی تو اکثر مہاجرین کہاں ٹھہرے؟

ج: حضرت ابولبابہ رفاعہ کے ہاں قیام کیا۔ ابوالبانہ کو جنگ بدر میں واپس بھیج دیا تھا۔ روما کے مقام سے۔ حضورﷺ نے فرمایا تھا۔ میری نیابت کرو۔ ان کو مال غنیمت میں سے حصہ دیا گیا۔ ابولبانہ کو حضورﷺ نے مدینہ کا نائب مقرر کیا۔ غزوہ قینقاع اور غزوہ سویق میں۔

س: ابولبانہ تمام غزوات میں شریک ہوئے۔ غزوہ بنو قریظہ میں کیا خاص واقعہ ہوا؟

ج: ۵ ہجری میں غزوہ خندق کے موقع پر بنو قریظہ نے غداری کی تھی۔ اس جنگ کے بعد بنو قریظہ کا محاصرہ کیا گیا۔ یہودیوں نے ابولبانہ کو مصنف بتانے کے لئے درخواست دی تھی۔ لبانہ نے کہا تھا تم ہتھیار پھینک دو۔ تمہیں (گلے کی طرف اشارہ کر کے) غداری کے جرم میں قتل کر دیا جائے گا۔

# زیاد بن لبید

س: زیاد بن ولید نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: کوفہ میں ۴۱ ہجری میں وفات پائی۔

س: زیاد بن لبید کو بیاضی کیوں کہتے ہیں؟

ج: اِن کا تعلق خزرج کی شاخ بنو بیاضہ سے تھا۔

س: زیاد بن لبید کو مہاجر انصاری کیوں کہتے ہیں۔؟

ج: بیعت عقبہ کے بعد مکہ میں رہائش اختیار کر لی تھی۔ پھر مسلمانوں کے ساتھ مدینہ ہجرت کی۔ اس لئے مہاجر انصاری کہلاتے ہیں۔

س: بنو بیاض کے بُت کس نے توڑے؟

ج: زیاد بن لبید اور قردہ بن عمروہ نے۔

س: حضرت زیادہ نے دور صدیقی اور دور فاروقی میں کن فتوحات میں حصہ لیا؟

ج: دور صدیقی میں اہل یمن نے زکوۃ سے انکار کیا۔ ابو بکر صدیق نے مہاجرین کو مرتدین پر پانے کے لئے بھیجا۔ زیاد بن لبید کو ان کی مدد کے لئے بھیجا۔

س: زیاد نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ۴۱ء میں کوفہ میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: نام اور کنیت بتائیے۔

ج: ابوعبداللہ کنیت اور زیاد بن لبید نام تھا۔

ج: زیاد بن لبید حضرت مصعب بن عمیر کی دعوت پر اسلام لائے۔ ۱۳ ہجری میں بیعت عقبہ کبیٰ میں شریک ہوئے۔

س: جب حضورصلی اللہ علیہ وسلم بنو بیاضہ کے محلے سے گزرے تو کس نے اپنا مکان پیش کیا؟

ج: حضرت زیاد بن لبید انصاری۔

س: زیاد کو کس علاقہ کا محصل زکواۃ مقرر کیا گیا۔

ج: حضر، موت کیلئے۔

# حضرت ابولبابہ

س: ابولبابہ کو غلطی کا احساس ہوا تو اپنے آپ کو مسجد نبوی کے ستون سے باندھ لیا (جنگی راز فاش کرنے پر) اور معافی مانگتے رہے۔

ج: حضورصلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اگر ابولبابہؓ پہلے میرے پاس آجاتے تو میں اللہ سے دُعا کرتا۔ اب تو جو ہوا سو ہوا۔ ایک دن بے ہوش ہو کر گر گئے۔ رحمت الٰہی جوش میں آئی۔ فرمایا ابولبابہ کی توبہ قبول ہوگئی۔ یہ اطلاع ام المومنین ام سلمٰی نے دی۔ حضورصلی اللہ علیہ وسلم نے فجر کی نماز کے بعد ابولبابہؓ کو کھول دیا۔

س: ابولبابہؓ نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت علیؓ کے دور میں۔

# حضرت سعد بن زید انصاری

## بدری۔ عقبی صحابی۔ انصاری

س: سعد بن زید کو اور کن ناموں سے پکارا جاتا ہے؟

ج: عقبی صحابیؓ کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔

س: سعد نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبوی سے پہلے ۱۳ نبوی بیعت عقبہ کبریٰ میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سعد بن زید کو کس کا دینی بھائی بنایا گیا؟

ج: عمرو بن سراقہ

س: سعد نے کس علاقے کے بت توڑے؟

ج: فتح مکہ کے بعد اوس اور خزرج کا بت جو بحر احمر کے ساحل پر تھا۔

س: ''مناۃ اپنے غصہ کو قابو میں رکھ'' یہ الفاظ کس نے کہے تھے؟

ج: ایک سیاہ فام عورت جو سینہ کوبی کرتی ہوئی نکلی۔ تو ایک پجاری نے یہ الفاظ کہے۔ سعد نے اس عورت کو بھی قتل کر دیا۔

## حضرت عمارۃ بن خرم انصاری

### عقبی صحابی، بدری۔ سابقون الاولون

س: عمارہ کا کس قبیلے سے تعلق تھا۔ وہ کب اسلام لائے؟

ج: خزرج کے بنو نجار قبیلہ سے۔ ۱۹ ہجری میں قبیلہ نجار عقبہ کبریٰ میں اسلام کی سعادت پائی۔

س: عمارہ کا دینی بھائی کسے بنایا گیا؟

ج: محرر بن فضلہ اسدی کا۔

س: عمارہ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: تمام غزوات میں شرکت کی۔

س: بتایئے حضرت عمارہ بن خرم کب شہید ہوئے؟

ج: خالد بن ولید کی قیادت میں جنگ یمامہ میں شہادت پائی:

س: ایک صحابی جو جھاڑ پھونک کا منتر کیا کرتا تھا۔ حضورﷺ نے انہیں منع نہیں فرمایا کیوں؟

ج: اس میں کوئی شرکیہ کلمات نہ تھے۔

## قتادہ بن لقمان انصاری

### بدری سابقون الاولون۔ انصار

س: قبیلہ اوس کی شاخ بنو ظفر سے تعلق تھا۔ حضورﷺ نے کس صحابی کو ایک کھجور کی شاخ دی تھی۔

جو روشن قندیل بن گئی تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضرت قتادہ بن لقمان بن زید۔

س: قتادہ کی کنیت کیا تھی؟

ج: اُن کی کنیت ابوبکر تھی۔

س: الٰہی اس آنکھ کو صاحب جمال بنادے۔ یہ دُعا آپ نے کس صحابی کے لئے کی تھی؟

ج: قتادہ بن لقمان احد میں ان کی آنکھ کا ڈھیلا باہر آگیا تھا۔ حضورﷺ نے اسے اندر ڈال دیا تھا۔ آنکھ پہلے سے زیادہ روشن ہوگئی تھی۔

س: حضرت قتادہ نے کن غزوات میں حصہ لیا۔

ج: آپ نے بدر سے لے کر تمام غزوات میں حصہ لیا۔

س: قتادہ نے کب وفات پائی؟

ج: فاروقی دور میں ۶۵ سال عمر تھی۔

# قطبہ بن عامر

## بدری۔ عقبی۔ سابقون الاولون انصار

س: قطبہ اصحاب عقبیٰ میں سے ہیں۔ پہلے ۶ لوگوں میں سے تھے۔ ۱۱، ۱۲، ۱۳ ہجری تینوں مرتبہ ہجرت کرنے والوں میں شامل تھے۔ آپ نے بدر سے تبوک تک تمام غزوات میں حصہ لیا۔ جنگ بدر میں آپ نے کس کافر کو گرفتار کیا؟

ج: مالک بن عبداللہ تمیمی کو۔

س: فتح مکہ کے دن آپ کو کون سا اعزاز ملا۔

ج: آپ نے اپنے قبیلے بنوسلمہ کا علم اُٹھانے کا اعزاز حاصل کیا۔

س: جو آپ کا دین ہے، وہی میرا دین ہے۔ یہ الفاظ کس صحابی کے ہیں۔

ج: قطبہ بن عامر کے۔ عہد جاہلیت میں رواج تھا کہ لوگ حج کے بعد دروازے کی بجائے چھت سے کود کر گھر آتے تھے۔ ایک دفعہ حضورﷺ احرام کی حالت میں باغ میں داخل ہوئے۔ حضرت قطبہ بن عامر بھی احرام پہنے آپ کے ساتھ اندر آگئے۔ رسولﷺ سے پوچھنے پر یہ جواب ملا۔ سورۃ البقرہ کی آیت ۱۸۹ نازل ہوئی۔ اس پر اس رسم کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ ہو گیا۔ قطبہ نے عثمان غنی کے زمانے میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# معاذ بن غفراء انصاری

## عقبی۔ بدری۔ انصاری صحابی

س: معاذ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والد حارث بن سواد بن مالک والدہ غفراء انصاری تھیں۔

س: قبیلہ بنو مالک بن نجار سے تھا۔ یہ دونوں عقبوں میں شامل تھے۔

س: جنگ بدر میں ابوجہل کی پنڈلی پر تلوار چلانے والے صحابی کا نام؟

ج: حضرت معاذ بن غفرا انصاری۔ ابوجہل زخمی ہو کر گر پڑے۔ معاذ۔ معوذ دونوں بھائیوں نے ابوجہل پر حملہ کر دیا۔ ابوجہل کے بیٹے عکرمہ نے معاذ کے بازو پر تلوار ماری اور بازو کٹ گیا، لٹکتا بازو رکاوٹ بنا تو اس نے پاؤں کے نیچے لے کر تسمہ کاٹ دیا۔ ایک بازو کے سہارے لڑتے رہے۔

س: معاذ نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت علیؓ کے دور حکومت میں وفات پائی۔

# نعمان بن عمرو انصاری

## عقبی بدری۔ ظریف الطبع

س: نعمانؓ بن عمرو کا حسب نسب بتایئے؟

ج: کنیت ابو عمرو۔ بنو نجار سے تعلق تھا۔ والدہ فاطمہ بنت عمرو بن عطیہ۔

س: نعمان کب مسلمان ہوئے، کب بیعت کی؟

ج: ہجرت سے پہلے مسلمان ہوئے ۱۳ نبوی میں بیعت عقبہ کبیرہ میں شریک ہوئے۔

س: نعمان نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: بدر سے تمام غزوات میں شرکت کی۔

س: نعمان بڑے خوش مزاج تھے۔ بتایئے انہوں نے حضرت سویط سے کیا مذاق کیا؟

ج: سویط کو مذاق میں غلام بنا کر بیچ دیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کون صحابی حضور ﷺ کیلئے موسم کا پہلا پھل لایا کرتے تھے۔رسول ﷺ کی خدمت میں ہدیہ پیش کرتے۔

ج: جب دکاندار پیسہ کا مطالبہ کرتے تو رسول ﷺ کے پاس بھیج دیا کرتے۔میرے پاس پیسے نہیں آپ ادا کردیں کون تھے؟

ج: نعمان بن عمرو انصاری۔

## رافع بن مالک انصاری (بدری، انصاری صحابی)

س: رافع اوس کی شاخ بنوعمرو بن عوف سے تھے۔اِن کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والد کا نام عبدالحارث والدہ منخدہ تھی۔یاسر بن منخدہ کی وجہ سے مشہور تھے۔

س: بدری صحابی تھے۔ہجرت کے فوراً بعد اسلام قبول کیا۔آپ نے کن غزدات میں شرکت کی؟

ج: بدر کے علاوہ احد اور خندق میں بھی بہادری کے جوہر دکھائے۔

س: آپ سب سے پہلے اسلام لانے والوں چھ لوگوں میں سے ایک تھے۔آپ نے کتنی مرتبہ ہجرت کی؟

ج: ۱۱ نبوی میں ۶ لوگوں میں شامل تھے۔۱۲ نبوی میں ۱۲ میں سے ایک تھے۔۱۳ نبوی میں ۷۵ میں سے ایک تھے۔

س: رافع بن مالک کا حسب نسب بتایئے؟

ج: کنیت ابو مالک تھی۔رافع بن مالک خزرج میں سے تھے۔والدہ کا نام معاویہ بنت عجلان تھا۔بیوی ام مالک رئیس المنافقین عبداللہ بن ابی کی اخیانی بہن صحابیہ تھیں۔

س: رافع کو بیعت عقبہ ثانیہ میں کیا اعزاز ملا۔

ج: بارہ نقیب میں شامل تھے۔قبیلہ زریق کے نقیب مقرر ہوئے۔

س: ۱۲ ہجری تک جو قرآن نازل ہوا وہ سب سے پہلے کس انصاری نے لکھا۔

ج: رافع بن مالک اس وقت قران کو لکھ کر مدینہ لائے، وہاں لوگوں کو سُنایا کرتے تھے۔

س: مدینہ میں سب مسجدوں سے پہلے بنوزریق کی مسجد میں قرآن پڑھا گیا۔تلاوت کرنے والے کون تھے۔

ج: رافع بن مالک انصاری سورۃ یوسف اور سورۃ طٰہٰ لوگوں کو سُناتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: رافع نے کس جنگ میں شہادت پائی؟
ج: احد میں ۳ ہجری میں مشرکین مکہ سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

## حضرت سعد بن معاذؓ

س: کس صحابی کے جنازے میں ستر ہزار فرشتوں نے شمولیت کی۔
ج: قبیلہ اوس کے رئیس سعد بن معاذ کے جنازے میں۔
س: جنگ خندق کے موقعہ پر حضور ﷺ نے قبیلہ غطفان سے کیوں صلح کرنی چاہی؟
ج: غطفان کے لٹیروں کو مشرکین مکہ سے الگ کرنے کے لئے سرداروں کو بلا کر ان سے صلح کی بات چیت کی۔
س: غطفان نے کیا شرط پیش کی؟
ج: حضور ﷺ کا کیا ردعمل رہا کہ اہل مدینہ اپنے پھلوں کا 1/2 حصہ انہیں دیں۔ قبیلہ اوس کے سردار سعد بن معاذ کے اور قبیلہ خزرج کے سردار سعد بن عبادہ نے کہا اگر اللہ کا حکم ہے تو ہم ماننے کو تیار ہیں ورنہ تلوار فیصلہ کرے گی۔
س: میں تم پر دباؤ کم کرنے کے لئے یہ کر رہا ہوں۔ جب تم مشرک تھے۔ اس وقت بھی ہم ان کو ایک تھیلی کھجوروں کی نہیں دیتے تھے۔ اب ہم اللہ اور اس کے رسول پر ایمان لا چکے ہیں۔
ج: اب ہم خراج نہیں دیں گے۔
س: معاذ کے ہاتھ زخمی ہوئے مشرک حسان بن عبدالمناف نے ننگے ہاتھ پر تیر مارا۔ جس سے ہاتھ کی رگ کٹ گئی، شدت سے خون جاری ہو گیا۔ حضورؐ نے قاتل کے لیے کیا دُعا کی
ج: کہ تیرا چہرہ آگ سے جھلس جائے۔
س: مسجد نبوی میں خیمہ نصب کیا گیا تا کہ طبیب صحابیہ رفیدہ علاج کر سکے۔ غداری کی وجہ سے سعد بن معاذ کے فیصلے کے مطابق قتل کر دیا گیا۔
س: سعد بن معاذ کا حسب نسب بتائیے؟
ج: کنیت ابو معاذ دادا کا نام لقمان بن امراء القیس تھا۔
س: کس صحابی کے اسلام لانے پر اس کا قبیلہ ایک ہی دن میں شامل اسلام کیا گیا۔ حضور ﷺ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نے سعد کے قبیلہ کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: بنو نجار کو بہترین قبیلہ قرار دیتے تھے۔ چونکہ وہ پہلے اسلام لائے تھے۔

س: مدینہ میں سعد بن معاذ کے کون دینی بھائی بنے؟

ج: ابو عبیدہ بن الجراح/ایک جگہ سعد بن ابی وقاص کو بھی کہا گیا ہے؟

ج: جنگ بدر سے پہلے حضور ﷺ نے انصار کی رائے معلوم کی تو انہوں نے کیا کہا، سعد بن معاذ نے کہا کہ اگر آپ سمندر میں کودنے کا حکم دیں گے تو ہم کود پڑیں گے۔

س: غزوہ بدر میں قبیلہ کا علم کسے دیا گیا۔ غزوہ احد میں کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: آستانہ نبوت کی پاسبانی کا شرف۔ بنو قریظہ کے فیصلہ کے مطابق حضور ﷺ نے فرمایا آپ نے اللہ کے حکم کے مطابق فیصلہ سُنایا۔

س: اس خاندان کے عمرو بن ثابت نے اسلام قبول نہیں کیا تھا۔

ج: شہر سے باہر تھے۔ واپس آنے پر پتہ چلا کہ کفار نے مدینہ پر چڑھائی کر دی اسے جوش آیا جنگ سامان پہن کر حضور ﷺ کے پاس حاضر ہو کر کہنے لگے میں پہلے اسلام قبول کروں یا جنگ میں چلا جاؤں۔ رسول ﷺ نے فرمایا دونوں کام کرو۔ اُنہوں نے پہلے اسلام قبول کیا۔ پھر لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔ اس نے تھوڑا اسا عمل کیا مگر اجر زیادہ پایا۔

## براء بن مالک انصاری (اصحاب صفہ)

س: براء انس بن نضر کے بھتیجے تھے۔ انس بن مالک کے علاتی بھائی تھے۔ براء کا حسب نسب بتائیے؟

ج: خزرج کے خاندان نجار سے تھے۔ والد مالک بن نضر، والدہ ام سحماء تھی۔

س: کیا آپ کی والدہ اور والد اسلام لائے؟

ج: وہ دونوں اسلام کی نعمت سے محروم رہے۔ براء بن مالک اصحاب صفہ میں سے تھے۔ براء جنگ بدر میں حصہ نہ لے سکے مگر احد سے تبوک تک ہر جنگ میں حصہ لیا۔ ۱۱ ہجری مسلمہ کذاب جنگ یمامہ میں بھی لڑے۔ براء بن مالک کے علاتی بھائی تھے۔ "یہ حقیر لوگ جب قسم کھا لیتے ہیں تو اللہ اِن کی قسم پوری کر دیتا ہے" براء بھی ایسے لوگوں میں سے تھے۔

س: براء نے کب اور کہاں شہادت پائی؟

ج: شاہ ایران یزدگرد کے سپہ سالار ہرمزان کے ہاتھوں قتل ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت حارثہ نے جبرائیل کو کب اور کیسے دیکھا۔ جبرائیل نے ان کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: صوریق کے مقام پر حضرت دحیہ کلبی کی صورت میں دیکھا۔ جب وہ بنی قریظہ پر چڑھائی کے وقت پاس سے گزرے۔ دوسری دفعہ جنگ صفین کے دن جب وہ حضور ﷺ سے بات چیت کر رہے تھے۔ جبرائیلؑ نے فرمایا کہ یہ حنین میں 100 ثابت قدموں میں سے ایک ہیں۔ اگر وہ سلام کرتے تو ہم بھی ضرور جواب دیتے۔

س: کس شخص نے مکان حضرت علیؓ اور فاطمہؓ کو ہبہ کر دیا تھا؟

ج: حارثہ بن نعمان نے اپنے مکانات خالی کئے اور حضرت علی کو دے دیے۔

س: جب حضور نے کوئی نکاح کرتے تو حضرت حارثہ کے مکان میں ٹھہرتے۔

س: حارثہ بن نعمان کے لئے حضور ﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: فاطمہ نے حضور ﷺ سے کہا کہ حارثہ بن نعمان سے کہہ کر ہمارے لیے مکان خالی کرا دیں۔ حضور ﷺ نے کہا اب مجھے حارثہ سے حیا آتا ہے۔ ہم بار بار اس کے مکان کو خالی کراتے ہیں۔

س: حارثہ نے بدر سے تبوک تک تمام غزوات میں حصہ لیا۔ آپ نے بدر میں کسے قیدی بنایا؟

ج: مشرک عثمان بن شمس جسے جبیر بن مطعم نے فدیہ دے کر رہا کرا لیا۔

س: حارثہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ۵۱ ہجری مدینہ منورہ میں آخری عمر میں بینائی جاتی رہی تھی۔

س: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا مجھے جنت میں کس کے تلاوت کرنے کی آواز سنائی دی۔ بتایا گیا کہ وہ حارثہ بن نعمان ہیں۔

## خبیب بن عدی انصاری (عالم فاضل بدری صحابہ)

س: خبیب نے کن تین باتوں کی خواہش کی؟

ج: ۱۔ میٹھا پانی پلایا جائے۔ جو جانور بتوں کے نام پر ذبح ہوں، اُن کا گوشت مجھے نہ کھلایا جائے۔ ۳۔ قریش جب مجھے قتل کا ارادہ کریں تو مجھے پہلے بتا دیا جائے۔ خبیب سے آخری خواہش پوچھی گئی۔ دو رکعت نماز پڑھنے کی مہلت دی جائے۔

س: مشرکین نے انہیں قسم دے کر پوچھا کہ محمد ﷺ کو تمہاری جگہ سولی پر چڑھایا جاتا اور تم گھر میں آرام سے بیٹھو۔

ج: خبیب نے کہا۔ رسول ﷺ کے پاؤں میں کانٹا بھی چبھے اور میں آرام سے بیٹھا رہوں“

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



مشرکین نے انہیں رسی کھینچ کرسولی پر چڑھادیا۔ایک نیزہ جسم کے پار ہو گیا۔

س: مشرکین نے خبیب کی لاش سولی پر لٹکتی چھوڑ دی۔حضورﷺ نے کیا فرمایا؟

ج: خبیب کوسولی پر چڑھادیا گیا۔حضرت جبرائیل علیہ السلام میرے پاس آئے ان کا سلام لائے ہیں۔

س: حضورﷺ نے خبیب کی درخت پر لٹکتی لاش اُتروانے میں کیا کردار ادا کیا؟

ج: عمرو بن امیہ سے کہا کہ جاؤ اور خبیب کی لاش اُتار لاؤ۔رسہ کاٹا، لاش نیچے گری اور غائب ہوگئی۔

س: خبیب انصاری صحابی تھے۔اُن کا نام اور کنیت بتایئے؟

ج: والد کا عدی قبیلہ کے خاندان اوس سے تعلق تھا۔

س: جنگ بدر میں حضورﷺ نے خبیب کے ذمہ کیا کام لگایا؟

ج: مجاہدین کے سامان کی حفاظت کیلئے مقرر کیا گیا۔

س: اُنھوں نے قریش کے رئیس عامر بن نوفل کو قتل کیا۔قریش کے حلیف مشرک قبیلہ بنولحیان آباد تھا۔اس نے کیا سازش کی؟

س: قریش مکہ مال دار خاتون سلافہ بنت سعد کے دو بیٹے مافظ بن طلحہ، حارث بن طلحہ اور خاوند عصم بن ثابت انصاری کے ہاتھوں مارے گئے۔اس نے کہا کہ میں عاصم بن ثابت کے سر میں شراب پیوں گی۔

س: قبیلہ قارہ کے چند آدمی انعام کے لالچ میں مسلمانوں کے بھیس میں مدینہ آئے اور حضورﷺ سے معلم کی درخواست کی۔عاصم بن ثابت کا خصوصاً ذکر کیا گیا۔حضورﷺ نے چھ معلم بھیج دیئے۔

ج: وہ لوگ رجیع کے مقام پر پہنچے۔بنولحیان کے دو سو آدمیوں نے مسلمانوں پر حملہ کیا۔یہ ۶ لوگ شہید ہوگئے۔عاصم نے دعا کی تھی کہ اللہ میری لاش کی حفاظت کا تیرا ذمہ ہے۔دشمن سر کاٹنے لگے تو شہد کی مکھیوں نے چہرہ ڈھانپ لیا۔

س: مشرکین نے خبیب بن عدی سے کیا سلوک کیا؟

ج: ذیقعدہ میں قیدی ہوئے قتل ملتوی ہوا۔ماریہ کے گھر میں قید کیا گیا۔ماریہ بعد میں مسلمان ہوگئی۔

س: قرآن اکٹھا کرتے وقت سورۃ احزاب کی آیت ۲۹ کس صحابی سے ملی تھی؟

ج: خذیمہ بن ثابت سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت اوس بن صامت انصاری

## (بدری صحابی اور شاعر)

س: حضرت اوس بن صامت نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: آپ کا تعلق اوس بن خزرج سے تھا۔ عثمان کے دور میں بہتر ۷۲ سال کی عمر میں وفات پائی۔

س: ظہار کا سب سے پہلا واقعہ کس صحابی کے ساتھ پیش آیا؟

ج: اوس بن صامت انصاری۔ سورۃ مجادلہ میں بھی ذکر ہے۔

# حضرت بشیر بن سعد

## بدری، انصاری صحابی، عقبی

س: قبیلہ حارث بن خزرج سے تعلق تھا۔ بشیر بن سعد نے کب اور کہاں اسلام قبول کیا؟

ج: مصعب بن عمیر کے ہاتھوں مسلمان ہوئے بیعت عقبہ ثانی میں شریک ہوئے۔

س: ۷ ہجری غزوہ خیبر کے موقع پر آپ کو کیا شرف حاصل ہوا؟

ج: آپ مسلح دستہ کے ساتھ تھے، جو حضور ﷺ کی حفاظت پر معمور تھا۔ سریہ بشر بن سعد کی سرداری کی تین سو مجاہدین کی قیادت کی۔

س: بشر بن سعد نے فتنہ ارتداد کی جنگوں میں حصہ لیا۔ مسلمہ کذاب کے خلاف جنگ یمامہ میں بھی شامل ہوئے۔ سعد نے خالد بن ولید کے ساتھ عراق، ایران اور شام کی لڑائیوں میں شمولیت کی۔ سعد نے کب سفر آخرت اختیار کیا۔

ج: ۱۲ ہجری میں عراق کے آخری معرکے کے عین التمر میں شہید ہوئے۔ شاعر رسول رواحہ کی ہمشیرہ آپ کی زوجہ تھی۔ (عمرۃ)

س: صحابی جو گھوڑے پر سوار ہوتے تو پاؤں زمین پر لگتے تھے، کون تھے؟

ج: بشر بن سعد، حضرت مصعب بن عمیر کی دعوت پر اسلام قبول کیا۔

س: ۱۳ نبوی میں بیعت کی۔ سریہ بشیر بن سعد ۷ ہجری میں بنو غطفان کی طرف روانہ ہوئے۔ ۷ ہجری میں حضور ﷺ عمرہ کے لئے گئے۔ کون صحابی آپ کی حفاظت پر معمور تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: بشر بن سعد دستہ کے امیر تھے۔ صلح حدیبیہ پر ۱۴۰۰ صحابہ میں شامل تھے۔ اصحاب الشجرہ کا لقب پایا۔

س: جنگ خندق میں کس صحابی کے کھانے میں برکت کا معجزہ پیش آیا؟

ج: بشیر بن سعد کی اہلیہ عمرہ بنت رواحہ نے اپنی بیٹی کے ہاتھ عجوہ کھجور کا ایک پیالہ بشر بن سعد کو اور رواحہ کو بھیجا۔ حضور ﷺ نے بچی سے کھجوریں لے لیں جعال بن سراقہ غفاری کو بھیجا کہ اہل خندق کو کھانے پر بلاؤ۔ تمام صحابہ نے کھائیں، پھر بھی کھجوریں بچ گئیں۔

س: بشر بن سعد فتنہ ارتداد میں اپنے بہادری کے جوہر دکھاتے عراق میں شہید ہوئے۔ معرکہ عین التمر میں شہید ہوئے۔

س: سعد کی اہلیہ کس مشہور صحابی کی ہمشیرہ تھیں؟

ج: عبداللہ بن رواحہ

## حضرت جبار بن صخر (عقبی صحابی۔ بدری۔ انصاری)

س: ابوعبداللہ کنیت، انصاری، قبیلے خزرج کے خاندان سے تھے اُن کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والدہ کا تعلق معاذ بن سلمہ بنی خزرج سے تھی۔

س: جبار نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ۱۳ ہجری بیعت عقبہ میں شریک ہوئے۔

س: جبار کے دینی بھائی مدینہ میں کون تھے؟

ج: مقداد بن اسود

س: آپ کو حضور نے کس علاقہ کی کھجوروں کا تخمینہ لگانے کے لئے بھیجا گیا۔

ج: خیبر کے پھلوں کا اندازہ لگانے کے لیے۔

س: آپ نے کب وفات پائی؟

ج: ۳۰ ہجری، ۶۰ سال کی عمر میں

## عبداللہ بن جبرین مطعم (عقبی۔ بدری، انصاری صحابی)

س: عبداللہ کا اوس کے خاندان عمرو بن عوف سے تعلق تھا۔ جبرین بن مطعم نے کب اسلام قبول کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ۱۲ نبوی میں اسلام قبول کیا۔ بیعت عقبہ کبریٰ میں شامل تھے۔

س: جبرین نے بدر میں کس رشتہ دار کو قیدی بنایا۔

ج: حضرت ابو العاص بن ربیع کو۔

س: جنگ احد میں جبرین نے کس جرأت کا مظاہرہ کیا؟

ج: احد میں ۵۰ تیر اندازوں کے ساتھ جبل عینین / جبل الرماۃ پر مقرر کیا احد میں جبرین بن معطم شہید ہوئے۔

## حضرت عبیدہ بن حارث بدری (سابقون الاولون)

س: بدر سے واپسی پر وادی صفرا میں وفات پائی، صحابی کا نام بتائیے؟

ج: حضرت عبید اللہ بن حارث۔

س: حضرت عبید اللہ بن حارث کا حسب نسب کیا تھا؟

ج: ہاشم بن مناف کے پوتے تھے۔ حضور ﷺ سے ۱۰ سال چھوٹے تھے۔

س: آپ کو شیخ المہاجرین کیوں کہتے ہیں۔

ج: کیونکہ ہجرت کے وقت اِن کی عمر ۶۰ سال سے زائد تھی۔

س: بدر سے پہلے آپ نے کس سرایہ کی قیادت کی؟

ج: سریہ ارابع ۸۰ سرداروں کے ساتھ وادی رابع میں قریش کی نقل وحرکت معلوم کرنے گئے۔

س: بدر میں عبیدہ کا قریش کے کون سے سردار سے مقابلہ ہوا؟

ج: سردار مکہ شیبہ سے، شیبہ نے ان کو زخمی کر دیا۔ حضرت حمزہ نے شیبہ کو قتل کر دیا۔ عبیدہ ۶۳ سال کی عمر میں شہید ہوئے۔

## حضرت فردہ بن عمرو انصاریؓ

س: فردہ کو بیاضی کیوں کہتے ہیں؟

ج: چونکہ وہ خاندان بنو بیاضہ سے تھے۔ ۱۳ نبوی میں بیعت (عقبہ) کی

س: ان کے دینی بھائی کون بنے؟

ج: عبداللہ بن مخزمہ دینی بھائی بنے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا آپ نے تمام غزوات میں رسول ﷺ کا ساتھ دیا؟
ج: جی ہاں۔
س: فردہ کو کن چیزوں میں خصوصی مہارت تھی۔
ج: پھلوں کی تعداد کا اندازہ خوشے شمار کر کے لگا لیتے تھے۔

## ابورہم غفاری (صاحب الشجرہ)

س: سفر طائف میں ابورہم کی اونٹنی حضورﷺ کی اونٹنی سے ٹکرا گئی تھی۔
ج: اس پر حضورﷺ نے بکریوں کا ریوڑ اُسے دے دیا تھا۔
س: آپ کو منحور لقب کس طرح دیا گیا۔
ج: غزوہ احد میں سینہ میں تیر لگا۔ حضورﷺ نے لب لگا دیا۔ اِس لئے وہ منحور کے لقب سے مشہور ہوئے۔
س: ابورہم نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: مکہ پہنچ کر۔
س: فتح مکہ کے وقت کس کو قائم مقام بنایا گیا۔
ج: ۸ ہجری میں فتح مکہ میں ابورہم کو۔
س: ابورحم نے اُحد کے بعد کن موقعوں پر حضورﷺ کا ساتھ دیا؟
ج: اصحاب الشجرہ، غزوہ تبوک اور غزوہ طائف میں حضورﷺ کے ساتھ رہے۔
س: غزوہ تبوک میں غفاری کی کیا خدمات تھیں؟
ج: آپ کو پیغمبر نے قبیلہ کفار کے پاس بھجوایا جس سے ایک بڑی جماعت مجاہدین میں شامل ہوگی۔

## حضرت زید بن خطاب

بدری۔ مہاجر مدینہ۔ صاحب الشجرہ

س: لقب ابوعبدالرحمٰن تھا۔ آپ کا تعلق بنوعدی سے تھا۔ والدہ بنواسد سے تھیں۔ زید بن خطاب کا حضرت عمرؓ سے کیا رشتہ تھا؟
ج: حضرت عمر کے سوتیلے بڑے بھائی تھے۔ والدہ کا نام اسماء بنت وہب تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: زید نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: پہلے تین سالوں میں اسلام قبول کیا۔ ۱۳ ہجری میں مدینہ پہنچے۔ قبا میں رفاعہ بن عبدالمنذر کے ہاں ٹھہرے پھر معن بن عدی انصاری کے دینی بھائی بنے۔

س: آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: غزوہ احد، خندق، فتح مکہ، حنین اور طائف میں بھی گئے۔ بیعت رضوان اور حجۃ الوداع کے موقع پر بھی شامل تھے۔

س: حضرت ابوبکر کے زمانے میں فتنہ ارتداد کو روکنے کیلئے زید نے کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: مسلمہ کذاب کے خلاف لڑے۔

س: حضرت زید بن خطاب کس جنگ میں شہید ہوئے؟

ج: جنگ یمامہ میں ۱۱ ہجری میں شہادت پائی۔

## مسلمہ بن اکوع (صاحب الشجرہ)

س: مسلمہ کی کنیت ابوعباس تھی۔ حسب نسب بتایئے؟

ج: دادا کی کنیت سے مشہور تھے۔ بنو اسلمہ سے تھے۔ اکوع کا اصل نام سنان تھا۔

س: مسلمہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: تعلق بنو اسلم سے تھا۔ ۶ ہجری میں پہلے اسلام لائے پھر مدینہ چلے گئے۔

س: بیعت رضوان کے موقع پر کس صحابی نے تین بار بیعت کی؟

ج: سلمہ بن اکوع نے۔

س: حدیبیہ میں کس صحابی نے تنہا اسلامی لشکر کی نگرانی کی؟

ج: مسلمہ بن اکوع نے۔

س: مسلمہ کو صاحب غابہ کیوں کہتے ہیں؟

ج: مدینہ سے بارہ میل دور غابہ کے مقام پر اونٹنیاں چراتے تھے۔ عنیبہ بن حصین فزاری نے چالیس سواروں کے ساتھ گلہ بان ابوذر غفاری کو شہید کر کے ۲۰ اونٹنیاں لے گئے۔ سلمہ نے تن تنہا مقابلہ کیا اور اونٹنیاں چھڑا کر لائے۔ سلمہ کو اس لئے صاحب غابہ کہتے ہیں۔

س: غزوہ خیبر پر حضور ﷺ نے مسلمہ سے کس محبت کا اظہار کیا؟

ج: غزوہ خیبر سے واپسی پر حضور ﷺ نے مسلمہ کو اپنی اونٹنی قصویٰ کے پیچھے بٹھایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ۷ ہجری میں ابو بکر نے بنو کلب کی سرکوبی کے لئے روانہ کیا۔

ج: مسلمہ نے تین خاندانوں کو قتل کیا اور فرار ہونے والی عورتوں کو گرفتار کیا۔ بنو کلب کی عورت کے بدلے مکہ سے قیدی رہا کرائے۔ سلمہ نے فتح مکہ کے معرکہ میں بھی حصہ لیا۔ اس کے بیان کے مطابق اسد نے سات غزوات اور ۹۹ معرکوں میں حصہ لیا۔

س: مسلمہ بن اکواع نے کب وفات پائی؟

ج: ۷۴ھ میں مدینہ آئے ۸۰ برس کی عمر میں فوت ہوئے۔ ۷۷ احادیث کے راوی ہیں۔

# حضرت سعد بن عبادہ انصاری

سابقون الاولون (عقبی صاحب الشجرہ۔ بدری)

س: سعد کی کنیت ابو قیس تھی۔ ان کا حسب نسب بیان کریں؟

ج: خزرج کی شاخ بنو ساعدہ کے امیر سعد بن عبادہ۔ والد کا نام عبادہ اور والدہ کا نام عمرہ بنت مسعود تھا۔ والدہ صحابیہ تھیں۔

س: آپ کب اسلام لائے؟

ج: بیعت عقبہ کبیرہ میں۔

س: سعد بن عبادہ کیسے قیدی بنے اور کیسے رہائی پائی؟

ج: بیعت عقبہ کبیرہ خفیہ ہوئی تھی۔ قافلہ نکل گیا اور سعد بن عبادہ اور منذر بن عمرو گرفتار ہوئے۔ مشرکین نے ہاتھ گردن سے باندھ کر خوب مارا پیٹا۔ ابطح کے مقام پر حارث بن امیہ اور جبیر بن مطعم نے رہائی میں مدد کی۔

س: سعد بن عبادہ کو حضور ﷺ نے کب اپنا نائب مقرر کیا؟

ج: غزوہ ابوا کے وقت۔

س: حضور ﷺ نے انصار سے ان کی مرضی بدر کے موقع پر چاہی تو سعد بن عبادہ نے کیا جواب دیا؟

ج: آپ ہمیں سمندر میں کودنے کا حکم دیں تو ہم کود پڑیں گے۔ خشکی کا حکم دیں تو ہم برک الغماد (یمن) تک اپنے اونٹوں کے کلیجے پگھلا دیں گے۔ بدر میں عبادہ کتے کے کاٹنے کی وجہ سے نہ جا سکے۔ لیکن مال غنیمت میں حصہ پایا۔ غزوہ احد میں حضور ﷺ کی تیمارداری میں حصہ لیا۔ اُحد میں رات بھر پہرہ دیا۔ بنو نضیر کے موقع پر مجاہدین کو اپنے خرچہ پر کھجوریں بھی تقسیم کرتے رہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: غزوہ احزاب میں آپ کو کیا اعزاز ملا؟
ج: احزاب میں انصار کا علم آپ کے ہاتھ میں تھا۔
س: خیبر میں تین جھنڈے بنائے گئے۔ ایک جھنڈا سعد بن عبادہ کو دیا گیا، پھر واپس کیوں لیا گیا؟
ج: سعد کو خطرہ تھا کہ وہ قریش پر تلوار نہ چلا دیں۔ سعد سے جھنڈا لے کر اُن کے بیٹے کو دے دیا گیا۔ قیس سے جھنڈا لیکر حضرت زبیر بن العوام کو دے دیا گیا۔ غزوہ حنین میں سعد بن عبادہ بنو خزرج کے علم بردار تھے۔
س: سعد نے کب اور کیسے وفات پائی؟
ج: ۱۵ ہجری میں نیزہ لگنے سے وفات پائی۔ اصحاب صفہ کو اکثر کھانا بھیجا کرتے تھے۔

# حضرت صفوان بن معطل

## سپہ سالار، صاحب الشجرہ، عالم و فاضل

س: کنیت ابو عمر اور قبیلہ بنو سلیم سے تعلق تھا۔ انہوں نے کب اسلام قبول کیا؟
س: ۵ ہجری میں غزوہ مصطلق میں حصہ لیا۔ ان کے ذمہ کیا کام لگایا گیا؟
ج: کہ وہ مجاہدین کی گری پڑی چیزیں ساتھ لیکر چلیں۔ اِس غزوہ میں ایک خاص واقعہ پیش آیا۔ حضرت عائشہؓ صدیقہ بھی ساتھ تھیں۔ عائشہؓ رفع حاجت کے لئے گئی ہوئی تھیں۔ گلے کا ہار جو حضرت اسماؓ سے مستعار لیا تھا گم ہو گیا۔ صفوان اِن کو اونٹ پر بٹھا کر قافلے سے جا ملے۔ عبداللہ بن ابی نے عائشہؓ اور صفوان پر تہمت لگائی۔ حج کے موقع پر عقبہ حضرت عمرؓ سے ملے اور استعفیٰ دے دیا۔ با دل نخواستہ بصرہ گئے راستہ میں اونٹ نے ٹھوکر کھائی، گرے اور انتقال فرما گئے ۷۵ سال عمر تھی۔
س: حضرت عبداللہ بن حذافہ سپہ سالار صاحب الشجرہ وہ حذیفہ کنیت کرتے تھے۔ حضرت عمرؓ نے خرطوم میں مسرت میں اِن کی پیشانی چوم لی تھی۔ حفصہ کے پہلے خاوند خنیس بن حذافہ عبداللہ بن حذافہ کے بھائی تھے۔ ان کی کیا خدمات تھیں؟
ج: دو ہجری سریہ عبد اللہ بن جحش۔ غزوہ بدر خندق۔ خیبر حنین، طائف، تبوک (عیش العسرت)۔
س: کن خاص موقعوں پر رسول اکرم ﷺ کی ہم رکابی کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حدیبیہ۔ اصحاب الشجرہ، فتح مکہ میں دس ہزار قدسیوں کے ساتھ ۱۰ ہجری میں آخری حج میں ایک لاکھ بیس ہزار مسلمانوں میں عتبہ بھی شامل تھے۔

س: عتبہ بن غزوان نے اسطح سے مسلمانوں کو پہلے گھروں نے سے نکالنے میں کیسے مدد حاصل کی۔

ج: حضرت......کی مدد سے۔

س: جب عتبہ نے سردی کی شکایت حضرت عمر سے کی تو انہوں نے کیا فرمایا؟

ج: ساتھیوں کو جمع کرو، پانی اور سبزے کے قریب جگہ کا انتخاب کرو۔ اس طرح بصرہ آباد ہوا۔ عتبہ ۶ ماہ تک بصرہ کے گورنر رہے۔

س: سورۃ نور سے عائشہ کی برأت نازل ہوئی۔ اللہ نے خود تصدیق کردی۔ رسول اللہ ﷺ نے صفوان بن معطل کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے فرمایا میں ان سے اچھائی کے سوا کچھ نہیں جانتا۔ ۱۷ نبوی میں حضرت عمر کے زمانے میں آرمینیہ کے معرکے میں شہید ہوئے۔

## عتبہ بن غزوان

سپہ سالار سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ، مدینہ، صاحب الشجرہ، بدری صحابی

س: آپ کا حسب نسب کیا ہے؟

ج: قیس کی شاخ بنو مازن سے تھا۔ ۴۰ سال کی عمر میں اسلام قبول کیا۔ وہ ساتویں مسلمان تھے۔ (لیکن اس سے زیادہ تعداد تھی)۔ عتبہ نے دو ہجرتیں کیں۔ پہلی ہجرت حبشہ ۸۲ مرد اور ۲۰ عورتوں میں دوسری مدینہ منورہ میں۔ قریش کا ایک وفد عکرمہ بن ابی جہل مسلمانوں کی سرگرمیاں دیکھنے کیلئے آیا۔ عتبہ بن غزوان اور مقداد بن اسود بھی اس میں شامل ہوگئے۔ دونوں قافلوں کا آمنا سامنا رالغ میں ہوا۔ قریش پسپا ہوئے اور بھاگ گئے۔ یہ دونوں عتبہ اور مقداد بن اسود مسلمانوں میں واپس جا ملے۔ عتبہ، عبداللہ بن سلمہ کے ہاں ٹھہرے انہیں کو اسلامی بھائی بنایا گیا۔ مواخات جو ۷ ماہ بعد ہوا آپ ابودجانہ کے مواخاتی بھائی بنادیئے گئے۔

س: عتبہ کو کسب فیض کا موقع کم ملا۔ لیکن پھر بھی وہ فضلا میں کیوں شامل ہیں؟

ج: ان کو عربی زبان پر عبور حاصل تھا۔ لب لہجہ حضور ﷺ سے ملتا تھا۔ حضرت عائشہؓ حضرت عمر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



فاروقؓ، حضرت عثمانؓ اور سب سے لوگوں سے علم حاصل کیا۔ قرآن کے نسخے نقل کرنے والوں میں ان کا شمار تھا۔ ۲۹ ہجری میں عثمان بن ولید کی جگہ سعید بن عاص کو گورنر بنایا گیا۔ حضرت سعید نے دیگر نوجوانوں سے مل کر عثمان کی حفاظت کی۔ گوشہ نشین ہو گئے۔ جنگ جمل اور جنگ صفین میں حصہ نہیں لیا۔ ۵۹ء میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئے۔

## عبداللہ بن زبیر (کم سن صحابی)

س: ہجرت مدینہ کے بعد سب سے پہلا بچہ کون پیدا ہوا؟

ج: عبداللہ بن زبیر۔ پیدائش پر حضور ﷺ نے چبا کر کھجور چبا کر اُن کے منہ میں ڈالی۔

س: عبداللہ بن زبیر کا حضور سے کیا رشتہ تھا؟

ج: عبداللہ بن زبیر حضور ﷺ کے پھوپھی زاد بھائی زبیر بن العوام کے بیٹے تھے اور حضور ﷺ کے بھتیجے تھے۔ حضور ﷺ یوں اُن کے خالو لگے۔

س: عبداللہ بن زبیر کی کنیت کیا تھی؟

ج: کنیت ابوبکر تھی۔

س: آپ نے پہلی کس جنگ میں حصہ لیا؟

ج: یرموک میں۔

س: حضرت عثمان نے ۲۶ھ میں عبداللہ کو طرابلس کی فتح کے لئے روانہ کیا۔ عبداللہ بن زبیر کمک لے کر گئے۔

## حضرت عبداللہ بن جعفر (کم سن صحابی)

س: جعفر بن ابی طالب کے بیٹے کا لقب بتائیں جن کا لقب بحرالجود تھا۔

ج: اسما بنت عمیس کے بیٹے کا نام عبداللہ بن جعفر کنیت ابوعبداللہ تھی۔ ان کے والد موتہ میں شہید ہوئے۔

س: عبداللہ بن جعفر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

ج: ۶ نبوی میں حبشہ میں ہجرت کی، وہاں ۱۳ سال رہے۔ عبداللہ حبشہ میں پیدا ہوئے۔ پیغمبر نے دعا کی الٰہی تو جعفر کے اہل وعیال کی سرپرستی فرما۔ عبداللہ کے داہنے ہاتھ کے کاروبار میں برکت دے۔ عبداللہ حضور ﷺ کے بھتیجے تھے۔ شکل وصورت میں حضور ﷺ کے مشابہ تھے۔ حضور ﷺ فرماتے تھے۔ عبداللہ خلقاً اور خلقاً مجھ سے مشابہ ہیں۔ اِن کی شادی ذوحبیب

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



بنت علی سے عہد فاروقی میں ہوئی۔

عمر کے زمانے میں عبداللہ بن زبیر نے تجارت شروع کی۔ جنگ صفین میں شامیوں سے لڑے۔ کوفہ میں جاتے وقت عبداللہ نے اپنی بیوی کو کوفہ جانے دیا۔ عبداللہ کے دونوں صاحب زادوں نے بھی کربلا میں شہادت پائی۔

## حضرت عمیر بن سعد (کم سن صحابی)

س: عمیر نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: عمیر نے اپنے سوتیلے باپ کے ساتھ 'جلاس' میں اسلام قبول کیا۔ ان کے باپ سعد بن عبیدہ نے بچپن میں وفات پائی۔ سعد کی والدہ نے جلاس بن سوید سے نکاح کر لیا۔

''اگر محمد ﷺ اپنے دعویٰ میں سچے ہیں تو ہم گدھوں سے بھی بدتر ہیں'' یہ جلاس کے الفاظ ہیں۔ ۳۰ ہجری میں حضرت سعید بن العاص نے طبرستان پر فوج کشی کی تو عبداللہ بن زبیر بھی ان کے ساتھ تھے۔ جنگ جمل میں حضرت عائشہ ام المومنین کی پیدل فوج کے افسر بنے۔

س: یزید کی بیعت آپ نے نہیں کی۔ خانہ کعبہ کو کس طرح نقصان پہنچا؟

ج: شامی فوج نے ۶۴ دن تک مکہ میں قتل و غارت کی۔ عبداللہ بن زبیر نے شہر سے باہر مقابلہ کیا۔ یزید کا انتقال ہوا تو زبیر کو نجات ملی۔ زبیر نے خانہ کعبہ کی از سر نو مرمت کی، حجر اسود پر چاندی کا خول چڑھایا۔

س: کیا عبداللہ بن زبیر کے زمانے میں مسلم سلطنت دو حصوں میں بٹ گئی۔ حجاز اور عراق میں زبیر کی حکومت تھی۔ عبداللہ بن زبیر کی حکومت کس طرح ختم ہوئی؟

ج: عراق پر قبضہ ہو گیا۔ پھر زبیر مکہ تک محدود ہو گئے۔ عبدالملک کی فوج نے 5 ہزار سپاہیوں سے مکہ پر منجنیقوں سے پتھر برسائے۔ ۷ ماہ محاصرہ جاری رہا۔ ابن زبیر کے ساتھی حجاج سے جا ملے۔ خبیب آپ کے بیٹے بھی ساتھ چھوڑ گئے۔ عبداللہ بن زبیر کا دھڑ سولی پر لٹکا دیا گیا۔ عبداللہ بن زبیر نے ۱۲ سال تک حکومت کی۔ عبداللہ بن زبیر نے پہلی مرتبہ گول درہم، سکے ڈھلوائے۔ عبداللہ بن زبیر کی شکل اپنے نانا ابوبکر سے ملتی تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حضرت عبداللہ بن عامرؓ

س: عہد رسالت اور فاروقی دور میں کم سن تھے۔ آپ کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: قریش کے خاندان بنو عبدالشمس سے تھے۔

س: والد کا نام عمر بن کریز تھا۔ عبداللہ بن عامر کا حضورﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: آپ حضورﷺ کی پھوپھی بیضاء بنت عبدالمطلب کے بیٹے تھے۔ یوں عبداللہ بن عامر حضورﷺ کے بھتیجے لگے۔ حضورﷺ کے والد عبداللہ اور ام حکم بیضا بنت عبدالمطلب کا حضرت عثمان سے کیا رشتہ تھا؟

ج: عثمان غنی عبداللہ بن عامر کے پھوپھی زاد بھائی تھے۔

س: عبداللہ نے عثمانی دور میں کیا فتوحات کیں؟

ج: عبداللہ بن عامر نے کابل کو فتح کیا۔ ۲۹ ہجری میں عبداللہ بن عامر کو بصرہ کا گورنر بنایا گیا۔ عبداللہ بن عامر نے دراب پور کا علاقہ بھی فتح کیا۔

س: عبداللہ عامر نے عثمانی دور میں کون کون سی فتوحات کیں؟

ج: جنگ جمل میں آپ نے حضرت عائشہ کا ساتھ دیا۔ حنین میں حصہ نہیں لیا۔ اُنہوں نے جنگ کے معاہدہ پر دستخط کیے۔

س: عبدالرحمان بن عامر نے کب وفات پائی۔

ج: ۵۹ ہجری میں وفات پائی۔

## حضرت حسیل بن الیمان

س: اصفہان کے خاندان عبس سے تعلق تھا۔ حسیل کا حسب نسب بتایئے۔

ج: اِن کی کنیت ابو حذیفہ تھی۔ والد کا نام جابر بن عمرو تھا۔ دادا کا نام مالم الیمان تھا۔ اِن کے دادا نے بنو عبدالاشیل کی رباب بنت کعب سے شادی کی۔ یمنی تھے۔ اسی لئے یمانی کہلاتے تھے۔

س: حسیل نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: والد کے ساتھ ہی ایمان لائے۔ بیوی نے بھی اسلام قبول کیا ہوا تھا۔

س: حسیل اپنے والد کے ساتھ جنگِ بدر کے لئے روانہ ہوئے۔ لیکن جنگ میں شرکت نہ کر سکے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: مشرکین سے وعدہ تھا کہ جنگ میں شرکت نہیں کریں گے۔ حضور ﷺ سے بات ہوئی تو انہوں نے بھی عہد شکنی نہ کرنے کو کہا۔ ۳ ہجری میں احد میں بیٹے کے ساتھ ہجرت کی۔ حضرت حسیل ضعیف العمر تھے۔ عورتوں کی حفاظت کے لئے پیچھے چھوڑے گئے۔ ایک ٹیلہ پر بٹھا دیا گیا۔ جوش آیا۔ میدان جنگ میں کود پڑے۔ قریش کے ہاتھوں شہید ہوئے۔ حضور ﷺ نے دیت دی تو ابوحذیفہ نے صدقہ کر دی۔

## حضرت خارجہ بن زید انصاری

عقبی۔ بدری۔ انصاری۔ بزرگ صحابی

س: سلا بن ربیع بھتیجے کے ساتھ دفن ہوئے۔ ۱۳ ہجری میں بیعت کی۔ آپ کا حسب نسب کیا تھا؟

ج: حارث بن خزرج سے تعلق تھا۔ خاندان کے رئیس تھے۔ خارجہ بن زید کا دینی بھائی بنایا گیا۔ اپنی بیٹی حبیبہ کا نکاح ابوبکر سے کر دیا۔ احد میں شہید ہوئے۔

## عتیم بن اوس داری

(عالم وفاضل) اہل کتاب صحابہ

س: اگر میری کوئی لڑکی ہوتی تو اس کا نکاح اس سے کر دیتا۔ عتیم بن اوس داری نے مسجد نبوی میں پہلی بار باقاعدہ روشنی کا انتظام کیا۔ عتیم بن اوس شام کے رہائشی تھے۔ مسیح کے پیروکار تھے۔ آپ کا قبیلہ کون سا تھا؟ آپ داری کیسے بنے؟

ج: ان کا قبیلہ لخم تھا۔ اقدار میں ایک شخص دار تھے۔ داری بن گئے۔

س: عتیم نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: ۹ ہجری میں بھائی نعیم کے ساتھ۔

س: عتیم کو خیر اہل المدینہ کا خطاب ملا۔

ج: ۹ ہجری میں غزوہ تبوک میں حصہ لیا۔

س: عتیم انجیل کے عالم تھے۔ قرآن کے ساتھ شغف تھا۔ قرآن کے جمع کے وقت تمیم بھی ان کے ساتھ تھے۔ تمیم عورتوں کو باقاعدہ ترویج پڑھاتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# قیس بن سعد

## عدی انصاری۔ بزرگ صحابی

س: الٰہی سعد پر اپنی رحمت فرما کس صحابی کے لئے یہ دُعا کی گئی؟

ج: قیس کے والد سعد بن عبادہ کیلئے۔

س: قیس کا حسب نسب بتایئے؟

ج: والد سعد بن عبادہ والدہ فکیہہ۔ بنت عبید دونوں قبیلہ سعد سے تھے۔

س قیس بن سعد گدھے / گھوڑے پر سوار ہوتے تو پاؤں زمین پر لگتے۔ آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: سریہ سیف البحر اور غزوہ فتح مکہ۔

س: فیاضی اور سخاوت کس خاندان کا خاصہ ہے؟

ج: سیف البحر میں مجاہدین کے کھلانے کے لیے تین اونٹ قرض لے کر ذبح کیے۔

س: فتح مکہ کے دن علم (جھنڈا) کن کن صحابہ کرامؓ کے ہاتھوں میں آیا۔

ج: فتح مکہ کے دن علم سعد بن عبادہ کے پاس تھا پھر ان کے بیٹے قیس بن سعد کے پاس۔ کیا پھر اِن سے لیکر زبیر بن العوام کو دیا گیا۔

س: قیس بن سعد نے کہاں وفات پائی؟

ج: ۶۰ ہجری میں۔ مدینہ میں وفات پائی۔

# حضرت عبداللہ بن سلام

## (اہل کتاب صحابی)

س: عبداللہ کی کنیت ابو یوسف تھی، ان کا حسب نسب بتایئے؟

ج: نام معین تھا۔ خاندان قینقاع سے تعلق تھا۔ آہن گری میں خصوصی مہارت تھی۔ عبداللہ بن سلام قبیلہ کے سردار بڑے عالم تھے۔ تورات میں حضورﷺ کی نشانیاں پڑھ کر اسلام لائے ا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نبوی میں مدینہ ۹ لوگ اسلام لائے عبداللہ بھی زیارت کے لئے بے چین تھے۔ ایک دن اپنی پھوپھی کے باغ میں (خالدہ بنت حارث) پھل توڑ رہے تھے۔ حضورﷺ کی آمد پر نعرہ تکبیر بلند کیا۔

س: عبداللہ بن سلام کب اسلام لائے؟

ج: ۱۳ نبوی میں۔

س: حصین بدل کر کس نے عبداللہ نام رکھا؟

ج: حضورﷺ نے۔

س: عبداللہ نے حضورﷺ اسلام قبول کرنے سے پہلے کون سے سوالات کیے؟

ج: (1) قیامت کی پہلی علامت۔ (2) اہل جنت کو کھانے سے پہلے کیا دیا جائے گا۔ (3) کس وجہ سے بچے کی شکل ماں یا باپ پر ہوتی ہے؟

س: حضورﷺ نے تینوں سوالات کے جوابات دیئے۔

ج: آگ ہوگی جو مشرق سے مغرب تک جائے گی۔ پہلی خوراک مچھلی کا جگر۔ اگر ماں کا مادہ تولید غالب رہا تو ماں کی شکل، والد کا ہو تو بچہ والد کی شکل پر ہوگا۔

عبداللہ بن سلام احزاب میں مدینہ کی حفاظت کرنے والوں میں شامل تھے۔ عبداللہ بن سلام علی کو مدینہ چھوڑ کر کوفہ جانے سے منع فرماتے رہے۔

س: عبداللہ بن سلام نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: ۴۳ ہجری میں امیر معاویہ کے زمانے میں وفات پائی۔

حضرت عبداللہ بن سلام کو جنت کی بشارت دی گئی۔ عبداللہ بن سلام عالم اور حافظ قرآن بن گئے۔ عبداللہ کو خواب کی تعبیر خود حضورﷺ نے بتائی کہ تم مرتے وقت اسلام پر قائم رہو گے۔

## ابو العاص بن ربیعہ

س: حضرت عثمان، حضرت علی، حضورﷺ کے داماد تھے، تیسرے داماد کا نام بتایئے؟

ج: ابو العاص بن ربیع۔

س: ابو العاص کا حضورﷺ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت خدیجہؓ کے بھانجے تھے۔

س: حضورﷺ امین تھے۔ آپ نے اپنے کس داماد کو امین کہا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ابوالعاص کو جو کہا سچ کہا۔ وعدہ کیا پورا کیا۔

س: آپ کا نکاح حضرت زینب سے کب ہوا؟

ج: بعثت سے چند سال پہلے۔

س: حضور ﷺ نے فرمایا کہ تمہارے داماد نے ہماری دامادی کا پورا حق ادا کیا۔

ج: شعیب ابی طالب میں یہ اپنی خالہ کے لئے کھانے پینے کی اشیاء پہنچاتے رہے۔

س: جنگ بدر میں ابوالعاص کو کس نے قیدی بنایا؟

ج: عبداللہ بن جبیر کے ہاتھوں گرفتار ہوئے۔

س: ابوالعاص کی رہائی کیلئے زینب بنت رسول نے دیور عمرو بن ربیع کے ہاتھ کیا بھیجا؟

ج: ایک ہار جو حضرت خدیجہ نے انہیں جہیز میں دیا تھا۔

س: رسول ﷺ نے زینب کا ہار دیکھ کر کیا فرمایا؟

ج: اگر مناسب سمجھو تو زینب کو یہ ہار واپس کر دو۔ یہ اس کی ماں کی نشانی ہے۔ ابوالعاص کا فدیہ ہے کہ وہ مکہ جا کر زینب کو مدینہ بھیج دے۔ ابوالعاص نے وعدہ کے مطابق زینب کو اپنے چھوٹے بھائی کنانہ کے ساتھ مدینہ روانہ کیا۔ مگر مشرکین نے انہیں طویٰ کے مقام پر گھیر لیا۔ ہبار بن اسود نے نیزہ مارا تو زینب اونٹ سے گری اور حمل ساقط ہو گیا۔ ابوسفیان نے بیچ بچاؤ کروایا۔ مشرکین نے ابوالعاص کو زینب کو طلاق دینے پر مجبور کیا لیکن ابو العاص نہ مانے۔

س: دوسری مرتبہ ابوالعاص کب مدینہ پہنچے؟

ج: ۶ ہجری کے آخر میں تجارتی قافلہ شام کے ساتھ عیص کے مقام پر مسلمانوں نے مال لوٹ لیا۔ ابوالعاص نے مدینہ پہنچ کر حضرت زینب کی پناہ لی۔ فجر کی نماز میں زینب نے کہا میں نے ابوالعاص کو پناہ دی ہے۔ تم بھی اسے پناہ دو۔

س: صحابہؓ نے ابوالعاص کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج: لوٹا ہوا مال واپس کر دیا۔

س: ابوالعاص کب مسلمان ہوئے؟

ج: محرم سات ہجری میں مدینہ آ کر کاروبار شروع کیا۔

س: حضرت زیب نے کب وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ۸ ہجری میں، بیٹا علی، اور بیٹی امامہ چھوڑی۔

س: ابوالعاص کب فوت ہوئے؟

ج: ۱۳ ہجری میں جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

## حضرت طفیل ذوالنور

قبیلہ اوس کے شاعر تھے۔ طفیل بن عمرو مکہ گئے تو لوگوں نے ان کو آگاہ کیا کہ محمد ﷺ کی بات نہ سُننا۔ وہ باپ کو بیٹے سے میاں کو بیوی سے الگ کر دیتے ہیں۔ طفیل نے کانوں میں روئی ٹھونس لی۔

حضور سے سورہ اخلاص اور معوذتین سنی اور اسلام لے آئے۔ طفیل نے کلام الٰہی سُن کر کہا کہ اس سے بہتر کوئی کلام آج تک نہیں سُنا۔ حضور نے طفیل کو راستہ دکھانے کے لیے نشانی دی طفیل وہ نشانی لیکر اندھیرے میں چل دیئے۔ راستہ میں اِن کا چہرہ روشن ہو گیا۔ طفیل نے دعا کی کہ اللہ اِسے چہرے کی بجائے کسی اور جگہ منتقل فرما دے۔ تو یہ روشنی عصا میں منتقل ہو گئی۔

س: ذوالکفین نام کا بت کس نے توڑا؟

ج: ۲ ہجری میں طفیل نے۔ اِس کی وجہ سے ذوالنور کا لقب ملا۔

س: طفیل کی تبلیغ سے کس کس نے اسلام قبول کیا؟

ج: والدہ، بیوی اور بچوں نے اللہ کے دین کو قبول کیا۔

س: سرداری کی تبلیغ سے قبیلہ اوس کا صرف ایک آدمی اسلام لایا وہ کون تھا؟

ج: ابو ہریرہ۔

س: طفیل ذولنور نے کون سے غزوات میں حصہ لیا؟

ج: ۷ ہجری میں ۸۰ افراد سے غزوہ خیبر میں شریک ہوئے۔ غزوہ طائف میں بھی شمولیت کی۔

س: طفیل دوسری کس جنگ میں شریک ہوئے؟

ج: جنگ یمامہ میں۔

## حضرت عبدیالیل ثقفی

س: طائف کے ایک رئیس عبدیالیل نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ۹ ہجری میں ۱۵ افراد کے ساتھ حاضر ہوئے۔ بڑی بحث ومباحثہ کے بعد اسلام قبول کیا۔ اہل طائف جو بتوں کی پرستش کرتے تھے۔ عمرو بن عمیر کے تین بیٹے تھے۔ عبدیالیل، مسعود،

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حبیب۔ ان لوگوں نے سفر طائف میں حضور ﷺ سے بڑی بدتمیزی کی، غنڈے پیچھے لگا دیئے۔ طائف کا محاصرہ تین ماہ جاری رہا۔

س: آپ نے دُعا کی یا اللہ اہل طائف کو ہدایت دے کہ وہ میرے پاس حاضر ہو جائیں۔ یہ دُعا کب قبول ہوئی؟

ج: ۹ ہجری میں یہ وفد مدینہ آیا۔ اس طرح یہ دُعا قبول ہوئی۔

س: واپسی پر اُنہوں نے حضور ﷺ سے کہا کہ ہمارے لئے کسی کو امام مقرر فرمائیں۔ آپ نے کسے امام مقرر فرمایا؟

ج: آپ ﷺ نے عثمان بن ابی العاص کو امام مقرر فرمایا۔ یہی تمہارا اور میرا امام ہے۔

## حضرت عتاب بن اسید (اموی)

س: فتح مکہ کے بعد حضور ﷺ نے کسے عامل مقرر کیا۔

ج: حضرت عتاب بن اسید کو۔

س: فتح مکہ سے پیشتر حضور ﷺ نے کن چار صحابہ کا رجحان اسلام کی طرف ہے کا ذکر کیا؟

ج: ۱۔ عتاب بن اسید۔ ۲۔ سہیل بن عمر۔ ۳۔ حکم بن خرام۔ ۴۔

س: حضور ﷺ نے حضرت علی کو ابوجہل کی بیٹی سے نکاح کی اجازت نہ دی تو کس کا نکاح اس سے ہوا؟

ج: عتاب بن اسید سے ابوجہل کی بیٹی الحنفا سے نکاح ہوا۔

س: عتاب نے کب وفات پائی؟

ج: عتاب نے ۱۳ ہجری میں ۲۵ سال کی عمر میں وفات پائی۔

## حضرت عثمان بن طلحہ عبدری

س: جو شخص تم میں سے یہ چابی چھینے گا وہ ظالم ہوگا۔ یہ کس کے الفاظ ہیں۔

ج: رسول اللہ ﷺ کے۔

س: ان کا تعلق قریش کی کس شاخ سے تھا۔

ج: ان کا تعلق قریش کی شاخ بنی عبدالدار سے تھا۔ یہ عثمان بن طلحہ تھے۔ والدہ کا نام سلافہ تھا۔ ان کے والد سلافہ زمانہ جاہلیت سے کلید بردار کعبہ تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ام سلمٰی کی ہجرت مدینہ میں کس نے انہیں مدینہ پہنچایا؟

ج: عثمان بن طلحہ

س: عثمان بن طلحہ ابھی مسلمان نہ تھے۔ سلمٰی اکیلی مکہ سے مدینہ جا رہی تھی۔ خدا کی قسم میں نے عثمان بن طلحہ سے بڑھ کر (ساتھ دینے والا) شریف انسان کوئی نہیں دیکھا۔ یہ الفاظ کس کے ہیں؟

ج: حضرت ام سلمٰی کے۔

س: عثمان بن طلحہ نے ۶ ہجری میں فتح مکہ سے پہلے اسلام قبول کر لیا تھا۔ آپ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: حنین، طائف، میں حضورﷺ کی وفات کے بعد مکہ آ گئے، وہیں وفات پائی۔

س: حضورﷺ کعبہ کی کنجی عثمان بن طلحہ کو کیوں نہیں دینا چاہتے تھے؟

ج: چابیاں والدہ کے پاس تھیں جو مسلمان نہ ہوئی تھیں۔ حضرت عثمان نے یہ کنجی والدہ سے زبردستی لے کر رسولﷺ کو دی تھی۔ پارہ ۵، رکوع ۵ کی آیت کے نزول کے بعد چابی عثمان بن طلحہ کو دے دی گئی۔

## حضرت فضل بن عباس (رشتہ دار صحابی)

س: والد کا نام عباس، والدہ کا نام ام الفضل، صحابی کا نام بتایئے؟

ج: حضورﷺ کے چچازاد فضل بن عباس، قدیم الاسلام تھے۔ فتح مکہ کے بعد والدین کے ساتھ ہجرت مدینہ کی۔

س: فضل بن عباس نے کہاں کہاں حضورﷺ کی ہم رکابی کی؟

ج: فتح مکہ سے غزوہ حنین تک۔

س: جب حضورﷺ آخری خطبہ کیلئے باہر آئے تو حضرت فضل نے آپ کو سہارا دیا۔ حضورﷺ کے آخری غسل کے لیے فضل پانی لاتے تھے۔ حضرت علی غسل دیتے تھے۔ فضل کب کیسے فوت ہوئے؟

ج: ۱۸ ہجری میں طاعون عمواس میں فوت ہوئے۔ بعض کا خیال ہے کہ جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

## حضرت کرز بن جابر فہری

س: کس شخص نے اہل مدینہ کے مویشی لوٹ لئے تھے اور بعد میں اسلام لائے اور صحابی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



رسول ﷺ کہلائے۔

ج: ۱۲ ہجری میں جماء کی چراہ گاہ سے مویشی لوٹے۔ اس کے کچھ عرصہ بعد مسلمان ہو گئے۔

س: ۶ ہجری میں ۸ آدمی اسلام لائے۔ قبیلہ کے بیمار لوگوں کو حضور ﷺ نے قبا کے قریب بھیج دیا۔ تا کہ مویشی چرائیں، اونٹنیوں کا دودھ پی کر تندرست ہو جائیں تندرست ہوئے تو غداری کی غلام یسار کے ہاتھ کاٹ دیئے۔ آنکھوں اور زبان میں کانٹے چبھوئے۔ پکڑے گئے تو کیا سزا ملی۔

ج: خالد بن ولید کے ہاتھوں کرز بن جابر شہید ہوئے۔

## ابان بن سعید (کاتب وحی)

س: اس صحابی کا نام بتایئے جو شام کے تجارتی سفر پر ایک راہب کی باتوں کے سبب متاثر ہو کر مسلمان ہوئے۔

ج: ابان بن سعید۔

س: ان کے والد اور والدہ کا نام بتایئے۔

ج: والد کا نام ابو احیحہ بن سعید اور والدہ ہند بنو مخزوم تھیں۔

س: ان کے بھائی خالد بن سعید اور عمرو بن سعید پہلے مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابان نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: صلح حدیبیہ کے بعد مسلمان ہوئے۔

س: غزوہ بدر اور احد میں مشرکین کی طرف سے لڑے۔ فتح مکہ کے بعد ان کو بحرین کا حاکم بنایا گیا۔ اس سے پہلے بحرین ہی کے محصول زکوٰۃ و جزیہ کے عامل مقرر ہوئے۔ ابان بن سعید کاتب وحی تھے۔ روایت ہے کہ زید بن ثابت نے ان کی نگرانی میں مصحف عثمانی کی کتابت کی۔ کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: اجنادین / یرموک میں شہید ہوئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت حنظلہ بن ابی عامر

## انصاری۔غسیل الملائکہ

س: کس صحابی کو غسیل الملائکہ کہتے ہیں؟

ج: حضرت حنظلہ کو۔

س: آپ کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: اوس کے خاندان عمرو بن عوف سے تھا۔والد ابی عامر،قبیلہ کا رئیس تورات اور انجیل کا عالم تھا۔

س: حنظلہ کیسے شہید ہوئے؟

ج: غزوہ احد کے دن اہلیہ سے خلوت میں تھے۔جنگ کا اعلان ہوا۔انہیں غسل کا خیال ہی نہ رہا۔ہتھیار سجا کر میدان جنگ میں بہادری سے لڑے شہید ہوئے۔آپ ﷺ نے فرمایا، ملائکہ انہیں غسل دے رہے ہیں۔اس طرح یہ غسیل الملائکہ مشہور ہوئے۔

س: کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: احد میں بھی شریک ہوئے۔

# عبداللہ بن ابی بکر (مہاجر مدینہ)

غار ثور میں تین دن کی میزبانی کا شرف حاصل ہے۔قریش کی دن بھر کی کاروائیوں سے آگاہ کرتے۔عبداللہ بن ابی بکر لقب تھا۔بعثت کے ابتدائی دور میں اسلام لائے۔

س: حضرت عبداللہ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: ماں قتیلہ بنت عبدالعزیٰ کے قبیلہ سے تھیں۔اسلام نہ لانے پر ابوبکر نے طلاق دے دی۔عبداللہ اسماء بنت ابوبکر کے حقیقی بھائی تھے۔

س: حضرت عبداللہ بن ابی بکر نے کب ہجرتِ مدینہ کی؟

ج: سوتیلی والدہ ام رومان۔اسماء، عائشہ کے ساتھ مدینہ آئے۔حارثہ بن نعمان انصاری کے گھر رہے۔عبداللہ بن ابی بکر کی شادی نہایت حسین عاقلہ فاضلہ صحابیہ۔عاتکہ بنت زید سے ہوئی۔سعید بن زید کی ہمشیرہ تھی۔والدہ کے کہنے پر عبداللہ نے اپنی بیوی کو طلاق دی۔پھر پریشان رہے۔ابوبکر نے رجعت کی اجازت دے دی۔

س: عبداللہ ابی بکر نے کب وفات پائی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: طائف کے محاصرہ میں ابومحجن ثقفی کے تیر سے شہید ہوئے۔ کوئی اولاد نہ تھی۔
س: جنگ جمل میں حضرت عبداللہ نے کن کا ساتھ دیا؟
ج: حضرت عائشہ

## حضرت حنظلہ بن ربیعہ

### کاتب رسول۔ سابقون الاولون

س: حضرت حنظلہ کا حسب نسب بتائیے؟
ج: والد ربیع بن صیفی تھا۔ ابتدائی مسلمانوں میں سے تھے۔
س: غزوہ طائف میں حنظلہ کو مصالحت کے لئے بھیجا گیا۔ آپ کو کاتب رسول ﷺ کیوں کہا جاتا ہے؟
ج: آپ حکمرانوں کو بھیجے جانے والے خطوط کی خطابت کرتے تھے۔ حضرت عمر کے دور میں جنگ قادسیہ میں حصہ لیا۔
س: حنظلہ بن ربیعہ کب فوت ہوئے؟
ج: حضرت معاویہ کے دور میں وفات پائی۔

## حاطب بن عمرو

### بدری سابقون الاولون مہاجر حبشہ ومدینہ

س: آپ نے اپنے بھائیوں کے ساتھ کب اسلام قبول کیا؟
ج: دار ارقم میں سکران بن عمرو کے ساتھ مسلمان ہوئے۔
س: حاطب کا کس خاندان سے تعلق تھا؟
ج: خاندان بنو عامر سے تعلق تھا۔ اس لئے عامری قریشی کہلائے۔ والد اسماء بھی اسی خاندان سے تھیں۔
س: حاطب نے پہلی ہجرت حبشہ کی، واپس کس کے پاس آئے۔
ج: خاندان کے ایک رئیس جویطب بن عبدالقری کی پناہ میں مکہ آئے۔

## عبداللہ بن ارقم (کاتب رسول۔ مہاجر مدینہ)

خاص رازدان رسالت تھے۔ عبداللہ کو تحریر وکتابت میں خصوصی مہارت حاصل تھی۔ آپ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



حاکمین، سلاطین کو خطوط لکھتے تھے۔ ابتدائی پوشیدہ خط و کتابت عبداللہ کے پاس رہتی تھی۔ رشتہ میں رسول ﷺ کے بھتیجے تھے۔ ان کے والد حضور ﷺ کے ماموں زاد تھے۔ فتح مکہ کے وقت آپ اِسلام لائے۔

س: آپ کا حسب نسب بتایئے؟

ج: قبیلہ زہرہ سے تھے۔ والد کا نام ارقم بن ارقم قبیلہ بنی یعقوب سے تھا۔

س: ابوبکر کے زمانے میں عبداللہ مراسلات کی کتابت کیا کرتے تھے۔ حضرت عمر کے زمانے میں کتابت کے علاوہ بیت المال کی نگرانی بھی کرتے تھے۔ عبداللہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: نابینا ہو گئے تھے۔ ۳۵ ہجری میں مدینہ میں انتقال کیا۔ چند احادیث کے راوی ہیں۔

# عبداللہ بن زید انصاری

## صاحب الشجر، انصاری صحابی، سابقون الاولون

س: عبداللہ کس صحابیہ کے بیٹے تھے (ام عمارہ) خزرج کی شاخ بنونجار سے تھے۔

س: عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: مصعب بن عمر کی تبلیغ سے۔ غزوہ احد میں والدہ ام عمارہ۔ حبیب بن زید کے ساتھ لڑے فتح مکہ، غزوہ حنین میں شریک تھے۔ حدیبیہ اور عمر القضاء میں بھی شریک تھے۔ مسلمہ کذاب کے خلاف جنگ یمامہ میں حصہ لیا۔

س: عبداللہ کب کہاں شہید ہوئے؟

ج: ۷۵ سال کی عمر میں یزیدی لشکر کے خلاف لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

# لبید بن ربیعہ (شاعر بزرگ صحابی)

بنی عامر سے تعلق تھا۔ ۹ ہجری میں قبیلہ جعفر بن کلاب کے ساتھ حاضر ہوئے۔ 13 برس کی عمر میں مسلمان ہوئے۔ یہ نامور شاعر تھے۔ وہ ان سات شاعروں میں شامل تھے۔ جن کے کلام زمانہ جاہلیت میں کعبہ میں آویزاں کئے جاتے تھے۔ رسول اللہ اِن کے اشعار کو بہت پسند فرماتے تھے۔ شعرا کے کلام میں لبید کا کلام بہت اچھا تھا۔ ۴۱ ہجری ۱۴۵ برس کی عمر میں وفات پائی۔ حضور ﷺ سے فرمایا کرتے تھے کہ مجھے شعر کے بدلے میں سورۃ بقرہ اور سورۃ آل عمران دی گئی ہیں۔

◆◆◆◆◆

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ﴿ اُمہات المومنین ﴾

## ام المومنین سیدہ خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ عنہا

س: حضور ﷺ کی پہلی زوجہ کا نام بتایئے۔

ج: حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ

س: خدیجۃ الکبریٰؓ کی والدہ کا کیا نام تھا۔

ج: فاطمہ بنت زائدہ۔

س: آپ کی کنیت اور لقب کیا تھا۔

ج: نام خدیجہ کنیت ہند اور لقب طاہرہ تھا۔

س: آپ کے والد ماجد کا نام بتایئے۔

ج: خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ۔

س: کیا خدیجہ بنت اسد مکہ کے بڑے تاجر تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا قصی حضرت خدیجہ کے دادا اور حضرت محمد ﷺ کے جد اعلیٰ تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضرت خدیجہ کا نکاح ورقہ بن نوفل سے طے پایا تھا۔

ج: جی ہاں۔ بعض وجوہات کی بنا پر نکاح نہ ہو پایا۔

س: ورقہ بن نوفل کس چیز کے بڑے عالم تھے۔

ج: تورات اور انجیل کے۔

س: حضرت خدیجہؓ کا پہلا نکاح کن سے ہوا۔

ج: ابو ہالہ۔

س: حضرت خدیجہؓ کی اولاد ابو ہالہ سے کیا تھی۔

ج: 2 لڑکے ہالہ اور ہند تھے۔

س: حضرت خدیجہؓ کے والد محترم کس جنگ میں شہید ہوئے۔

ج: جنگ فجار میں۔ واقعہ عام الفیل سے 20 سال پہلے کا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت خدیجہ کا دوسرا نکاح کن سے ہوا۔
ج: عتیق بن عابد مخزومی۔
س: دوسرے خاوند حضرت خدیجہ کی اولاد کیا تھی۔
ج: لڑکی ہند پیدا ہوئی۔
س: پہلے اور دوسرے خاوند کی وفات پر آپ اکیلی رہ گئیں تجارت کون کرتا تھا۔
ج: پھر آپ نے تجارت کا سلسلہ خود شروع کر دیا۔
س: آپ کی تجارت کا مرکز کون سا ملک تھا۔
ج: ملک شام۔
س: کیا حضرت خدیجہؓ کی نظریں کسی ایماندار شخص کی تلاش میں تھیں جو تجارت میں ہاتھ بٹا سکے۔
ج: حضرت خدیجہ نے آپ (محمد ﷺ) سے رابطا کیا۔
س: کس نے آپ (محمد ﷺ) کو تجارت پر رضامند کیا۔
ج: چچا ابو طالب نے۔
س: کیا حضرت محمد ﷺ مکہ میں صادق اور امین کے القاب سے مشہور تھے۔
ج: جی ہاں۔
س: حضرت خدیجہؓ نے حضور ﷺ کو اپنے کس غلام کے ہمراہ بھیجا۔
ج: غلام میسرہ کے ساتھ۔ میسرہ نے اس سفر میں نبی کریم ﷺ سے غیر معمولی انوار و برکات دیکھیں اور خدیجہؓ سے بیان کیں۔
س: نبوت کے 7ویں سال بنو ہاشم اور ابو طالب کا قریش نے بائیکاٹ کر دیا یہ بائیکاٹ کتنے عرصے رہا۔
ج: تین سال 7 نبوت سے 10 نبوت تک۔
س: شعب ابی طالب کا زمانہ کیسے گزرا۔
ج: مکینوں نے درختوں کے پتے کھائے، فاقے اور مصائب کاٹے، بڑی مشکل کا وقت گزارہ۔
س: کیا حضور ﷺ نے حضرت خدیجہ کی موجودگی میں دوسرا نکاح کیا۔
ج: جی نہیں۔
س: حضور ﷺ خدیجہ کی وفات کے بعد ان کے بارے میں حضرت عائشہؓ سے کیا فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: لوگوں نے انکار کیا، خدیجہ ایمان لائی، لوگوں نے جھٹلایا، خدیجہ نے اپنے مال سے میری مدد کی۔ اللہ نے مجھے ان سے اولاد دی۔

س: حضور ﷺ نے فرمایا کہ چار عورتوں کو دنیا کی تمام عورتوں پر فضیلت حاصل ہوئی۔ وہ کون ہیں۔

ج: مریم بنت عمران، حضرت آسیہ زوجہ فرعون، حضرت خدیجہ بنت خویلد، حضرت فاطمہ بنت محمد ﷺ۔

س: جبرائیل پیغمبر حضرت محمد ﷺ کے پاس آئے تو حضرت خدیجہؓ کے بارے میں کیا فرمایا۔

ج: جبرائیل نے جنت کے گھر کی بشارت دی جو موتیوں سے بنا ہوا ہے۔

س: حضور ﷺ کی حضرت خدیجہؓ سے کون سی اولاد ہوئی۔

ج: خدیجہ سے 2 لڑکے، 4 لڑکیاں حضرت قاسم، حضرت عبداللہ، حضرت زینب، حضرت ام کلثوم حضرت رقیہؓ، حضرت فاطمہؓ۔

س: ان کے علاوہ کسی بیوی سے کوئی اولاد ہوئی۔

ج: حضرت ماریہ قبطیہ سے حضرت ابراہیم پیدا ہوئے۔

س: حضرت خدیجہ نے کب وفات پائی۔

ج: شعب ابی طالب کے بعد رمضان المبارک میں، چچا کے ایک ہفتہ بعد (عام الحزن) دس رمضان المبارک۔

س: حضرت خدیجہؓ کا جنازہ کس نے پڑھایا۔

ج: اس وقت جنازہ کا حکم نہ تھا۔

س: خدیجہ کہاں دفن ہیں۔

ج: جدون میں (مکہ) موجود جنت المعلیٰ۔

س: حضور ﷺ حضرت جبرائیل کی پہلی ملاقات کے بعد پریشان تھے حضرت خدیجہؓ نے تسلی دی تو کیا فرمایا۔

ج: آپ ﷺ رشتہ داروں کے حقوق کی ادائیگی کرتے ہیں، مہمانوں کی تواضع کرتے ہیں۔ کمزوروں کی دست گیری فرماتے ہیں محتاجوں کی مدد فرماتے ہیں۔ امانت گزار ہیں، اللہ آپ کو تنہا نہیں چھوڑے گا ضائع نہیں کرے گا۔

س: حضرت خدیجہؓ حضور ﷺ کو لے کر کس کے پاس گئیں۔

~~ج: راہب کے پاس~~ (راہب نے بات سن کر کہا یہ پاک فرشتہ عیسیٰ کے پاس بھی آئے تھے)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا حضرت خدیجہؓ آپ ﷺ کو کسی اور عالم کے پاس بھی لے کر گئیں۔

ج: جی ہاں عیسائی عالم کے پاس، عداس نے کہا یہ ناموس موسیٰ کے پاس بھی آئے تھے۔

س: کیا آخر میں حضرت خدیجہؓ اپنے چچازاد ورقہ بن نوفل کے پاس لے گئیں یہ نصرانی تھے۔

ج: انہوں نے کہا یہ فرشتہ ہے جو موسیٰ کے پاس بھی آیا تھا۔ ورقہ بن نوفل تورات، زبور اور انجیل کے عالم تھے۔

س: جب ورقہ بن نوفل نے حضور ﷺ سے کہا کہ تمہیں مکہ والے مکہ سے نکال دیں گے۔ قوم تمہیں جھٹلائے گی، اس سے حضرت خدیجہ نے کیا اخذ کیا۔

ج: خدیجہ نے اخذ کیا کہ آپ پیغمبر ہیں۔

س: ابن سعد سے روایت ہے کہ عفیف کندی کی خریداری کیلئے مکہ آئے۔ عباس بن مطلب کے ہاں ٹھہرے۔ تو صبح انہوں نے کیا دیکھا۔

ج: ایک نوجوان آیا قبلہ رخ کھڑا ہو گیا لڑکا آیا وہ ان کے دائیں کھڑا ہو گیا، پھر ایک عورت آئی جو ان دونوں کے پیچھے کھڑی ہوگئی۔ پھر نماز ختم کر کے چلے گئے۔

س: حضرت خدیجہؓ کی آپ کی رفاقت حضور ﷺ سے کتنے برس رہی۔

ج: 25 سال۔

## حضرت سودہ

س: ایک دفعہ ازواج مطہرات نے حضور ﷺ سے پوچھا کہ امہات المومنین میں سے سب سے پہلے کون فوت ہوگی۔

ج: آپ نے فرمایا کہ جس کا ہاتھ سب سے لمبا ہوگا۔ ہاتھ حضرت سودہ کا لمبا تھا لیکن وفات حضرت زینب بنت خزیمہ کی پہلے ہوئی۔ ہاتھ کی لمبائی سے مراد سخاوت اور فیاضی تھی۔

س: حضرت سودہ نے کب وفات پائی۔

ج: 54 ہجری۔

س: حضرت سودہ سے حضور کی کوئی اولاد ہوئی۔

ج: جی نہیں، پہلے شوہر سکران سے عبدالرحمن پیدا ہوئے، سکران کے بیٹے عبدالرحمن نے جلولہ (فارس) میں شہادت پائی۔

س: حضرت سودہ سے کتنی احادیث مروی ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: 5 حدیثیں۔

س: حضرت عائشہؓ کے حضرت سودہ کے بارے کیسے اچھے خیالات تھے۔

ج: حضرت عائشہؓ نے ایک دفعہ فرمایا کہ, مجھے کبھی کسی عورت کو دیکھ کر یہ خیال نہیں آیا کہ اس کے قالب میں میری روح ہوتی۔ سوائے حضرت سودہ کے۔

س: کیا حضرت سودہ نے حضور کے بعد کوئی حج کیا۔

ج: نہیں۔

س: حضرت سودہ کا ہنر کیا تھا۔

ج: کھالیں رنگتی تھیں۔

س: حضرت سودہ نے اپنی باری کس کو دے دی تھی۔(حضور ﷺ نے بیویوں کے لیے ایک ایک رات مقرر کی ہوئی تھی)۔

ج: حضرت عائشہؓ کو۔

س: ایک دفعہ حضرت سودہ قضائے حاجت کیلئے صحراء میں جارہی تھیں کہ حضرت عمرؓ نے کہا ہم نے آپ کو پہچان لیا ہے حضرت سودہ نے اسے کیسا لیا۔

ج: سودہ کو نہایت ناگوار گزرا۔

س: کیا اس واقعہ کے بعد آیات حجاب نازل ہوئی۔

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضرت سودہ دجال کے خروج کے بارے میں بہت ڈرتی تھیں۔

ج: جی ہاں۔

س: حضرت سودہ کا حق مہر کیا تھا۔

ج: چار سو درہم۔

س: کیا حضرت سودہ اور عائشہ کے نکاح کے دورانیہ میں زیادہ فرق تھا۔

ج: جی نہیں تھوڑا فرق تھا۔

س: حضرت سودہ کس قبیلہ سے تھیں۔

ج: قبیلہ عامر بن لوئی۔

س: آپ کیا حسب نسب کیا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: سودہ بنت زمعہ بن قیس, والدہ کا نام شموس تھا, جو بنی نجار سے تھیں۔

س: حضرت سودہ کی پہلی شادی کس سے ہوئی۔

ج: سکران بن عمرو۔

س: سکران اور سودہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: دونوں قدیم الاسلام تھے۔

س: کیا سکران اور سودہ نے ہجرت حبشہ کی۔

ج: جی ہاں۔

س: سکران نے کب وفات پائی۔

ج: حبشہ سے مدینہ آئے چند دن بعد وفات پائی۔

س: حضرت سودہ حضور کے نکاح میں کن کی وساطت سے آئیں۔

ج: خولہ بنت حکیم۔

س: خولہ بنت حکیم سودہ کے والد کے پاس گئیں تو پرانے طریقے سے سلام کیا اور مدعا بیان کیا۔ کہ میں سودہ کا رشتہ محمد ﷺ کے لیے مانگنے آئی ہوں۔ جواب میں انہوں نے کیا کہا۔

ج: محمد ﷺ شریف انسان ہیں لیکن سودہ سے مشورہ ضروری ہے۔

س: سودہ کے بھائی جو گھر پر نہ تھا۔ آنے پر اپنے سر میں خاک ڈال لی۔(اس شادی کی وجہ سے)ان کا نام کیا تھا۔

ج: عبداللہ بن زمعہ۔

س: حضرت سودہ نے خواب دیکھا تو سکران نے کیا کہا کہ میرا وقت قریب ہے تم پیغمبر سے نکاح کر لینا۔ کیا یہ خواب سچ ہوا۔

ج: یہ خواب حرف بہ حرف سچ ثابت ہوا۔

س: سودہ کا حضور سے نکاح رمضان 10 نبوی میں ہوا تھا۔ حضرت سودہ یا حضرت عائشہ میں سے کون نکاح میں آئیں۔

ج: حضرت سودہ۔

س: ہجرت کے بعد حضور نے اہل خانہ کو مکہ سے بلانے کیلئے کسے بھیجا۔

ج: زید بن حارثہ کو۔

س: 10 ہجری حج کے موقع پر کیا سودہ بھی حضور کے ہمراہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: جی ہاں۔

س: حضرت سودہ کا جسم بھاری تھا کیا آپ کو مزدلفہ سے جلدی روانہ کر دیا تھا۔

ج: جی ہاں۔

## حضرت عائشہؓ

س: آپ کا نام عائشہ تھا کنیت اور لقب بتائیے۔

ج: لقب صدیقہ کنیت ام عبداللہ۔

س: عائشہ کی والدہ کا نام بتائیے۔

ج: ام رومان بنت عامر۔

س: کیا حضرت عائشہ کی کوئی اولاد تھی۔

ج: جی نہیں۔

س: کنیت آپ نے حضور کے مشورہ سے کس نام سے رکھی۔

ج: بھتیجے کی نسبت سے ام عبداللہ۔

س: حضرت عائشہ کی کب ولادت ہوئی۔

ج: بعثت نبوی سے 4 سال بعد ہوئیں۔

س: کس صحابیہ کی یادداشت اتنی اچھی نہ تھی جتنی حضرت عائشہ کی تھی کیا یہ سچ ہے۔

ج: جی ہاں۔

س: عائشہ کی گڑیاں میں ایک گھوڑا بھی تھا حضور نے فرمایا گھوڑوں کے پر نہیں ہوتے، عائشہ نے بے ساختہ جواب دیا حضرت سلمان کے گھوڑوں کے پر تھے۔ جواب سن کے حضور نے کیا کہا۔

ج: حضور بہت مسکرائے۔

س: حضرت عائشہ کو امہات المومنین میں کون سا اعزاز حاصل تھا۔

ج: وہ کنواری تھی۔

حضرت عائشہؓ کی چند خصوصیات جو کسی دوسری بیوی کو نصیب نہیں ہوئیں۔

1. نکاح سے پہلے جبرائیل امین ایک ریشمی کپڑے میں حضرت عائشہؓ کی تصویر لے کر آئے اور نبی کریم ﷺ کو فرمایا یہ آپ کی زوجہ ہے۔

2. ان کے سوا کسی کنواری لڑکی سے نکاح نہیں فرمایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



3. رسول ﷺ کی وفات ان کی گود میں ہوئی۔
4. بیت عائشہ میں آپ ﷺ مدفون ہوئے۔
5. آپ ﷺ پر اس وقت بھی وحی نازل ہوئی تھی جب آپ ﷺ حضرت عائشہؓ کے ساتھ ایک لحاف میں ہوئے۔
6. آسمان سے قرآن کی شکل میں ان کی براءت نازل ہوئی۔
7. وہ خلیفہ رسول ﷺ کی بیٹی ہیں۔

س: عائشہ کا حضور سے نکاح کس کے ذریعہ سے ہوا۔
ج: حضرت خولہ بنت حکیم۔
س: کیا عائشہ کی منگنی پہلے کسی سے ہو چکی تھی۔
ج: جی ہاں جبیر بن مطعم سے۔
س: کیا عائشہ کے حضور سے نکاح پر کوئی سوال بھی پیدا ہوا۔
ج: ام رومان عائشہ کی والدہ نے کہا کہ یہ تو حضور کی بھتیجی ہے۔
س: اس سوال کا حضور نے کیا جواب دیا۔
ج: یہ میری دنیوائی بھتیجی ہے۔ نکاح ہو سکتا ہے۔
س: حضرت عائشہ کا حق مہر کیا مقرر ہوا۔
ج: پانچ سو درہم۔
س: حضرت عائشہ کی منگنی اور رخصتی کس عمر میں ہوئی۔
ج: منگنی 6 سال اور رخصتی 9 سال کی عمر میں ہوئی۔
س: حضور ﷺ کا عائشہؓ سے نکاح کب ہوا۔
ج: ماہ شوال میں ہوا، رخصتی بھی شوال میں ہوئی۔ عرب شوال کو طاعون کی وجہ سے پسند نہیں کرتے تھے۔
س: کیا مکہ سے مدینہ کے راستہ میں عائشہ کا اونٹ بدک گیا تھا۔
ج: جی ہاں۔ ام رومان پکار اٹھیں۔ ہائے میری بیٹی ہائے میری دلہن۔
س: اونٹ کس طرح سکون میں آیا۔
ج: غیب سے آواز آئی کہ اونٹ کی نکیل چھوڑ دو۔
س: کیا مدینہ آ کر حضرت عائشہ آب و ہوا کی تبدیلی کی وجہ سے بیمار پڑ گئیں اور سر کے کچھ بال بھی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جھڑ گئے تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: عائشہ کے حق مہر کیلئے 500 درہم کس نے دیئے۔

ج: حضرت ابو بکر نے حضور کو مستعار دیئے۔

س: غزوہ احد میں حضرت عائشہ نے حضور کی کیا خدمت سرانجام دی۔

ج: حضور کے زخموں کو دھویا دیگر زخمیوں کو پانی پلاتی رہیں۔شہدا کی لاشیں مدینہ پہنچاتی رہیں۔

س: واقعہ تحریم سے کیا مراد ہے، یہ واقعہ کیوں پیش آیا۔

ج: حضور عصر کے بعد ازواج کے پاس جاتے آپ زینب بنت جحش کے ہاں شہد کی وجہ سے کچھ زیادہ دیر ٹھہرے۔حفصہؓ نے کہا حضور نے مغافیر کا شہد کھایا ہے۔عائشہؓ کے پاس آئے انھوں نے بھی یہی جملہ کہا۔اس پر حضور نے قسم کھائی کہ آئندہ شہد نہیں کھاؤں گا۔جس پر سورہ تحریم آیات 1 نازل ہوئی۔اے نبی اپنی بیویوں کی خوشنودی کیلئے جو چیز اللہ نے حلال کی ہے اپنے اوپر حرام کرتے ہو۔واقعہ ایلاء امہات المومنین نے اپنے نان نفقہ میں اضافہ کی خوائش ظاہر کی۔ان دنوں آپ گھوڑے سے گر بھی گئے تھے۔عہد کر لیا ایک ماہ تک اپنی ازواج سے کنارہ کش رہوں گا۔حضور ایک ماہ تک حجرہ عائشہ کے متصل بالا خانہ میں سکونت اختیار کی۔مشہور ہو گیا کہ حضور نے بیویوں کو طلاق دے دی ہے۔مہینہ کے 29 دن گزرنے کے بعد آپ عائشہ کے پاس آئے تو عائشہ نے کہا کہ ابھی 29 دن ہوئے ہیں۔حضور نے فرمایا کہ مہنہ 29 دن کا بھی ہوتا ہے۔

## واقعہ غزوہ بنو مصطلق

حضرت عائشہ پر تہمت لگی، یہ واقعہ افک کے نام سے مشہور ہوا۔یہ 5 ہجری کا واقعہ ہے۔اس غزوہ میں عائشہ ساتھ تھیں۔آپ قضائے حاجت کیلئے باہر چلی گئیں، وہاں ہار جو کہ مستعار لیا تھا گر گیا۔کافی دیر تلاش کیا قافلہ چلا گیا۔ہار بھی مل گیا اس وقت آپ کی عمر 14 برس تھی ہلکی پھلکی تھیں۔ہودج اٹھانے والے نے سمجھا کہ بی بی عائشہ ہودج میں موجود ہیں۔قافلہ کی گری ہوئی چیزوں کو اٹھانے کیلئے صفوان بن مطعل کی ڈیوٹی تھی۔صفوان اونٹ کی نکیل پکڑ کر قافلہ میں لے آیا۔منافقین اور کفار نے بدنام کرنا شروع کر دیا اب وہ "پاک دامن نہیں ہیں"۔سیدہ زینب سے پوچھا گیا۔انہوں نے جواب دیا۔خدا کی قسم میں بھلائی کے علاوہ کچھ نہیں دیکھ رہی۔اس پر آیات نازل ہوئیں۔جن کو آیات برات کہتے ہیں۔تم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



نے کیوں نہ کہا کہ یہ صریحاً تہمت ہے۔

س: کیا جبرائیل نے حضور ﷺ سے کہا کہ جنت البقیع جاؤ اور دعا کرو۔ عائشہؓ نے بدگمانی میں حضور ﷺ کا پیچھا کیا۔ استفسار کیا۔

ج: جی ہاں۔

س: عمرو بن عاص نے حضور سے پوچھا۔ آپ کی بیویوں میں سب سے عزیز کون ہے؟

ج: کہا حضرت عائشہؓ۔

س: مردوں میں کون عزیز ہے۔

ج: عائشہؓ کے والد۔

س: حضور ﷺ کے آخری لمحات میں عائشہ کا اعزاز کیا ہے۔ حضور ﷺ 13 دن علیل رہے۔ عائشہؓ کے حجرے میں ٹھہرے۔ "اللھم فی الرفیق الاعلیٰ" وہیں وفات پائی۔ آخری لمحات میں حضرت عبدالرحمن مسواک لائے۔ حضور ﷺ نے طلب کی حضرت عائشہؓ نے چبا کر نرم کر کے حضور ﷺ کو دی۔ رحلت پیر کے دن، عائشہؓ کے حجرے میں عائشہؓ کے باری کے دن عائشہؓ کی گود میں سر رکھ اللہ کو پکارتے ہوئے۔ عائشہ غریب پرور مہمان نواز تھیں، ایک دفعہ عبداللہ بن زبیر نے ایک لاکھ درہم بھجوائے تمام رقم غربا میں تقسیم کر دی آپ روزہ سے تھیں خادمہ سے پوچھا کچھ بچا" ملازمہ نے کہا پہلے کہا ہوتا" کہ گوشت افطاری کیلئے لے لیتے۔

س: ایک شخص نے پوچھا کہ حضور کس طرح بولتے تھے۔

ج: عائشہ نے فرمایا کہ آپ آہستہ بولتے الفاظ گنے جا سکتے تھے۔

س: عائشہ سے کتنی احادیث مروی ہیں۔

ج: دو ہزار دو سو دس (2210۔)

س: عائشہ کی حضور کے رفاقت کتنی ہے۔

ج: 9 سال۔

## حضرت سیدہ حفصہؓ

س: حضرت حفصہ کے والدین کون تھے۔

ج: والد حضرت عمر فاروق والدہ زینب بن مظعون تھی۔ آپ کا خاندان حضرت عمر کے بعد دائرہ اسلام میں داخل ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت حفصہ کا نکاح کن سے ہوا۔
ج: حضرت خنیس بن حذافہ سے جو ابتدائی زمانے میں اسلام قبول کر چکا تھا۔ حضرت خنیس نے 6 نبوت کو ہجرت حبشہ کی۔ 2 ہجری میں بدر میں خنیس نے بڑے جوش و جزبہ سے شرکت کی۔
س: جنگ بدر میں شدید زخمی ہوئے اور شہادت پائی۔ حضرت عمر کو حفصہ کے نکاح ثانی کی ضرورت محسوس ہوئی۔
ج: حضرت عمر نے حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان سے حفصہ کے ساتھ نکاح کو کہا۔
س: دونوں حضرات خاموش رہے۔
س: حضور ﷺ نے فرمایا حفصہ کی شادی اس سے بہتر سے ہوگی جو عثمان سے بہتر ہوں گے، عثمان کی شادی اس سے ہوگی جو حضرت حفصہ سے بہتر ہوگی۔ حضور نے حفصہ سے نکاح کیا اور عثمانؓ کی شادی سیدہ رقیہ سے ہوئی۔
ج: واقعہ تحریم میں حضرت حفصہ کا کردار کیا رہا۔
س: حضور نے زینب بنت جحش سے شہد کھایا اور معمولی دیر ہوگی۔ حضرت عائشہ اور حضرت حفصہ نے مغافیر کی بو کا اظہار کیا۔ نتیجہ کیا نکلا۔
ج: حضور نے قسم کھائی کہ آئندہ شہد استعمال نہیں کروں گا۔ جس پر یہ آیت نازل ہوئی۔ اے نبی تم اپنی بیویوں کی خوشنودی کیلئے ایک حلال چیز اپنے اوپر حرام کر رہے ہو۔
س: حضور نے راز کی بات اپنی بیوی سے کی جو بات نہ چھپا سکی اور بات حفصہ نے کہا دی تو یہ آیات کونسی نازل ہوئیں۔ کہا یہ بات آپ کو کس نے بتائی۔
ج: پیغمبر نے کہا کہ مجھے خدائے علیم و خبیر نے خبر دی۔
س: اللہ نے فرمایا کہ تم دونوں بیویاں اللہ سے توبہ کر لو تو یہ تمہارے حق میں بہتر ہوگی۔
ج: پیغمبر کے خلاف سازشیں کرو گی تو اللہ اور جبرائیل اور صالح مومنین اور فرشتے مددگار ہونگے۔
س: پیغمبر نے حضرت شفا کو کیسے (چیونٹی کے کاٹنے کا منتر) سکھانے کیلئے فرمایا۔
ج: حضرت حفصہ کو۔
س: حضرت عائشہ نے حضرت حفصہ سے کہا آج رات آپ میرے اونٹ پر سوار ہوں۔
ج: اس طرح حضرت حفصہ کی خواہش پوری ہوئی اور عائشہ کو برا لگا۔
س: قرآن کریم کا تیار شدہ نسخہ حضرت عمر نے کس کے پاس رکھوایا تھا۔
ج: حفصہ کے پاس، جو طلب کرنے پر واپس دے دیا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت عبداللہ بن عمر حضرت علی اور حضرت امیر معاویہ کے اختلاف پر گوشہ نشین ہو گئے تو حفصہ نے بھائی کو کیا مشورہ دیا؟

ج: تمہیں شریک ضرور ہونا چاہیے لوگوں کو تمہاری رائے کا انتظار ہے گا۔

س: حضرت حفصہ نے اپنے آخری وقت عبداللہ بن عمر کو بلایا تو کیا فرمایا۔

ج: وصیت کی کہ میرے بعد میری جائیداد کو صدقہ کر دینا۔

## ام المومنین حضرت زینب بنت خزیمہ

س: زینب کے حسب نسب کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔

ج: نام زینب لقب المساکین زینب بنت خزیمہ بن حارث بن عبداللہ۔

س: حضرت زینب کا نکاح کس سے ہوا۔

ج: پھوپھی زاد بھائی عبداللہ بن جحش سے ہوا۔

س: 3 ہجری احد میں جحش نے دعا مانگی کہ دشمن کے ہاتھوں شہد ہو جاؤں وہ میری ناک کان کاٹ ڈالے۔ جب اللہ کے حضور پہنچوں تو اللہ پوچھے گا کہ اے عبداللہ تیرا مثلہ کیوں کیا گیا۔

ج: تو میں جواب دوں, اللہ آپ اور آپ کے رسول کیلئے۔

س: زینب بنت خزیمہ سے آپ کا نکاح کب ہوا۔

ج: رمضان کے شروع میں ہوا۔ حق مہر بارہ اوقیہ ہونا مقرر رہوا۔

س: زینب کب وفات پائی۔

ج: حضور سے نکاح کے 3 ماہ بعد وفات پائی۔

س: کہاں دفن ہوئیں کس نے نمار جنازہ پڑھائی۔

ج: جنت البقیع میں دفن ہوئیں, حضور نے نمار جنازہ پڑھائی۔

س: وفات کے وقت حضرت زینب کی عمر کیا تھی۔

ج: تیس برس۔

س: حضور ﷺ کے ساتھ آپ کی رفاقت کتنی رہی۔

ج: رفاقت سب سے کم صرف 3 ماہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سیدہ ام سلمہ

س: حضرت سیدہ سلمٰی کا نسب بتائیے۔

ج: ہند بنت ابوامیہ بن ربیعہ بن مالک بن خذیمہ۔

س: سیدہ ام سلمہ کا نام اور کنیت بیان کیجئے۔

ج: نام ہند کنیت سیدہ ام سلمہ آپ اپنی کنیت سے زیادہ مشہور ہیں۔اس طرح نام سیدہ ام سلمہ پڑ گیا۔

س: سیدہ ام سلمہ کے والد ابوامیہ (حذیفہ) وہ زادالراکب لقب سے کیوں مشہور ہوئے۔

ج: حذیفہ جب بھی سفر پر جاتے تو وہ سارے قافلے کا خودخرچ اٹھاتے تھے۔

س: سیدہ ام سلمہ کا پہلا نکاح کن سے ہوا۔

ج: اپنے چچا زاد ابوسلمہ سے۔ابوسلمہ کا نام (عبداللہ بن عبدالاسد تھا) ابوسلمہ حضور کے رضائی بھائی تھے۔

س: ابوسلمہ نے کب اسلام قبول کیا۔

ج: آپ قدیم السلام تھے۔

س: کیا آپ نے ہجرت حبشہ بھی کی۔کچھ دیر بعد پھر مدینہ ہجرت کر گے۔

ج: جی ہاں۔

س: سیدہ ام سلمہ پہلی خاتون ہیں جنہوں نے بہت پرسانی اٹھائی وہ کیسے۔

س: ابوسلمٰی کے ایک اونٹ تھا اس پر سیدہ ام سلمہ اور بیٹے سلمہ کو بٹھایا اور خود نکیل پکڑ کر جارہے تھے۔بنومغیرہ والے آئے اور کہا کہ ہم اپنی لڑکی کو ایسے حالت میں مدینہ نہ جانے دیں گے۔ابوسلمٰی کے خاندان کے لوگ آئے وہ مجھ سے میرے بیٹے سلمہ کو چھن کر لے گے اس طرح شوہر بیٹا بیوی سب الگ الگ ہو گے۔ام سلمٰی صبح اٹھتی اور مدینہ کے راستے ایک ٹیلہ پر بیٹھ کر روتی رہتی۔شام کو گھر آتی۔میرے خاندان کے ایک شخص کو مجھ پر بہت ترس آیا۔تو مجھے مدینہ جانے کی اجازت دے دی گئی۔

س: عثمان بن طلحہ جو کلید بردار خانہ کعبہ تھے۔انھوں نے مجھے مدینہ بجھوایا۔سیدہ ام سلمہ کہا کرتی تھیں کہ میں نے عثمان بن طلحہ سے بہتر انسان نہیں دیکھا۔

ج: ابوسلمہ نے کب وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: 3 ہجری جنگ احد میں زخمی ہوئے جانبر نہ ہو سکے (بازو پر زہر یلا تیر لگا)۔
ج: کیا حضور نے ابوسلمہ کے جنازے میں 9 تکبریں پڑھائی۔
س: جی ہاں اور حضور نے کہا کہ یہ تو نو ہزار تکبیروں کے مستحق تھے۔
ج: ابوسلمٰی کی آنکھیں کھلیں تھیں ان کو کس نے بند کیا۔
س: حضور نے بند کیں۔
ج: کیا سیدہ ام سلمہ کی عدت کے بعد حضرت ابوبکر اور حضرت عمر نے شادی کا پیغام پہنچایا لیکن سیدہ ام سلمہ حاملہ تھیں۔
س: انکار کیا۔
ج: سیدہ ام سلمہ حرم میں کب داخل ہوئیں۔
س: حضور نے ام سلمٰی کو نکاح کا پیغام بھیجا تو سیدہ ام سلمہ نے کیا جواب دیا۔
ج: کہ میں عیال اور ہوں غیرت مند ہوں میرا سن زیادہ ہے۔
حضور نے یہ شرائط قبول فرمائیں اور نکاح ہوا۔
س: سیدہ ام سلمہ اور ابوسلمہ نے زندگی میں کیا طے کیا تھا کہ اگر میں مر جاؤں تو ام سلمٰی تم نکاح کر لینا اور دعا کی کہ اللہ ام سلمٰی کو مجھ سے بہتر شخص عطا فرمانا۔
ج: نکاح کے بعد ابوسلمہ کو زینب بنت خزیمہ کے گھر میں منتقل کیا۔
س: حضور نے نکاح کے بعد سیدہ ام سلمہ کے ہاں 3 دن گزارے حضور نے فرمایا 7 دن بھی ہو سکتے ہیں۔ لیکن پھر بیوی کے ہاں سات دن ہوں گے۔
ج: ابوسلمٰی نے فرمایا کہ تین دن ہی کافی ہیں۔
س: سیدہ ام سلمہ نے حضور سے پوچھا کہ میں جو ابوسلمہ کے بچوں کی پرورش کروں گی مجھے ثواب ملے گا۔
ج: حضور نے فرمایا ضرور اجر ملے گا۔
س: سیدہ ام سلمہ حضور کے پاس دیگر بیویوں کے کہنے پر گئیں۔ کہ عائشہ کو دوسری بیویوں کے برابر رکھا جائے۔ لوگ تحائف عائشہ کی باری پر بھیجتے ہیں۔
ج: حضور نے ام سلمٰی کو جواب دیا کہ مجھے عائشہ کے سلسلہ میں مجبور نہ کریں۔ مجھے وحی بھی عائشہ کے لحاف میں آتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا صلح حدیبیہ کے موقعہ پر سیدہ ام سلمہ حضور کے ساتھ تھیں۔

ج: جی ہاں (لوگ صلح حدیبیہ کی شرائط سے خوش نہ تھے۔)

حضور ﷺ نے مسلمانوں کو قربانی اور سر منڈوانے کا حکم دیا سب لوگ بیٹھے رہے۔ سیدہ ام سلمہ نے حضور سے کہا کہ آپ قربانی دیں اور بال کٹوائیں وہ خود ہی پیروی کریں گے۔

س: کیا ابولبانہ کی معافی کا پیغام ام سلمٰی نے دیا۔

ج: جی ہاں سیدہ ام سلمہ نے حضور سے مشورہ کے بعد معافی کی خبر سنائی۔

س: واقعہ ایلا پر حضرت عمر سیدہ ام سلمہ کے پاس گئے اور سمجھایا انھوں نے اس بات کو برا منایا اور فرمایا تم پیغمبر کے گھر بھی دخل اندازی کرتے ہو ازواج کے معاملات میں دخل دیتے ہو۔

ج: حضور ﷺ سیدہ ام سلمہ کے خواب میں آئے اور پریشان حال تھے اور کہا سلمٰی میں نے حسین کے مقتل آیا ہوں حسینؓ کو شہید کر دیا گیا۔

س: سیدہ ام سلمہ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں۔

ج: 137 احدیث آپ سے مروی ہیں۔

س: سیدہ ام سلمہ کی موجودگی جبرائیل دحیہ کلبی کی شکل میں تشریف لائے۔ حضور ﷺ نے پوچھا سیدہ ام سلمہ وہ کون تھے۔

ج: وہ دحیہ کلبی تھے۔ یعنی وہ جبرائیل تھے۔

س: ابوہریرہ کا خیال تھا کہ غسل جنابت اٹھ کر اصبح کرنا چاہیے۔

ج: سیدہ ام سلمہ اور عائشہ نے بتایا کہ حضور جنابت میں روزہ سے ہوتے تھے۔

س: سیدہ ام سلمہ سے کسی نے پوچھا کہ حضور کا گھر کا رویہ کیسا تھا۔

ج: سیدہ ام سلمہ نے فرمایا کہ ان کا ظاہر باطن ایک جیسا تھا۔

س: سیدہ ام سلمہ نے کب وفات پائی۔

ج: 63ھ میں 84 سال کی عمر میں نماز جنازہ ابوہریرہ نے پڑھایا۔ جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔

س: آپ کی حضور سے کتنے سال کی رفاقت رہی۔

ج: 7 سال

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# زینب بن جحش

آپ کا نام زینب کنیت ام الحکیم تھی۔

س: آپ کا حسب نسب بتائیے۔

ج: زینب بنت جحش بن رباب قریش کے خاندان اسد بن حزیمہ سے ہیں۔والدہ کا نام امیمہ تھا۔

س: زینب بنت جحش سے حضور کا کیا رشتہ تھا۔

ج: حضور کی پھوپھی زاد بہن تھیں۔

س: آپ نے اسلام کب قبول کیا۔

ج: آپ نے ابتدائی دور میں مسلمان ہوئیں۔

س: آپ کا پہلا نکاح کس سے ہوا۔

ج: زید بن حارثہ (آزاد کردہ غلام سے) جو حضور کے منہ بولے بیٹے بھی تھے۔

س: قریش کو خاص طور پر خاندان ہاشم کی تولیت کعبہ کی وجہ سے عرب میں بڑی قدر و منزلیت حاصل تھی۔زید اور زینب کا نکاح ایک سال تک رہا۔لیکن نباہ نہ ہوسکا زید نے حضور سے شکایت کی اور اس نکاح کا بندھن توڑنا چاہتا ہوں۔"زینب مجھ سے زبان درازی کرتی ہے"حضور نے بار بار فرمایا اس سے باز رہیں قرآن کریم میں ہے۔"جبکہ تم اس شخص سے جس پر خدا نے اور تم نے احسان کیا" کہا اپنی بیوی کو اپنے نکاح میں لئے رکھو اور خدا سے ڈرو۔

ج: زینب کی طلاق پر ان کی دلجوئی کیلئے حضور نے خود ان سے نکاح کرنا چاہا عرب میں منہ بولا بیٹا اصل بیٹے کی حیثیت رکھتا تھا، یہ جاہلیت کی رسم تھی جسے اللہ تعالیٰ مٹانا چاہتے تھے، یہ آیات نازل ہوئی۔"اور تم دل میں وہ بات چھپاتے ہو جسے خدا ظاہر کر دینے والا ہے تم ان لوگوں سے ڈرتے ہو حالانکہ ڈرنا خدا سے چاہیے۔

س: کیا حضور ﷺ نے زید کو نکاح کا پیغام دے کر حضرت زینبؓ کے پاس بھیجا زینب نے کیا جواب دیا۔

ج: بغیر استخارہ کئے کوئی رائے قائم نہیں کر سکتی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: جبرائیل تشریف لائے کہ آپ کا نکاح زینب سے ہوگیا ہے۔ اگلے دن ولیمہ ہوا۔ اس میں کیا کھانا پیش کیا گیا۔

ج: روٹی اور سالن کا انتظام کیا گیا۔

س: اس ولیمہ میں کتنے لوگوں نے شرکت کی۔

ج: تقریباً تین سو لوگ تھے۔

س: کیا اس دعوت میں آیت حجاب کا نزول ہوا۔

ج: جی ہاں کچھ لوگ کھانا کھانے کے بعد بھی وہاں بیٹھے رہے۔ جب کھانا کھا چکو تو اٹھ کر اپنے گھروں کو چلے جاؤ جب تم ان سے کوئی چیز دں مانگو۔ تو پردہ کے پیچھے سے مانگو۔ بلا اجازت لوگوں کے گھروں میں جانے سے ممانعت ہوگئی۔ یہ 5ھ کا واقعہ ہے۔

س: اس نکاح کی جن پر زینب فخر کرتی تھیں کونسی خصوصیات تھیں؟

ج: جاہلیت کی ایک رسم متبنی جو اصلی بیٹے کا حکم رکھتا تھا ہٹ گئی۔ آزاد اور غلام کی تمیز اٹھ گئی, پردہ کا حکم نازل ہوا۔

س: کیا حضرت فاطمہ اور حضرت زینب کو بالترتیب حضور کے پاس بھیجا گیا'' کہ عائشہ اکیلی رتبہ کی مستحق نہیں ہیں''۔ سب امہات المومنین کو برابر کا درجہ دیا جائے۔

ج: دونوں ناامید لوٹیں۔

س: آخری وقت میں حضور نے فرمایا تم سب سے (بیویوں میں سے) مجھ پہلے وہ ملے گی جس کا ہاتھ لمبا ہوگا۔

ج: اس پر امہات المومنین اپنے ہاتھ ناپتی رہیں۔ حضرت سودہ کا ہاتھ سب سے لمبا تھا لیکن پہلے وفات ام المساکین نے پائی۔ یہ جملہ استعارہ سخاوت کی طرف تھا۔

س: زینب کا جنازہ کس نے پڑھایا۔

ج: حضرت عمر خلیفہ وقت نے۔

س: قبر میں کس نے اتارا۔

ج: عبداللہ بن جحش اور دوسرے بھائیوں نے۔

س: آپ کو کہاں دفن کیا گیا۔

ج: جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: وفات کے وقت آپ کی عمر کتنی تھی۔
ج: 53 سال کی عمر میں وفات پائی۔
س: حضرت زینب نے ایک مکان چھوڑا جسے ولید بن مالک نے کس مقصد کے لیے خریدا؟
ج: وہ جگہ مسجد نبوی میں شامل کر دی گئی۔
س: عائشہ پر تہمت لگی تو زینب نے کیا فرمایا۔
ج: "مجھ عائشہ کی بھلائی کے سوا کسی چیز کا علم نہیں"۔
س: زینب کی وفات پر مدینہ میں گھبراہٹ پھیل گئی کیوں۔
ج: زینب کی وفات سے مدینہ کے مساکین لوگوں میں گھبراہٹ پیدا ہو گئی۔
س: ایک دفعہ خلیفہ وقت حضرت عمر نے سالانہ نفقہ بھیجا تو حضرت زینب نے کیا فرمایا۔
ج: ملازمہ بزرہ بنت رافع کو حکم دیا خاندانی رشتہ داروں اور یتیموں میں بانٹ دو۔ بزرہ نے اپنا حصہ چاہا تو فرمایا جو کپڑے کے نیچے وہ آپ کا ہے۔ 85 درہم نکلے۔
س: حضور سے آپ کی رفاقت کتنی تھی۔
ج: 6 سال رفاقت رہی۔

## حضرت جویریہؓ

آپ قبیلہ خزاعہ کے خاندان بنی مصطلق سے ہیں۔
س: آپ کا حسب نسب بتایئے۔
ج: جویریہ بنت حارث بن ابی ضرار بن حبیب۔ آپ کے والد حارث بن ابی ضرار خاندان بنو مصطلق کے سردار تھے۔
س: حضرت جویریہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا۔
ج: مسافع بن صفوان جو قبیلہ مصطلق ہی سے تھے۔
س: مریسیع مدینہ سے کتنی دوری پر تھا۔
ج: 9 منزل کا فاصلہ تھا۔
س: غزوہ مریسیع کا کیا نتیجہ نکلا۔
ج: مریسیع میں جو لوگ آباد تھے انہوں نے مقابلہ کیا باقی لوگ بھاگ گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کتنے قتل ہوئے۔

ج: صرف گیارہ لوگ قتل ہوئے۔

س: اس لڑائی میں کتنے لوگ گرفتار ہوئے۔

ج: تقریبن چھ سو کے قریب لوگ قیدی بنے۔

س: اس لڑائی میں مال غنیمت کتنا ملا۔

ج: دو ہزار اونٹ 5 ہزار بکریاں ہاتھ لگیں۔حضرت جویریہ بھی قیدی بنی۔

س: سب قیدیوں اور لونڈی اور غلام بنا کر تقسیم کر دیا گیا۔حضرت جویریہ ثابت بن قیس کے حصہ آئیں۔

ج: حضورﷺ نے ثابت کو کیا مکاتبت کی۔ثابت نے مکاتبت کے لیے انیس 19 اوقیہ سونا طلب کیا۔

س: کیا حضور نے مکاتبت ادا (19 اوقیہ سونا) کر کے اور جویریہ کو حرم میں داخل کر لیا۔

ج: کیا جویریہ کے نکاح سے ان کے خاندان کو بھی فائدہ پہنچا۔

س: رشتہ دار ہونے پر سب قیدی سسرالی ہونے کی وجہ سے آزاد کر دیئے گئے۔

س: حضرت جویریہ کا اصل نام کیا ہے۔

ج: ان کا نام برہ تھا جو حضور نے بدل کر جویریہ رکھ دیا۔

س: حضرت جویریہ کب فوت ہوئیں۔

ج: ربیع الاول 50 ہجری میں اس وقت عمر 56 برس تھی۔

س: نماز جنازہ کس نے پڑھائی اور کہاں دفن ہوئیں۔

ج: مروان نے نماز جنازہ پڑھائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔حضرت جویریہ سے چند حدیثیں بھی روایت ہیں۔

س: حضورﷺ جویریہؓ کے گھر گئے پوچھا روزہ سے تھیں۔کل روزہ سے تھیں بولیں نہیں فرمایا کل روزہ رکھو گی جواب دیا نہیں۔

ج: ارشاد ہوا۔پھر تم کو افطار کر لینا چاہیے۔

نوٹ: نفلی روزے سے پہلے اور بعد روزہ رکھنا چاہیے۔

س: ایک روز حضور حضرت جویریہ کے گھر تشریف لائے پوچھا کچھ کھانے کیلئے ہے۔جواب ملا میری کنیز نے صدقہ کا گوشت دیا تھا وہ رکھا ہوا ہے۔کیا وہی لے آ ؤں حضورﷺ نے کیا فرمایا:

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: اسے اٹھالاؤ کیونکہ صدقہ جس کو دیا گیا تھا اس کو پہنچ چکا۔
س: حضور کی آپ کے ساتھ رفاقت کتنی رہی۔
ج: 6 سال۔

## حضرت ام حبیبہؓ

نام رملہ کنیت ام حبیبہ تھی۔

س: ام حبیبہ کا حسب نسب بتایئے۔
ج: رملہ بنت ابوسفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبدشمس۔ رملہ کی والدہ کا نام صفیہ بنت ابوالعاص تھا۔ صفیہ حضرت عثمان کی پھوپھی تھیں۔
س: ام حبیبہ کب پیدا ہوئیں۔
ج: بعثت سے 17 سال پہلے پیدا ہوئیں۔
س: ام حبیبہ کا نکاح کن سے ہوا۔
ج: عبداللہ بن جحش سے۔
س: ام حبیبہ نے کب اسلام قبول کیا۔
ج: اولین وقت میں اسلام لائیں۔
س: خاوند کے ساتھ ہجرت حبشہ کی۔ حبشہ میں عبداللہ بن جحش نے عیسائی مذہب قبول کرلیا۔
ج: شراب نوشی میں عبداللہ نے جان دے دی۔ انہوں نے موت کو کیسے دعوت دی؟
س: ام حبیبہ کا دوسرا نکاح کن سے ہوا۔ اور حضور ﷺ نے کس کو حبیبہ کے لیے نکاح کا پیغام بھیجا۔
ج: حضور سے ہوا۔ حضور نے عمرو بن امیہ ضمری کو نجاشی کے پاس بھیجا اور حبیبہ کو نکاح کا پیغام بھیجا۔
س: کیا نجاشی نے یہ پیغام ابراہہ کے ذریعے ام حبیبہ کو بھیجا۔
ج: جی ہاں۔
س: ام حبیبہ سے نکاح ہوا تو وکیل کون مقرر ہوئے۔
ج: خالد بن سعید اموی کو وکیل بنایا۔
س: یہ نکاح کس نے پڑھایا۔
ج: جعفر بن ابوطالب نے (ولیمہ نجاشی نے کیا۔)
س: حبیبہ کا حق مہر کتنا مقرر ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: چار سو درہم جو نجاشی نے ادا کیا۔

س: **نکاح کے وقت حضرت حبیبہ کی کیا عمر تھی۔**

ج: اس وقت ام حبیبہ کی عمر 36 برس تھی۔

س: **ام حبیبہ جب حبشہ سے تشریف لائیں تو حضور کس غزوہ میں مصروف تھے۔**

ج: یہ 6 ہجری کا زمانہ تھا۔ غزوہ خیبر کی جنگ میں۔

س: **ام حبیبہ کی وفات کب ہوئی۔**

ج: بھائی امیر معاویہ کے زمانے میں 44 چوالیس ہجری میں وفات پائی۔ مدینہ میں دفن ہوئیں 73 سال کا سن تھا۔ حضرت علی کے مکان میں دفن ہوئیں۔

س: **ام حبیبہ کی اولاد کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں۔**

ج: پہلے شوہر سے دو بچے پیدا ہوئے۔ عبداللہ اور حبیبہ۔

س: **فتح مکہ سے پہلے ابوسفیان مدینہ آئے تو بیٹی نے بستر کیوں اٹھا دیا۔ ام حبیبہ نے فرمایا یہ نبی کا بستر ہے تم مشرک ہو۔**

ج: ام حبیبہ نے فرمایا

س: **اس ستو کھا کر کلی کرنی چاہیے۔**

ج: جس چیز کو آگ پکائے اس کے استعمال سے کلی لازم ہو جاتی ہے۔ فرمایا یہ حکم منسوخ ہو چکا ہے۔ آپ آگ سے پکی چیز کھاتے تو وضو نہ فرماتے بلکہ پہلے وضو سے نماز ادا کر لیتے تھے۔

س: **ابوسفیان کی وفات پر ام حبیبہ نے کتنے دن سوگ منایا۔**

ج: تین دن پیغمبر کا حکم ہے کہ شوہر کا سوگ 4 ماہ دس دن باقی سب سوگ تین دن سے زائد نہیں ہے۔

س: **حضور نے فرمایا جو شخص 12 رکعت روزانہ پڑھے گا، اس کا جنت میں گھر ہوگا۔**

ج: ام حبیبہ نے فرمایا میں روزانہ ادا کرتی ہوں۔

س: **ایک دفعہ ام حبیبہ نے حضور سے کہا کہ آپ میری بہن سے نکاح کر لیں۔ حضور ﷺ نے کیا جواب دیا؟**

ج: آپ ﷺ نے فرمایا کے تمہیں یہ پسند ہے۔ فرمانے لگی میں تنہا بیوی نہیں ہوں۔

س: **ام حبیبہ کی آپ سے رفاقت کتنی رہی۔**

ج: 4 سال۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت میمونہؓ

نام میمونہ، قبیلہ قریش سے تھیں۔

س: ان کے سلسلہ نسب کے بارے میں بتایئے۔

ج: میمونہ بنت حارث بن عیلان، عوف بن زبیر بن حارث۔

س: آپ کا پہلا نکاح کس سے ہوا۔ حضورﷺ سے آپ کا نکاح کب ہوا؟

ج: مسعود بن عمرو ثقفی سے علیحدگی ہوئی۔ دوسرا نکاح ابو رھم بن عبد العزیٰ سے ہوا۔ ابو رھم نے 7 ہجری میں وفات پائی۔ آپ نے 7ھ کو عمرہ کی نیت سے مکہ گئے۔ احرام کی حالت میں میمونہ سے نکاح ہوا۔

س: کیا میمونہ سے نکاح حضور کا آخری نکاح تھا۔

ج: جی ہاں میمونہ ام فضل زوجہ عباس کی ہمشیرہ تھیں۔ آپ کا آخری نکاح تھا۔

س: کیا میمونہ کا نکاح اور وفات ایک ہی مقام پر ہوا۔

ج: جی ہاں سرف کے مقام پر مکہ سے 10 کلومیٹر کے فاصلے پر۔

س: حضرت میمونہ کو کون مکہ سے سرف لائے۔

ج: ابو رافع لائے۔ یہیں رسم عروسی ادا ہوئی۔

س: حضرت میمونہ کا نکاح آپ سے کس نے پڑھایا۔

ج: حضرت عباس نے۔

س: حضرت میمونہ نے کب انتقال فرمایا۔

ج: 51ھ میں۔

س: حضرت میمونہ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟

ج: حضرت میمونہ سے 46 حدیثیں مروی ہیں۔

س: حضور سے آپ کی رفاقت کتنے سال رہی۔

ج: 3 سال 4 ماہ۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت صفیہؓ بنت حیی

نام زینب تھا چونکہ جنگ خیبر میں غنیمت میں آئیں ۔صفیہ ایسے حصہ کو (جو بادشاہ کیلئے مخصوص ہو۔) صفیہ کہتے ہیں۔

س: صفیہ کے والدین کون تھے۔

ج: باپ کا نام ابی الحقیق سے جو رئیس خیبر تھے۔ بنو نصیر کے سردار تھے۔ ماں کا نام ضرہ تھا۔ یہ رئیس قریظہ کی بیٹی تھی۔ یہ دونوں قبیلے تمام قبیلوں پر ممتاز تھے۔

س: صفیہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا۔

ج: کنانہ بن ابی الحقیق سے جو رئیس خیبر تھے۔ کنانہ خیبر میں قتل ہوئے۔ صفیہ کے بھائی بھی مارے گئے۔

س: جنگ خیبر میں کس صحابی نے حضور سے لونڈی کی درخواست کی تھی۔

ج: وحیہ کلبی نے انھوں نے صفیہ کا انتخاب کیا۔

س: صحابہ کے کہنے پر کہ وہ ایک سردار کی بیٹی ہے آپ کے شایان شان سزاوار ہے۔

ج: حضور نے وحیہ کلبی کو کوئی اور لونڈی دے دی اور خود صفیہ سے نکاح کر لیا۔

س: صفیہ کی رسم عروسی کہاں ادا ہوئی۔

ج: مقام صہبا پر (جو سامان خوردنی لوگوں کے پاس تھا) جمع کر کے ولیمہ کیا گیا۔ حضور نے خود صفیہ کو اونٹ پر سوار کیا۔

س: حضرت عثمان کے محاصرہ کے وقت آپ خچر پر عثمان کے گھر کی طرف گئیں۔

ج: حضرت عثمان کیلئے کھانا اور پانی لے کر جارہی تھیں روکنے پر واپسی اختیار کی۔

س: حضرت صفیہ نے کب وفات پائی۔

ج: 50ھ کو وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ عمر ساٹھ برس تھی۔ ترکہ میں ایک لاکھ چھوڑا اور یہودی بھانجے کو وصیت کر گئیں۔

س: صفیہ کے پاس ملازمہ تھی جو حضرت عمر کو صفیہ کی شکایت کیا کرتی تھی۔ یہودیوں کے ساتھ صلہ رحمی کرتی ہیں یہودیوں کو اچھا سمجھتی ہیں۔

ج: صفیہ نے اس لونڈی کو آزاد کر دیا۔ حضرت صفیہ نے فرمایا کہ اب مجھے جمعہ کا دن مل گیا اب یوم سبت کے اچھے سمجھنے کا کوئی جواز نہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ایک دفعہ جب حضور علیل ہوئے تو صفیہ نے کیا کہا۔

ج: آپ کی بیماری مجھے لگ جائے حضور نے فرمایا یہ سچ کہتی ہے۔

س: ایک دفعہ صفیہ کا اونٹ بیمار ہو گیا حضور نے زینب کو اونٹ دینے کو کہا چونکہ ان کے پاس ضرورت سے زیادہ اونٹ تھے۔

ج: زینب نے جواب دیا کہ اس یہودیہ کو اپنا اونٹ دے دوں۔ حضور دو ماہ تک زینب سے ناراض رہے۔ فرمایا یہ کڑوی بات سمندر کے پانی کو گدلا کر سکتی ہے۔

س: ایک دفعہ حضور ﷺ صفیہؓ کے پاس گئے تو وہ رو رہی تھی۔ آپ نے وجہ پوچھی اور فرمایا عائشہؓ اور حفصہ کہتی ہیں ہم آپ سے افضل ہیں تم نے یہ کیوں نہیں کہا کہ ہارون میرے باپ موسیٰ میرے چچا اور محمد ﷺ میرے خاوند ہیں۔ صفیہ کھانا پکانے کی ماہر تھیں۔

س: آپ کا حضور سے کتنی رفاقت رہی۔

ج: 3 سال 9 ماہ۔

◆◆◆◆◆

# اولادِ نبی ﷺ و اہل بیت

قاسم، حضرت خدیجہ کی پہلی اولاد نبوت سے گیارہ برس پہلے پیدا ہوئے، ابو القاسم کنیت، سات روز زندہ رہے، مکہ میں وفات پائی۔

حضرت زینب قاسم سے چھوٹی، خدیجہ کی بہن ہالہ بنت خویلد کے بیٹے ابو العاص سے شادی، مدینہ کے راستے ہبار بن اسود نے نیزہ مار کر حمل ساقط کر دیا میری یہی بیٹی افضل ہے اسے میری وجہ سے تکلیف پہنچی، ۸ھ مدینہ میں انتقال ہوا، حضرت سودہ اور حضرت سلمہ نے غسل دیا۔ حضور نے جنازہ پڑھایا، ابو العاص نے قبر میں اتارا۔ ایک بیٹا علی بیٹی امامہ تھی۔ امامہ کے متعلق حضور نے فرمایا تھا اہل بیت میں سے ہے۔ مجھے یہ سب سے پیاری ہے۔

## حضرت رقیہؓ

زینب سے چھوٹی تھی۔ ۳۳ عام الفیل میں پیدا ہوئی۔ پہلی شادی ابو لہب کے بیٹے عتبہ سے ہوئی۔ ابو لہب کے دو بیٹے تھے عتبہ اور عتیبہ تھے ایک کا نکاح رقیہؓ اور ایک ام کلثوم سے ہوا۔ بعثت کے بعد نکاح توڑا گیا اور باری حضرت عثمانؓ کے نکاح میں آئیں۔ اعلان نبوت پر عتبہ نے رقیہ کو طلاق دے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



دی۔حضور نے بددعا دی۔شیر اٹھا کر لے گیا۔دوسری شادی عثمان بن عفان سے ہوئی۔ہجرت حبشہ کی، فرمایا لوط اور ابراہیم کے بعد پہلا جوڑا جس نے خدا کی راہ میں ہجرت کی۔۲ھ میں چیچک نکلی ۱۹ رمضان ۲ھ غزوہ بدر کے تین روز بعد وفات پائی۔آپ کی عمر ۲۰ سال تھی۔بیٹا عبداللہ جو ۲ سال کی عمر میں فوت ہو گیا۔شادی سے چھ سال تک زندہ رہی۔اسما بنت عمیس نے غسل دیا۔۲۵ برس عمر پائی، کوئی اولاد نہ تھی۔

## حضرت ام کلثومؓ

رقیہ سے چھوٹی تھی۔بعثت سے ۴ برس قبل پیدا ہوئی۔پہلی شادی ابولہب کے بیٹے عتیبہ سے ہوئی، ابولہب نے طلاق دلوادی۔۵ ربیع الاول ۲ھ میں عثمان سے شادی ہوئی۔۶ سال تک زندہ رہی۔ ۹ھ میں وفات پائی۔جنازہ حضور نے پڑھایا، اسما بنت عمیس نے غسل دیا، وفات کے وقت عمر پچیس سال تھی۔اولاد کوئی نہ تھی۔

## حضرت فاطمہؓ

بہنوں میں سب سے چھوٹی تھی، نبوت سے ۳ سال پہلے پیدا ہوئیں۔۱۹ سال کی عمر میں حضرت علی سے نکاح ہوا۔حضور کے وصال سے ۶ ماہ کے اندر وفات پائی اس وقت عمر ۲۹ سال تھی۔اسما بنت عمیس نے غسل دیا۔پانچ بیٹے بیٹیاں تھیں۔حسن، حسین، محسن، ام کلثوم اور زینب۔

# صحابیات

## اُم ایمن

رضائی والدہ۔سابقون الاولون۔مہاجر حبشہ و مدینہ

س: غزوہ خیبر میں ام ایمن نے شرکت کی۔کیا انہیں مال غنیمت میں حصہ ملا؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا جنگ حنین میں ام ایمن کے ساتھ ان کا بیٹا بھی تھا؟

ج: اسامہ جنگ میں ثابت قدم رہے۔

س: حضور نے ام ایمن کے بارے میں کیا فرمایا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: جو کوئی جنتی خاتون سے شادی کرنا چاہے وہ ام ایمن سے شادی کر لے۔

س: ام ایمن کی دوسری شادی کس سے ہوئی؟

ج: زید بن حارثہ سے۔

س: کیا ام ایمن کی زبان میں لکنت تھی؟

ج: جی ہاں۔

س: حضور کے وصال پر ام ایمن کیوں زار و قطار روتی رہیں؟

ج: حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ نے استفسار کیا، جواب دیا کہ اب وحی نازل نہیں ہو گی۔

س: آپ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟

ج: 5 حدیثیں۔

س: ام ایمن نے کب وفات پائی؟

ج: عثمانی دور میں وفات پائی۔

س: ام ایمن نے حضورؐ سے اونٹ مانگا۔ حضورؐ نے فرمایا آپ کو اونٹ کا بچہ ملے گا انہوں نے پھر کہا مجھے اونٹ چاہیے۔

ج: حضورؐ نے جواب دیا کہ ہر اونٹ اونٹ کا بچہ ہی تو ہوتا ہے۔

س: حضرت خدیجہؓ کو کس نے غسل دیا؟

ج: ام ایمن اور اسماء بنت عمیس نے۔

س: حضور نے لشکر کو جہاد کے لئے بھیجا۔ اس کے تھوڑی دیر بعد حضور کی طبیعت زیادہ خراب ہو گئی تو مسلم لشکر کو کس نے واپس بلایا؟

ج: حضرت ام ایمن نے۔

س: حضورؐ نے ام ایمن کو ایک نخلستان دیا تھا جو انس بن مالک کا تھا۔ نخلستان کی واپسی پر ام ایمن نے انکار کر دیا۔

ج: حضورؐ نے اس سے کہیں زیادہ (دوگنا) دیا تو نخلستان پھر واپس ہوا۔

ام ایمن کو حضورؐ "اے ماں" کہہ کر پکارتے تھے

س: ام ایمن کون تھیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضورؐ کی رضائی ماں اور باندی تھی۔

س: ام ایمن کا لقب اور کنیت کیا تھی؟

ج: کنیت ام ایمن اور لقب ام انطباء تھا۔

س: ام ایمن بطور باندی کے آئیں۔حضور کے پاس کیسے آئیں؟

ج: والد کی میراث میں ملی تھی۔

س: ام ایمن کو کب آزادی ملی؟

ج: حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے بعد۔

س: مدینہ جاتے وقت حضرت آمنہؓ کے ساتھ کون تھا؟ والدہ کی وفات کے بعد حضور کو مکہ کون لائیں؟

ج: ام ایمن۔

س: ام ایمن نے کہاں کہاں ہجرت کی؟

ج: حبشہ اور مدینہ۔

س: غزوہ احد میں ام ایمن نے کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: مجاہدین کو پانی پلایا، زخمیوں کی مرہم پٹی کی۔ جب مجاہدین پیچھے ہٹنے لگے تو ان کی آنکھوں میں خاک پھینکتی رہیں ان کو غیرت دلاتی رہیں۔

## اُم رومان

س: آپ کا اصل نام زینب تھا۔ام رومان کا سلسلہ نسب بیان کیجیے۔

ج: ام رومان بنت عامر بن عومیر بن عبد شمس۔

س: ام رومان کو کس چیز پر قدر ومنزلت تھی۔

ج: ان کے داماد بڑی عظمت والے تھے۔

س: ام رومان کے شوہر کون تھے؟

ج: حضرت ابوبکر صدیقؓ۔

س: حضرت ام رومان کی کس بیٹی کو ام المومنین بننے کا شرف حاصل ہوا؟

ج: حضرت عائشہؓ۔

س: ام رومان نے کب اسلام قبول کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ام رومان نے حضرت ابوبکرؓ کے بعد اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: ام رومان کی پرورش کس علاقہ میں ہوئی؟

ج: بستی اسراۃ (جزیرہ عرب)۔

س: ام رومان کا پہلا نکاح کن سے ہوا؟

ج: عبداللہ بن حارث۔

س: ام رومان کا خاندان کس قبیلہ کا حلیف بن کر رہا۔

ج: حضرت ابوبکر، عبداللہ بن حارث کی وفات کے بعد حضرت ابوبکر سے نکاح کیا۔

س: ام رومان نے ہجرت مدینہ کیسے کی؟

ج: رسول اللہ نے زید کو ابوبکر نے عبداللہ بن اریقط کو اپنے اہل و عیال کو مکہ سے مدینہ لانے کے لئے بھیجا۔ ام رومان اسماء اور عائشہ کو لیکر مدینہ پہنچی۔ ان کو حارث بن خزرج کے محل میں رکھا گیا۔

س: حضرت عائشہ پر تہمت لگی۔ اس کی برات کیسے ہوئی؟

ج: قرآنی آیات نازل ہوئیں۔

س: حضرت ام رومان کی وفات کب کیسے ہوئی؟

ج: حضرت ابوبکر کے دور خلافت میں وفات پائی۔

سلیمان ندوی کے مطابق حضرت عثمان کے دور میں انتقال فرمایا۔

س: "جو شخص عورتوں میں "حورین" کو دیکھنا چاہے وہ ام رومان کو دیکھ لے" یہ الفاظ کس نے کہے؟

ج: خدا کے پیغمبر نے۔

س: ام رومان کی اولاد کتنی تھی؟

ج: عبدالرحمان اور حضرت عائشہ۔

س: پہلا شق صدر کا واقعہ کہاں پیش آیا؟

ج: بنوسعد میں جب آپ اپنے رضاعی بہن بھائیوں سے کھیل رہے تھے۔

س: کیا حلیمہ سعدیہ سے کچھ حدیثیں روایت ہیں؟

ج: بہت کم حدیثوں کی راوی ہیں۔

س: کیا حلیمہ سعدیہ نے ہجرت مدینہ کی؟

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حلیمہ سعدیہ کبھی کبھار حضورؐ سے ملنے مدینہ تشریف لاتیں تھیں۔

## حلیمہ سعدیہؓ

س: حضرت حلیمہ سعدیہ کی کیفیت بتایئے؟

ج: ام کبشہ تھی۔

س: کیا آپ حلیمہ سعدیہ کے والد کا نام جانتے ہیں؟

ج: عبداللہ بن حارث، ابووہب ان کی کنیت تھی۔

س: حلیمہ سعدیہ کی مالی حالت کمزور تھی لیکن آپؐ کے جانے سے کیا تبدیل آئی؟

ج: حلیمہ سعدیہ کے دودھ میں کمی تھی جو زیادہ ہوگیا۔ ان کی کمزور اونٹنی سب سے آگے نکل گئی، جانوروں نے دودھ دینا شروع کردیا، قحط خشک سالی ختم ہوئی، شادابی کا دور دورہ شروع ہوا۔

س: جب حلیمہ حضور کو لوری دیتی تو کیا کہتی؟

ج: آپ کو اللہ تعالیٰ زندگی دے اور بلند مقام عطا فرمائے۔

س: حضرت حلیمہ کیطرف سے آپ کے کتنے رضائی بہن بھائی تھے؟

ج: عبداللہ بن حارث، انیسہ بنت حارث، شیما بنت حارث، حدیفہ بنت حارث۔

س: حضور کے ساتھ حلیمہ کا شیر خوار بچہ کون تھا؟

ج: عبداللہ بن حارث۔

س: حلیمہ حضور کو کب مدینہ لائیں؟

ج: دو سال بعد، والدہ کو ملا کر پھر واپس لے گئیں۔

س: حضور نے حلیمہ سعدیہ کے ہاں کتنا وقت گزارا، بنوسعد میں پرورش پائی؟

ج: 5 سال۔

س: حضرت خدیجہ کا رویہ آپ کے ساتھ کیسا تھا؟

ج: محبت سے پیش آتیں، مالی تعاون فرماتی۔ اونٹ اور بکریاں عنایت فرماتی تھیں۔

س: کیا حلیمہ اور ان کے خاوند نے اسلام قبول کیا؟

ج: ان دونوں نے اسلام قبول کیا۔

س: کیا حضور بنی سعد میں پرورش پر فخر محسوس کرتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: جی ہاں۔

س: حضرت حمزہ کس طرح آپ کے دو دفعہ دودھ شریک بھائی ٹھہرے؟

ج: ثوبیہ نے بچپن میں حمزہ کو دودھ پلایا۔ حلیمہ سعدیہ نے حمزہ کو بھی دودھ پلایا۔

س: آمنہ کی وفات پر حضور کی عمر کتنی تھی؟

ج: چھ سال۔

س: کیا حضرت آمنہ کو شاعری سے بھی لگاؤ تھا؟

ج: جی ہاں، شاعری کے نمونے موجود تھے۔

## حضرت ثوبیہؓ

س: حضرت ثوبیہ نے آپ کو کتنا عرصہ دودھ پلایا؟

ج: ایک دو ہفتے۔

س: حضرت ثوبیہ کون تھیں؟

ج: ابولہب کی لونڈی۔ آپ کی رضائی ماں، دایہ اور منہ بولی ماں تھیں۔

س: حضرت ثوبیہ کو کب اور کیوں آزادی ملی؟

ج: ابولہب نے بھتیجے کی پیدائش کی خوشی میں ثوبیہ کو آزاد کر دیا۔

س: حضور نے ثوبیہ کی نسبت سے رضائی بھائی کون تھے؟

ج: ثوبیہ کا بیٹا مروح، حضرت حمزہ، حضرت ابو مسلمہ، یہ سب دودھ شریک بھائی تھے۔

س: حضرت ثوبیہ کی حوصلہ افزائی کیسے فرماتے؟

ج: حضرت خدیجہ اور رسول اللہ بے حد احترام کرتے۔

س: کیا حضرت ثوبیہ نے اسلام قبول کیا؟

ج: ثوبیہ نے ابتدا میں ہی اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: ثوبیہ نے کب وفات پائی؟

ج: 7 ہجری میں فوت ہوئیں، جنت المولیٰ میں دفن ہوئیں۔ ان کا ایک بیٹا (مروح) تھا جو جوانی میں لقمہ اجل بنا۔

حلیمہ سعدیہ نے آپؐ کو گود میں کھلایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت حلیمہ سعدیہ کون تھیں؟
ج: حضور کی رضائی ماں اور دایہ تھیں۔
س: کیا آپ عرب کے مشہور قبیلہ بنوسعد سے تھیں۔
ج: جی ہاں۔
س: زینب کی وفات 8 ہجری میں ہوئی۔ ان کی سرپرستی کس نے کی؟
ج: نانا کی سرپرستی میں آگئیں۔
امامہ نانا کی وفات پر سن بلوغ کو پہنچ چکی تھی۔ فاطمہ نے علی سے فرمایا تھا کہ میرے بعد امامہ سے شادی کر لینا۔ امامہ کی سرپرستی حضرت زبیر کے ذمہ تھی۔ امامہ کا گیارہ ہجری میں نکاح حضرت علی سے ہوا۔ یہ نکاح زبیر بن العوام نے پڑھایا۔
س: حضرت علی نے چالیس ہجری میں شہادت پائی۔ امامہ کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟
ج: مغیرہ بن نوفل۔
س: امامہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟
ج: امیر معاویہ کے دور میں وفات پائی۔ جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔
س: حضرت امامہ کی اولاد کیا تھی؟
ج: دونوں شوہروں سے کوئی اولاد نہ تھی۔
س: پیغمبر کو سب سے پہلے کس نے دودھ پلایا؟
ج: حضرت آمنہ نے۔

## حضرت آمنہؓ

س: حضرت آمنہ کے والدین کے بارے میں بتایئے؟
ج: والد وہب بن عبد مناف والدہ کا نام برہ تھا۔
س: حضرت آمنہ کی شادی کب اور کن سے ہوئی؟
ج: حضرت عبداللہ بن عبدالمطلب۔
س: حضرت آمنہ نے حضور کو کتنے دن دودھ پلایا؟
ج: تین دن سے سات دن تک۔
س: حضور کی والدہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ابوا کے مقام پر بیس سال کی عمر میں فوت ہوئیں۔

# حضرت امامہ بنت ابوالعاص

## نواسی رسول۔ مہاجر مدینہ

امامہ بنت ابوالعاص حضور کو بے حد عزیز تھیں۔

س: حضرت امامہ کی والدہ کا نام بتائیے۔

ج: حضرت زینب بنت محمدؐ۔

س: امامہ کا والد کی طرف سے نسب نامہ بتائیے۔

ج: امامہ بنت ابوالعاص بن ربیع بن عبد العزیٰ بن عبد شمس بن مناف بن قصی۔ ابوالعاص حضرت خدیجہ کے حقیقی بھائی تھے۔

س: امامہ کا والدہ کی طرف سے نسب نامہ بتائیے۔

ج: زینب بنت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب۔

س: حضرت امامہ کی نانی کے بارے میں بتائیے۔

ج: ام المومنین حضرت خدیجہ۔

س: امامہ کی دادی کا نام بتائیے۔

ج: ہالہ بنت خویلد حضرت خدیجہ کی بہن تھیں۔

س: بچی کو گود میں لیا تو کیا فرمایا؟

ج: یہ بچی شبیہ حضرت خدیجہ ہے۔ (شکل نانی پر ہے)

س: زینب کی کنیت تو ام کلثوم تھی انہیں ام المصائب کیوں کہا جاتا ہے؟

ج: یہ نام ان کو واقعہ کربلا کے بعد دیا گیا۔

س: زینب کے بھائی جو حضور کو بہت پیارے تھے نام بتائیے۔

ج: حضرت حسن، حضرت حسین۔

س: حضور نے امامہ کے علاوہ کس کو اپنے شانوں پر اٹھایا؟

ج: حضرت حسن، حضرت حسین۔

س: حجۃ الوداع کے موقعہ پر کونسی نواسی حضور کے ساتھ تھی؟

ج: زینب۔ اس وقت ان کی عمر 5 برس تھی۔

س: حضور کی وفات پر حضرت زینب کی عمر کیا تھی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: صرف 6 برس۔

س: بی بی فاطمہ نے اپنے آخری وقت میں زینب اور کلثوم کو کس کے سپرد کیا؟

ج: حضرت علی نے کچھ وقت خود خیال رکھا پھر ام کلابیہ سے نکاح کرلیا۔

س: حضرت زینب کو پہلا نکاح کا پیغام کس نے دیا تھا؟

ج: اشعث بن قیس۔ حضرت علی نے انکار کر دیا تھا۔

س: دوسرا پیغام کن طرف سے آیا؟

ج: جعفر بن ابو طالب کے بیٹے عبداللہ بن جعفر۔

س: سیدہ زینب کا نکاح کب ہوا اور کیسے ہوا؟

ج: مسجد میں۔

س: نکاح کے وقت زینب کا سن کیا تھا؟ حق مہر کیا مقرر ہوا؟

ج: تیرہ برس۔ 480 درہم۔

س: کیا حضرت جعفر حضرت زینب سے بہت خوش تھے؟

ج: زینب بہترین گھر والی ہے۔

س: 37ھ میں جعفر کوفہ منتقل ہو گئے۔

ج: کوفہ میں زینب نے درس و تدریس کا آغاز کیا۔

س: حضور کی کس بیٹی سے نسل چلی؟

ج: سیدہ فاطمۃ الزاہرہ۔

فاطمہ جگر گوشہ رسول ہے۔ جس نے اسے تکلیف پہنچائی اس نے مجھے تکلیف پہنچائی۔ بے شک اللہ میرے راضی ہونے پر راضی اور ناراض ہونے والے پر ناراض ہوگا۔ فاطمہ تم امت کی عورتوں کی سردار ہو۔ عورتوں میں بہترین خاتون مریم ہیں۔ نو جوان عورتوں میں بہترین خاتون فاطمہ ہیں۔ فاطمہ جنتی عورتوں کی سردار ہیں۔ سوائے اسکی فضیلت کے جو مریم علیہ السلام عمران کو بنت عمران کے بعد جنت کی سردار خواتین یہ ہیں۔ فاطمہ، خدیجہ اور آسیہ فرعون۔ جب آپ سفر سے آتے ان کو بوسہ دیتے، مرحبا کہتے، اپنی جائے نشست پر بٹھاتے۔

## حضرت زینب رضی اللہ عنہا بنت علی

س: چالیس ہجری میں کوفہ کی جامع مسجد میں حضرت علی کو کس نے شہید کر دیا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: عبدالرحمان بن ملجم نے۔

س: خاندان بنو ہاشم کو کونسے صدمے برداشت کرنے پڑے؟

ج: پہلا حضرت علی کی شہادت، دوسرا صدمہ حسن کی شہادت کا اور تیسرا صدمہ حضرت امام حسین کا واقعہ کربلا۔

س: واقعہ کربلا میں حضرت زینب کے خاندان کے کون لوگ شہید ہوئے؟

ج: امام حسین کے علاوہ بہت سے بیٹے اور بھتیجے شہید ہوئے۔

س: لٹا ہوا قافلہ جب کوفہ پہنچا تو شیر خدا کی بیٹی نے کیا کہا؟

ج: لوگو! اپنی نظریں نیچی رکھیں یہ محمدؐ رسول اللہ کی لٹی ہوئی اولاد ہے۔

س: یہ قافلہ مدینہ کیسے پہنچا؟

ج: یہ قافلہ نعمان بن بشیر انصاری کی حفاظت میں مدینہ پہنچا۔

س: حضرت زینب نے بشیر انصاری کو کیا پیش کیا؟

ج: چوڑیاں اور فرمایا اس کے علاوہ ہمارے پاس دینے کے لیے کچھ بھی نہیں ہے۔

س: سیدہ زینب نے کب وفات پائی؟

ج: باسٹھ ہجری میں مدینہ میں فوت ہوئیں۔ جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔ یہ بھی روایت ہے کہ دمشق اور قاہرہ دونوں جگہ پر مزارات ہیں۔

س: حضور کی کونسی نواسی تھیں جنہیں ام المصائب کے نام سے یاد کیا جاتا ہے؟

ج: حضرت زینب بنت علیؓ

س: زینب کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

ج: ولادت 5 ہجری مکہ میں ہوئی۔

س: حضرت زینب کا نسب نامہ والد کی طرف سے بتائیے۔

ج: زینب بنت علی بن ابو طالب بن عبدالمطلب۔

س: زینب کا والدہ کی طرف سے نسب کیا تھا؟

ج: زینب بنت فاطمہ بنت حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم۔

س: زینب کی ولادت حضور کی غیر حاضری میں ہوئی۔ حضور تین دن بعد تشریف لائے۔

ج: بچی کو گود لیا، کھجور دہن مبارک میں لیکر چبائی اور لعاب منہ میں ڈالا۔

س: حضرت زینب کے دادا اور دادی کون تھے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: دادا ابو طالب اور دادی حضرت فاطمہ بنت اسد۔

س: زینب کا نام کس نے رکھا؟

ج: حضرت محمدؐ نے۔ (تیسرے دن)۔

## حضرت فاطمۃ الزہراؓ

### (حضورؐ کی چھوٹی صاحبزادی)

س: فاطمہ کی رخصتی کب ہوئی؟

ج: عقد نکاح کے چار ماہ بعد رخصتی ہوئی۔

س: کیا فاطمہ کی موجودگی میں حضرت علی نے کوئی نکاح نہ کیا؟

ج: جی ہاں۔

س: شادی کر کے بی بی فاطمہ کس کے گھر آئیں۔

ج: حارثہ بن نعمان کے گھر۔

س: فاطمہ حضور سے کس طرح ملتی (مشابہ) تھی؟

ج: رفتار اور گفتار عبادات میں حضور کا بہترین نمونہ تھا۔

س: فاطمہ کے گھر کے کام کاج سے چھالے پڑ گئے۔ حضور سے لونڈی مانگی۔

ج: جان پدر۔ بدر کے یتیم تم سے زیادہ حقدار ہیں۔ حضور نے بیٹی کو تسبیح بتائی، سبحان اللہ 33، الحمد للہ 33 اور اللہ اکبر 34 دفعہ۔ (تسبیح فاطمہؓ)

س: غزوہ احد میں حضور کے دانت شہید ہوئے تو خون بند نہ ہو رہا تھا۔ کیسے بند ہوا؟

ج: بی بی فاطمہ نے ٹاٹ جلا کر زخم کو بھرا پھر خون بند ہوا۔

س: اہل بیت میں سے کون مجھے پہلے ملے گا؟

ج: حضور نے فرمایا کہ اہل بیت میں سے سب سے پہلے تم مجھ سے ملو گی۔

س: فاطمہ نے کب وفات پائی۔ کچھ کے مطابق عقیل کے مکان میں دفن ہوئیں۔

ج: حضور کے 6 ماہ بعد اس وقت فاطمہ کی عمر تیس برس تھی۔

س: فدک حضور کی ذاتی ملکیت تھی۔ فاطمہ نے ابوبکر سے فدک کی وراثت کا مطالبہ کیا۔

ج: ~~ابوبکر نے~~ جواب دیا کہ پیغمبروں کی وراثت نہیں ہوتی۔ بی بی فاطمہ ابوبکر سے ناراض

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ہو گئیں۔ آخری وقت میں ابوبکرآئے اجازت مانگی جو مل گئی۔

س: فاطمہ کا جنازہ کس نے پڑھایا؟ قبر میں علی نے اتارا امام حسن کے پاس دفن ہوئیں۔

ج: حضرت عباس نے۔

س: فاطمہ کی کیا اولاد تھی؟

ج: تین بیٹے 4 بیٹیاں۔

نوٹ: حضرت علی نے پوچھا ہم دونوں میں سے کون زیادہ پیارا ہے۔
فاطمہ مجھے تم سے زیادہ پیاری ہے۔ تم مجھے فاطمہ سے زیادہ عزیز ہو۔

س: کس شیطان نے سجدہ میں حضور کی کمر پر اونٹ کی اوجھ ڈال دی تھی؟

ج: عتبہ ابن ابی معیط (یہ سب لوگ بدر میں لقمہ اجل بن گئے)

س: فاطمہ کب اور کیسے مدینہ پہنچی؟

ج: زید بن حارثہ۔ سودہ۔ ام کلثوم۔ ام ایمن اور فاطمہ کو لیکر مدینہ پہنچے۔

س: کس بدبخت نے فاطمہ کے منہ پر طمانچہ مارا تھا؟

ج: ابوجہل بن ہشام نے سرراہ فاطمہ کے منہ پر طمانچہ مارا۔ فاطمہ نے ابوسفیان سے شکایت کی۔ ابوسفیان نے کہا کہ تم ابوجہل کو تھپڑ مارو۔

س: شعب ابی طالب کے موقعہ پر فاطمہ کی کیا عمر تھی؟

ج: بارہ سال۔

س: نبوت کے دسویں سال والدہ انتقال فرماگئیں۔ فاطمہ کی کیا عمر تھی؟

ج: تقریباً 15 سال تھی۔

س: کیا مدینہ آتے وقت شیطان صفت انسان جویرث بن لیعید نے سواری کو بدک دیا۔ اونٹ اچھل پڑا۔ دونوں بہنیں گر کر زخمی ہو گئیں۔ فتح مکہ کے وقت اس کے قتل کا اعلان ہوا تو یہ بھاگ گیا۔ حضرت علی نے تعاقب کر کے اسے قتل کر دیا۔

ج: جی ہاں

س: جب حضرت فاطمہ سن بلوغت کو پہنچی تو رشتے آنا شروع ہو گئے۔

ج: ابوبکر۔ عمر فاروق کے پیغامات آئے۔ حضور خاموش رہے، جو خدا کا حکم ہوگا وہی ہوگا۔

س: فاطمہ کا نکاح کس سے ہوا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضرت علی جو حضور کے پروردہ اور چچازاد تھے۔

س: فاطمہ کے حق مہر کا کیسے بندوبست کیا گیا؟

ج: حضور نے علی سے پوچھا تمہارے پاس کچھ ہے۔ جواب نفی میں دیا۔ میں نے جو زرہ تمہیں دی تھی۔ وہی مہر میں میں دے دو۔ زرہ عثمان نے خرید لی 480 درہم میں۔

س: حضرت فاطمہ کا حق مہر کیا مقرر ہوا؟

ج: 400 مثقال چاندی۔

س: حضرت علی کی شادی کی خریداری کس نے کی؟

ج: حضرت ابوبکر اور عمار بن یاسر۔

س: ام کلثوم کو کس نے غسل دیا؟

ج: صفیہ، عطیہ اسماء بنت عمیس نے غسل دیا۔

س: سیدہ کلثوم کا جنازہ کس نے پڑھایا؟

ج: رسول خدا نے۔ بقیع میں دفن ہوئیں۔

س: آپ کا والد کی طرف سے حسب نسب بتائیے۔

ج: خاتون جنت بنت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم بن قصی بن کلاب۔

س: والدہ کی طرف سے نسب بتائیے۔

ج: فاطمہ بنت خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ ابن قصی۔

س: سیدہ طاہرہ کب کہاں پیدا ہوئیں؟

ج: ولادت بعثت سے 5 سال پہلے مکہ معظمہ میں ہوئی۔ اس وقت حضور کی عمر 35 سال تھی۔ خانہ کعبہ کی تعمیر نو کے وقت پیدا ہوئیں۔

س: فاطمہ کا نام فاطمہ کس نے رکھا؟

ج: حکم خداوندی سے رکھا گیا۔

س: فاطمہ کے معنی کیا ہیں؟

ج: زکیہ، صدیقہ، راضیہ، مرضیہ اور طاہرہ، قطع کرنا۔

س: زہراء کے کیا معنی ہیں؟

ج: زہرۃ المصطفیٰ حضور اکرم کا پھول تھیں۔

س: ان کا نام بتول بھی ہے۔

ج: یعنی قطع کرنے والی۔ مردوں سے کوئی رغبت نہ تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سیدہ فاطمہ کی رضاعت کے فرائض کس نے ادا کیے؟

ج: بچوں کو کھلی ہوا میں پرورش دودھ پلاتی اور پرورش بھی کرتی تھیں۔ والدہ کو اتنی محبت تھی کہ اپنے سے جدا نہ کیا۔ خود ہی اپنا دودھ پلایا۔ نظروں کے سامنے رکھا۔

س: کیا مشرکین حضور کے، سر میں خاک راستے میں کانٹے بچھاتے۔ کیا حضور فاطمہ کو تسلی دیتے کہ خدا تمہارے باپ کے ساتھ ہے۔

ج: جی ہاں۔

حضرت رقیہ نے دو مرتبہ حبشہ اور ایک مرتبہ مدینہ کی طرف ہجرت کی۔

س: حضرت رقیہ کا حلیہ کیسا تھا؟

ج: خوبصورت تھیں۔

س: اہل مکہ رقیہ کی شادی میں کیوں شریک نہ ہوئے؟

ج: کیوں کہ ام جمیل ان کو طلاق دلوا چکی تھی۔

س: کیا حضور نے فرمایا تھا کہ رونے میں کوئی حرج نہیں لیکن نوحہ شیطانی عمل ہے۔

ج: جی ہاں۔

## حضرت ام کلثوم بنت محمد صلی اللہ علیہ وسلم رضی اللہ عنہا

س: ام کلثوم حضور کی تیسری بیٹی تھیں۔ آپ کی والدہ کون تھی؟

ج: حضرت خدیجہ۔

س: ام کلثوم کا والد کی طرف سے حسب نسب بتائیے۔

ج: محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم۔

س: والدہ کی طرف سے نسب بتائیے۔

ج: خدیجہ الکبریٰ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی۔

س: ام کلثوم کب اور کہاں پیدا ہوئیں؟

ج: بعثت نبوی سے 6 سال پہلے مکہ میں۔

س: ام کلثوم پر پہلی دشمنوں کی یلغار کب ہوئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: جب بنی ہاشم کو شعب ابی طالب میں تین سال تک سختیاں برداشت کرنی پڑی۔

س: ام کلثوم کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عتبہ بن ابولہب۔

س: عتبہ نے ام کلثوم کو کیوں طلاق دی؟

ج: والدین کے کہنے پر (ہمارا آپ کے ساتھ بیٹھنا اٹھنا حرام ہے جب تک اپنی بیویوں کو طلاق نہ دو گے)۔ دوسرا صدمہ والدہ کا داغ مفارقت۔

س: ام کلثوم کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حضرت عثمانؓ سے۔

س: حضرت عثمان اور ام کلثوم کا ساتھ کتنے عرصے رہا؟

ج: چھ سال۔ شعبان 9 ہجری میں وفات پائی۔ حضور نے کفن کے لیے اپنی چادر دی۔

س: ام کلثوم کی اولاد کیا تھی؟

ج: ام کلثوم سے کوئی اولاد نہ تھی۔

س: رقیہ کب پیدا ہوئیں؟

ج: بعثت نبوی سے 7 سال قبل مکہ میں پیدا ہوئیں۔ حضور کی عمر 33 سال تھی۔ رقیہ زینب سے تین سال چھوٹی تھیں۔

س: سیدہ رقیہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عتبہ بن ابولہب۔

س: عتبہ نے رقیہ کو طلاق کیوں دی؟

ج: ابولہب کی بیوی ام جمیل بداخلاق عورت تھی۔ ام جمیل حضور کو تکلیف پہنچانے میں سب سے آگے تھی۔ جب تک تم محمد کی دونوں بیٹیوں کو طلاق نہ دو گے میں تم سے لاتعلق رہوں گی۔ رخصتی نہیں ہوئی تھی کیونکہ لڑکیاں کم سن تھیں۔

س: کیا حضور نے عتبہ کے لئے بددعا فرمائی۔

ج: جی ہاں۔ اے اللہ اپنے کتوں میں سے ایک کتا اس پر مسلط کر دے۔ دعا قبول ہوئی۔ شیر نے ان کو چیر کھایا۔

س: حضرت رقیہ کا دوسرا نکاح کن سے ہوا؟

ج: حضرت عثمان بن عفانؓ سے جو کہ مکہ کے باعزت اور امیر ترین انسان تھے۔

س: رسول اللہ کی کس بیٹی نے ہجرت حبشہ کی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضرت رقیہ نے۔ اس ہجرت پر رسول نے فرمایا، حضرت ابراہیم اور لوط کے بعد عثمان پہلے شخص ہیں۔ سیدہ رقیہ نے دوسری ہجرت مدینہ کی۔

س: حضرت رقیہ مدینہ میں کہاں ٹھہریں؟

ج: اوس بن ثابت کے گھر (یہ حسان بن ثابت کے بھائی تھے)

س: حضرت رقیہ کی وفات کیسے ہوئی؟

ج: 2 ہجری میں حضرت رقیہ کو چیچک نکل آئی۔ جو جان لیوا ثابت ہوئی۔

س: کیا حضرت عثمان نے بدر میں شرکت کی؟

ج: جی نہیں، ان کی اہلیہ رقیہ شدید بیمار تھیں۔ لیکن ان کو مال غنیمت سے حصہ دیا گیا اور جہاد کا اجر بھی ملے گا۔

س: رقیہ نے کب وفات پائی؟

ج: اکیس سال کی عمر میں جب زید مدینہ میں، فتح کی خبر لیکر آئے تو اس وقت رقیہ کو دفن کر رہے تھے۔

س: کیا حضرت عثمان بن مطعون پہلے صحابی مدینہ میں فوت ہوئے۔

ج: جی ہاں

س: کیا حضرت رقیہ کی کوئی اولاد تھی؟

ج: صرف ایک بیٹا عبداللہ تھا۔ جس پر عثمان نے کنیت عبداللہ رکھی۔

س: عبداللہ نے کس طرح وفات پائی؟

ج: مرغ نے آنکھ میں چونچ ماری۔ 4 ہجری میں وفات پائی۔

س: ابوالعاص نے اپنے اسلام نہ لانے کی وجہ کیا بتائی؟ ''کہ تم لوگوں کا مال میرے پاس تھا''

ج: اب میں ادا کر کے فارغ ہو گیا ہوں۔ اب میں اپنے اسلام لانے کا اعلان کرتا ہوں۔

س: ابوالعاص مدینہ پہنچے اسلام قبول کیا۔ پہلے حق مہر پر، دوبارہ حضرت زینب سے نکاح کیا۔ دوسری رائے یہ بھی ہے کہ دوبارہ نکاح نہیں ہوا۔

ج: حضرت ابن عباس نے نکاح اول کیا۔ ورنہ تفریق نکاح ثانی ضروری ہوتا۔

س: حضرت سیدہ زینب نے کب وفات پائی؟

ج: 8 ہجری میں وفات پائی۔

س: حضرت زینب کو کس نے غسل دیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ام ایمن، حضرت سودہ اور حضرت ام سلمٰی نے حضور کی ہدایات کے مطابق میت کو غسل دیا۔

س: **حضور نے کفن کے ساتھ کیا چیز اور عطا فرمائی؟**

ج: اپنا تہہ بند دیا۔

س: **کیا غسل میں ہر عضو کو تین/پانچ دفعہ دھویا گیا۔ کافور لگایا گیا۔**

ج: اے ام عطیہ میری بیٹی کو ٹھیک سے کفن پہنانا، تین چوٹیاں بنانا۔

س: **کیا حضور نے خود زینب کو قبر میں اتارا؟**

ج: جی ہاں خود قبر میں اترے۔ جنت البقیع میں سپرد خاک کیا۔

س: **زینب نے کوئی اولاد پیچھے چھوڑی؟**

ج: حضرت امامہ کو زبیر بن العوام کی سرپرستی میں دیا۔ بعد میں حضرت فاطمہ کی وفات کے بعد حضرت علی کے نکاح میں آئی۔

## حضرت رقیہ بنت محمدؐ

حضور کی دوسری بیٹی تھیں۔

س: **آپ کی والدہ کون تھیں؟**

ج: ام المومنین حضرت خدیجۃ الکبریٰ۔

س: **حضرت رقیہ کا والد کی طرف سے نسب بتائیے؟**

ج: محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم۔

س: **والدہ کی طرف سے نسب نامہ بتائیے۔**

ج: رقیہ بنت خدیجہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی۔

س: **کیا ابوالعاص جنگ بدر میں اسیر بنے؟ ان کو کس نے قیدی بنایا؟**

ج: عبداللہ بن جبیر نے قیدی بنایا۔

س: **قیدیوں کو فدیہ وصول کرنے کے بعد رہا کر دیا گیا۔ ابوالعاص کا فدیہ کیا تھا؟**

ج: یمنی عقیق کا ایک ہار۔

س: **یہ عقیق کا ہار کہاں سے آیا؟**

ج: حضرت خدیجہ نے اپنی بیٹی زینب کو جہیز میں دیا تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا ہار دیکھ کر حضور آب دیدہ ہو گئے۔فرمایا مناسب سمجھو تو یہ ہار واپس کر دو۔ یہ ہار زینب کی والدہ کی نشانی ہے۔

س: ابوالعاص کو کس شرط پر چھوڑا گیا؟

ج: ابوالعاص مکہ جا کر زینب کو مدینہ بھیج دے۔

س: حضرت زینب کو لانے کے لئے کسے مکہ بھیجا گیا؟

ج: زید بن حارثہ کو، کہ وہ بطن کے مقام پر زینب کا انتظار کرے۔

س: وعدے کے مطابق ابوالعاص نے زینب کو اپنے بھائی کنانہ کے ساتھ روانہ کیا خود تجارتی سفر میں شام چلا گیا۔

ج: کنانہ بن ربیع نے زینب کا تعاقب کیا۔ مقام ذی طوی میں ہبار بن اسود نے زینب کو نیزا مار کر زمین پر گرا دیا۔ جس سے ان کا حمل ساقط ہو گیا۔

س: ابوسفیان نے کنانہ بن ربیع کو لڑائی سے منع کیا، اور کہا کہ اگر آپ اس طرح سرعام زینب کو لے جاؤ گے تو ہماری سبکی ہوگی۔

ج: پھر کسی دن خفیہ طور پر مدینہ لے جانا۔ چند دن بعد زینب کو اجم پہنچا دیا اور وہ زید بن حارثہ کے ساتھ مدینہ آ گئیں۔

س: حضور سیدہ زینب کے بارے میں کیا فرمایا کرتے تھے؟

ج: زینب میری سب سے پیاری بیٹی ہے۔ اسے میری وجہ سے بڑی تکلیف اٹھانی پڑی۔

س: حضرت زینب کو کتنے عرصہ اپنے خاوند سے جدا رہنا پڑا؟

ج: چھ سال۔

س: حضرت ابوالعاص کے قافلے پر کیسے حملہ ہوا؟

ج: قافلہ شام جا رہا تھا، عیص کے مقام پر قریش نے قافلے پر حملہ کر کے تمام سامان پر قبضہ کر لیا۔ شریکین کو قیدی بنا لیا۔

س: ابوالعاص بھاگ کر حضرت زینب تک کیسے پہنچے؟

ج: سیدہ زینب نے فجر کی نماز میں اعلان کیا کہ ابوالعاص میری پناہ میں ہے۔

س: ابوالعاص کو کیسے رہائی ملی؟

ج: ابوالعاص کا لوٹا ہوا سامان واپس کر دیا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# سیدہ زینب الکبریٰ بنت محمدؐ

حضرت زینب ام المومنین خدیجۃ الکبریٰ کی بیٹی تھیں۔

س: آپ کب پیدا ہوئیں؟

ج: بعثت نبوی سے دس سال پہلے مکہ میں پیدا ہوئیں۔ 30 میلادالنبی۔

س: حضرت زینب کا نسب نامہ والد کی طرف سے بتایئے؟

ج: حضرت محمد بن عبداللہ بن عبدالمطلب بن ہاشم۔

س: والدہ کی طرف سے نسب نامہ بتایئے۔

ج: خدیجۃ الکبریٰ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصی۔

س: زینب کی پیدائش کے وقت حضور کی کیا عمر تھی؟

ج: حضور کی عمر 30 برس تھی۔

س: حضرت زینب کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: خالہ زاد بھائی ابوالعاص بن ربیع۔

س: حضرت زینب کا حضور کی اولاد میں کونسا نمبر تھا؟

ج: سب سے بڑی صاحبزادی تھیں۔ بہنوں میں سب سے بڑی تھیں۔

س: ابوالعاص حضرت خدیجہ کی کس بہن کے بیٹے تھے؟

ج: حقیقی بہن ہالہ بنت خویلد۔

س: ابوالعاص کا نسب نامہ بتایئے۔

ج: ابوالعاص بن ربیع بن عبدالعزیٰ بن عبد شمس بن عبد مناف۔

س: حضرت زینب نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: زینب نے ابتدا میں اسلام قبول کیا۔ جب ابوالعاص تجارت کی غرض سے مکہ میں نہ تھے۔

س: حضرت ابوالعاص نے اسلام کیوں نہ قبول کیا؟

ج: تاکہ لوگ یہ نہ کہیں کہ بیوی کی خاطر آباؤاجداد کا مذہب چھوڑ دیا۔

س: حضور نے اپنے داماد کی کن الفاظ میں تعریف کی؟

ج: ابوالعاص نے بہترین دامادی کا ثبوت دیا۔

س: قریش نے ابوالعاص کو بڑا لالچ دیا کہ اپنی بیوی کو طلاق دے دو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: میں زینب کو اپنے سے الگ نہیں کر سکتا۔

س: سیدہ زینب ہجرت مدینہ کے وقت کیوں نہ ہجرت کر سکیں؟

ج: سسرال نے ہجرت نہ کرنے دی۔

س: زینب کی باقی بہنوں نے کیسے ہجرت کی؟

ج: رقیہ، ام کلثوم، فاطمہ مدینہ ہجرت کر گئیں۔

س: صفیہ نے خاوند کے بعد کس کے ساتھ ہجرت مدینہ کی؟

ج: حضرت زبیر کے ہمراہ۔

س: حضور کو جنگ احد میں چھوڑ کر چل دیئے۔ حضرت صفیہ نے کس کے بارے میں کہا تھا؟

ج: احد میں حمزہ شہید ہوئے، حضور کے دندان شہید ہوئے۔ اور تم لوگ پیغمبر کو چھوڑ کر بھاگ آئے۔

س: رسول اللہ نے حضرت زبیر سے کہا کہ صفیہ کو حضرت حمزہ کا مثلہ نہ دیکھنے دیں۔

ج: صفیہ نے فرمایا میں بھائی کا مثلہ کا ماجرا سن چکی ہوں۔

س: خیبر میں حضرت صفیہ نے یہودی کو کیسے قتل کیا؟

ج: ایک یہودی قلعہ کے دروازہ تک آ گیا، حملہ کے موقعہ کی تلاش میں تھا۔ حضرت صفیہ نے حسان سے کہا اسے قتل کر دو۔ حسان نے معذوری ظاہر کی۔ صفیہ نے خیمہ کی چوب سے یہودی کا سر پھاڑ دیا۔ اور سر کاٹ کر قلعے سے نیچے پھینک دیا۔

س: حضرت صفیہ کے کس بیٹے نے ہجرت حبشہ کی؟

ج: زبیر نے ہجرت حبشہ کی (5 نبوی)۔

س: حضرت صفیہ کے کس بیٹے کی شادی حضرت ابوبکر کی بیٹی اسماء سے ہوئی؟

ج: زبیر بن العوام سے۔

س: مدینہ میں مہاجرین کے ہاں کس کے بچہ کی پیدائش ہوئی؟

ج: حضرت زبیر کی۔

س: حضرت صفیہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

ج: 73 سال کی عمر میں حضرت عمر کے دور میں وفات پائی اور جنت البقیع میں دفن ہوئیں۔

س: عبدالمطلب سے صفیہ کی کونسی اولاد تھی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: تین بیٹے۔زبیر،سائب،عبدالکعبہ۔

س: کیا صفیہ حضرت خدیجہ کے بھائی عوام بن خویلد کی زوجہ تھیں؟

ج: جی ہاں۔

## صفیہؓ بنت عبدالمطلب

### سابقون الاولون۔مہاجر مدینہ۔خالہ زاد بہن

س: کیا صفیہ حضور کی پھوپھی تھیں؟

ج: جی ہاں یہ بیعت الرضوان میں بھی شامل تھیں۔

س: صفیہ حضرت عبداللہ کی باپ شریک ہمشیرہ تھیں۔عبدالمطلب کی دوسری بیوی کا کیا نام تھا؟

ج: فاطمہ بنت عمرو

س: حضرت صفیہ کا نسب نامہ والد کی طرف سے بتایئے۔

ج: صفیہ بنت عبدالمطلب بن ہاشم بن قصی بن کلاب۔

س: حضرت صفیہ کا والدہ کی طرف سے حسب نسب بتایئے۔

ج: صفیہ بنت ہالہ بنت وہب بن عبدمناف۔

س: حضرت صفیہ کا حضرت آمنہ (والدہ محمدؐ) سے کیا رشتہ تھا؟

ج: صفیہ چچازاد بہن تھیں۔اور خالہ زاد بھی تھیں۔حضرت حمزہ حضرت صفیہ کے سگے بھائی تھے۔

س: صفیہ کو عمۃ النبی کیوں کہتے ہیں؟

ج: صفیہ پھوپھی تھی اس لئے عمۃ النبی کہلاتے تھے۔

س: حضرت صفیہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: سابقون الاولون تھیں۔

س: حضرت صفیہ کی پیدائش کہاں ہوئی؟

ج: مکہ میں۔حضرت صفیہ اور پیغمبر ہم عمر تھے۔

س: حضور کی کونسی پھوپھیاں اسلام لائیں۔

ج: صفیہ۔اروی اور عاتکہ کے بارے میں اختلاف ہو۔

س: کیا ام حکم بیضہ اور برہ مسلمان نہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: جی ہاں۔

س: کیا حضور کی کسی پھوپھی نے غزوہ خیبر میں ایک یہودی کو قتل کیا؟

ج: جی ہاں صفیہ نے۔

س: حضرت صفیہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حارث بن حرث، ایک لڑکا بھی پیدا ہوا۔

س: حضرت صفیہ کا دوسرا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عوام بن خویلد سے ہوا، ان سے زبیر پیدا ہوئے۔

س: صفیہ کے کس بیٹے نے غزوہ خندق اور یمامہ میں حصہ لیا؟

ج: سائب بن العوام جو زبیر بن العوام کے بھائی تھے۔

## ﴿اسماء بنت ابوبکر صدیق﴾

### سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: والد کی طرف سے ان کا حسب نسب بتائیے۔

ج: اسماء بنت ابوبکر بن ابوقحافہ عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیمہ مرہ بن کعب لوئی۔

س: ماں کی طرف سے اسماء بنت ابوبکر کا حسب نسب بتائیے۔

ج: اسماء بنت قتیلہ بنت عبدالعزیٰ۔ نانا معروف رئیس تھے۔

س: حضرت عائشہ سے حضرت اسماء کا کیا رشتہ تھا؟

ج: اسماء عائشہ کی سوتیلی بہن تھی۔ عبداللہ ابوبکر اسماء کے حقیقی بھائی تھے۔

س: اسماء ابوبکر نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اسماء اٹھارویں نمبر پر مسلمان تھیں۔

س: کیا اسماء کا نکاح حضرت زبیر بن العوم سے ہوا۔ عشرہ مبشرہ میں تھے۔ پیغمبر کے پھوپھی زاد۔ سیدہ خدیجہ کے حقیقی بھتیجے تھے۔

ج: جی ہاں۔

س: زاد سفر کی ذمہ داری کس پر عائد تھی؟

ج: حضرت اسماء پر۔ انہوں نے تھیلا/مشکیزہ کا منہ باندھنے کے لئے اپنا کمر بند کھول کر (نطاق)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کے دو ٹکڑے کیے ایک سے تھیلے کا منہ دوسرے سے مشکیزہ کا منہ باندھ دیا۔ انہیں ذات النطاق کا لقب ملا۔

س: **اسماء ابوبکر کے ذمہ کیا کام لگایا گیا؟**

ج: وہ ابوبکر کو کھانا پہنچاتی تھیں۔

س: **ابوجہل نے اسماء کے تھپڑ کیوں مارا تھا؟**

ج: رات کو حضرت ابوبکر چلے گئے۔ صبح کو ابوجہل تلاش میں نکلے ابوبکر کے گھر آئے اسماء سے پوچھا۔ انہوں نے لاعلمی کا اظہار کیا۔ اس پر ابوجہل نے تھپڑ مارا۔

س: **اسماء کے دادا ابوقحافہ نے پوچھا۔ بیٹی آپ کے ابو ساری رقم لے گئے یا گھر کے لیے کچھ چھوڑ گئے؟**

ج: اسماء نے تھیلی میں کنکر ڈال کر اوپر رومال ڈال دیا۔ دادا کا ہاتھ اس پر پھرایا۔ اس طرح اس ان کی حوصلہ افزائی کروائی۔

س: **مدینہ جا کر حضور نے زید کو اور ابورافع کو مکہ کیوں بھیجا؟**

ج: ابوبکر صدیق نے اپنے بیٹے عبداللہ کو اس لئے بھیجا کہ وہ ام رومان اسماء اور عائشہ کو مدینہ لائے۔

س: **حضرت زبیر نے ان کے ساتھ ہجرت کیوں نہ کی؟**

ج: زبیر کاروباری سلسلے میں شام گئے ہوئے تھے۔ واپسی پر زبیر نے حضرت ابوبکر اور پیغمبر کو کچھ کپڑے بھی پیش کیے۔

س: **مدینہ میں مہاجرین کا سب سے پہلا بیٹا کون پیدا ہوا تھا؟**

ج: پہلی ہجری میں اسماء کے بطن سے عبداللہ بن زبیر پیدا ہوئے۔

س: **مدینہ میں پہلا نعرہ تکبیر کب اور کیوں لگایا گیا؟**

ج: حضرت عبداللہ بن زبیر کے پیدا ہونے پر۔

س: **حضرت عائشہ کی کنیت ام عبداللہ کس بچے پر رکھی گئی؟**

ج: اپنے بھانجے ام عبداللہ پر۔

اسماء سے شادی کے وقت زبیر بہت مفلس تھے۔ ایک گھوڑا اور ایک اونٹ تھا۔ حضور نے ان کو بنو نضیر کے نخلستان سے کچھ ٹکڑا زمین کا دے رکھا تھا۔ اس کی کھیتی باڑی پر گزارہ تھا۔ اسماء 3 فرسخ فاصلہ طے کر کے کھجوروں کی گٹھلیاں لاتیں کوٹ کر اونٹ کو کھلاتیں۔ اونٹ کے لئے گھاس، پانی بھرتی، گھر کا کام کاج بھی خود کرتی تھیں۔ حضرت ابوبکر نے ان کو ایک غلام مہیا کیا۔

س: **کیا حضرت اسماء بڑی سخی تھیں۔ خیرات کرتیں۔ غلام آزاد کرتیں۔ عابدہ وزاہدہ بھی تھیں۔**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



خواب کی تعبیر کی ماہر تھیں۔

ج: جی ہاں۔

س: عبداللہ بن زبیر اپنی ماں اور خالہ کی سخاوت کا ذکر یوں کرتے ہیں۔

ج: عائشہ تھوڑا تھوڑا جمع کر کے دیتی۔ جب کہ اسماء جو کچھ پاتی دے دیتی۔

س: کیا حضور کا جبہ عائشہ کے پاس تھا۔ اپنی وفات پر اسماء کو دے دیا تھا۔ گھر میں کوئی بیمار پڑتا اس جبہ کا پانی اسے پلا دیتی وہ تندرست ہو جاتا۔

ج: جی ہاں۔

س: حضرت اسماء نے پہلا حج کس کے ساتھ کیا؟

ج: پہلا حج حضور کے ساتھ کیا۔

س: کیا اسماء نے جنگ یرموک میں حصہ لیا؟

ج: جی ہاں

س: زبیر نے اسماء کو طلاق کیوں دی؟

ج: خانگی معاملات میں اختلافات کی وجہ سے۔ زبیر اسماء کو مارنے لگے۔ عبداللہ بیچ میں آگئے۔ اس لئے علیحدگی ہوگئی۔

س: 36ھ میں جنگ جمل میں زبیر کو حضرت علی نے حضور کا ایک فقرہ سنایا۔ تو وہ میدان جنگ سے پلٹ گئے۔ وادی سباح میں دوران نماز حالت سجدہ میں کس نے آپ کو شہید کر دیا۔

ج: عمرو بن جرموز

س: حجاج بن یوسف نے اسماء کے کس بیٹے کو شہید کیا؟

ج: عبداللہ بن زبیر کو۔

س: زبیر کی لاش کی کس طرح بے حرمتی کی گئی؟

ج: لاش کو مقام حجون میں سولی پر الٹا لٹکا دیا۔

لاش حضرت اسماء کے سپرد نہ کی گئی۔ عروہ بن زبیر جو زبیر کے بھائی تھے نے حجاج کو مالک سے خط لکھوایا کہ لاش واپس کر دی جائے۔ اسماء نے اسے مقام حجون میں دفن کیا۔

س: حضرت اسماء نے کب وفات پائی؟

ج: 73 ہجری میں 100 سال کی عمر میں۔

س: اسماء سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: 185 احادیث۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اسماء بنت عمیس

س: حضرت اسماء بنت عمیس سے ابوبکر کی کتنی اولاد تھی؟

ج: عبداللہ، عروہ منذر، عاصم، ام حسن اور اسماء بنت یزید السکن۔

س: آپ کا کس قبیلہ سے تعلق تھا؟

ج: اوس کے خاندان بنو عبداللہ شہل سے تھا۔

س: اسماء کا نسب نامہ بتایئے۔

ج: اسماء بنت یزید بن السکن بن رافع بن امراء القیس بن زید۔

س: اسماء بنت یزید کا معاذ اور اسد سے کیا تعلق تھا؟

ج: سعد چچا اسد رشتہ میں بھتیجا۔

س: اسماء بنت یزید نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے پورا خاندان اسلام لے آیا تھا۔ (عبداللہ شہل کا سارا خاندان ایک ہی دن اسلام لے آیا۔)

س: اسماء نے نبی کے ہاتھ پر کب بیعت کی؟

ج: بیعت عقبیٰ سے محروم لوگ جوق در جوق اسلام قبول کرنے لگے۔ اسماء بھی ان میں سے تھیں۔ بیعت کے لئے عورتوں کی ایک جماعت آئی۔ اسماء نے کہا حضور میں عورتوں کا ایک پیغام لے کر آئی ہوں۔

س: مردوں اور عورتوں میں بڑا فرق ہے۔ مرد نماز باجماعت پڑھتے ہیں ہم جنازہ میں شریک نہیں ہو سکتیں۔ مرد جہاد میں حصہ لیتے ہیں۔ ہم ان کی اولاد کی پرورش کرتے ہیں۔ مال کی حفاظت کرتی ہیں۔ کیا عورتوں کو مردوں کے کار خیر کا حصہ ملے گا۔

ج: آپ اسماء کی تقریر سے بہت متاثر ہوئے۔ حضور نے اسماء سے مخاطب ہو کر فرمایا عورت کے لئے شوہر کی رضامندی بڑی ضروری ہے۔ اگر ایک عورت فرائض زوجیت ادا کرتی ہو، شوہر کی فرمانبرداری کرتی ہو تو اس کو بھی مرد کے برابر اجر ملے گا۔

س: حضرت عائشہ کی رخصتی پر کس صحابیہ نے اسے سنوارا تھا؟

ج: چند خواتین کے ساتھ اسماء بنت یزید نے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضور کو دودھ پیش کیا گیا۔ آپ نے تھوڑا پیا باقی عائشہ کو دے دیا۔
ج: اسماء نے سیدہ کو ہلکا سا پیار سے ڈانٹا جس پر عائشہ نے تھوڑا دودھ پی لیا باقی سہیلیوں کو دے دیا گیا۔
س: کیا اسماء اونٹنی کی مہار پکڑے کھڑی تھی۔ وحی کا نزول شروع ہوا اونٹنی بوجھ تلے دبی جا رہی تھی۔ مجھے خوف تھا کہ اونٹنی کی ٹانگیں نہ ٹوٹ جائیں۔
ج: جی ہاں۔
س: کیا اسماء نے جنگ یرموک میں حصہ لیا۔ اسماء نے خیموں کی چوبیں اٹھا کر دشمن پر حملہ کر دیا۔
ج: جی ہاں۔
س: اسماء کی کنیت کیا تھی؟
ج: ام سلمٰی تھی۔
س: اسماء نے حضور کا کونسا تبرک سنبھال کے رکھا ہوا تھا؟
ج: فرماتی ہیں حضور نے میرے مشکیزے سے پانی لیا تھا۔ میں مریضوں کو اس مشکیزے سے پانی پلاتی تو وہ شفایاب ہو جاتے۔
س: اسماء سے کتنی احادیث مروی ہیں؟
ج: اکیاسی احادیث۔ روایت حدیث میں ان کا تیسرا نمبر آتا ہے۔
س: اسماء کے خاندان کے کتنے لوگوں نے جام شہادت نوش فرمایا؟
ج: یزید بن السکن احد کے دن شہید ہوئے۔ علی بن یزید بھی شہید ہوئے۔ زیاد بن السکن نے بھی شہادت پائی۔ چچازاد عمارہ بھی اسی جنگ میں شہید ہوئے۔ ان میں بھائی، چچا، چچازاد بھائی بھی تھے۔ اسماء نے حضور کو دیکھا اور کہا (آپ کے بعد ہر مصیبت آسان ہے)۔
س: اسماء کب تک حضور کے ساتھ رہیں؟
ج: غزوہ خندق میں شریک تھیں۔ غزوہ حدیبیہ میں بھی تھیں۔ بیعت رضوان میں بھی تھیں۔ غزوہ خیبر میں بھی شرکت کی۔ اسماء کو حضور نے جنت کی بشارت دی۔
س: خطیبۃ النساء کے نام سے کون صحابیہ مشہور تھیں؟
ج: حضرت اسماء بنت یزید بن السکن انصاری۔
س: کیا اسماء نے اپنے گھر میں ہی مسجد بنائی ہوئی تھی۔
ج: جی ہاں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## ام ہشام بنت حارثہ

ابوعبداللہ حارثہ بن نعمان کی بیٹی تھی۔ بنی خزرج کی شاخ بنی نجار سے تھی۔

س: ام ہشام کو کیا فضیلت میسر تھی؟

ج: اپنے گھروں کو رسول کو پیش کرنے والے تھے۔ انہوں نے اپنی زمین اور گھر حضور کو ہبہ کیا تھا۔ انہوں نے دو مرتبہ حضرت جبرائیل کو دحیہ کلبی کی شکل میں دیکھا تھا۔

س: ام ہشام کی والدہ کون تھی؟

ج: ام خالد بن جحش انصاریہ۔

س: ام ہشام کب اسلام لائیں؟

ج: ام ہشام ان کی بہنیں سودہ، عمرہ، ام کلثوم سب ایمان لائیں۔

س: حضور کے پڑوس میں (مدینہ) کون صحابیہ آپ کے پڑوس میں رہتی تھیں؟ اور ازواج مطہرات کو دیکھا کرتی تھیں۔

ج: ام ہشام کہتی ہیں حضور کا اور ہمارا تنور ایک سال تک اکٹھا رہا۔

س: کونسی صحابیہ نبی کے پیچھے باقاعدگی سے نماز پڑھتی تھیں؟

ج: ام ہشام۔ صلح حدیبیہ (بیعت رضوان) میں شمولیت کی وجہ سے جنت کی بشارت پانے والی تھیں۔

س: ام ہشام سے کتنی احادیث روایت ہیں؟

ج: اٹھارہ احادیث۔

س: کس صحابیہ کے والد حضور کو مکان (گھر) پیش کر دیا کرتے تھے؟

ج: حارثہ بن نعمان کے بہت سے گھر تھے۔ حضور کو ضرورت کے وقت دے دیا کرتے تھے۔

## ام حکیم۔ مجاہدہ

س: ام حکیم ابوجہل کی بہو تھیں۔ ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: بنی مخزوم سے تھی۔ ام حکیم بنت حارث بن حصام بن مغیرہ بن عبداللہ بن عمرو۔

س: ام حکیم کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: فاطمہ بنت ولید بن مغیرہ۔ یہ خالد بن ولید کی ہمشیرہ تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ام حکیم کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

ج: عکرمہ ابوجہل سے۔ جو فتح مکہ کے بعد اسلام لائے۔ فتح مکہ کے موقعہ پر عکرمہ یمن بھاگ گئے تھے۔ ام حکیم نے اسلام قبول کیا۔ خاوند کو امان دلوایا۔ شوہر کو واپس لائیں۔ پھر اسلام قبول کیا۔ عکرمہ نے اسلام قبول کر کے اپنے گناہوں کا کفارہ ادا کیا۔ جنگ اجنادین میں شہید ہوئے۔

س: ام حکیم نے کن معرکوں میں حصہ لیا؟

ج: رومیوں کے خلاف بہادری سے لڑیں۔

س: ام حکیم نے کتنی اولاد پیچھے چھوڑی؟

ج: بیٹی فاطمہ بنت عمر۔

## ام جلاد

س: ام جلاد کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: سوید بن ثعلبہ خزرجی سے ہوا۔ جن سے بیٹا جلاد پیدا ہوا۔ جن سے ان کی کنیت ہے۔

س: جلاد کا بیٹا کس غزوہ میں شہید ہوا؟

ج: غزوہ بنی قریظہ ایک کافرہ نے چھت سے بھاری پتھر گرا کر ان کو شہید کر دیا۔

س: اگر میں اپنا بیٹا کھویا ہے۔ اب شرم وحیا بھی کھودوں یہ کس صحابیہ کے الفاظ تھے؟

ج: ام جلاد۔ تمہارے بیٹے کو دوہرا اجر ملے گا کیونکہ اسے اہل کتاب نے قتل کیا ہے۔ یہ حضور نے فرمایا تھا۔

## ام عمارہ نسیبہ بنت کعب

سابقون الاولون۔ انصاریہ:

س: ام عمارہ معروف صحابیہ تھیں ان کا نام بتایئے۔

ج: اصل نام نسیبہ کعب تھا۔ لیکن ام عمارہ سے مشہور ہوئیں۔

س: اس کا سلسلہ نسب بتائے؟

ج: عمارہ نسیبہ بنت کعب بن عمرو بن عوف بن مبذول۔

س: نسیبہ کے پدری بھائی کا نام بتایئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: عبداللہ بن کعب بدری۔

س: عمارہ کا ایک بھائی عبدالرحمان کو بکائیں کیوں کہتے تھے؟

ج: بکائیں خوف خدا سے بہت روتے تھے۔

س: عمارہ کی پہلی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: زید بن عاصم بن عمرو۔ یہ ان کے چچا کے بیٹے بھی تھے۔

س: عمارہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: بیعت عقبہ ثانیہ 73 مرد اور 2 خواتین میں عمارہ بھی شامل تھیں۔ اسلام کی وجہ مصعب بن عمیر بنے۔

س: عمارہ کی دوسری شادی کن سے ہوئی؟

ج: غزیہ بن عمرو بن عطیہ۔

س: عمارہ نے کن غزوات میں حصہ لیا؟

ج: غزوہ احد، غزوہ حدیبیہ، عمرۃ القضا، فتح مکہ، حنین، عمارہ مسلیمہ کذاب کے خلاف موتہ میں بھی تھیں۔

س: کون خاتون احد کے لقب سے مشہور ہوئیں؟

ج: ام عمارہ۔

س: احد میں عمارہ کے کون کون عزیز شامل تھے؟

ج: شوہر، عزیہ، ان کے دونوں بیٹے عبداللہ اور حبیبہ۔

س: عمارہ نے غزوہ احد میں کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: شروع میں مسلمانوں کا پلہ بھاری رہا۔ عمارہ زخمیوں کو پانی پلاتی تھیں۔ جنگ کا پانسہ پلٹا تو عمارہ نے تلوار پکڑ لی اور حضور کی حفاظت کے لئے ڈھال بن گئی۔

عمارہ جتنی طاقت تم میں ہے اور کسی میں کہاں ہوگی، رسول خدا نے فرمایا۔ احد میں عمارہ نے ایک مشرک کے سر پر وار کیا اور گھوڑے کے پاؤں پر تلوار ماری، سواری اور سوار دونوں زمین پر گر گئے۔ حضور نے عمارہ کے بیٹے عبداللہ کو پکار کر کہا ماں کی مدد کرو۔

س: عمارہ نے اپنے بیٹے کا بدلہ کیسے لیا؟

ج: حضور نے فرمایا، عمارہ سنبھلنا یہ وہی کافر ہے جس نے تیرے بیٹے کو زخمی کیا تھا، عمارہ جھپٹیں ایک ہی وار میں اس کا سر قلم کر دیا۔

س: کیا رسول کے دو دانت ابن قیمہ کے وار سے شہید ہوئے۔

ج: عمارہ نے بڑے غصہ کا اظہار کیا۔ عمارہ نے وار کیا لیکن قیمہ نے ڈبل زرہ پہنی ہوئی تھی۔ بچ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



گیا۔اس پر صحابہ نے فرمایا کہ احد عمارہ کا دن تھا۔

س: مسلیمہ کذاب نے عمارہ کے کس بیٹے کو شہید کیا؟

ج: حضرت حبیب بن زید عمان۔ یہ عمان سے مدینہ آرہے تھے تو شہید ہوئے۔

س: حبیب بن زید کو شہید کیوں کہتے ہیں؟

ج: مسلیمہ نے پوچھا محمد سچے رسول ہیں۔ جواب دیا ہاں۔ کہوں میں سچا رسول ہوں۔ انکار پر اسے قتل کردیا۔

س: ام عمارہ نے بیٹے کا بدلہ مسلیمہ سے کیسے لیا؟

ج: عمارہ نے لشکر میں شمولیت کی۔ برچھی سے مسلیمہ کو قتل کرنا چاہتی تھی۔ کہ وحشی نے نیزہ سے مسلیمہ کا کام تمام کردیا۔

س: عمارہ نے کب وفات پائی؟

ج: عمر فاروق کے زمانے میں، عمارہ سے چند احادیث بھی مروی ہیں۔

س: عمارہ کے پاس حضور کا کونسا تبرک موجود تھا؟

ج: موئے مبارک، صلح حدیبیہ کے موقع پر ملے تھے۔ پانی میں بھگو کر مریضوں کو پلاتی وہ شفایاب ہو جاتے۔

س: عمارہ کی اولاد کتنی تھی؟

ج: زید سے عبداللہ اور حبیب۔ غذیہ بن عمرو سے تمیم اور خوس پیدا ہوئے۔ عبداللہ اور حبیب صحابی بنے اور دونوں شہید ہوئے۔

## سفانہ بنت حاتم

س: سفانہ بنت حاتم کون تھی؟

ج: عرب کے مشہور سخی حاتم طائی کی بیٹی تھی۔

س: سفانہ کے والد کی طرف سے سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: سفانہ بنت حاتم بن عبداللہ بن حشرج بن امراء القیس غامدی بن ربیعہ۔

س: سفانہ کا قبیلہ کہاں آباد تھا؟

ج: حاتم طائی قبیلہ کے سردار تھے۔ اس قبیلہ کا مذہب عیسائیت تھا۔ حضور سے چند سال پہلے حاتم نے وفات پائی۔ پھر عدی بن حاتم سردار بنے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضور نے کس کی قیادت میں لشکر بنو طے کی طرف بھیجا؟
ج: حضرت علی نے حملہ کیا قبیلہ کے لوگوں کو قیدی بنایا۔سردار بھاگ کر شام چلا گیا۔اور مشہد میں رہنے لگا۔سفانہ گرفتار ہوئی۔
س: سفانہ نے حضور سے کیا فریاد کی؟
ج: میں طے کے قبیلے کے سردار کی بیٹی ہوں۔مجھ پر رحم کیجیے۔بھائی مجھے چھوڑ کر بھاگ گیا۔والد بھوکوں کو کھانا کھلاتے تھے۔یتیموں کی سرپرستی فرماتے تھے۔آپ مناسب سمجھیں تو مجھے آزاد فرمادیں۔پیغمبر نے فرمایا معزز باپ کی بیٹی ہے ان کے حال پر ترس کھاؤ۔
س: کیا حضور نے سفانہ کو آزاد کر دیا؟ (سفانہ کا حضور سے تین دن مکالمہ ہوا)
ج: جی ہاں۔بلی کا ایک وفد آیا۔ان کے ساتھ سفانہ کو وطن بھیج دیا گیا۔
س: سفانہ نے بھائی پر کس طرح ناراضگی کا اظہار کیا؟
ج: جو شیہ پہنچ کر ظالم قاطع رحم لعنت ہے تجھ پر اپنے اہل وعیال کو لے آئے مجھے بے یارومددگار چھوڑ آئے۔
س: بھائی نے پیغمبر کے بارے میں پوچھا تو بہن نے کیا کہا؟
ج: جس قدر جلدی ہو تم ان سے ملو۔
س: کیا سفانہ نے اسلام قبول کیا؟
ج: جی ہاں۔وہ مسلمان ہوئیں۔

## حضرت نفیسہؓ بنت مینہ

س: شادی کے لئے خدیجہ کا پیغام کس نے پیغمبر تک پہنچایا؟
ج: حضرت نفیسہ نے حضور سے کہا کہ آپ شادی کیوں نہیں کر لیتے۔حضور نے کہا شادی کیسے ہوسکتی ہے۔نفیسہ نے کہا آپ میرے اوپر چھوڑ دیں۔
س: نفیسہ کا حضرت خدیجہ سے کیا تعلق تھا؟
ج: سہیلی یا سہیلی کی خادمہ تھی۔
س: نفیسہ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: فتح مکہ کے بعد۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## فاطمہ بنت اسود

س: فتح مکہ کے موقعہ پر کس نے چوری کی؟

ج: فاطمہ بنت اسود۔

س: فاطمہ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: بنو مخزوم سے۔ کسی عورت کا زیور چرالیا تھا۔

س: بنی مخزوم نے کس سے سفارش کروائی؟

ج: زید بن حارثہ سے۔

س: حضور نے فاطمہ بنت مخزوم کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: پہلے لوگ امیر چوری کرتا تو اس کو چھوڑ دیتے۔ جب کوئی غریب آدمی چوری کرتا تو حد جاری کر دیتے۔ اگر فاطمہ بنت محمدؐ بھی چوری کرتی تو میں اس کے ہاتھ کاٹ دیتا۔

س: فاطمہ کو چوری کی کیا سزا ملی؟

ج: فاطمہ بنت اسود مخزومیہ پر حد جاری کر دی گئی۔ اس کے ہاتھ کاٹ دیئے گئے۔

## سلافہ بنت سعید

س: حضرت سلافہ بنت سعید کس قبیلے سے تھیں؟

ج: قبیلہ اوس کے بنی عوف سے تعلق تھا۔

س: حضرت سلافہ بنت سعید کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: رئیس طلحہ بن ابی طلحہ عبید اللہ سے۔ سلافہ مشہور صحابی کلید بردار حضرت عثمان بن طلحہ کی والدہ تھیں۔

س: انہوں نے کعبہ کی کنجی دینے سے کیوں انکار کیا؟

ج: سلافہ نے کنجی دینے سے انکار کر دیا۔ سلافہ اس وقت تک اسلام نہ لائی تھیں۔ عثمان نے زبردستی چابی لیکر حضرت علی کو دی تھی۔

س: حضور نے چابی کے بارے میں کیا فرمایا؟

ج: کہ جو شخص تم سے چابی چھینے گا، وہ ظالم ہوگا۔ اللہ تمہیں حکم دیتا ہے کہ تم امانتوں کو ان کے مالکوں کو واپس دے دو۔ اس وقت ان کی والدہ سلافہ اسلام لے آئیں۔

س: سلافہ بنت سعید کی شادی کس سے ہوئی تھی؟

ج: رئیس مکہ طلحہ بن ابی طلحہ عبداللہ عبدری سے۔ یہ بڑا دشمن اسلام تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سلافہ عثمان بن طلحہ کی والدہ تھیں اس نے چابیاں دینے سے کیوں انکار کیا؟
ج: وہ اسلام دشمن تھی۔ عثمان نے چابی زبردستی چھین لی۔ حضور نے اپنے دست مبارک سے کعبہ کا تالہ کھولا۔

## حضرت غرہ بنت ابوسفیان

س: غرہ بنت ابوسفیان خاندان قریش سے تھیں۔ ان کا حضور سے کیا رشتہ تھا؟
ج: ام حبیبہ کی ہمشیرہ تھی۔ امیر معاویہ کی ہمشیرہ اور حضور کی سالی تھی۔
س: غرہ کا حسب نسب بتائیے۔
ج: غرہ ابوسفیان صخر بن حرب بن امیہ بن عبد شمس بن عبد مناف۔
س: ام حبیبہ نے اپنی بہن غرہ کے بارے میں کیا فرمایا تھا؟
ج: حضور سے کہا کہ میری بہن غرہ کو بھی اپنی زوجیت میں لے لیں۔ حبیبہ کو یہ معلوم نہ تھا کہ دو بہنیں ایک شخص کے نکاح میں نہیں آسکتیں۔
س: حضور نے حبیبہ کو کیا جواب دیا؟
ج: تم اس بات کو پسند کرتی ہو کہ تمہاری سوت ہو۔ میں اکیلی ہی تو آپ کی زوجہ نہیں ہوں۔
س: ام حبیبہ نے بنت ابوسلمہ کے بارے میں حضور سے کیا کہا؟ آپ نے کیا جواب دیا؟
ج: آپ ام سلمہ سے نکاح کا ارادہ رکھتے ہو۔ حضور نے فرمایا اگر وہ میری ربیبہ نہ بھی ہوتی تب بھی وہ مجھ پر حلال نہ تھی۔ وہ تو میری رضائی بھتیجی ہے۔ میں نے اور اس کے باپ ابوسلمہ نے ثوبیہ کا دودھ پیا ہے۔

## حضرت بنت عمرو بن وہب (اہل کتاب صحابیہ)

حضور کے ایک جانثار حضرت سعد کو کوئی رشتہ نہ دیتا تھا چونکہ وہ حسین وجمیل نہ تھے۔ سعد نے حضور سے ذکر کیا۔ ارشاد فرمایا تم اسی وقت عمرو بن وہب ثقفی کے گھر جانا سلام کے بعد کہنا رسول اللہ نے تمہاری بیٹی کا رشتہ میرے ساتھ کر دیا ہے۔ جب یہ پیغام سعد بن عمرو کو ملا تو انہوں نے یقین نہ کیا اور رشتہ سے انکار کر دیا۔ عمرو بن وہب کی بیٹی نے کہا کہ میں تم سے شادی کے لئے تیار ہوں۔ حضور نے تعریف فرمائی اور دعا خیر کی۔ لڑکی نے غضب الٰہی سے ڈرایا تو انہوں نے حضور سے جا کر معافی مانگی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سعد اللہ سود نے کب شہادت پائی؟

ج: رخصتی نہیں ہوئی تھی۔ سعد اللہ سود ایک غزوے میں شہید ہو گئے۔ ان کا ترکہ بنت عمرو بن وہب کو دلا دیا۔

## حضرت سیرین قبطیہ (اہل کتاب صحابیہ)

یہ مصری تھیں اور اہل کتاب تھیں۔

س: سیرین مدینہ کس طرح پہنچی؟

ج: صلح حدیبیہ کے بعد حضور نے (سربراہان مملکت) کو خطوط ارسال کیے۔ حضرت حاطب بن بلتہ والی مصر کو مقوقس کے پاس بھیجا۔ ماریہ اور سیرین دونوں مسلمان ہو گئیں۔ ماریہ حرم میں پہنچ گئی۔ سیرین حسان بن ثابت کے نکاح میں آئیں۔

س: سیرین سے کیا اولاد ہوئی؟

ج: عبدالرحمان بن حسان پیدا ہوئے۔

## حضرت مسکیہ حضرت امیمہ

س: عبداللہ بن ابی کی دو لونڈیاں کب مسلمان ہوئیں؟

ج: ہجرت نبوی کے بعد یہ دونوں مسلمان ہو گئیں۔

س: عبداللہ بن ابی ان دونوں پر کیا ظلم کرتا تھا؟

ج: ان کو بدکاری پر مجبور کرتا۔

س: حضرت ابوبکر نے ان دونوں کو اپنے زنان خانہ میں چھپا لیا۔ عبداللہ بن ابی نے حضرت ابوبکرؓ سے کیا کہا؟

ج: آپ کو میری کنیزوں کو بہکانے اور اپنے گھر چھپانے کا کوئی حق نہیں۔

س: اللہ تعالٰی نے ان دونوں کنیزوں کے بارے میں ان کے حق میں کیا فیصلہ دیا؟

ج: پارہ اٹھارہ سورۃ نور آیت تینتیس۔ "اپنی لونڈیوں کو بدکاری پر مجبور نہ کرو"۔ اس طرح یہ عبداللہ بن ابی کے ظلم سے نجات پا گئیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## حضرت زنیرہ رومیہ

### سابقون الاولون

س: یہ مکہ میں کس خاندان کی لونڈی تھی؟
ج: بنی عدی۔
س: زنیرہ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: اسلام کے ابتدائی دور میں۔
س: ابوجہل ان پر کیا ظلم کرتا تھا؟
ج: انہیں شرک پر مجبور کرتا تھا۔
س: زنیرہ کی بینائی کیسے جاتی رہی؟
ج: ابوجہل نے کہا کہ لات اور عزیٰ نے بینائی لے لی۔ بعد میں بینائی واپس مل گئی۔ اللہ چاہے تو میری بینائی واپس دے دے۔ صبح سو کر اٹھیں تو آنکھیں ٹھیک تھیں۔ حضرت ابوبکر نے ان کو خرید کر آزاد کر دیا۔

## ام رافعؓ سلمیٰ

### آزاد کردہ کنیز۔ سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ

س: سلمیٰ ام رافع کون تھی؟
ج: حضرت سلمیٰ رسول اللہ کی کنیز تھیں۔ ام سلمیٰ نے اسے آزاد کر دیا تھا۔ حضرت سلمیٰ نے شادی سے پہلے آزاد کر دیا تھا۔
س: ام رافع نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: اسلام کے ابتدائی دور میں۔
س: کونسی صحابیہ حضرت حمزہ کے اسلام لانے کا سبب بنی؟
ج: حضرت صفیہ بنت عبدالمطلب کی کنیز نے حضرت حمزہ کو ابوجہل کا قصہ سنایا کہ انہوں نے آج آپ کے بھتیجے محمد رسول اللہ کے ساتھ برا سلوک کیا۔ حضرت حمزہ نے غصے میں ابوجہل کو سر پر

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



کمان ماری اور فرمایا میں آج سے دین اسلام پر ہوں۔

س: **آل نبی کی دایہ ہونے کا شرف کس صحابیہ کو حاصل ہوا؟**

ج: ام رافع سلمٰی، ان کو عورتوں کے خفیہ مسائل کا علم بھی تھا۔ ام رافع سلمٰی نے ماریہ قبطیہ کے بیٹے ابراہیم کی ولادت کی۔

س: **ابراہیم کی پیدائش کی اطلاع حضور کو کس نے دی؟**

ج: رافع نے جو ان کے خاوند تھے نے حضور کو اطلاع دی۔ حضرت فاطمۃ الزہراہ کو بھی غسل میت ام رافع سلمٰی نے دیا۔ ام سلمٰی حضور کی کنیز تھیں۔ غلام ابو رافع سے ان کا نکاح کر دیا۔ سلمٰی نے جب ابراہیم کی پیدائش کی خبر دی تو آپ نے اسے آزاد کر دیا اور ایک غلام ان کو دیا۔

س: **زینب بنت جحش سے آپ کی شادی ہوئی، یہ خوشخبری حضرت زینب کو کس نے سنائی؟**

ج: حضرت سلمٰی نے جلدی جا کر ان کو خوشخبری سنائی۔

س: **ام رافع سلمٰی کو زینب بنت جحش نے کیا دیا؟**

ج: اپنے زیورات تحفہ میں دیئے۔

س: **ام رافع سلمٰی نے کن غزوات میں حصہ لیا؟**

ج: خیبر اور حنین میں آپ کے ساتھ تھیں۔

س: **کونسی صحابیہ کھانا پکانے میں مہارت رکھتی تھیں؟**

ج: آزاد کردہ باندی ام رافع سلمٰی۔ حضور کو ان کا بنایا ہوا حریرہ بہت پسند تھا۔

س: **ام سلمٰی نے کب وفات پائی؟**

ج: خلفائے راشدین کے زمانے میں۔

## حضرت بریرہ

### (آزاد کردہ کنیز)

س: **بریرہ عالمہ فاضلہ صحابیہ تھیں ان کو کونسا شرف حاصل تھا؟**

ج: آپ حضرت عائشہ کی آزاد کردہ لونڈی تھیں۔ لیکن انہوں نے ان کی خدمت میں رہنا زیادہ پسند کیا۔

س: **بریرہ پہلے کس کی کنیز تھی آپ تک کیسے پہنچی؟**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: مالک نے وعدہ کیا کہ وہ 5 اوقیہ سونا سالانہ قسطوں میں ادا کردیگی، پھر آزاد ہوجائیگی۔ لیکن اسے اتنا لمبا وقت پسند بھی نہ تھا۔ حضرت عائشہ نے مکاتبت کی پوری رقم کا وعدہ کرلیا۔ مالک راضی ہوگیا لیکن اپنی وراثت کا حق پر اصرار کیا۔ سیدہ عائشہ نے فرمایا کہ وراثت کا حق اسے پہنچتا ہے جو کسی لونڈی کو خرید کر آزاد کردے۔

س: حضور نے بریرہ کی آزادی پر کیا خطبہ دیا تھا؟

ج: بعض لوگ اپنی شرطیں لگانا چاہتے ہیں جو اللہ کی کتاب میں نہیں ہیں (غلام کا ورثہ) غلام آزاد کرنے والے ہی کو ہوتا ہے۔ بریرہ نے آزادی میں بھی عائشہ کے پاس رہنا پسند کیا۔

س: بریرہ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: حضرت مغیث سے ہوئی۔ بریرہ کو خاوند سے نفرت ہوگئی، حضور نے سنا اور کہا کہ میں سفارش کرتا ہوں۔ ان کی علیحدگی ہوگئی۔ بریرہ کی مفلسی۔ اس کو صدقہ حلال تھا۔ جو صدقہ ہوتا وہ ازواج کو ہدیہ دے دیتی تھی۔ حضور نے فرمایا بریرہ کے لئے صدقہ ہے ہمارے لئے ہدیہ ہے۔

س: حضور نے حضرت عائشہ کی پاکدامنی کے بارے میں بریرہ سے پوچھا تو کہا عائشہ بالکل بے عیب ہیں:

ج: بریرہ کو تین احکام کی معلومات ملیں۔

1۔ وراثت کا حق آزاد کنندہ کو ملے گا۔

2۔ ایک غلام اور لونڈی کا نکاح ہوجائے، بیوی آزاد ہوجائے۔ اس کی مرضی ہے کہ وہ اپنے خاوند سے تعلق رکھے یا نہ رکھے۔

3۔ صدقہ کا مستحق غیر مستحق کو لینا جائز ہے۔

عائشہ کے شاگردوں میں اموی بادشاہ عبدالمالک بن مروان بھی شامل تھے۔ بادشاہ بنو گے تو قتل و غارت نہ کرنا۔ سب نے اللہ کے حضور کے پیش ہونا ہے۔ قاتل ظالم کو اللہ تعالیٰ بہشت سے دھتکار دیں گے۔

## حضرت معاذہ بنت عبداللہ

### آزاد کردہ کنیز۔ عالمہ فاضلہ

س: معاذہ نام تھا مدینہ کی رہائشی تھیں۔ ان کا حسب نسب بتایئے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: معاذہ بنت عبداللہ بن جریر بن امیہ۔

س: معاذہ کس منافق سردار کی کنیز تھی؟

ج: عبداللہ بن ابی بن سلول۔

س: معاذہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت پر جب رسول خدا مدینہ آئے تو اسلام لائیں۔

س: عبداللہ بن ابی انہیں کس طرح پریشان کرتا تھا؟

ج: بدکاری پر مجبور کرتا تھا۔

س: معاذہ کو کب ان مظالم سے نجات ملی؟

ج: سورۃ نور نازل ہوئی 33 آیت میں آیا۔ اپنی لونڈیوں کو جو پاک دامن رہنا چاہتی ہوں۔ دنیا کے عارضی فائدہ کے لئے حرام کاری پر مجبور نہ کرو۔

س: معاذہ کا پہلا نکاح کن سے ہوا؟

ج: سہیل بن قرظہ سے ہوا۔

س: دوسرا نکاح کن سے ہوا؟

ج: حضرت معاذہ کا نکاح حمیر بن عدی سے ہوا۔

س: معاذہ بنت عبداللہ کی کتنی اولاد تھی؟

ج: سہیل بنت قرظہ سے ایک لڑکا عبداللہ لڑکی ام سعید پیدا ہوئی۔ حمیر بن عدی سے دو لڑکے حارث، عدی۔ ایک لڑکی سعدیہ پیدا ہوئی۔ عامر بن عدی سے ایک لڑکی حبیب پیدا ہوئی۔

## خولہ بنت ثقلبہ

### (بزرگ صحابیہ)

س: ان کے حسب کے بارے میں بتایئے۔

ج: خولہ ثقلبہ بن احرام بن قہر بن قیس۔ یہ قبیلہ بنی عدف بن خزرج سے تھیں۔

س: خولہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: اوس بن صامت سے۔ دونوں نے اکٹھا اسلام قبول کیا۔

س: ثقلبہ کے شوہر نے ان سے ظہار کیوں کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: غصہ میں آ کر بیوی کو اپنے اوپر حرام کر لیا گیا۔ کہ تو میرے اوپر ایسی ہے جیسے میری ماں یہ قسم ظہار ہے۔

س: **خولہ بنت ثقلبہ حضور کے پاس گئیں قصہ سنایا۔**

ج: میری اور میرے بچوں کی زندگی کو تباہی سے بچالیں۔ حضور نے جواب دیا۔ ''تیرا خیال ہے تم اس پر حرام ہوگئی ہو'' خولہ نے رونا شروع کر دیا۔

س: **خولہ نے کیا دعا مانگی؟ اے مولا کریم میں تجھ سے اپنی سخت ترین مصیبت کی دعا مانگتی ہوں۔ خولہ کی دعا کو کس طرح قبولیت حاصل ہوئی؟**

ج: سورۃ مجادلہ شروع سے آخر تک نازل ہوئی۔ پہلی آیت میں خولہ کا قصہ تھا۔

س: **عبادہ بن ثابت کو کفارہ ادا کرنے کا حکم ہوا۔**

ج: 1۔ غلام یا لونڈی آزاد کرے۔

2۔ مسلسل ساٹھ روزے رکھے۔

3۔ ساٹھ مساکین کو کھانا کھلائے۔

یہ بندوبست حضور نے خود کیا۔ خولہ کا گھرانہ بہت غریب تھا۔

س: **حضرت عمر کے زمانے میں خولہ نے حضرت عمر کو روک کر کیا فرمایا؟**

ج: ساتھیوں نے عمر سے پوچھا یہ بڑھیا کون ہے یہ خولہ بنت ثقلبہ ہیں۔ جن کی بات سات آسمانوں پر سنی گئی۔ مجھ ناچیز بندہ کو سب سے پہلے ان کی بات سنی چاہیے۔

## زینب بنت ابوسلمہ

س: **زینب کا حسب نسب بتائیے؟**

ج: بنی مخزوم سے تھی۔ زینب بنت ابی سلمہ۔ والدہ ام سلمیٰ تھیں جو ام المومنین تھیں۔

س: **زینب کہاں پیدا ہوئی اور کب مدینہ ہجرت کی؟**

ج: حبشہ میں 3 ہجری میں ولادت ہوئی۔ والدہ کے ساتھ مدینہ ہجرت کی۔

س: **زینب کا پہلا نام برہ تھا۔ یہ نام کس نے بدلا؟**

ج: حضور نے بدل کر زینب رکھا۔

س: **کیا زینب کے باپ کی وفات (4 ہجری میں) نے حضرت سے ام سلمہ سے نکاح کر لیا۔**

~~ج: جی ہاں۔~~

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا زینب حضور کی ربیبہ رہیں؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضور کو زینب سے بہت پیار تھا۔ حضور غسل فرمارہے تھے۔ زینب کے منہ پر چھینٹے مارنے لگے جس سے زینب کا چہرہ (شاداب) روشن ہونے لگا۔

ج: جی ہاں۔

س: زینب بنت ابی سلمیٰ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: عبداللہ بن زمعہ بن اسود سے ہوئی۔

س: عبداللہ سے کونسی اولاد ہوئی؟

ج: یزید بن عبداللہ۔ کثیر بن عبداللہ۔ یہ دونوں تریسٹھ ہجری میں حرہ کی لڑائی میں شہید ہوئے۔

س: زینب نے کب وفات پائی؟

ج: تہتر ہجری میں وفات پائی۔

س: زینب کی اولاد کتنی تھی؟

ج: عبداللہ بن زمعہ سے 6 بیٹے 3 بیٹیاں پیدا ہوئیں۔

## حضرت بی بی سارہ

س: سارہ کون تھیں؟

ج: بی بی سارہ ابوعمرو بن صیفی بن ہاشم۔ حضور کے جدامجد کی کنیز تھیں۔

س: سارہ کیا کام کرتی تھی؟

ج: گانا بجانا۔ نوحہ خوانی۔ عبداللہ بن خطل ان کو حضور کی ہجو کے لئے شعر یاد کرادیتا تھا۔ سارہ مشرکین سے داد پاتی تھیں۔

س: سارہ ایک دفعہ مدینہ آئی۔ حضور سے مالی مدد چاہی۔ اپنی مفلسی کا رونا رویا۔

ج: حضور نے اس کی مدد فرمائی۔ نقدی، کپڑے اور زادراہ کا بندوبست فرمایا۔

س: سارہ کو کس صحابی نے خط قریش کے لئے دیا تھا کہ مدینہ والے حملہ کی تیاریاں کررہے ہیں۔ سرداران قریش کو اطلاع دی تھی۔

ج: حاطب بن بلتعہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: رسول خدا کو اس بات کی کیسے اطلاع ملی؟

ج: وحی کے ذریعے۔

س: حضور نے سارہ سے یہ خط کیسے وصول کیا؟

ج: حضرت علی اور زبیر بن العوام اور تعداد سارہ کے تعاقب کے لئے نکلے۔ دھمکی پر اس نے نے اپنے بالوں سے خط نکال کر دے دیا۔

س: **حضرت حاطب سے مکہ والوں کو خط لکھنے کی وجہ پوچھی گئی؟**

ج: انہوں نے کہا کہ میرے بال بچے مکہ میں ہیں اس لئے میرا خیال تھا کہ وہ میرے بچوں کا خیال رکھیں گے۔

س: **فتح مکہ پر سارہ کو بھی قتل کرنے کا حکم تھا۔**

ج: سارہ حکم سن کر روپوش ہوگئی۔ بعد میں اسلام لے آئیں۔

س: سارہ نے کب کیسے وفات پائی؟

ج: دور فاروقی میں گھوڑے کی لپیٹ میں آ کر جان دے دی۔

## حضرت بی بی قرتنا

### (گانے بجانے والی)

س: قرتنا کون تھی؟

ج: شاعر عبداللہ بن خطل کی کنیز تھی۔ اسلام دشمنی کرتی تھی۔ فتح مکہ کے وقت واجب القتل ٹھہری۔ حضور کے پاس آ کر اسلام قبول کیا۔

س: قرتنا نے کب وفات پائی؟

ج: تائب ہو کر تمام زندگی مومنہ بن کر گزاری۔ عثمانی دور میں وفات پائی۔

## ام معبد خزاعیہ

ہجرت نبوی کے حوالے سے ان کا نام بڑی اہمیت رکھتا ہے۔ ان کا اصل نام عاتکہ تھا۔ اپنی کنیت سے مشہور ہوئیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ام معید کی شادی کن سے ہوئی؟

ج: تمیم بن عبد الغزیٰ۔

س: ام معید کے خاوند کی شہرت کی خاص وجہ کیا تھی؟

ج: بڑے مہمان نواز تھے۔ مسافروں کی کھلے دل سے تواضع کرتے۔ مکہ اور مدینہ کے راستے میں ان کا گھر تھا۔ حدید نامی بستی تھی۔

س: ام معید نے اسلام کے لانے میں دیر کیوں کر دی؟

ج: حضور نے مکہ سے مدینہ ہجرت کی۔ ام معبد سے ملاقات ہوئی تو آپ ایمان لائیں۔

س: ام معید کے خیمہ میں ایک دن حضور کیسے تشریف لائے؟

ج: حضور ہجرت مدینہ کے لئے مکہ سے نکلے۔ حضور کے ساتھ ابوبکر اور عامر بن فہیرہ بھی تھے۔ حضور بہت بھوکے اور پیاسے تھے۔ ام معید سے کچھ کھانے پینے کے لئے مانگا۔ انہوں نے کہا کچھ بھی تو نہیں ہے۔ حضور کی نظر ایک کمزور بکری پر پڑی جو کمزور اور بیمار ہونے کی وجہ سے باقی بکریوں کے ساتھ چرنے نہیں گئی تھی۔ ام معبد سے منظوری کے بعد اس کا دودھ نکالا گیا۔ الٰہی اس عورت کی بکریوں میں برکت فرمانا۔ خود دودھ پیا ساتھیوں کو دیا۔ اور گھر والوں کے لئے چھوڑا۔ ام معید کا شوہر گھر آیا دودھ پیا۔ پوچھا کہاں سے آیا ہے۔ ام معید نے سارا قصہ سنا دیا۔

س: شوہر نے بیوی سے حضور کا حلیہ مبارک پوچھا؟

ج: خوبصورت مناسب جسم مناسب الاعضاء خوبصورت آنکھیں۔ خدا کی قسم یہ تو وہی صاحب قریش ہیں۔ انہیں میں ضرور ملوں گا۔ حضور کے پاس جا کر اسلام قبول کر لیا۔

## حوا بنت یزید بن سنان بن کرز

س: حوا بنت یزید انصاریہ تھی۔ ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: حوا بنت یزید سنان بنت کرز۔

س: ان کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: والدہ عقرب بنت معاذ کے بھائی اور حضرت حوا کے ماموں تھے۔

س: رافع بن یزید کا حوا بنت یزید سے کیا رشتہ تھا؟

ج: رافع بن یزید حوا بنت یزید کا بھائی تھا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت حوا نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: ہجرت نبوی سے پہلے اسلام قبول کیا۔ مدینہ حضور کی آمد پر سب سے پہلے بیعت کا شرف حضرت حوا بنت یزید کو حاصل ہے۔
س: کیا حوا کے خاوند مشرک تھے اور وہ آپ کو تنگ کرتے تھے؟
ج: ان کو ستاتے نماز سے روکتے، زدوکوب بھی کرتے تھے۔
س: حضور کو اس کا کیسے علم ہوا اور حضور نے اس کا کیا سدباب کیا؟
ج: اپنی بیوی پر اسلام لانے کی وجہ سے ظلم نہ کریں۔
س: کیا اس نے یہ وعدہ پورا کیا؟
ج: جی ہاں۔ قیس نے وعدہ وفا کیا۔
س: حضرت حوا کی کیا اولاد تھی؟
ج: دو بیٹے یزید اور ثابت تھے۔

## حضرت حبیبہ بنت سہل انصاریہ

س: حبیبہ بنت سہل کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
ج: قبیلہ بنی نجار سے تعلق تھا۔
س: حبیبہ انصاریہ کی والدہ کون تھیں؟
ج: عمرہ بنت مسعود بن قیس نجار تھا۔ ان کی ایک بہن زینب نے بھی اسلام قبول کیا۔
س: حبیبہ کا نکاح کن سے ہوا؟
ج: شادی ثابت بن قیس سے ہوئی۔
س: حبیبہ نے ثابت بن قیس سے خلع کیوں لیا؟
ج: ثابت بن قیس چھوٹے قد اور کالے رنگ کے تھے۔ انہوں نے خلع لیا جو اسلام میں پہلا خلع تھا۔
س: حبیبہ نے خلع کے لئے حضور سے کیا کہا؟
ج: میں یہ نہیں کر سکتی کہ میں دل سے اسے برا سمجھو اور بیوی بن کر رہوں۔ حضور نے فرمایا کیا تم وہ باغ اسے واپس کر سکتی ہو۔ حبیبہ نے باغ واپس کر دیا اور خلع واقع ہو گیا۔ تفریق ہو گئی۔
س: حبیبہ نے اس کے بعد کس سے شادی کی؟
ج: ابی بن کعب سے نکاح ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## ﴿حضرت اسماء بنت عمرو انصاریہ﴾

### (سابقون الاولون۔ جنتی۔ انصاریہ)

س: ام منیع کی کنیت کیا تھی؟

ج: اسماء بنت عمرو انصاریہ۔ آپ بنو سلمہ سے تھیں۔

س: اسماء نے کیسے اور کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبوی سے پہلے اسلام لائیں۔ بیعت عقبی ثانی 73 مرد 2 عورتیں میں سے تھیں۔ خاوند بھی ہمراہ تھے۔

س: اسماء کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: غزیہ بن عمرو سے ہوئی۔ بیعت عقیدہ ثانی میں ایک بچہ کو جنم دیا نام شباب بن قدیح تھا۔

س: اسماء کن غزوات میں حضور کے ساتھ تھیں؟

ج: غزوہ خیبر میں آپ حضور کے ساتھ تھیں۔ صلح حدیبیہ میں بھی ہمراہ تھیں۔ بیعت رضوان کا بھی شرف حاصل ہے۔

## ﴿ام خالد بنت سعید﴾

### (مہاجرات حبشہ)

س: ام خالد بنت سعید کا حسب نسب بتایئے۔

ج: بنو امیہ سے تھیں۔ ام خالد بنت سعید بن العاص بن امیہ۔

س: ام خالد کی والدہ کا نام بتایئے۔

ج: امینہ بنت خلف بن اسعد بن عامر تھا۔

س: ام خالد نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اعلان حق کے ابتدائی زمانے میں۔

س: والدین مسلمان تھے لہذا آپ پیدائشی مسلمان ٹھہریں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: والدین نے ہجرت حبشہ کی وہاں ان کی پیدائش ہوئی۔

س: **ام خالد کے کونسے چچا حبشہ میں آپ لوگوں کے ساتھ تھے؟**

ج: عمرو بن سعید بن العاص۔

س: **کیا انہوں نے دو ہجرتیں کیں؟**

ج: جی ہاں۔ان کو دو ہجرتوں والے کہتے تھے۔

س: **ام خالد نے 10 سال حبشہ میں گزارے پھر وہ کب مدینہ آئے؟**

ج: یہ لوگ 7 ہجری میں مدینہ میں پہنچے۔

س: **ام خالد کی شادی کس عظیم صحابی سے ہوئی؟**

ج: حضرت زبیر بن العوام (عشرہ مبشرہ میں تھے)

س: **ان کی اولاد کیا تھی؟**

ج: دو بیٹے خالد۔عمرو۔تین بیٹیاں حبیبہ۔سودہ اور ہند۔

س: **حضور نے ام خالد کو کیا تحفہ دیا؟**

ج: ایک خوبصورت چادر عنایت فرمائی۔

س: **ام خالد نے کب وفات پائی؟**

ج: انہوں نے 90 سال کی عمر میں وفات پائی۔

س: **ام خالد اپنے باپ کے ساتھ حضور کی خدمت میں آئی۔سرخ لباس پہنا ہوا تھا۔اس پر حضور نے کیا فرمایا؟**

ج: خوبصورت ہے۔خوبصورت ہے۔

## حضرت لیلیٰ بنت ابی حشم

س: **لیلیٰ کی کنیت کیا تھی؟**

ج: لیلیٰ کی کنیت ام عبداللہ تھی۔

س: **لیلیٰ کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟**

ج: بنی عدی سے تھی۔

س: **لیلیٰ کا حسب نسب بتایئے۔**

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: لیلیٰ بنت ابی حثمہ بن حذیفہ بن عامر بن عبداللہ۔

س: ام لیلیٰ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: عامر بن ربیعہ سے۔حضرت عمر کے والد خطاب نے ان کو اپنا بیٹا بنایا ہوا تھا۔

س: حضرت لیلیٰ اور ان کے خاوند نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اعلان حق کے ابتدائی دور میں۔

س: مشرکین سے تنگ آکر آپ نے کب کہاں ہجرت کی؟

ج: 5 نبوی حبشہ چلے گئے۔

س: حضرت لیلیٰ کی حضرت عمر خطاب سے کیا بات ہوئی؟ لیلیٰ نے کہا آپ لوگ ہم پر ظلم کرتے ہو۔ہم گھر بار چھوڑ کر جارہے ہیں۔

ج: اس پر عمر بن خطاب کا دل پسیج گیا۔بولے اللہ تمہارے ساتھ ہے۔

س: حضرت لیلیٰ نے اپنے شوہر سے کہا کہ عمر ہمیں اس حالت میں دیکھ کر بڑے غمزدہ ہوئے۔ میاں نے جواب دیا عمر اس وقت تک مسلمان نہ ہوں گے جب تک خطاب کا گدھا ایمان نہ لے آئیگا۔

ج:

س: لیلیٰ پہلی دفعہ کب حبشہ سے آئی تھیں؟

ج: تین ماہ بعد مشہور ہوگیا کہ مسلمانوں اور قریش میں صلح ہوگئی۔تو یہ لوگ مکہ آگئے۔خبر غلط تھی انہوں نے عاص بن نوفل کی پناہ لی۔

س: لیلیٰ نے کب مدینہ ہجرت کی؟

ج: حضور کے فرمان کے فوراً بعد شاید یہ پہلی خاتون تھی۔مدینہ میں پہلے داخل ہوئی تھیں۔

## حضرت اسماء بنت سلامہ

(سابقون الاولون۔ہجرت حبشہ و مدینہ)

س: حضرت اسماء کا تعلق بنی تمیم سے تھا۔انہوں نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: دعوت حق کے ابتدائی دور میں۔

س: اسماء کا نکاح کس سے ہوا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ابو جہل کے بھائی عیاش بن ابی ربیعہ سے۔

س: جب ظالموں نے ان پر ظلم کیا تو انہوں نے کہاں ہجرت کی؟

ج: 6 ہجری میں حبشہ چلے گئے۔

س: کیا عیاش نے حضور کی اجازت سے حضرت عمر کے ساتھ ہجرت مدینہ کی۔

ج: جی ہاں۔

س: عیاش کے بعد سلامہ کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عبدالرحمان بن عوف سے۔

س: اسماء سے عیاش کی کتنی اولاد ہوئی؟

ج: بیٹا عبداللہ۔

## سہلہ بنت سہیل

(سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ اور مدینہ)

س: سہلہ عامر بن لوئی سے تھیں۔ ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: سہلہ بنت سہیل بن عمرو بن عبد شمس بن عبدو۔

س: ایک خطیب جو خطیب قریش کہلاتے تھے۔ وہ کون تھے؟

ج: سہیل بن عمروہ۔

س: سہلہ کے والد اسلام کے سخت دشمن تھے۔ ان کی نسل سے کون کون ایمان لایا؟

ج: سہلہ ام کلثوم (بیٹیاں)، دو بیٹے عبداللہ اور ابوجندل۔

س: سہلہ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: عتبہ بن ربیعہ (رئیس قریش) کے بیٹے ابوحذیفہ ہشیم سے۔

س: سہلہ نے کب ہجرت حبشہ کی؟

ج: 5ھ میں ہجرت حبشہ کی۔ 6ھ میں دوبارہ ہجرت حبشہ کی۔ ہجرت نبوی سے کچھ پہلے مدینہ ہجرت کر گئے۔

س: سہلہ بنت سہیل کا منہ بولا بیٹا کون تھا؟

ج: حضرت سالم کا گھر میں آنا جانا حضرت حذیفہ کو ناپسند تھا۔ سہلہ نے حضور سے مسئلہ کا حل

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



پوچھا۔ حضور نے فرمایا کہ تم سالم کو اپنا دودھ پلا دو۔ وہ تمہارا محرم بن جائے گا۔ اس طرح حذیفہ کا رضائی بیٹا بن جائیگا۔ ام المومنین سلمیٰ فرماتی ہیں یہ رعایت صرف سہلہ کو حاصل تھی۔

س: بدری صحابی حذیفہ نے کب وفات پائی؟

ج: 12 ہجری جنگ یمامہ میں شہید ہوئے۔

س: ان کی وفات کے بعد سہلہ نے کس سے شادی کی؟

ج: عبدالرحمان بن عوف سے۔

س: سہلہ کی کتنی اولادیں تھیں؟

ج: ابوحذیفہ سے محمد بن حذیفہ، عبداللہ بن اسود سے سلیط بن عبداللہ۔ شماسر سے کمیرین شماص۔ عوف سے عبدالرحمان پیدا ہوئے۔

صلح حدیبیہ میں قریش کے نمائندہ بن کر آئے تاکہ مسلمانوں کو قائل کرسکیں۔

س: ابوہشیم کا بھائی چارہ کس سے ہوا؟

ج: حذیفہ اور عباد بن بشر انصاری۔

س: خطیب قریش نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: فتح مکہ کے وقت۔

## فاطمہ بنت مجلل

(سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ)

س: فاطمہ کا حسب نسب بتایئے۔

ج: قبیلہ عامریہ سے تعلق تھا۔ والد کا نام مجلل بن عبداللہ قریشی عامری کہلاتے تھے۔

س: فاطمہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: حاطب بن حارث سے ہوا۔

س: فاطمہ نے کب اسلام قبول کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: دونوں میاں بیوی نے پہلے تین سالوں میں اسلام قبول کیا۔

س: **فاطمہؓ نے کب کہاں کی ہجرت کی؟**

ج: دوسری ہجرت حبشہ میں چلے گئے۔ فاطمہ کے دونوں بیٹوں نے بھی ہجرت کی ان کے نام حاطب اور حارث تھے۔ حاطب کے انتقال پر مدینہ آ گئی۔ ان کی پیدائش حبشہ کی تھی۔ 7 ہجری میں حبشہ چلی گئی۔

س: **فاطمہ کا بیٹا جل گیا تھا وہ کیسے ٹھیک ہوا؟**

ج: کھانا بنا رہی تھی لکڑی کم پڑ گئی۔ لکڑی لینے گئی بچہ جل گیا۔ محمد بن حاطب نے ہانڈی کو پکڑا وہ اوپر گر گئی۔ حضور نے دم کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔

## حضرت حسنہ

### (سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ)

س: **حسنہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟**

ج: وہ اپنی والدہ کے نام سے مشہور تھیں۔

س: **حسنہ کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟**

ج: عبداللہ بن عمرو سے ہوا۔ عبداللہ بن عمرو سے شرجیل پیدا ہوئے۔

س: **حسنہ نے دوسری شادی کن سے کی؟**

ج: سفیان بن معمر سے نکاح ہوا۔

س: **شرجیل اپنی ماں کی طرف سے کیوں بلائے جاتے تھے؟**

ج: بعثت سے 25 سال قبل حسنہ مکہ آئی تھی۔ ان کے والدین کے بارے میں لوگ ناواقف تھے۔ لوگوں نے شرجیل بن حسنہ کہنا شروع کر دیا۔

س: **حسنہ نے کب اسلام قبول کیا؟**

ج: ان کا پورا خاندان مسلمان ہو گیا۔

س: **حسنہ نے کب کہاں ہجرت کی؟**

ج: 6 نبوی حبشہ گئی۔ پورے خاندان نے اکٹھی ہجرت کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حسنہ حبشہ سے کب مدینہ آئی؟

ج: تیرہ سال بعد غزوہ خیبر کے موقعہ پر مدینہ آئے۔

س: عبداللہ بن عمرو کا ایک بیٹا شرجیل پیدا ہوا۔

ج: سلیمان بن معمر سے دو بیٹے جابر اور جنادہ پیدا ہوئے۔ یہ سب بیٹے صحابی بنے۔

## حضرت برکہؓ بنت یسار

### سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ:

س: برکہ بنت یسار کون تھیں؟

ج: ابوسفیان کی آزاد کردہ لونڈی تھیں۔

س: برکہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: دعوت توحید کے ابتدائی دور میں مسلمان ہوئیں۔ ان کے شوہر بھی مسلمان تھے۔

س: برکہ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: قیس بن عبداللہ سے ہوئی۔ قیس ام المومنین حبیبہ کے پہلے شوہر کے خدمتگار تھے۔

س: برکہ نے کہاں ہجرت کی؟

ج: دوسری ہجرت حبشہ میں حبشہ چلی گئی۔

س: برکہ کتنی مدت حبشہ رہی؟ عبداللہ بن جحش نے عیسائیت قبول کر لی۔

ج: برکہ ام حبیبہ کی دایہ تھی۔

س: برکہ کی بیٹی آمنہ ام حبیبہ بنت ابوسفیان کی دایہ تھی۔

ج:

## صفیہ بنت ربیعہ

### (سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ و مدینہ)

قریش کے خاندان بنو شمس سے تھیں۔

س: ان کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: صفیہ بنت ربیعہ بن عبد شمس بن مناف بن قصی۔

س: صفیہ کے کون کون سے بھائی تھے؟

ج: عتبہ بن ربیعہ اور شعبہ بن ربیعہ تھے۔

س: صفیہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: عثمان بن الشریہ مخزومی۔

س: ان کے بیٹے کا کیا نام تھا؟

ج: شماس

س: شماس کے والد بچپن میں فوت ہو گئے۔ شماس کی پرورش کس نے کی؟

ج: ماموں عتبہ بن ربیعہ نے پرورش کی۔

س: صفیہ کب اسلام قبول کیا؟

ج: بیٹے کے ساتھ والدہ نے بھی کلمہ حق پڑھ لیا۔

س: صفیہ نے کہاں ہجرت کی؟

ج: 6 نبوی میں حبشہ ہجرت کی۔

س: دوسری ہجرت کب اور کہاں کی؟

ج: مکہ سے مدینہ کی ہجرت کی۔ بشیر بن عبد المنذر کے ہاں ٹھہرے۔

س: شماس نے کب وفات پائی؟

ج: بدر میں لڑے۔ احد میں لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔

## عاتکہ بنت عوف

(سابقون الاولون۔ مہاجر حبشہ)

عبد الرحمان بن عوف کی ہمشیرہ تھی۔

س: عاتکہ کی شادی کس سے ہوئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: مخزمہ بن نوفل سے۔

س: عاتکہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابتدائی دنوں میں اسلام لائیں۔

س: عاتکہ نے مدینہ کی ہجرت کب کی؟

ج: آپ نے فتح مکہ کے بعد مدینہ کا قصد کیا۔

## ریطہ بنت حارث

س: ریطہ کا حسب نسب بتایئے۔

ج: بنو تمیم سے تعلق تھا۔

س: ریطہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: حضرت ابوبکر صدیق کے ماموں زاد۔ حارث بن خالد سے ہوا۔

س: ریطہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابتدائی زمانے میں اسلام لائے۔ سابقون الاولون کہلوائے۔

س: ریطہ کب حبشہ سے مدینہ آئیں؟

ج: حبشہ سے واپسی پر زہریلا پانی پیا تو سب لوگ ہلاک ہو گئے۔ صرف اکیلے حضرت حارث بچے۔

## خولہ بنت حکیم

(شاعرہ۔ مہاجر مدینہ)

خولہ کی کنیت ام شریک تھی۔

س: خولہ کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: خولہ بنت حکیم بن امیہ بن حارثہ۔ حضور کی خالہ تھیں۔

س: خولہ کی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: عثمان بن مطعون سے۔

عثمان زیادہ وقت عبادت الٰہی میں صرف کرتے خولہ سے حضور تک شکایت پہنچی۔ عثمان سے فرمایا اسلام رہبانیت کا سبق نہیں دیتا، روزے رکھتا ہوں، میں خدا سے ڈرتا ہوں، نمازیں پڑھتا ہوں، تم پر تمہارے اہل خانہ کے بھی حقوق ہیں۔ اہل وعیال کا حق ادا کرو۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: خولہ نے کب اسلام قبول کیا کب مدینہ ہجرت کی؟

ج: ہجرت سے کچھ وقت پہلے اسلام قبول کیا۔ تیرہ نبوی میں شوہر کے ساتھ مدینہ ہجرت کی۔

س: عثمان بن مظعون نے کب وفات پائی؟

ج: غزوہ بدر کے بعد مدینہ میں وفات پائی۔

س: خولہ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟

ج: پندرہ احادیث۔ اللہ نے اپنی کتاب میں مومنہ کے نام سے یاد کیا ہے

س: خولہ کو زیور کا بڑا شوق تھا۔ اس نے خواہش ظاہر کی کہ مجھے بادیہ بنت غیلان کا زیور دے دیں۔ اگر خدا اس کی اجازت نہ دے تو پھر میں کیا کروں۔ خولہ حضرت خدیجہ الکبریٰ کا بڑا خیال رکھتی تھیں۔ خدیجہ کی وفات سے آپ غمزدہ تھے۔ کسی کو شادی کا پیغام دوں؟

ج: حضور نے فرمایا۔ کس کو پیغام دو گی۔

س: عائشہ اور حضرت سودہ کا نکاح کا پیغام کون لایا تھا؟

ج: خولہ بنت حکیم نے (زوجہ عثمان بن مظعون)

## ام کلثوم بنت عقبہ

### (مہاجر مدینہ)

ام کلثوم دشمن اسلام عتبہ بن ابی معیط کی بیٹی تھی۔

س: ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: ام کلثوم بنت عتبہ بن ابی معیط بن ابی عمرو بن امیہ بن عبد شمس۔

س: ام کلثوم کی والدہ کا نام بتایئے۔

ج: والدہ کا نام اروی تھا۔ حضرت عثمان غنیؓ ام کلثوم اخیافی بہن بھائی تھے۔

س: ام کلثوم نے کب اسلام قبول کیا اور مدینہ کب ہجرت کی؟

ج: 7ھ صلح حدیبیہ کے بعد مکہ سے مدینے چلی گئیں۔ پیادہ بنو خزاعہ کے ایک شخص ہمراہ کے ہمراہ مکہ سے بھاگ آئیں۔ دوسرے دن ان کے بھائی مدینہ پہنچ گئے۔

س: ام کلثوم نے حضور سے فریاد کی حضور نے کیا جواب دیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: صلح حدیبیہ میں عورت کے واپس کرنے کی شرط موجود نہ تھی۔ سورۃ الممتحنہ کی آیت نازل ہوئی۔ حضور نے کلثوم کو واپس کرنے سے انکار کر دیا۔

س: ام کلثوم کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: زید بن حارثہ سے۔ زید موتہ میں شہید ہوئے تو زبیر بن العوام سے نکاح ہوا۔ انہوں نے طلاق دے دی۔ پھر عبدالرحمان بن عوف سے نکاح ہوا۔ ان کے بعد عمرو بن العاص کے ساتھ نکاح ہوا۔

س: ام کلثوم نے کب وفات پائی؟

ج: آخری نکاح کے ایک ماہ بعد جب ان کے میاں والی مصر تھے۔

س: ام کلثوم کی اولاد کتنی تھی؟

ج: زید سے زینب اور عبدالرحمان پیدا ہوئے۔ عبدالرحمان سے ابراہیم، اسماعیل اور محمد پیدا ہوئے۔

س: ام کلثوم کے دو بھائی مکہ سے لینے آئے ان کے نام بتائیے؟

ج: عمارہ بن عتبہ، ولید بن عتبہ۔

## حضرت امیمہ بنت رقیہ

### (سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ)

حضرت خدیجہ الکبریٰ کی ہمشیرہ کی بیٹی تھیں۔

س: ان کا حسب نسب بتائیے۔

ج: امیمہ بنت عبداللہ بن نجار۔

والدہ کا نام رقیقہ بنت خویلد بن اسد بن عبدالعزیٰ بن قصویٰ۔

س: امیمہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: شروع میں اسلام لائی۔ سابقون الاولون میں سے تھیں۔

س: جب امیمہ نے حضور سے بیعت لی تو کیا فرمایا؟

ج: خدا کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ چوری نہ کرنا، بدکاری نہ کرنا، اپنی اولاد کو قتل نہ کرنا، غیر اولاد کو اپنی اولاد نہ بناؤ، نوحہ نہ کرو، بے پردہ باہر نہ نکلنا۔

س: امیمہ کا حضرت فاطمۃ الزہرا سے کیا رشتہ تھا؟

ج: خالہ زاد تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا امیمہ نے جنگ موتہ میں حصہ لیا؟

ج: جی ہاں۔

س: امیمہ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: حبیب بن کعب بن عمرو سے نکاح ہوا۔ دارالخلافہ شام منتقل ہوا تو امیمہ دمشق چلی گئیں۔

## غفرا بنت عبید

### (مہاجر مدینہ)

غفرا خزرج کی شاخ بنونجار سے تھیں۔

س: ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: غفرا بنت عبید بن ثعلبہ بن عبید بن غنم بن مالک بن نجار۔

س: غفرا کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: حارث بن رفاعہ سے۔ حارث نے ان کو طلاق دے دی۔

س: غفرا کی حارث بن رفاعہ سے کتنی اولادیں تھیں؟

ج: تین لڑکے۔ معاذ، معوذ اور عوف پیدا ہوئے۔

س: حارث بن رفاعہ کے بعد غفرا نے کس سے شادی کی؟

ج: ابی بکیر عبد یا لیل لیثی سے۔

س: بکیر بن عبد یالیل سے کتنی اولاد تھی؟

ج: 4 بیٹے۔ عاقل، خالد، عامر، ایاس یہ سبھی سابقون الاولون تھے۔

س: غفرا کے کتنے بیٹے بدر میں شریک ہوئے؟

ج: سات بیٹے۔ معاذ، معوذ، عوف اور عاقل، خالد، ایاس، عامر۔

س: غفرا کے کونسے بیٹوں نے بدر میں شہادت پائی؟

ج: عاقل، عوف اور معوذ اور معاذ نے بھی شہادت پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ام عبداللہ بنت مسعود

## (سابقون الاولون۔ ہجرت مدینہ)

ام عبداللہ کا اصل نام ام عبد آیا ہے۔ حضرت عبداللہ بھی جلیل القدر صحابی تھے۔

س: ام عبداللہ کے باپ کا نام کیا تھا؟

ج: عبداللہ بن مسعود۔

س: ام عبداللہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابتدائی دور میں چھٹے نمبر پر تھے۔

س: سب سے پہلے اعلانیہ کعبہ میں قرآن پڑھنے والے صحابی کا نام بتائیے۔

ج: عبداللہ بن مسعود۔

س: کیا ام عبداللہ نے ہجرت مدینہ کی اور وہ اولین مہاجرات میں تھیں۔

ج: جی ہاں۔

س: ام عبداللہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: مسعود بن غافل سے۔ان کے بیٹے عبداللہ بن مسعود تھے۔عبداللہ بن مسعود نے حضور سے سن کر سترہ سورتیں یاد کرلی تھیں۔مسعود تعلیم یافتہ بچہ تھا۔

س: کیا عبداللہ بن مسعود اپنی والدہ کو دینی علوم سیکھنے کے لئے بھیجتے تھے؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا بقول ابوموسیٰ اشعریؓ ام عبد کو لوگ حضور کے گھر کا فرد سمجھتے تھے؟

ج: جی ہاں۔

س: ان کے خاندان کو کتنا وظیفہ ملتا تھا؟

ج: حضرت عمر نے ان کو دو ہزار وظیفہ مقرر کیا تھا۔صفیہ، اسماء بنت عمیس، ام کلثوم کو وظیفہ ملتا تھا۔

س: ام عبداللہ کی وفات پر کیا حضور ﷺ نے ان کی والدہ کا انتظار فرمایا تھا؟

ج: عبداللہ بن مسعودؓ کی موت ہوئی۔تو حضور ﷺ نے جنازہ پڑھانے کے لئے ان کی والدہ کا انتظار کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## زینب بنت مظعون

(مہاجر مدینہ)

زینب بنت مظعون کا قبیلہ جمح سے تعلق تھا۔

س: ان کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: زینب بنت مظعون بن حبیب بن وہب بن حذافہ۔

س: زینب کی شادی کن سے ہوئی؟

ج: خلیفہ دوئم عمر فاروق سے۔

س: زینب نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: 6 نبوی میں۔

س: ان میاں بیوی نے کب ہجرت مدینہ کی؟

ج: 13 نبوی میں جبکہ ان کا بیٹا عبداللہ بھی ساتھ تھے۔

س: زینب کا حضرت حفصہ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حفصہ کی والدہ تھی۔

س: زینب بن مظعون کی اولاد کتنی تھی؟

ج: حفصہ اور راہب۔

## حضرت ام فروہ

(مہاجر مدینہ)

س: حضرت ابوبکر کی ہمشیرہ جو صحابیہ تھیں۔ وہ بنی تمیم سے تھی۔

ج: ام فروہ۔

س: فروہ کا حسب نسب بتائیے۔

ج: ام فروہ بنت قحافہ بن عثمان بن عامر۔

س: ام فروہ کی شادی کن سے ہوئی؟

ج: حضرت اشعث بن قیس جو یمن کے حکمران تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: اشعث بن قیس نے رسول کے پاس اسلام قبول کیا۔ حضور کی وفات کے بعد مرتد ہو گیا گرفتار کر کے ابوبکر کے پیش کیا گیا۔ سچے دل سے معافی مانگی، معافی ملی اور حضرت ابوبکر نے اپنی بہن سے شادی کر دی۔

ج:

س: ام فروہ کا واقعہ بھی عجیب ہوا وہ واقعہ کیا تھا؟

ج: نکاح کے بعد اشعث بن قیس بازار سے گزرے۔ اونٹوں کی منڈی لگی تھی جو اونٹ سامنے آتا کونچیں کاٹ دیتا۔ لوگ حیران ہوئے۔ جواب میں کہا کہ اگر میں اپنے ملک میں ہوتا تو اور بھی مزہ آتا۔ پھر اونٹوں کی قیمت ادا کر دی اور لوگوں کو دعوت دی۔

نوٹ: ام فروہ سے ابن تشیع کے بارہ امام پیدا ہوئے۔

## شیبہ غامد

س: شیبہ غامد کون تھیں؟ کیا انہیں اسلام لانے کا شرف حاصل ہوا؟

ج: جی ہاں۔

س: شیبہ غامد سے زنا سرزد ہوا تو انہوں نے رسول سے کیا درخواست کی؟

ج: احساس گناہ سے تنگ آ کر رسول سے کہا کہ مجھے پاک کر دیجیے۔

1۔ آپ نے کہا جاؤ اور استغفار کرو۔

2۔ حضور نے گواہ طلب کیا۔ کوئی پاس نہ تھا۔
پھر فرمایا جاؤ استغفار کرو شاید اللہ معاف فرما دے۔

3۔ میں بچے کی ماں بننے والی ہوں۔
بچے کے پیدا ہونے کا انتظار کرو۔

4۔ آپ نے فرمایا دودھ پینے تک انتظار کرو۔
رضاعت ختم ہونے پر آئی۔
آپ نے رجم کا حکم دے دیا۔

شیبہ پر پتھر برسائے گئے۔ خالد بن ولید کا ایک پتھر بھی ان کے سر میں لگا۔ جس سے ان کے سر کے چھینٹے خالد پر پڑے۔ خالد نے سخت غصہ کا اظہار کیا، سخت الفاظ کہے۔ حضور نے فرمایا خالد اس نے ایسی توبہ کی ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔ حضور نے جنازہ پڑھایا۔ عمر نے کہا کہ حضور آپ نے ایک بدکردار کا جنازہ پڑھایا، حضور نے فرمایا اس نے اعتراف کیا اور اپنی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



جان قربان کر دی۔

## ﴿ام وحداح رضی اللہ عنہا﴾

س: ام وحداح جو مدینہ کے نواح میں رہتی تھی۔ان کے خاوند کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت ابوالاحذاح ثابت بن وحداح انصاری۔

س: ثابت بن وحداح نے کونسی چیز اللہ تعالیٰ کو قرض دی تھی؟

ج: اپنا باغ قرض دیا تھا۔

س: روایت عبداللہ بن مسعود سورۃ الحدید کی آیت 10 نازل ہوئی۔

"یعنی کون ہے جو اللہ کو قرض دے۔اچھا قرض تا کہ اللہ اسے بڑھا کر واپس کرے۔یہ آیت سن کر وحداح نے قرض دیا تھا۔

حضور نے فرمایا کتنے ہی جنت میں درختوں کے خوشے ابو وحداح کے لئے ہوں گے۔

س: ام وحداح نے کب شہادت پائی؟

ج: غزوہ احد میں شہادت پائی۔

س: ابو وحداح کا ترکہ کسے دیا گیا؟

ج: ابو وحداح کا ترکہ ان کے بھانجے ابولبابہ کو دیا گیا۔

## ﴿ام ایوب انصاریہ﴾

### (میزانِ رسول)

یہ اپنی کنیت ام ایوب سے مشہور ہوئیں۔

ام ایوب کو 7 ماہ (210 دن) حضور کی خدمت کا موقعہ ملا۔

جب حضور مدینے پہنچے تو سبھی لوگوں کا دل چاہتا تھا کہ حضور ان کے ہاں ٹھہریں۔حضور نے فرمایا جدھر ناقہ ٹھہر یگی وہی میرا مسکن ہوگا۔

س: ابو ایوب کے مکان کے چار کمرے تھے۔دو نیچے دو اوپر۔حضور پہلے اوپر ٹھہرے پھر نیچے کیوں آگئے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: پانی کا گھڑا ٹوٹ گیا۔ اپنے کمبل سے پانی خشک کیا۔ اور خود کونہ میں لگے بیٹھے رہے۔ صبح حضور سے درخواست کی آپ اوپر تشریف لے جائیں۔

س: جب ام ایوب کھانا حضور کو بھیجتی بعد میں کھانا بچا ہوتا۔ کیا میاں بیوی دونوں اس جگہ سے کھاتے جدھر سے رسول نے کھایا ہوتا تھا۔

ج: جی ہاں۔

س: ایک دفعہ حضور نے ام ایوب کا کھانا واپس کیوں کر دیا؟

ج: کھانے میں لہسن پیاز ڈالا ہوا تھا۔

س: عائشہ کی تہمت پر ام ایوب نے کیا فرمایا؟

ج: عائشہ پاک صاف ہیں۔

س: ام ایوب کی اولاد کتنی تھی؟

ج: ایوب خالد، محمد ایک بیٹی عمرہ۔

## حضرت ہند عمرو بن حرام انصاریہ

س: ہند کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: خزرج کی شاخ بنو سلمہ سے تھا۔

س: ان کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: ہند بنت عمرو بن حرام ثقلبہ بن حرام بن کعب۔

س: حضرت ہند نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: تیرہ نبوی میں بیعت عقبیٰ کبیرہ ہیں۔

س: ہند کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: عمرو بن جموع سے۔

س: عمرو بن جموع نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: انہوں نے بیوی کے بعد اسلام قبول کیا۔ غزوہ بدر سے کچھ پہلے مسلمان ہوئے۔

س: احد میں حضرت ہند کے خاندان کے کتنے لوگ شہید ہوئے؟

ج: شوہر ضرر بن خلاد اور بھائی عبداللہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ہند نے اپنے شہیدوں کی لاشیں کس طرح مدینہ لانے کی کوشش کی؟

ج: اونٹ نے مدینہ کی طرف جانے سے انکار کر دیا۔ احد کی طرف جانے کو تیار تھا۔ ہند سے حضور نے پوچھا کیا عمرو نے گھر سے نکلتے وقت کوئی دعا کی تھی۔ اللہ مجھے شہادت نصیب کرنا۔ میں ناامید اپنے اہل وعیال میں نہ آؤں۔

س: ہند نے غزوہ خیبر میں حضور کا ساتھ دیا۔ مال غنیمت میں حصہ بھی پایا۔

## حضرت جعدہ بنت عبید

یہ خاندان بنی نجار سے تھیں۔

س: آپ کے والد کا نام بتائیے۔

ج: عبید بن ثقلبہ انصاری۔

س: آپ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: جعدہ نے ہجرت نبوی سے پہلے اسلام قبول کیا۔

س: آپ کی شادی کس صحابی سے ہوئی؟

ج: نعمان بن نافع نجاری سے ہوئی تھی۔

س: جعدہ انصاریہ کی دوسری شادی کس سے ہوئی؟

ج: خباب بن ارقم سے۔

س: جعدہ کے خاندان کے اور لوگ جنہوں نے اسلام قبول کیا۔

ج: بھائی عمرو بن عبید ثقلبہ۔ بہن خولہ۔ غفراء۔

س: جعدہ کس جلیل القدر صحابی کی والدہ تھیں؟

ج: حارثہ بن نعمان کی۔

س: کیا جعدہ حضور کے پڑوس میں رہتی تھیں؟

ج: جی ہاں۔ ان کے گھروں سے حضور کے لئے کھانا آتا جاتا رہتا تھا۔

س: جعدہ کے پوتے جو مشہور محدث ہوئے؟

ج: محمد بن عبدالرحمان بن حارثہ بن نعمان۔ یہ محدث اور فن رجال کے بڑے عالم تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت خلیدہ بنت قیس

خلیدہ بنت قیس ہجرت سے پہلے اسلام لائیں۔

س: آپ کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: خلیدہ بنت قیس بن ثابت بن خالد۔

س: خلیدہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: براء بن معرور انصاری۔ جو بنو سلمہ کے رئیس تھے۔

س: خلیدہ کے بچے جو صحابی ہوئے؟

ج: براء بن معرور کا بیٹا بشر، بیٹی سلافہ۔

س: خلیدہ بنت قیس کے کن لوگوں نے بیعت عقبہ میں شمولیت کی؟

ج: شوہر براء بن معرور بیٹا بشر۔

س: براء معرور ہجرت سے ایک ماہ قبل فوت ہوگئے تھے۔ان کے بعد قبیلہ کا کون سردار بنا؟

ج: بشر کو باپ کی جگہ سردار بنایا گیا۔

س: خلیدہ کے کس بیٹے کی زہریلے کھانے سے موت واقع ہوئی؟

ج: بشر خیبر میں حضور کے ساتھ تھے۔ بکری کا زہریلا گوشت کھایا اور شہید ہوگئے۔
حضور کو زہریلے کھانے کی بذریعہ وحی اطلاع کردی گئی تھی۔

س: ”اتنا تیز بخار میں نے کسی کو نہیں دیکھا“ حضور کے آخری ایام میں یہ الفاظ کس نے کہے؟

ج: خلیدہ بنت قیس نے۔

س: حضور نے جواب میں کیا کہا؟

ج: جیسے ہمیں اجر زیادہ ملتا ہے۔اسی طرح تکالیف کی شدت بھی دوسروں سے زیادہ ہوتی ہے۔
حضور نے خلیدہ سے اپنی بیماری کا بتایا کہ یہ وہ زہر ہے جو میں نے تیرے بیٹے کے ساتھ خیبر میں کھایا تھا۔

س: خلیدہ کی بیٹی سلافہ کا کس صحابی سے نکاح ہوا؟

ج: ابو قتادہ سے۔

” محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ “

www.KitaboSunnat.com



# ربیع بنت نضر

ان کا تعلق قبیلہ بنی نجار سے تھا۔

س: **ان کا سلسلہ نسب بتائیے۔**

ج: ربیع بنت نضر بن ضمضم بن زید بن حرام بن جندب بن عامر۔

س: **انس بن نضر، ربیع بنت نضر، ام حکیم بنت نضر ان کی حقیقی ہمشیرگان تھیں۔ کیا ربیع حضرت انس کی پھوپھی تھی۔**

ج: جی ہاں۔

س: **ربیع کی شادی کس سے ہوئی؟**

ج: سراقہ بن حارث۔

س: **ربیع بنت نضر نے کب اسلام قبول کیا؟**

ج: ہجرت کے فوراً بعد یا پہلے اسلام لائیں۔

س: **سراقہ بن حارث سے ربیع کی کیا اولاد تھی؟**

ج: بیٹا حارث بیٹی ام عمیر۔

س: **ربیع کا بیٹا حارثہ کب اور کہاں شہید ہوئے؟**

ج: بدر میں حوض کے کنارے پانی پی رہا تھا۔ کہ مشرک حبان بن العرقہ نے تیر چلایا جس سے وہ شہید ہو گئے۔

ماں نے کہا حضور میں آہ وزاری کروں۔ اگر جنت میں ہے تو میں صبر کروں۔

حضور نے جواب دیا۔ حارثہ جنت میں ہے۔

س: **ربیع بنت نضر سے ایک لڑکی کا دانت ٹوٹ گیا۔**

حضور نے مقدمہ کا فیصلہ سنایا۔

دانت کے بدلے دانت

انس بن نضر بھی موجود تھے۔ ربیع کا دانت نہ توڑا جائیگا۔ لڑکی کے والدین قصاص پر آمادہ ہو گئے۔ اللہ اپنے بندوں کا بھرم رکھتا ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ﴿حضرت ام سلیم﴾

## (سابقون الاولون۔انصار)

س: ام سلیم کا اصل نام کیا تھا؟

ج: ان کا نام سہلہ رحمہ / رمیثہ تھا۔

س: ان کی کنیت اور لقب بتایئے۔

ج: غمیرہ لقب تھا کنیت ام انس تھی۔

س: ام سلیم کا کس قبیلہ سے تعلق تھا؟

ج: قبیلہ بنی خزرج کی شاخ عدی بن نجار تھا۔

س: ام سلیم کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: سلیم بنت ملحان بن خالد حرام بن جندب بن عامر۔

س: ام سلیم کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: والدہ کا نام ملیکہ بنت مالک بنی عدی قبیلہ بنی نجار سے تھیں۔

س: ام سلیم کا حضور سے کیا رشتہ تھا؟

ج: رسول کی پردادی (عبدالمطلب کی والدہ) کا تعلق بھی بنی نجار سے تھا۔

ام سلیم کے بھائی کی پوتی تھیں۔یوں ام سلیم کی بہن ام حرام حضور کی خالہ مشہور ہو گئیں۔

س: ام سلیم نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: بیعت اولیٰ کے لوگوں کی مدینہ تبلیغ سے اسلام لائیں۔آپ انصار میں سابقون الاولون تھیں۔

س: ام سلیم کی پہلی شادی کس سے ہوئی اور اولاد کیا تھی؟

ج: مالک بن ضمیم سے بیٹا انس پیدا ہوا۔

مالک بن نصر اپنے آبائی مذہب پر تھے۔بیوی کو چھوڑ کر شام چلا گیا۔ابوطلحہ زید بن سہل سے نکاح کا پیغام آیا ابھی پرانے مذہب پر تھے وہاں قتل ہوئے۔

جواب میں ام سلیم نے کہا کہ:

خدائے واحد پر ایمان لائی ہوں۔تم خود ساختہ بتوں کو پوجتے ہو۔بھلا یہ شادی کیسے ہو سکتی ہے ان باتوں کا بڑا اثر ہوا اور وہ مسلمان ہو گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ان کا حق مہر کیا مقرر ہوا؟

ج: آپ کے بیٹے انس نے نکاح پڑھایا۔ والد کا اسلام لانا ہی ان کا حق مہر مقرر ہوا۔

س: ام سلیم کا بیٹا انس حضور کی غلامی میں کیسے آیا؟

ج: حضرت انس دس سال کی عمر میں آئے اور دس سال کے بعد واپس گیا۔ دس سال حضور کی خدمت کی۔

بقول ثابت۔ میں نے کسی عورت کا نکاح ام سلیم سے افضل نہیں سنا۔

س: مدینہ میں بھائی چارہ کس کے گھر میں کیا گیا؟

ج: ام سلیم کے گھر پر ہوا۔

س: ام سلیم کو غزوہ میں شمولیت کی کیسے اجازت ملی؟

ج: زخمیوں کا علاج کرونگی۔ تیر اٹھا اٹھا کر دوں گی۔ ستو گھول کر مجاہدین کو پلاؤں گی۔ حضور نے یہ سن کر اجازت دے دی۔

س: حضرت صفیہ بنت حیّ کو کس نے دلہن بنایا؟

ج: حضرت ام سلیم نے۔

س: غزوہ حنین میں ام سلیم کی خدمات کیا تھیں؟

ج: آپ ہاتھ میں خنجر لئے حضور کی حفاظت کرتی رہیں۔

حضور نے پوچھا ام سلیم خنجر سے کیا کرو گی؟

جواب دیا کہ جو مشرک قریب آیا اس کا پیٹ چاک کر دوں گی۔

س: کیا حضور ام سلیم اور ام حرام کے گھر آرام کے لئے چلے جاتے؟

ج: جی ہاں، وہاں دوپہر کو آرام بھی فرماتے تھے۔

حضور فرماتے مجھے ان بہنوں پر رحم آتا ہے کہ ان کے بھائی حرام بن ملحان نے میری حمایت کی۔ بیر معونہ میں شہید ہوئے۔

ام سلیم سے چودہ احادیث مروی ہیں۔

س: میں جب جنت میں گیا تو کسی کے پاؤں کی آہٹ سنائی دی۔ پوچھا کون ہو؟

ج: غمیصا ملحان کی بیٹی انس بن مالک کی والدہ ماجدہ ہیں۔

س: کس صحابیہ نے حضور کا پسینہ جمع کر رکھا تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ام سلیم۔

س: ام سلیم کے پاس کون کون سے تبرکات تھے؟

ج: موئے مبارک۔ چمڑے کا مشکیزہ جس سے پانی پیتے تھے، حضور نے جدھر سے منہ لگایا تھا اتنا ٹکڑا کاٹ کر تبرک کے طور پر رکھا ہوا تھا۔

س: حضور ام سلیم کو کس طرح حج کے لئے لیکر گئے؟

ج: حضور نے ام سلیم سے حج کا پوچھا تو انہوں نے کہا کہ دو سواریاں تھیں جن پر باپ بیٹا سوار تھے۔ حضور ام سلیم کو ازواج کے ہمراہ ان کو لے گئے۔

س: حضور نے انس کے بارے میں دعا کی تھی کہ اسے جائیداد اور اولاد میں برکت ہے؟

ج: طویل عمر پائی۔ اولاد میں برکت ملی۔

س: ام سلیم کا بیٹا فوت ہوا تو انہوں نے بڑے صبر کا مظاہرہ کیا۔

ابو عمیرہ کی وفات پر ابو طلحہ سے کہا اگر تم کسی سے کوئی چیز ادھار لیں تو مطالبے پر واپس دینا پڑتا ہے۔

اس رات اللہ نے ابو عمیرہ کا متبادل بیٹا عنایت فرمایا۔

## ام حرام انصاریہ بنت ملحان

### (سابقون الاولون)

ام حرام بنت ملحان کا تعلق بنو خزرج سے تھا۔

س: آپ کا والد کی طرف سے سلسلہ نسب کیا تھا؟

ج: ام حرام بن ملحان بن خالد بن غرید بن حرام۔

س: والدہ کی طرف سے سلسلہ نسب کیا تھا؟

ج: ام حرام بنت ملیکہ بن مالک بن عدی بن زید۔ حضرت انس کے ساتھ ان کا رشتہ خالہ کا تھا۔ بیئر معونہ کے شہید حضرت حرام بن ملحان اور سلیم ان کے بھائی تھے۔

س: ام حرام نے کب اسلام قبول کیا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: مدینہ منورہ میں۔ام حرام بنت ملحان حضور کی رضاعی خالہ تھیں۔
س: ام حرام کی شادی کس سے ہوئی؟
ج: عمرو سے وہ غزوہ احد میں شہید ہوئے۔
س: ام حرام کا دوسرا نکاح کن سے ہوا؟
ج: عمرو بن قیس۔
ام حرام ایک شہید کی بیوی اور ایک شہید کی والدہ تھیں۔دونوں احد میں شہید ہوئے۔
س: ہجرت مدینہ قباء میں حضور کس کے گھر ٹھہرے؟
ج: حضرت عبادہ بن صامت کے گھر۔
س: غزوہ بحر کا خواب حضور نے کہاں دیکھا؟
ج: ام حرام بنت ملحان کے گھر۔
س: غزوہ بحر کا خواب کیا تھا؟
ج: امت کے کچھ لوگ سمندر میں غزوے کے ارادے سے سوار ہیں۔ام حرام نے حضور سے عرض کی کہ میں بھی غزوہ میں شامل ہوں فرمایا تم پہلی جماعت کے ساتھ ہو۔
س: ام حرام کو کس نام سے پکارا جاتا تھا؟
ج: ام حرام کو شہیدہ کہتے تھے۔حضور نے ان کو شہادت کی بشارت دی تھی۔

س: یہ خواب کب پورا ہوا؟
ج: حضرت عثمان کے زمانے میں۔
س: ام حرام نے کیسے شہادت پائی؟
ج: سواری پر بیٹھتے سواری بدک گئی ام حرام گر کر شہید ہو گئیں۔
س: ام حرام کی اولاد کیا تھی؟
ج: تین لڑکے عمرو بن قیس سے عبداللہ،ام عبادہ سے محمد اور عبادہ۔

## ربیع بنت معوذ

س: ربیع بنت معوذ کا تعلق بنو نجار سے تھا۔ان کا حسب نسب بتایئے۔
ج: ربیع بنت معوذ بن حارث بن رفاعہ بن حارث بن سواد بن مالک۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: ربیع بنت معوذ کی والدہ کا کیا نام تھا؟
ج: ام یزید بن قیس تھا۔ یہ بھی بنی نجار سے تھیں۔
س: عفرا صحابیہ کا ربیع بنت معوذ سے کیا تعلق تھا؟
ج: عفرا ربیع بنت معوذ کی دادی تھی۔
س: رسول خدا کے دشمن ابوجہل کو قتل کرنے والے لوگ کون تھے؟
ج: حضرت ربیع کے والد معوذ دوسرے چچا معاذ تھے۔
عوف اور معاذ بھی زخموں کی تاب نہ لا کر بدر میں شہید ہوئے۔
س: معاذ کے والد اور چچوں کے کیا اعزازات تھے؟
ج: سابقون الاولون تھے۔ بدر میں شرکت کا فخر تھا۔ معاذ اور عوف بیعت عقبہ کبیرہ میں موجود تھے۔
س: حضرت ربیع کب پیدا ہوئیں، کب اسلام قبول کیا؟
ج: 6 ہجرت نبوی سے پہلے پیدا ہوئیں۔ والدین مسلمان تھے۔ آپ مدینہ میں اس وقت اسلام لائیں۔ جب پیغمبر مدینے تشریف لائے تھے۔
س: ربیع پیغمبر کی آمد پر کیسے خوش ہوئیں؟
ج: خوش آمدید کہنے کے لئے جو خواتین بچیاں شامل تھیں ربیع بھی ان میں شامل تھی۔ سب ترانے گا کر حضور کو خوش آمدید کہہ رہی تھیں۔

س: ربیع کی ہمشیرہ بھی صحابیہ تھیں ان کا نام بتایئے۔
ج: فریع بنت معوذ مستجاب الدعوہ تھیں۔
س: ربیع کا نکاح کس صحابی سے ہوا؟
ج: ایاس بن بکیر لیثی سے ہوا۔

## حضرت سمیہ بنت خباط

س: کیا سمیہ اسلام کی پہلی شہیدہ ہیں؟
ج: جی۔ ہاں
س: سمیہ کے آباؤ اجداد کے بارے میں کیا جانتے ہیں؟
ج: والدین بعثت سے 35 سال پہلے ابوحذیفہ بن المغیرہ کی کنیز تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سمیہ رضی اللہ عنہا کا نکاح کس سے ہوا؟
ج: یاسر بن عامر سے۔
س: سمیہ نے کب اسلام قبول کیا؟
ج: حضور نے جب اعلان نبوت کیا تو آپ میاں بیوی نے لبیک کہا۔ یہ لوگ ساتویں نمبر پر مسلمان تھے۔
س: سمیہ نے بڑے بڑے ظلم اٹھائے۔
ج: لوہے کی زریں پہنا کر تپتی ریت پر لٹا دیتے تھے۔ کمر پر جلتے ہوئے انگارے ڈال دیتے تھے۔ عمار کی پیدائش پر انہیں آزادی مل گئی تھی۔
س: جب حضور ان مظلوم مسلمانوں کو دیکھتے تو کیا فرماتے؟
ج: اے آل یاسر صبر کرو۔
س: سمیہ کو کس نے کس طرح شہید کیا؟
ج: ابوجہل نے سمیہ اور ان کے بیٹے عبداللہ کو شہید کر دیا۔
س: سمیہ کی اولاد کتنی تھی؟
ج: تین بیٹے تھے۔ عمار، عبداللہ اور حریث۔
س: حضرت عمر کی وفات پر بھی ام ایمن بہت روئیں؟
ج: حضرت عثمان نے پوچھا کیوں روتی ہو فرمایا حضرت عمر کے بعد مسلمان کمزور ہو جائیں گے۔

## حضرت شیما

س: شیما حضور کی دودھ شریک بہن تھیں۔ ان کا نام بتائیے۔
ج: ان کا نام خذافہ تھا۔
س: شیما کا والد کی طرف سے نسب نامہ تھا۔
ج: حارث بن عبدالعزیٰ بن رضاء۔ یہ شیما کے والد تھے۔
س: شیما قبیلہ بنو نیوان اور بنو ثقیف کی جنگ میں قیدی کے روپ میں آئیں۔
ج: وادی حنین میں جنگ ہوئی انہوں نے شکست کھائی اور امان طلب کیا۔ قیدیوں میں شیما بنت حارث بھی تھیں۔
س: شیما نے مجاہدوں سے کہا کہ آپ کے سردار میرے دودھ شریک بھائی ہیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضور نے شیما کو بلایا اور تصدیق کی۔ شیما نے اسلام قبول کرلیا۔ حضور نے شیما کو کچھ رقم، بکریاں اور تین غلام یا ایک لونڈی دی۔

س: شیما سے اس کی والدہ نے پوچھا کہ تم بچے کو چلچلاتی دھوپ میں لے کر بیٹھی ہو۔ شیما نے کہا بھائی جدھر جاتے ہیں بادل ان کو سایہ کرتے ہیں۔ بھائی چل پڑتے ہیں تو بادل بھی چل پڑتے ہیں۔

## اروىؓ بنت عبدالمطلب

س: یہ حضور کی حقیقی پھوپھی تھی۔ ان کا حسب نسب بتایئے۔

ج: اروی بنت عبدالمطلب بن ہاشم بن قصی بن کعب۔

س: آپ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: سابقون الاولون میں تھیں۔ 3 نبوی آپ نے دارارقم کے زمانے میں اسلام قبول کیا۔

س: کیا اروی کے بیٹے طلیب نے شروع میں اسلام قبول کیا؟

ج: جی ہاں۔

س: طلیب کے کہنے پر کیا والدہ نے اسلام قبول کرلیا؟

ج: جی ہاں۔
طلیب کو اپنے یتیم بھتیجے کی مدد کا ہر وقت کہتی رہتی تھیں۔

س: طلیب نے ایک مشرک کو کیوں زخمی کیا؟

ج: وہ حضور کے لیے غلیظ زبان استعمال کررہا تھا۔

س: ابوجہل حضور کے سخت دشمن تھے۔ حضرت طلیب نے ماموں ابوجہل کو خوب مارا۔ طلیب کو باندھ دیا گیا پھر بعد میں چھوڑ دیا گیا۔
ماں نے کہا طلیب کا بہترین وقت وہ ہے۔ جس میں وہ حضور کی مدد کرے۔

س: ابورباب بن عزراری نے حضور کے قتل کا منصوبہ بنایا؟

ج: طلیب نے سن کر اس کو موت کے گھاٹ اتار دیا۔

س: کیا اروی حضور کے وصال تک زندہ تھیں؟

ج: جی ہاں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کیا اروی نے اسلام قبول کیا۔ پھر حبشہ کی ہجرت بھی کی؟
ج: جی ہاں۔

## عاتکہؓ بنت عبدالمطلب

س: عاتکہ کا حضور سے کیا رشتہ تھا؟
ج: عاتکہ حضور کی پھوپھی زاد تھیں۔

حضور کی پھوپھی جس نے غزوہ بدر میں مقتول قریش کی قتل گاہ کو خواب میں دیکھا:

س: عاتکہ کے خواب کا ابوجہل نے کیا جواب دیا؟
ج: اگر تین دن تک یہ خواب سچا نہ ہوا تو نوٹس لکھ کر ہر جگہ لگا دیں گے کہ آپ کا گھرانہ سب سے جھوٹا ہے۔
س: عاتکہ کا یہ خواب کیسے سچ ثابت ہوا؟
ج: جب ضمضم غفاری اونٹ کی ناک کاٹ کر کھینچا وہ الٹا کر اپنی قمیص آگے پیچھے سے پھاڑ کر چلا کر کہہ رہا تھا۔

''قافلے کو بچاؤ، محمد کے ساتھیوں نے قافلے پر حملہ کر دیا ہے''

س: شعب ابی طالب کو ختم کروانے میں حضرت عاتکہ کے کس بیٹے نے حصہ لیا؟
ج: انہوں نے مطعم بن عدی ابوالخیری، زعمہ بن الاسود کو راضی کر کے بائیکاٹ کا خاتمہ کر دیا۔
س: عاتکہ نے کب کس حالت میں وفات پائی؟
ج: حالت اسلام میں وفات پائی۔

## حضرت فاطمہ بنت اسد

منہ بولی ماں۔ سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ:

فاطمہ حضرت اسد بن ہاشم کی دختر تھیں۔

س: فاطمہ محمد کی رشتہ میں کیا لگتی تھیں؟
ج: آپ کی چچی اور منہ بولی ماں تھیں۔ فاطمہ بنت اسد حضرت ابوطالب کی بیوی تھی۔
س: فاطمہ بنت اسد کا حضرت علی سے کیا رشتہ تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حضرت علی کی والدہ محترمہ تھیں۔

س: فاطمہ سردار ہاشم بن عبدالمناف کی پوتی تھیں۔اس کی والدہ کا نام بتائیے۔

ج: قتیلہ بنت عامر۔

س: فاطمہ بنت اسد حسنین کی رشتہ میں کیا تھیں؟

ج: دادی۔

س: فاطمہ بنت اسد نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: سابقون الاولون تھیں۔

س: فاطمہ کے حضرت ابوطالب سے 4 بیٹے، 3 بیٹیاں تھیں، نام بتائیے۔

ج: بیٹے: طالب، عقیل، جعفر اور علی۔

بیٹیاں: شہبانی، جمانہ، ام ہانی، فاطمہ

س: حضرت فاطمہ نے حضور کے ساتھ کیا سلوک کیا؟

ج: محمدؐ کے کفیل حضرت ابوطالب تھے۔فاطمہ نے منہ بولی ماں کا رشتہ نبھایا۔حضرت ابوطالب تو اسلام سے محروم رہے اولاد نے اسلام قبول کرلیا۔

س: حضرت فاطمہ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: 46 احادیث۔

س: حضرت فاطمہ نے کہاں ہجرت کی؟

ج: مدینہ کی ہجرت 13ھ میں کی۔

س: میں باہر کا کام کروں گا۔وہ آٹا گوندھنے میں آپ کی مدد کریں گی۔یہ کس کے الفاظ تھے؟

ج: حضرت علی کے۔

س: حضرت فاطمہ نے ہجرت سے کچھ سال بعد وفات پائی کہاں دفن ہوئیں؟

ج: جنت البقیع میں۔

حضور نے فاطمہ بنت اسد کی وفات کو شدت سے محسوس کیا۔اپنی قمیض دی، قبر میں اترے، لحد میں اتارا۔

## حضرت سلمیٰ رضی اللہ عنہا بنت عمیس

س: حضرت سلمیٰ بنت عمیس کون تھیں؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حمزہ کی اہلیہ تھیں لہذا حضور کی چچی لگیں۔

س: حضرت سلمٰی کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: سلمٰی بنت عمیس بن معد بن حارث بن یتیم۔

س: سلمٰی بنت عمیس کی والدہ کون تھیں؟

ج: والدہ ہند (خولہ) بنت عوف تھی۔اور وہ قبیلہ کنانہ سے تھیں۔

س: اسما بنت عمیس کا حضرت سلمٰی سے کیا تعلق تھا؟

ج: اسما بنت عمیس حضرت سلمٰی کی سگی بہن تھیں۔

س: پہلا نکاح جعفر دوسرا ابوبکر تیسرا علی سے ہوا۔

ج: اسماء ام الفضل کی اخیافی بہن تھیں۔

س: حضرت سلمٰی بنت عمیس کی اولاد کیا تھی؟

ج: حضرت حمزہ سے امامہ پیدا ہوئی۔

شراد بن اسامہ سے دو بیٹے عبداللہ۔عبدالرحمٰن پیدا ہوئے۔

س: حضرت سلمٰی رشتہ میں حضور کی کیا لگتی تھیں؟

ج: چچی لگتی تھیں۔

س: یہ تین بہنیں جو مومنات تھیں۔ان کے نام بتائیے۔

ج: میمونہ بنت حارث۔اسماء بنت عمیس۔سلمٰی بنت عمیس۔

س: کیا سلمٰی حضور کی رضائی بھائی کی بیوی تھی؟

ج: جی ہاں۔

س: حضرت حمزہ اور پیغمبر نے ثوبیہ کا دودھ پیا۔

ج: حضرت سلمٰی نے حضرت حمزہ کے ساتھ ہی مدینہ ہجرت کی۔

س: حضرت حمزہ نے کب شہادت پائی؟

ج: غزوہ احد میں۔

س: سلمٰی نے دوسری شادی شراد سے ہوئی؟

ج: دو بیٹے عبداللہ اور عبدالرحمان پیدا ہوئے۔سلمٰی کی بیٹی حمزہ سے عمارہ (امامہ) پیدا ہوئیں۔
امامہ خالہ کے پاس رہی۔خالہ ماں کے بعد ہوتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## خولہ بنت قیس

س: حضور کس صحابیہ سے ضرورت کے وقت قرض لے لیا کرتے تھے؟ صحابیہ کا نام بتائیے۔

ج: حضرت خولہ۔

س: حضرت خولہ کا کس خاندان سے تعلق تھا؟

ج: خزرج کے خاندان بنونجار سے تعلق تھا۔

س: حضرت خولہ کا نکاح کن سے ہوا؟ وہ حضور کے چچا تھے۔

ج: حضرت حمزہ۔ حضور کی چچی لگیں۔

س: کیا حمزہ نے 6 نبوی میں اسلام قبول کیا۔ دونوں ایک ساتھ اسلام لائے اور مدینہ ہجرت کی۔

ج: جی ہاں۔

س: حمزہ کی شہادت کے بعد نکاح کن سے ہوا؟

ج: حضرت نعمان بن عجلان انصاری سے۔

س: حضرت حمزہ کی خولہ سے اولاد کونسی ہوئی؟

ج: عمارہ پیدا ہوئی، اس لئے حمزہ کی کنیت ابوعمارہ رکھی۔

## اروی بنت کریز

س: اروی بنت کریز بنوشمس سے تھی۔ ان کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: اروی بنت کریز بن ربیعہ بنت حبیب بن عبدشمس بن مناف بن قصیٰ۔

س: اروی بنت کریز کا حضور سے کیا تعلق تھا؟

ج: اروی کی والدہ ام حکیم بنت عبدالمطلب حضور کی حقیقی پھوپھی تھی۔ اروی حضور کی پھوپھی زاد ہوئیں۔

س: اروی کا پہلا نکاح کس سے ہوا؟

ج: عفان بن ابوالعاص کے بعد دوسرا نکاح عقبہ بن ابی معیط، اروی ہجرت سے پہلے اسلام لا چکی تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: اروی بنت کریز کی کیا اولاد تھی؟

ج: عفان سے بیٹا عثمان، بیٹی امنہ، عقبہ سے ام کلثوم۔ اروی نے عثمان کے دور خلافت میں وفات پائی۔

س: اروی کا عثمان سے کیا تعلق تھا؟

ج: اروی عثمان کی والدہ تھیں۔

س: اروی نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابتدائی دور میں اسلام لے آئیں۔

## حمنہ بنت جحش

س: حضرت حمنہ اسد بن خزیمہ سے تھیں۔ ان کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: حمنہ بنت جحش بن صبرۃ بن مرہ۔

س: حضرت حمنہ بنت جحش کی والدہ کا نام بتایئے۔

ج: امیہ بنت عبدالمطلب تھا۔ حضور کی پھوپھی تھیں۔

س: حضرت حمنہ کا زینب بن جحش سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت حمنہ کی حقیقی ہمشیرہ تھیں، حضرت عبداللہ ان کے حقیقی بھائی تھے۔

س: حمنہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابتدائی دور میں اسلام لائیں۔ سابقون الاولون ٹھہریں۔

س: حمنہ کی شادی کس صحابی سے ہوئی؟

ج: مصعب بن عمیر سے۔

س: مصعب بن عمیر نے کب شہادت کا درجہ پایا؟

ج: 3ھ غزوہ احد میں۔

س: کیا جنگ احد میں حضرت حمنہ نے بھی حصہ لیا؟

ج: جی ہاں۔ زخمیوں کو پانی پلاتی، مرہم پٹی کرتیں۔

س: حضرت عائشہ پر بہتان لگانے میں حضرت حمنہ کا کیا کردار تھا؟

ج: حمنہ حضرت مسلم کے ساتھ منافقین میں شامل تھیں۔

س: حمنہ نے اس دنیا سے کب کوچ کیا؟

ج: 20ھ میں وفات پائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حمنہ کی اولاد کے بارے میں بتائیے۔

ج: مصعب بن عمیر سے زینب، طلحہ بن عبداللہ سے محمد (سجاد) عمران پیدا ہوئے۔

س: حمنہ کے دوسرے خاوند کا نام بتائیے۔

ج: طلحہ بن عبداللہ۔

س: حمنہ کے لئے شوہر کو کیا خاص اہمیت حاصل تھی؟

ج: مدینہ میں مصعب بن عمیر اسلام کے پہلے مبلغ تھے۔

## ام حبیبہ بنت جحش

سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ۔ حضور کی پھوپھی زاد

س: ام حبیبہ بن جحش کا ام المومنین حضرت زینب بنت جحش سے کیا رشتہ تھا؟

ج: ام المومنین کی حقیقی بہن تھی۔

س: ام حبیبہ کا پیغمبر اسلام سے کیا رشتہ تھا؟

ج: پھوپھی زاد (امیہ بنت عبدالمطلب) تھیں۔

س: غزوہ احد کے شہید عبداللہ بن جحش سے حمنہ کا کیا رشتہ تھا؟

ج: شہید عبداللہ بن جحش ان کے بھائی تھے۔

س: ام حبیبہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اسلام کے ابتدائی دور میں مسلمان ہوئیں اور راہ حق میں بہت تکالیف اٹھائیں۔

س: ام حبیبہ نے کب ہجرت مدینہ کی؟

ج: حضور نے مسلمانوں کو جب مدینہ کی ہجرت کا فرمایا۔ اس سے پہلے ہی مدینہ ہجرت کر گئیں۔

س: ام حبیبہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: عبدالرحمان بن عوف سے۔

س: کیا ام حبیبہ کو ام المومنین حضرت زینب بنت جحش سے بہت پیار تھا۔

ج: ام حبیبہ اکثر ان کے گھر تشریف لے جاتیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت ضباعۃ

## (چچازاد۔مہاجر مدینہ)

س: ضباعۃ بن زبیر کون تھیں؟

ج: حضور کی چچازاد ہمشیرہ تھیں۔

س: حضرت ضباعۃ کے والدین کے بارے میں بتایئے۔

ج: والد حضرت زبیر بن عبدالمطلب اور والدہ کا نام عاتکہ بنت ابی وہب تھا۔

س: حضرت ضباعۃ کن کی بیوی بنی؟

ج: حضرت مقداد بن عمرو۔یہ نکاح حضور نے خود کروایا تھا۔

س: حضرت ضباعۃ کی شادی کا عجیب واقعہ تھا۔

ج: مقداد سے عبدالرحمان بن عوف نے کہا کہ تم شادی کیوں نہیں کرتے۔مقداد نے کہا تم اپنی بیٹی سے کروادو۔اس پر تلخ کلامی ہوئی۔بات پیغمبر تک پہنچی۔حضور نے اپنی چچازاد سے مقداد کا نکاح کرادیا۔

س: ضباعۃ کی کیا اولاد ہوئی؟

ج: عبداللہ اور کریمہ پیدا ہوئے۔

عبداللہ جنگ جمل میں حضرت عائشہ کی طرف سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے۔

س: ضباعۃ کو خیبر کی کھجوروں میں کتنی کھجوریں ملیں؟

ج: حضور نے 40 وسق کھجوریں عنایت فرمائیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ﴿درہ بنت ابولہب﴾

(چچازاد۔ مہاجر مدینہ۔ شاعرہ)

س: قرآن میں کس کی مذمت کی تھی۔ وہ حضور کے قریبی رشتہ دار تھے۔

ج: ابولہب (یہ درہ) کے والد تھے۔

س: ابولہب کی مذمت کے لئے کونسی پوری سورۃ کا نزول ہوا؟

ج: سورۃ اللہب۔ جس میں ابولہب اور ام جمیل کی مذمت کی گئی۔

س: حضرت درہ بنت ابولہب کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: چچازاد بھائی نوفل بن حارث بن عبدالمطلب کے (بیٹے) حارث سے۔

س: حضرت درہ نے کہاں ہجرت کی؟

ج: ہجرت مدینہ کی۔ مدینہ میں رافع کے گھر ٹھہرے۔ شوہر حارث بن نوفل نے ہجرت نہ کی۔

س: درہ سے مدینہ میں کونسا واقع پیش آیا۔

ج: رافع بن معلی کے گھر ٹھہریں۔ بنوزریق کی عورتیں ملنے آئیں۔
کہا کہ تم اس ابولہب کی بیٹی ہو جس پر مذمت کے لئے قرآن میں ایک پوری سورۃ نازل ہوئی۔ کیا تمہیں ہجرت فائدہ دے گی۔

س: حضور نے اپنے رشتہ داروں کے بارے میں فرمایا؟

ج: میرے خاندان کے بارے میں میری دل آزاری نہ کی جائے۔ میرے اقربا کو میری شفاعت ضرور ملیگی۔ حالانکہ قرابت داری دور ہی کی کیوں نہ ہو۔

س: درہ کی دوسری شادی کن سے ہوئی؟

ج: دحیہ کلبی سے۔

س: درہ کو ایک سعادت حاصل ہے۔ وہ کیا ہے؟

ج: ایک دفعہ درہ نے پانی لا کر حضور کا وضو کروایا۔ آپ نے فرمایا تو مجھ سے اور میں تجھ سے ہوں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: درہ نے کب وفات پائی؟

ج: 20 ہجری حضرت عمر کے دور خلافت میں۔

## ام ہانی

### (چچازاد بہن۔شاعرہ)

ام ہانی جناب ابوطالب کی بیٹی تھیں۔حضرت علی کی ہمشیرہ تھیں۔ابوطالب حضور کے چچا تھے۔

س: ام ہانی کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: ام ہانی بنت ابوطالب عبد مناف بن عبدالمطلب بن ہاشم بن قصی بن کلاب۔

س: ام ہانی کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: حضور کی منہ بولی ماں فاطمہ بنت اسد کی بیٹی تھیں۔

ام ہانی بنت حضرت فاطمہ بنت اسد بن ہاشم۔

س: ام ہانی کا اصل نام کیا تھا؟

ج: فاختہ۔

س: ام ہانی کے کتنے بھائی تھے؟

ج: علی۔جعفر۔عقیل۔چوتھے بھائی طالب تھے جو اسلام نہ لائے۔

س: ام ہانی کا نکاح کس سے ہوا؟

ج: ہبیر بن وہب بن عمرو۔یہ اسلام نہ لائے۔فتح مکہ کے موقعہ پر بھاگ کر نجران چلے گئے

س: ام ہانی نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: سابقون الاولون میں سے تھیں۔

س: کیا ام ہانی شاعرہ تھیں؟

ج: جی ہاں۔

س: فتح مکہ کے دن حضور نے کس کے گھر غسل کیا؟ اور نوافل ادا کیے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: ام ہانی کے گھر۔ چاشت کا وقت تھا۔ 8 رکعت ادا کرنے کا بھی ذکر ہے۔

س: فتح مکہ کے دن حضور نے کس کے گھر کھانا کھایا؟

ج: ام ہانی کے گھر۔ سوکھی روٹی پانی میں بھگو کر۔ سالن کی جگہ سرکہ استعمال کیا۔

س: فتح مکہ کے وقت ام ہانی کے ہاں ان کے کن سرداروں نے پناہ لی ہوئی تھی؟ جن کے قتل کا حضور حکم فرما چکے تھے۔

ج: عبداللہ بن ابی ربیعہ اور حارث بن ہشام تھے۔ یہ دونوں حضرات مخزومی تھے۔ جس کو تو نے پناہ دی۔ ہم نے ان کو امن دے دیا۔

س: ام ہانی سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: 40 احادیث۔

س: کیا معراج کی رات آپ ام ہانی کے گھر سوئے ہوئے تھے؟

ج: جی ہاں۔

س: حضور نے ام ہانی کو نکاح کا پیغام بھی دیا تھا۔ کیا جواب ملا؟

ج: میں بچوں والی ہوں۔ میں یہ پسند نہیں کرتی کہ بچے حضور کو تکلیف پہنچائیں۔ حضور نے یہ سن کر خاموشی اختیار کر لی۔

س: ام ہانی نے کب وفات پائی؟

ج: امیر معاویہ کے دور میں۔

س: ام ہانی کی اولاد کے کیا نام تھے؟

ج: عمرو۔ ہانی۔ یوسف۔ معید زیادہ معروف ہیں۔

س: ام ہانی نے کس جنگ میں حضور کا ساتھ دیا؟

ج: غزوہ خیبر میں حضور نے چالیس اونٹوں کا بوجھ عنایت فرمایا گیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ﴿ہالہ بنت خویلد﴾

## (سالی ۔ سمدھن)

س: حضرت ہالہ سے حضور کا کیا رشتہ تھا؟

ج: حضرت خدیجہ کی حقیقی بہن تھیں۔

س: حضرت ہالہ کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: ہالہ بنت خویلد بن اسد بن عبد العزیٰ بن قصی۔

س: حضرت ہالہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: وہ ابتدائی دور میں اسلام لائیں۔

س: کیا حضرت ہالہ نے حضرت خدیجہ سے پہلے وفات پائی؟

ج: ہالہ نے خدیجہ کے بعد وفات پائی۔

س: کیا ہالہ نے مدینہ کی ہجرت کی تھی؟

ج: جی نہیں۔

س: حضرت ہالہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: ربیع بن عبد العزیٰ بن عبد شمس بن عبد مناف بن قصی۔

س: حضرت ہالہ کا بیٹا جو حضور کا داماد بنا۔

ج: حضرت ابو العاص۔

س: کس صحابیہ کی آواز حضرت خدیجہ سے ملتی تھی؟

ج: حضرت ہالہ۔

س: کیا حضرت ہالہ کا ابو العاص کے علاوہ ایک اور بیٹا بھی تھا۔

ج: جی ہاں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فاطمہ بنت خطاب

## (سابقون الاولون۔ ہجرت مدینہ)

س: فاطمہ بنت خطاب کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: خلیفہ دوم حضرت عمر کی ہمشیرہ تھیں۔

س: فاطمہ کا بنی عدی سے تعلق ہے۔ان کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: فاطمہ بنت خطاب بن نفیل بن عبدالعزیٰ۔

س: حضرت فاطمہ کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: سعید بن زید (عشرہ مبشرہ)

س: سعید بن زید اور فاطمہؓ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اسلام کے ابتدائی دور میں۔

س: کیا فاطمہ کی والدہ کا نام صحر تھا۔اس کا حسب نسب بتایئے۔

ج: صحر بنت ہاشم بنت مغیرہ۔

س: اسلام میں فاطمہ کا کونسا نمبر ہے؟

ج: فاطمہ 27، سعید 28 نمبر پر ہیں۔

س: حضرت عمر شروع میں بڑے اسلام دشمن تھے۔حضرت عمر اپنی کس ہمشیرہ کی وجہ سے اسلام لائے؟

ج: حضرت فاطمہ بنت خطاب۔

حضرت عمر حضور کے قتل کے ارادہ سے نکلے راستہ میں نعیم بن عبداللہ الحام ملے پوچھا کہاں جارہے ہو۔حضرت محمد کا کام تمام کرنے۔نعیم نے کہا پہلے اپنے گھر تو پتہ کرو تمہاری بہن اور بہنوئی دونوں مسلمان ہو چکے ہیں۔فاطمہ زوجہ سعید کے گھر گئے مارا پیٹا۔اللہ نے دل پر اثر کیا، مسلمان ہوگئے۔خباب کمرے میں چھپے ہوئے تھے باہر آئے تو بتایا کہ پیغمبر نے کل ہی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



آپ کے اسلام لانے کی دعا کی تھی۔

س: مدینہ کی ہجرت فاطمہ نے کب کی؟

ج: محمد کی اجازت سے دونوں میاں بیوی مہاجرین کے ساتھ مدینہ گئے۔

س: آپ لوگوں نے کس کے ہاں قیام کیا؟

ج: حضرت ابولبابہ انصاری کے گھر۔

س: فاطمہ بنت خطاب نے کب وفات پائی؟

ج: بھائی حضرت عمر کے دور خلافت میں۔

س: فاطمہ بنت خطاب کی اولاد کیا تھی؟

ج: ایک لڑکا عبدالرحمان۔ (ابن کثیر)

دوسری روایت۔ حافظ ابن عبدالبر کا ہے۔ کہ 4 بیٹے تھے۔ (عبداللہ۔ عبدالرحمان۔ زید اور اسد)

## حضرت کبشہ بنت رافع

### (سابقون الاولون۔ انصاریہ مجاہدہ)

کبشہ کی کنیت ام سعد تھی۔ آپ کے والد کا نام رافع بن عبید تھا۔ خاندان خدرہ سے تھے۔

س: ان کا سلسلہ نسب بتائیے۔

ج: رافع بن معاویہ بن عبید بن الابجر۔

س: کبشہ کا سعد بن معاذ سے کیا تعلق تھا؟

ج: کبشہ سعد بن معاذ کی والدہ تھیں۔

س: کبشہ بنت رافع کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: معاذ بن نعمان سے۔

س: ام سعد کبشہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت کبشہ کی کونسی دو بہنیں اسلام لائیں؟

ج: فریعہ اور فارعہ بنت معاذ۔

س: حضور مدینہ تشریف لائے تو سب سے پہلے کس نے بیعت کی؟

ج: حضرت کبشہ نے۔

س: بنو قریظہ فتح ہوا تو کیا حضرت کبشہ کو حصہ ملا؟

ج: جی ہاں۔ مال غنیمت میں حصہ دیا گیا۔

س: رسول خدا نے کبشہ کو کب جنت کی بشارت دی؟

ج: اے ام سعد! اپنے خاندان کو خوشخبری سنادو کہ تمہارے سب شہید جنت میں اکٹھے ہوں گے۔

س: کیا سعد بن معاذ کی وفات پر والدہ کبشہ آہ وزاری کرنے لگی۔

ج: جی ہاں حضور نے فرمایا۔ تمہارا وہ بیٹا ہے جسے دیکھ کر اللہ مسکراتے ہیں اور عرش تھرا اٹھا ہے۔

س: جنگ خندق میں حضرت عائشہ بھی ساتھ تھیں۔

حضرت ام سعد نے فرمایا بیٹا تم نے دیر کر دی ہے۔

ج: ام سعد نے کہا میں چاہتی ہوں سعد نے زرہ پوری پہنی ہوئی نہ تھی۔

سعد کو حبان بن عرفہ نے تیر مارا۔ یہ میری طرف سے لو۔ میں ابن عرفہ ہوں۔

س: بنو قریظہ کے بارے میں سعد نے فیصلہ سنایا۔

کہ مردوں کو قتل کر دیا جائے۔ عورتوں اور بچوں کو غلام بنالیا جائے۔ سعد کے تیر کا زخم پھٹ گیا اور وہ شہید ہو گئے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ﴿حضرت فریعہ بنت مالک﴾

## (سابقون الاولون۔انصاریہ)

س: فریعہ بنت مالک کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: فریعہ بنت مالک بن سنان بن عبید انصاری۔
فریعہ کی والدہ انیسہ بنت حارثہ انصاریہ نجاریہ تھی۔

س: فریعہ بنت مالک کس جرنیل کی بہن تھیں؟

ج: قتادہ بن نعمان انصاری۔

س: کس صحابی نے احد میں حضور کے چہرے کا خون چوسا تھا؟

ج: فریعہ کے والد حضرت مالک بن سنان نے۔

س: فریعہ بنت مالک کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: سہل بن رافع بن بشیر خزرجی سے ہوئی۔

س: حضور نے کس صحابیہ سے کہا تھا کہ اپنے گھر میں ٹھہری رہو یہاں تک کہ وقت مقررہ آجائے۔

ج: سہل بن رافع کو ان کے اپنے غلام نے قتل کر دیا تھا۔
فریعہ نے عدت کا وقت اپنے گھر پر ہی گزارا۔

س: فریعہ کی دوسری شادی کن سے ہوئی؟

ج: سہل بن بشیر بن عقبہ سے ہوئی۔

س: فریعہ حدیبیہ کے موقع پر بھی موجود تھیں۔اصحاب الشجرہ میں شامل تھیں۔

ج: اس طرح جنتی ٹھہریں۔

س: فریعہ سے کتنی احادیث روایت تھیں؟

ج: 8 حدیثیں۔

س: اسما بنت عمیس کی حضرت میمونہ سے کیا رشتہ تھا؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: میمونہ آپ کی اخیافی بہن تھیں۔

س: حضرت اسماء نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اسلام کے ابتدائی دنوں میں۔ دونوں میاں بیوی سابقون الاولون تھے۔

س: حضرت اسماء کا اسلام میں کونسا نمبر تھا؟

ج: ان سے پہلے صرف 30 لوگوں نے اسلام قبول کیا۔

حبشہ کی ہجرت میں 80 مرد اور 19 خواتین کے ساتھ ہجرت کی۔

حضرت جعفر نے بادشاہ نجاشی کے دربار میں مسلمانوں کی سربراہی کی۔

س: حبشہ میں یہ میاں بیوی کب تک ٹھہرے؟

ج: خیبر کے موقع پر یہ لوگ مدینہ پہنچے۔

حضور نے فرمایا کہ میں خیبر کی فتح کی خوشی مناؤں یا جعفر کی آمد کی زیادہ خوشی ہے۔

س: حضرت جعفر طیار کس غزوہ میں شہید ہوئے؟

ج: جنگ موتہ میں شہید ہوئے۔ دونوں بازو شہید ہوئے پھر خود بھی شہادت پائی۔ حضور نے فرمایا میں جعفر کو دونوں نئے بازوؤں سے اُڑتا دیکھ رہا ہوں۔ جعفر ذوالجناحین مشہور ہوئے۔

س: حضرت اسماء کو جعفر کی شہادت کی خبر کس نے دی؟

ج: حضور نے۔

س: حضور نے ازواج سے فرمایا کہ اسماء بنت عمیس کا خیال رکھنا اسے سینہ کوبی کرنے سے منع فرمانا۔

حضور نے فرمایا جعفر کے بچوں کے لئے کھانا پکاؤ وہ لوگ بہت غم زدہ ہیں۔

جعفر جیسے شخص پر رونے والیوں کو رونا چاہیے۔

س: حضرت اسماء بنت عمیس کی دوسری شادی کن سے ہوئی؟

ج: حضرت ابوبکر سے۔ ان سے محمد بن ابی بکر پیدا ہوئے۔ اسماء حج کے لئے مکہ میں تھیں کہ محمد بن ابی بکر پیدا ہوئے۔

س: بی بی فاطمہ نے اپنے آخری وقت میں حضرت اسماء بنت عمیس کو بلایا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: میری تدفین میں پردہ کا خاص خیال رکھنا۔ حضرت علی کے سوا کوئی غسل میں حصہ نہ لے۔ بی بی فاطمہ کو غسل اسماء بنت عمیس، سلمیٰ ام رافع نے دیا۔

حضرت ابوبکر نے مرنے سے پہلے فرمایا کہ مجھے (میری میت) کو حضرت اسماء بنت عمیس غسل دیں۔

س: حضرت ابوبکر کے بعد اسما کی شادی کن سے ہوئی؟

ج: ابوبکر کے بعد شادی حضرت علی سے ہوئی۔ یہ یکے بعد دیگر تین نکاح ہوئے۔

س: حضرت اسماء نے کب وفات پائی؟

ج: سن وفات چالیس اور ساٹھ ہجری بتایا گیا۔

س: اسماء کی تینوں خاوندوں سے اولاد کیا کیا ہوئی؟

ج: جعفر سے عبداللہ۔ محمد۔ عون۔ یحیٰ

ابوبکر سے محمد بن ابی بکر پیدا ہوئے۔

س: حضرت اسماء کا حضور سے کیا رشتہ تھا؟

ج: جعفر کی اہلیہ بھابھی، علی کی زوجہ کی وجہ سے بھاوج تھیں۔

س: اسماء سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟

ج: حضرت عمرؓ اسماء سے تعبیر رویا (تعبیر) پوچھتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# فاطمہ بنت عمیس

## (سابقون الاولون ۔ مہاجر مدینہ)

س: فاطمہ بنت عمیس کا والد کی طرف سے نسب نامہ بتائیے۔

ج: فاطمہ بنت عمیس بن خالد اکبر بن وہب ۔

س: فاطمہ بنت عمیس کا والدہ کی طرف سے حسب نسب بتائیے۔

ج: امیمہ بنت ربیعہ بنی کنانہ سے تھیں۔

س: فاطمہ بنت عمیس کا نکاح کن سے ہوا؟

ج: ابوعمرو بن حتیس بن مغیرہ سے ہوا تھا۔

س: اعلان نبوت کے بعد فاطمہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابتدائی دنوں میں ۔ سابقون الاولون میں سے تھیں۔

س: فاطمہ بنت عمیس نے کب ہجرت مدینہ کی؟

ج: ابتدائی دور میں ہجرت مدینہ کی ۔ فاطمہ نے اپنے شوہر ابوعمرو کے ساتھ ہجرت کی۔

س: فاطمہ کے شوہر ابوعمرو نے فاطمہ کو کب طلاق دی؟

ج: دو طلاقیں پہلے دے چکے تھے تیسری عیاش بن ابی ربیعہ کی معرفت طلاق دی۔

س: فاطمہ نے عدت کا زمانہ کہاں گزارا؟

ج: حضور کے فرمان کے مطابق ام کلثوم کے ہاں گزارا۔

س: عدت گزرنے پر کہاں کہاں سے نکاح کے پیغامات آئے؟

ج: معاویہ بن سفیان ۔ حضرت ابوجہیم اور حضرت اسامہ بن زید۔

س: نکاح کے پیغام کا فاطمہ نے کیا جواب دیا؟

ج: فاطمہ کا خیال حضور کی طرف تھا۔ اس لئے کسی کو جواب نہ دیا۔

س: حضور سے فاطمہ نے مشورہ کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: معاویہ مفلس ہے۔ابوجہم سخت طبیعت ہے۔زید سے نکاح کرلو۔فاطمہ نے اسامہ کو پسند فرمایا۔

س: عمر کی شہادت مجلس شوریٰ کس کے گھر ہوا۔

ج: فاطمہ بنت عمیس کے گھر۔

اسامہ کی وفات کے بعد فاطمہ اپنے بھائی ضحاک کے پاس رہیں۔

س: فاطمہ نے کوفہ میں کیوں رہائش اختیار کی۔

ج: کیونکہ ان کے بھائی ضحاک عراق کے گورنر تھے۔

س: فاطمہ کی وفات کب ہوئی؟

ج: عبداللہ بن زبیر کی خلافت تک زندہ رہیں۔

س: آپ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟

ج: 34احادیث۔

## امیمہ بنت خلف

(سابقون الاولون۔مہاجر حبشہ ومدینہ)

س: امینہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: بعض امیمہ اور بعض امینہ بتاتے ہیں۔

س: امینہ کا حسب نسب بتایئے۔

ج: امینہ بنت خلف بن اسد خزامیہ۔

س: امینہ کے شوہر کا نام بتایئے۔

ج: خالد بن سعد بن عباس۔

س: امینہ اور ان کے خاوند کب مسلمان ہوئے؟

ج: خالد پہلے اسلام لائے پھر بعد میں امینہ نے بھی اسلام قبول کیا۔

س: خاوند کے والد نے اسلام کی وجہ سے ان پر کیا ظلم ڈھائے؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: گالیاں دیتے، مار پیٹ کرتے۔ خالد اور ان کی اہلیہ کو گھر سے نکال دیا۔

س: خالد نے کیا کہا؟

ج: آپ میرا رزق روک دیں اللہ ہی روزی دیگا۔

س: خالد نے کب ہجرت حبشہ کی؟

ج: تقریباً دس سال حبشہ میں قیام کیا۔ یہ لوگ غزوہ خیبر کے زمانے میں مدینہ پہنچے۔

س: امینہ بن خلف کی اولاد کے بارے میں بتائیے۔

ج:

س: کیا خالد کو یمن کا گورنر بنایا گیا؟

ج: جی ہاں۔

س: خالد نے کب کہاں شہادت پائی؟

ج: شام کی فتوحات میں شہید ہوئے۔

## ام الخیر بنت صخرؓ

### (سابقون الاولون)

س: سلمیٰ صخر کی کنیت ام الخیر تھی۔ ان کا حسب نسب بتائیے۔

ج: صخر بنی تیم سے تھیں۔ سلمیٰ بنت صخر بن عامر بن کعب بن سعد۔

س: سلمیٰ کی شادی کس سے ہوئی؟

ج: ابو قحافہ سے ہوئی۔

س: ابوبکر صدیق سے ان کا کیا رشتہ ہوا؟

ج: ابوبکر صدیق ابو قحافہ ان کے والد تھے۔

س: حضرت عائشہ سے حضرت سلمیٰ کا کیا رشتہ تھا؟

ج: ام سلمیٰ حضرت عائشہ کی دادی تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سلمٰی نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ابوبکر نے مردوں میں سب سے پہلے ابوقحافہ نے فتح مکہ کے وقت اسلام قبول کیا جو سلام لانے کا بڑا سبب یہ بنا کہ کفار نے بہت مارا پیٹا۔ وہ بے ہوش ہو گئے۔

ام الخیر سلمٰی کا بیٹا حضور کی اطلاع کیے ابوبکر کے پاس گئے۔

رات کو ام الخیر اور ام جمیل ابوبکر جو حضور کے پاس لے کر گئیں۔ حضور نے پیشانی چومی اور بوسہ دیا۔

ام الخیر نے دار الرقم میں اسلام قبول کیا۔

س: کیا ام الخیر نے ہجرت مدینہ بھی کی؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا ام الخیر حضرت ابوبکر کی وفات تک زندہ تھیں۔

ج: عہد فاروقی میں انتقال کیا۔

## ام المنذر سلمٰی بنت قیس

### (سابقون الاولون۔ انصاریہ)

س: ام المنذر قیس کا حضور سے کیا تعلق تھا؟

ج: حضور کی خالہ لگتی تھیں۔

س: سلمٰی کا تعلق کس قبیلہ سے تھا؟

ج: بنو نجار سے۔ سلمٰی بنت قیس بن عمرو بن عبید بن عدی بن نجار۔

س: ام المنذر نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: سابقون الاولون انصار میں سے تھیں۔ مصعب بن عمیر کی تبلیغ سے اسلام لائیں۔

س: ام المنذر کو کیا خاص شرف حاصل تھا؟

ج: انہوں نے دونوں قبلوں کی طرف منہ کر کے نماز ادا کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: سلمٰی کے بھائی جو خیبر میں شہید ہوئے، ان کا کیا نام تھا؟

ج: حضرت سلیط بن قیس۔ 14 ہجری میں خیبر میں شہادت پائی۔

س: جسر کا واقعہ کس کی خلافت میں پیش آیا؟

ج: حضرت عمر فاروق کے۔

س: کیا سلمٰی کی دوسری دو بیٹیوں نے اسلام قبول کیا؟

ج: جی ہاں۔ام سلمہ بنت قیس دوسری عمیرہ بنت قیس۔ بیعت صلح حدیبیہ میں شمولیت کی۔

حضرت سلمٰی بنت قیس کے شوہر کا نام قیس ابن صعصعہ۔

س: سلمٰی نے غزوات میں کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: زخمیوں کا علاج۔ مجاہدین کو پانی پلایا۔

بنو قریظہ کا محاصرہ کیا۔ مرد قتل ہوئے۔ عورتیں بچے غلام بنا لئے گئے۔

س: سلمٰی نے کس کو پناہ دی؟

ج: رفاہ عمر بن سموال۔

س: رفاعہ بن سموال سلمٰی کے بھائی معیط سے تعلقات تھے۔

ج: حضور نے سلمٰی کی پناہ مان لی پھر وہ مسلمان ہو گیا۔

رفاعہ بن سموال حضرت سلمٰی کے ماموں تھے۔

س: ام المنذر کے گھر کس کی شادی ہوئی؟

ج: رسول اللہ کی شادی ریحانہ کے ساتھ وہاں ہوئی۔

س: سلمٰی کو ایک اور سعادت حاصل تھی کہ انہوں نے دونوں قبلوں کی طرف نماز ادا کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# حضرت حواء بنت یزید

## (سابقون الاولون۔ انصاریہ)

حواء بنت یزید مدینہ کی رہائشی تھیں۔

س: اس کے حسب نسب کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: حضرت حوا بنت یزید بن سنان بن کرز بن زعورا بن عبد الشہل۔

س: حوا کی والدہ کون تھیں؟

ج: حوا بنت یزید کی والدہ عقرب بنت معاذ تھیں۔

س: حضرت حوا کا سعد بن معاذ سے کیا رشتہ تھا؟

ج: حوا کی والدہ عقرب بنت معاذ کے بھائی اور حوا کے ماموں تھے۔

س: کیا بدری صحابی رافع بن یزید حوا بنت یزید کے بھائی تھے؟

ج: جی ہاں۔

س: حوا کب اسلام لائیں؟

ج: ہجرت نبوی سے پہلے اسلام لائیں۔

س: کیا حوا کے خاوند قیس مشرک تھے۔ وہ حوا سے کیا سلوک کرتے تھے؟

ج: نماز پڑھنے سے روکتے۔ سجدہ میں گرا دیتے تھے۔ ان کو زدوکوب بھی کرتے تھے۔

س: رسول اللہ کو ان کی ایذا رسانی کا کیسے پتہ چلا؟

ج: بعض اہل حق نے حضور سے تذکرہ کیا۔

س: حضور نے قیس کو بیوی کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کو کہا۔ کیا قیس نے وعدہ پورا کیا؟

ج: جی ہاں۔ حضور قیس پر خوش ہوئے کہ اس نے وعدہ کی پاسداری کی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ﴿حضرت خنساء﴾

## (بزرگ صحابیہ)

س: خنساء کا کیا نام تھا؟

ج: ان کا نام تماضر تھا۔ خنساء لقب تھا۔

س: خنساء کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: خاندان کا عمرو بیقظہ بن عصیتہ۔

ان کے والد عمرو بن سلیم بن منصور بن رباع۔

خنساء نجد کی رہائشی تھی۔

حضور نے آپ کے قبیلہ کے بارے میں فرمایا

بلاشبہ ہر قوم کی پناہ گاہ ہوتی ہے۔ عرب کی پناہ گاہ قیس بن عیلان ہے۔

خنساء کو یہ نام کیوں دیا گیا۔ خنساء ہرنی کو کہتے ہیں۔

خنساء بہت چست اور ہوشیار تھی

شہرہ آفاق مرثیہ گو بن گئیں۔

س: خنساء کے والد کی وفات کے بعد کس نے ان کی پرورش کی؟

ج: والد کے بعد بھائی معاویہ نے ان کی پرورش کی۔

بنو ہوازن کے جوان نے رشتہ مانگا۔ اس نے انکار کر دیا۔ نوجوان درید تھے۔ بڑی عمر شکل صورت معمولی تھی پسندیدہ شخصیت نہ تھی۔

س: خنساء کی شادی کس کے ساتھ ہوئی؟

ج: رواحہ بن عبدالغریٰ۔

س: رواحہ سے کیا اولاد ہوئی؟

ج: ابو شجرہ عبداللہ پیدا ہوئے۔ دوسرا نکاح مرداس بن ابی عامر سے ہوا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: مرداس سے کیا اولاد پیدا ہوئی؟

ج: تین بیٹے عمرو۔ زید اور معاویہ ایک بیٹی عمرہ پیدا ہوئی۔

س: خنساء کے بھائی معاویہ کو کس نے قتل کیا تھا؟

ج: عکاظ میلہ میں کسی سے جھگڑا ہو گیا۔ لوگوں کی مدد سے ہاشم کے بھائی ورید کے ہاتھوں قتل ہوا۔

س: خنساء کے دوسرے بھائی صخر کا انتقال کیسے ہوا؟

ج: معاویہ کے قتل کے بدلے میں ورید کے بھائی ہاشم کو موت کی سزا سنائی۔

خنساء اچھی شاعرہ تھی۔

نامور شعراء بالاتفاق یہ مانتے ہیں خنساء سب سے بڑی شاعرہ تھی۔

خنساء کے بیٹوں کو بھی وظیفہ ملتا تھا۔ (دو سو درہم)

س: خنساء نے کب وفات پائی؟

ج: 24 ہجری۔ قادسیہ میں وفات پائی۔

## ام قیس

(مہاجر مدینہ)

س: عکاشہ بن محصن کی ہمشیرہ کا نام بتائیں جو صحابیہ تھیں۔

ج: ام قیس بنت محصن۔

س: ام قیس کا اصل نام کیا تھا؟ لیکن ام قیس کے نام سے مشہور ہوئیں۔

ج: امینہ بنت محصن۔

س: ام قیس کا حسب نسب بتائیے۔

ج: ام قیس بن حرثان بن قیس۔

س: ام قیس نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت نبوی کے پہلے اسلام قبول کیا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



قریش کی اذیتیں سے تنگ آ کر مدینہ کی ہجرت کی۔

س: ام قیس کو طب سے بھی واقفیت تھی۔ آپ نے علم کس سے سیکھا؟

ج: طب نبوی کا علم بذات خود رسول اللہ سے سیکھا۔

س: آپ سے کتنی احادیث مروی ہیں؟

ج: 24 احادیث۔

ام قیس نے اپنے بیٹے کے فوت ہونے پر غسل کے لئے ٹھنڈا پانی نہ استعمال کرنے دیا۔

## ام عطیہ بنت حارث

### (سابقون الاولون۔ عالمہ فاضلہ)

س: عطیہ کا اصل نام کیا تھا؟

ج: اصل نام نسیبہ تھا۔ باپ کا نام حارث تھا۔ بنی نجار سے تھی۔

س: عطیہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت سے پہلے اسلام لائیں۔ بیعت اولیٰ کے بعد اسلام لائیں۔

س: عطیہ نے غزوات میں کیا خدمات سرانجام دیں؟

ج: زخمیوں کو پانی پلاتی۔ مرہم پٹی کرتیں۔ مجاہدین کے کھانے کا بندوبست کرتیں۔

س: ام عطیہ نے کتنے غزوات میں حصہ لیا؟

ج: سات غزوات میں۔

س: حضرت زینب بنت محمد کو غسل میت کس نے دیا؟

ج: ام عطیہ نے حضور کی ہدایات کے مطابق۔

س: عطیہ سے کتنی حدیثیں مروی ہیں؟

ج: اکیالیس احادیث۔

س: عطیہ نے کب اور کہاں وفات پائی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: خلافت راشدہ کے وقت زندہ تھیں۔ آخری وقت میں بصرہ چلی گئیں۔ وہیں وفات پائی۔

س: حضرت علی کس کے گھر میں آرام فرماتے تھے؟

ج: ام عطیہ کے گھر۔

## شفا بنت عبداللہ

### (طیبہ۔ کاتبہ۔ مہاجر مدینہ)

س: آپ کا تعلق قریش کے خاندان کی شاخ عدی سے تھا۔ شفا کا سلسلہ نسب بتایئے۔

ج: شفا بنت عبداللہ بن عبد شمس بن خلف بن سداو بن عبداللہ۔

آٹھویں پشت میں پیغمبر سے جاملتا تھا۔

پانچویں پشت میں حضرت عمر خطاب سے ملتا ہے۔

س: آپ کی والدہ کون تھی؟

ج: والدہ فاطمہ بنت وہب بن عمرو بن عائذ بن مخزوم تھا۔

س: حضرت شفا کی کنیت کیا تھی؟

ج: ام حشمہ۔

س: شفا کس خاص کام میں مشہور تھیں؟

ج: علم طب میں جھاڑ پھونک بھی کرتی تھیں۔

چونکہ اس میں شرکیہ الفاظ نہیں تھے تو آپ نے اجازت دے دی تھی۔ بلکہ یہ بھی فرمایا کہ حفصہ کو بھی سکھادو۔ شفا بن عبداللہ کی شادی ابوحشم بن حذیفہ سے ہوگئی تھی۔

س: شفا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت مدینہ سے کچھ عرصہ پہلے۔ مکہ میں اسلام لائیں۔

س: شفا کے پاس حضور کے کونسے تبرکات موجود تھے۔

ج: حضور کا پسینہ مبارک۔ آخر میں یہ تبرکات مروان بن حکم نے ان کے بیٹے سے لے لئے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کون سے خلیفہ حضرت شفاء سے مشورے لیتے تھے؟

ج: حضرت عمر فاروق۔

س: شفاء نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت عثمان کے دور خلافت میں۔

س: شفاء نے کونسی اولاد پیچھے چھوڑی؟

ج: ایک لڑکا سلیمان ایک لڑکی چھوڑی۔

## ام شریک دوسیہ

### (سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ)

س: قبیلہ دوس سے تھیں۔ یہ مکہ میں کب آئے؟

ج: یہ قبیلہ یمن میں آباد تھا۔ کہ کیوں آئے۔ یہ معلوم نہیں۔

س: دوسیہ نے کب اسلام کو اپنایا؟

ج: ابتدائی دور میں اسلام لائیں۔

س: اسلام سینے سے لگانے کے بعد دوسیہ کو کونسی سزائیں دی جاتی تھیں؟

ج: ان کو شہد کھلاتے پانی بند کر دیتے۔ تین دن کی سختی سے بے ہوش ہو گئیں۔ توحید پر انکار کروانا چاہتے تھے۔

س: دوسیہ قریشی عورتوں کو تبلیغ کیا کرتی تھیں۔ اس کی ان کو کیا سزا دی گئی؟

ج: مکہ سے نکال دیا گیا۔

س: ام شریک نے کہاں ہجرت کی؟

ج: مدینہ چلی گئیں۔

س: کیا دوسیہ نے مسلم کی مالی امداد کرتی تھیں؟

ج: جی ہاں۔ دوسیہ سخی تھیں۔ جو لوگ آئے وہ ان کے گھر رہتے تھے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضور نے فاطمہ بنت قیس کو دو دیسہ کے گھر عدت گزارنے کا کہا۔ پھر منع کر دیا گیا۔ عمرو حفص بن مغیرہ نے فاطمہ بنت قیس کو طلاق دے دی تھی۔

وہاں سب لوگ آتے جاتے ہیں۔ پردے کا مسئلہ بنے گا۔

ج: دوسرے حکم کے مطابق ان کو عدت حضرت ام کلثوم کے گھر گزارنے کا فرمایا۔

س: ام شریک کے پاس ایک کپی تھی۔ جس سے گھی حضور کو بھجوایا کرتی تھیں۔

ج: ایک دفعہ کپی کو الٹا کر دیکھا کہ کتنا گھی موجود ہے۔ اسی دن کپی خالی ہو گئی۔ برکت جاتی رہی۔

## فاطمہ بنت یمان

س: ان کا تعلق یمن سے تھا۔ فاطمہ کے والد احد میں شہید ہوئے تھے۔ ان کا نام بتایئے۔

ج: یمان بن حسیل۔

س: فاطمہ بنت یمان کے ایک بھائی رازدار پیغمبر تھے۔ وہ دشمن کی خبریں بھی لاتے تھے۔

ج: حضرت حذیفہ۔

س: فاطمہ کی والدہ کا کیا نام تھا؟

ج: رباب بنت کعب۔

س: کس صحابیہ نے آپؐ کی آخری وقت میں زیارت کی تھی؟

ج: فاطمہ بنت یمان نے۔

س: فاطمہ نے حضور کا بخار دیکھا۔ تو حضور سے عرض کی کہ آپ اللہ سے دعا فرمائیں۔ کہ بخار کی شدت کم ہو جائے۔

ج: حضور نے فرمایا کہ عام لوگوں سے انبیاء کو زیادہ تکلیف ہوتی ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# ام ورقہ

## (جنتی خاتون۔ عالمہ فاضلہ)

س: ان کا نام اور کنیت بتائیے۔

ج: باپ عبداللہ۔ اس لئے ام ورقہ نوفل کے نام کے ساتھ تھیں۔

سلسلہ نسب ام ورقہ بنت عبداللہ بن حارث بن عوعمیر بن نوفل۔

س: آپ کب اسلام لائیں؟

ج: سابقون الاولون تھیں۔ حافظ قرآن تھیں۔

س: ام ورقہ نے حضور سے جہاد میں شمولیت کی اجازت چاہی تو حضور نے کیا جواب دیا؟

ج: زخمیوں کو پانی پلاؤں گی اور مرہم پٹی کروں گی۔

حضور نے اجازت فرمادی۔ اور فرمایا تمہیں گھر میں ہی شہادت مل جائیگی۔

س: ورقہ نے گھر میں مسجد بنائی۔ عورتوں کی امامت فرماتی۔

ج: ان کی درخواست پر حضور نے ان کو موذن بھی دے دیا۔

س: حضور صحابہ سے فرماتے چلو زندہ شہیدہ کے گھر چلتے ہیں۔

ام ورقہ کی ایک کنیز اور ایک غلام تھا۔ انہوں نے گھر ہی ایک رات انہیں قتل کر دیا۔

س: حضرت عمر نے ان قاتلوں سے کیا سلوک کیا؟

ج: ان کو سولی دے دی گئی۔ یہ مدینہ میں پہلی سولی تھی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



## ﴿ام سنان﴾ (مجاہدہ)

س: ام سنان کن کی اہلیہ تھیں؟

ج: ابوسنان بن محصن۔ ان کا بیٹا سنان بھی صحابی رسول تھا۔

س: ام سنان نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: ہجرت مدینہ سے پہلے اسلام لائیں۔

س: حضور نے کن دو قبیلوں کو مغفرت کی دعا فرمائی تھی؟

ج: ''قبیلہ اسلم اور قبیلہ غفار کی اللہ مغفرت فرمائے''

س: ام سنان کو حضور نے کیا مشورہ دیا؟

ج: ''اگر آپ سوال نہ کریں تو یہ آپ کے لئے بہتر ہوگا''

اللہ نے ان کو خیبر کے مال سے غنی کر دیا۔ سرخ ہار اور چاندی کے زیور دیئے گئے۔

س: ام سنان غزوات میں کیا خدمات انجام دیتی تھیں؟

ج: زخمیوں کو پانی پلانا، مریضوں کا علاج کرنا، مجاہدین کے شانہ بشانہ لڑتی تھیں۔

س: حضور نے ام سنان کو کب اونٹ عطا کیا؟

ج: خیبر میں جس اونٹ پر ام سلمیٰ سوار تھیں وہ اونٹ ام سنان کو دے دیا گیا۔

س: خیبر میں جب حضور نے صفیہ سے شادی کی تو ام سنان نے کیا خدمات انجام دیں؟

ج: حضرت صفیہ کو سنوارا۔

س: رمضان میں عمرہ کے بارے میں حضور نے کیا فرمایا؟

ج: حضور نے فرمایا ہمارے ساتھ حج پر کیوں نہیں گئی۔ جواب دیا میرے پاس سواری نہیں تھی۔ عمرہ کر لینا رمضان کا عمرہ حج کے برابر ہوتا ہے۔

س: غزوہ تبوک میں ام سنان نے کیا مالی امداد دی؟

ج: انہوں نے دل کھول کر مالی امداد فرمائی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# اسماء بنت یزید السکن

## (محدثہ۔مقررہ)

س: اسماء بنت یزید السکن کا کس قبیلہ سے تعلق تھا؟

ج: خاندان بنی عبدالاشہل سے تھا۔ یہ گھرانہ تمام قبیلوں کا سردار تھا۔

س: اسماء کا سلسلہ نسب کیا تھا؟

ج: اسماء بنت یزید بن السکن بن رافع بن امرا القیس۔

سعد بن معاذ اور رافع پر اسید بن حضیر سے جاملتا ہے۔

سعد رشتہ میں چچا تھا۔ حضرت اسید بھتیجے تھے۔

س: اسماء نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: مصعب بن عمیر کی کوششوں سے۔ آدھے سے زیادہ قبیلہ اسلام قبول کر چکا تھا۔ اسماء بنت یزید ہجرت سے پہلے اسلام لائیں۔

اسماء نے نبی کے دست مبارک پر بیعت کی۔

س: اسماء نے بیعت کے وقت حضور سے کیا عرض کی؟

ج: میں خواتین کی طرف سے ہوں۔

عورتوں اور مردوں کی حالت میں بہت فرق ہے۔

عورتیں گھر کے اندر رہتیں ہیں۔

مردوں کی طرح نماز باجماعت اور جہاد سے محروم ہیں۔

کیا عورتوں کو بھی مردوں کے برابر ثواب ملے گا۔

س: حضور نے اسماء کے سوال کا کیا جواب دیا؟

ج: عورت کے لئے شوہر کی رضاجوئی، فرائض زوجیت ادا کرنا، شوہر کی فرمانبرداری کرے تو اسے ۔ کے برابر حصہ ملے گا۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: حضرت عائشہ کو کس نے دلہن بنایا؟

ج: اسماء بنت یزید السکن نے دیگر عورتوں کے ساتھ۔

س: اسماء نے دودھ پلاتے وقت کیا کہا تھا؟

ج: سیدہ عائشہ کو پیار سے ڈانٹا جو پیغمبر دیتے ہیں لے لو۔ اس طرح عائشہ نے بھی کچھ دودھ پی لیا۔

س: ایک مرتبہ اسماء حضور کے اونٹ کی مہار تھامے ہوئی تھی کہ وحی نازل ہونے لگی۔

ج: تو اسماء نے کیا محسوس کیا اسماء فرماتی ہیں کہ میرا خیال تھا کہ اونٹ کی ٹانگیں نہ ٹوٹ جائیں۔

س: اسماء نے کب وفات پائی؟

ج: جنگ یرموک کے بعد۔ آخر میں انہوں نے دمشق رہائش قبول کر لی تھی۔ اسماء نے خیمے کی چوب سے 9 رومیوں کو قتل کیا۔

## فضہ رضی اللہ عنہا

یہ حضرت فاطمہ الزہرا کی کنیز تھیں۔ حضور نے ان کا نام میمونہ بدل کر فضہ رکھا۔ ان کا اصل نام میمونہ تھا۔

س: فضہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: فضہ نے ساری زندگی پیغمبر کے گھر میں رہ کر گزار دی۔
جب حضرت فاطمہ الزہرا کے پاس آئیں تب اسلام قبول کر لیا تھا۔

س: فضہ کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: ابو ثعلبہ حبشی سے ہوا تھا۔

س: حضرت فاطمہ کے غسل میں کیا حضرت فضہ نے بھی حصہ لیا؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا حضرت فضہ نے فاطمہ حسین کو آخری وقت میں بلایا تھا کہ ماں کا آخری دیدار کر لو؟

ج: جی ہاں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: بی بی فاطمہ کے بعد فضہ نے کن کی خدمات سرانجام دیں؟

ج: حضرت زینب۔ فضہ کربلا میں بھی ان کے ساتھ تھیں۔

س: فضہ نے کب وفات پائی؟

ج: حضرت زینب کی وفات کے کچھ عرصہ بعد۔

## حضرت بی بی قرتنا رضی اللہ عنہا

س: بی بی قرتنا کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: شاعر عبداللہ بن خطل کی کنیز تھیں۔ خطل کے تحت اسلام دشمنی کرتی رہی۔

س: حضور نے قرتنا کو فتح مکہ کے موقعہ پر قابل قتل کیوں قرار دیا؟

ج: یہ حضور کی ہجو میں اشعار و سرتال کے ساتھ قریش کو سناتی تھی۔

س: کیا قرتنا قتل ہوئی؟

ج: جی نہیں۔ وہ یہ حکم سن کر بھاگ گئی۔

س: قرتنا نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: اس نے حاضر ہو کر توبہ کی اور اسلام قبول کر لیا۔

س: قرتنا نے باقی زندگی کس حالت میں گزاری؟

ج: تائب ہوئیں اور مومنہ کی حیثیت سے باقی ماندہ زندگی گزاری۔

## ام رفیدہ رضی اللہ عنہا

س: رفیدہ کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

ج: وہ صحابیہ اور طبیبہ بھی تھیں۔

س: رفیدہ کو کس کام میں مہارت حاصل تھی؟

ج: جراحی میں ماہر تھیں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: کس صحابیہ کو مسجد نبوی میں خیمہ لگانے کی اجازت دی تھی؟

ج: رفیدہ خراج کو۔

س: سعد بن معاذ کے زخمی ہونے پر کیا رفیدہ نے ان کا علاج مسجد نبوی میں کیا؟

ج: جی ہاں۔ معاذ جنگ احزاب میں زخمی ہوئے تھے۔

## حضرت امیمہ بنت رقیہ

س: امیمہ کس بڑی ہستی کی بھانجی تھی؟

ج: حضرت خدیجہ الکبریٰ کی۔

س: امیمہ کا والد کی طرف سے نسب نامہ بتایئے۔

ج: امیمہ بنت عبداللہ بن بجاد۔

س: والدہ کی طرف سے نسب نامہ بتایئے۔

ج: رقیہ بنت خویلد بن عبدالعزیٰ بن قصی تھا۔

س: حضرت امیمہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: سابقون الاولون تھیں۔

س: امیمہ نے کس طرح حضور سے بیعت کی؟

ج: حضور نے فرمایا خدا کے ساتھ شریک نہ ٹھہراؤ۔ چوری نہ کرو۔ بدکاری نہ کرو۔ اپنی اولاد کو قتل نہ کرو۔ نوحہ نہ کرو۔ غیر کی اولاد کو اپنی نہ کہو۔ بے پردہ باہر نہ نکلو۔

س: فاطمۃ الزہرا سے آپ کا کیا رشتہ تھا؟

ج: فاطمہ آپ کی خالہ زاد بہن تھی۔

س: امیمہ نے کس جنگ میں شرکت کی؟

ج: جنگ موتہ میں حصہ لیا۔

س: امیمہ کی کس سے شادی ہوئی؟

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



ج: حبیب بن کعب بن عمر ثقفی سے۔

## ﴿ام بشر رضی اللہ عنہا﴾

آپ براء بن معرور سلمیٰ کی بیٹی تھیں۔

س: ان کے حسب نسب کے بارے میں بتائیے۔

ج: بشر بنت براء بن معرور بن صخر بن سنان۔

س: کیا ام بشر کو کسی اور نام سے بھی پکارتے تھے؟

ج: جی ہاں۔ ام بشر کی بجائے ام مبشر بھی کہتے تھے۔

س: آپ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: مدینہ میں حضور کے ہجرت کرنے پر اسلام لائیں۔

س: ام بشر کے شوہر کا نام کیا تھا؟

ج: زید بن حارثہ۔

س: کیا ام بشر کا حضرت حفصہ سے کوئی خاص تعلق تھا؟

ج: ان سے ام بشر کو حدیث یاد کرنے کا موقعہ ملتا تھا۔

س: ام بشر نے کب وفات پائی؟

ج: مدینہ میں انتقال کیا۔ حضور سے کچھ عرصہ بعد۔

## ﴿صعبہ الحضرمی﴾

س: آپ کس مشہور صحابی کی والدہ تھیں؟

ج: آپ حضرت طلحہ بن عبید اللہ کی والدہ تھیں۔

س: کیا طلحہ بن عبید اللہ عشرہ مبشرہ میں شامل تھے؟

ج: جی ہاں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: صعبہ کس ملک سے تھیں؟

ج: یمن سے۔

س: آپ کی پہلی شادی کس سے ہوئی؟

ج: پہلی شادی ابوسفیان سے ہوئی تھی۔ ہند بنت عتبہ آپ کی سوتن تھی۔

س: کیا صعبہ انتہائی خوبصورت تھیں۔ جن سے ہند ان کی سوتن خائف تھیں؟

ج: جی ہاں۔

س: کیا ہند نے ابوسفیان کے ناک میں دم کر رکھا تھا کہ ان کو طلاق دیں؟

ج: جی ہاں۔

## ﴿عاتکہ بنت زید﴾

سابقون الاولون۔ مہاجر مدینہ:

س: سعید بن زید کی ہمشیرہ جو شاعرہ تھیں۔ نام بتائیے۔

ج: عاتکہ بنت زید۔

س: عاتکہ کا تعلق خاندان عدی سے تھا۔ ان کا حسب نسب بتائیے۔

ج: عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیس بن عزیٰ بن رباع۔

س: عاتکہ کا حضرت عمر خطاب سے کیا رشتہ تھا؟

ج: چچا زاد بہن اور بھاوج تھیں۔

س: عاتکہ کی والدہ کا نام بتائیے۔

ج: ام کریز حضری تھیں۔

س: حضور نے کس کے بارے میں فرمایا کہ وہ قیامت کے دن تنہا ایک امت کی حقیقت سے اٹھیں گے۔

ج: عاتکہ کے والد زید بن عمرو کے بارے میں۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



س: عاتکہ قریش کی عورتوں میں کیوں مشہور تھیں؟

ج: فصاحت اور بلاغت کی وجہ سے۔

س: عاتکہ کی شادی کن سے ہوئی تھی؟

ج: عبداللہ بن ابی بکر سے۔

س: عبداللہ بن ابی بکر نے جہاد کیوں ترک کر دیا تھا؟

ج: بیوی کے پیار کی وجہ سے۔

س: حضرت ابی بکر نے عاتکہ کو طلاق کیوں دی تھی؟

ج: والد حضرت ابوبکر کے مجبور کرنے پر۔

ابی بکر نے عاتکہ کو ایک طلاق دی تھی تو والد نے رجوع کا اختیار دے دیا۔

س: عبداللہ ابی بکر نے کب وفات پائی؟

ج: جنگ طائف میں زخمی ہوئے اور وفات پائی۔

س: ابی بکر کی وفات کے بعد عاتکہ نے کس سے نکاح کیا؟

ج: حضرت عمر۔ پھر زید بن العوام سے۔

س: ابی بکر نے ایک باغ عاتکہ کے نام چھوڑا اور کہا اس سے آپ کا گزارہ ہوتا رہے گا، دوسری شادی نہ کرنا۔ حضرت عمر نے نکاح کا پیغام بھیجا تو عاتکہ نے کیا جواب دیا؟

ج: عائشہ نے مجبوری بتائی۔ تو عمر نے کہا کہ باغ واپس کر دو اور شادی کر لو۔

س: کیا حضرت عمر کے بعد عاتکہ علی کی زوجیت میں آئیں؟

ج: جی ہاں۔

س: عاتکہ نے کب وفات پائی؟

ج: 41 ہجری مدینہ میں فوت ہوئیں۔

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com



# امیمہ بنت صبیح

س: امیمہ کا حضرت ابوہریرہ سے کیا رشتہ داری تھی؟

ج: آپ ابوہریرہ کی والدہ تھیں۔

س: ابوہریرہ کتنی احادیث کے راوی ہیں؟

ج: 5374احادیث۔

س: ابوہریرہ کے والد کا کیا نام تھا؟

ج: ہریرہ۔ نانا صبیح بن اطارت۔

س: امیمہ کا نکاح کس سے ہوا تھا؟

ج: عامر بن عدی سے۔

س: ابوہریرہ نے کب اسلام قبول کیا؟

ج: طفیل بن عمرو دوسی کے ذریعے اسلام قبول کیا۔

س: ابوہریرہ کی والدہ اسلام کے سخت خلاف تھی۔ انہوں نے کیسے اسلام قبول کیا؟

ج: حضور کی دعا سے۔

س: ابوہریرہ کو اپنی والدہ سے کتنی محبت تھی؟

ج: ابوہریرہ ہمیشہ ان کے پاس رہتے۔ حتیٰ کہ حج کے لئے بھی نہ گئے۔ (جب تک امیمہ زندہ رہیں)

◆◆◆◆◆

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "